محاسبۂ قادیانیت

- حضرت مولانا عبدالحفیظ رحمانی دیوبندی
- جناب ابوصالح عبدالصمد آزاد صدیقی
- جناب عبدالغفار خان حیدرآبادی
- حضرت مولانا عبداللطیف رحمانی
- حضرت مولانا عبداللہ امرتسری
- جناب ملا عبدالرشید رشد
- جناب مفتی عزیز الرحمن فتح پوری
- جناب فضل الٰہی شملوی
- جناب فقیر محمد ساونت واڑی کوکن
- حضرت مولانا محمد ابوالحسن سیالکوٹی

جلد ۱۷

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نام کتاب : محاسبہ قادیانیت جلد سترہ (۱۷)

مصنّفین : حضرت مولانا عبدالحفیظ رحمانی دیوبندی
جناب ابوصالح عبدالصمد آزاد صدیقی
جناب عبدالغفار خان حیدرآبادی
حضرت مولانا عبداللطیف رحمانی
حضرت مولانا عبداللہ امرتسری
جناب ملاّ عبدالرشید رشد
جناب مفتی عزیز الرحمٰن فتح پوری
جناب فضل الٰہی شملوی
جناب فقیر محمد ساونت واڑی کوکن
حضرت مولانا محمد ابوالحسن سیالکوٹی

صفحات : ۵۰۴

مطبع : طیب شمشاد پرنٹنگ پریس لاہور

طبع اوّل : فروری ۲۰۲۲ء

ناشر : عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت حضوری باغ روڈ ملتان

Ph: 061-4783486

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اجمالی فہرست رسائل مشمولہ......محاسبہ قادیانیت جلد۱۷

☆......	عرض مرتب	حضرت مولانا اللہ وسایا	۴
۱......	مرزا غلام احمد قادیانی کی مراقی نبوت کے خدوخال	مولانا عبدالحفیظ رحمانی دیوبندی	۹
۲......	تعبیر رؤیائے حقانی، ہفوات قادیانی	جناب ابوصالح عبدالصمد آزاد صدیقی	۵۳
۳......	اسلامی اعلان	جناب عبدالغفار خان حیدرآبادی	۱۱۳
۴......	اشتہار مرزا محمود کی تشریف آوری اور ان کے ابا جان کا دعویٰ نبوت	حضرت مولانا عبداللطیف رحمانی	۱۳۹
۵......	مرزا کے عقائد واقوال	حضرت مولانا عبداللہ امرتسری	۱۵۵
۶......	الفرقان بین وحی الرحمٰن ووحی الشیطان بالادلۃ والبرہان وہوالنجم الثاقب	جناب ملّا عبدالرشید رشد	۱۶۵
۷......	حقیقت قادیانیت	جناب مفتی عزیز الرحمٰن فتح پوری	۲۰۵
۸......	حقیقت مرزائیت	جناب فضل الٰہی شملوی	۲۲۱
۹......	تحفہ ایمانی یعنی روئیداد مباحثہ قادیانی	جناب فقیر محمد ساونت واڑی کوکن	۲۴۱
۱۰......	بجلی آسمانی برسر دجّال قادیانی (حصہ اوّل)	حضرت مولانا محمد ابوالحسن سیالکوٹی	۲۶۷
۱۱......	بجلی آسمانی برسر دجّال قادیانی (حصہ دوم)	؍؍ ؍؍ ؍؍	۴۰۷

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض مرتب

الحمد للہ و کفیٰ وسلام علےٰ عبادہ الذین اصطفٰے . امابعد!

قارئین کرام! لیجئے حق تعالیٰ شانہ کے فضل واحسان سے ’’محاسبہ قادیانیت‘‘ کی سترھویں (۱۷) جلد پیش خدمت ہے۔اس میں:

۱…… مرزاغلام احمد قادیانی کی مراقی نبوت کے خدوخال:

یہ کتاب شیخ الہند اکیڈمی دیوبند کے محقق جناب عبدالحفیظ رحمانی کی مرتب کردہ ہے جو مئی ۲۰۰۵ء میں شائع ہوئی۔ جب کہ ۱۷؍مارچ ۲۰۰۴ء کو لکھی گئی ہے۔اس میں انتالیس ذیلی عنوانات قائم کر کے ملعون قادیانی کی حالت واقعی مراقی دکھائی گئی ہے۔

۲…… تعبیر رؤیائے حقانی، ہفوات قادیانی:

اشاعت اوّل ذیقعدہ ۱۳۳۴ھ مطابق ستمبر ۱۹۱۶ء میں اس کے ٹائٹل پر بدیں الفاظ تعارف لکھا گیا۔ ’’کتاب ہذا میں رسالہ اسرار نہانی کا محققانہ اور مفصل جواب دیا گیا ہے اور اعلیٰ حضرت شاہ فضل رحمٰن قبلہ اور مولانا ابواحمد سید محمد علی صاحب مدظلہ کے خوابوں پر ایسی مدلل بحث کی گئی ہے کہ معترضین کے دانت کھٹے کر دیئے گئے ہیں اور بتلایا گیا ہے کہ اگر نعوذ باللہ بدلیل ان کے اس خواب کو شیطانی اثر سے تعبیر کیا جائے تو جناب رسول کریم ﷺ روحی فداہ اور صحابہ کرام ؓ اور شیخ المشائخ حضرت مخدوم الملک شرف الدین بہاری وغیرہ پر بھی یہ اعتراض لازم آوے گا۔‘‘

مطبع مجیدی کانپور میں جناب محمد عبدالمجید کے اہتمام سے یہ کتاب شائع ہوئی۔اس کے پہلے ایڈیشن کے کل صفحات ۴۷ تھے۔

یادرہے کہ اس کتاب کی عرصہ تیس چالیس سال سے تلاش تھی۔ اللہ تعالیٰ حضرت مولانا محمد شاہ عالم گورکھپوری کو جزائے خیر دیں کہ آپ نے دارالعلوم کے کتب خانہ میں محفوظ کتب خانہ مولانا سید مرتضیٰ حسن چاندپوری سے اس کتاب کا ای میل سے فوٹو بھجوا کر ممنون احسان فرمایا۔ یہ کتاب جناب ابوصالح عبدالصمد آزاد صدیقی کی تالیف کردہ ہے۔ ہمارے مخدوم ومخدوم الصلحاء والعلماء عارف ربّانی مولانا ابواحمد سید محمد علی مونگیری نے قادیانیت کے خلاف تحریری وتقریری معرکہ برپا کیا تو قادیانیت تتّے توّے پر رقص کناں ہوگئی۔ان کی کھوپڑیاں

بدکلامی وفحش گوئی کے گودام اور ان کی زبانیں گٹروں کے ڈھکن ہوگئے۔ ادھر قادیانی زبان کھلتی، ادھر بدبو کے بھبھو کے دنیا کے دماغوں کو اپنی سڑاند سے متعفن کر دیتے۔ اس کیفیت کا ایک نام ''اسرار نہانی'' ہے جو حکیم خلیل ملعون قادیانی نے لکھی۔ اس ''اسرار نہانی'' کا جواب یہ کتاب ہے۔ آپ پڑھیں گے تو محسوس کریں گے کہ اس زمانہ میں صرف ملعون قادیان نہیں، اس کا ہر شتونگڑہ وبچونگڑہ بچھو کی نیش زنی اور زنبور کی ڈنگ زنی میں مصروف بکارتھا۔ کروڑہا کروڑ رحمتوں کا نزول ہو ان مقدس ارواح پر جنہوں نے انگریز کے زمانہ میں اس کے پالتو گروہ ملعون قادیانیت کے عفریت کو بوتل میں بند کر دیا۔ ایک سو سات سال قبل کی کتاب کی اشاعت پر ہمیں کتنا روحانی سکون میسر آیا ہے، اس کا کوئی صاحب ذوق ہی اندازہ کر پائے تو شکریہ۔

۳...... **اسلامی اعلان (عاشقان سید الکونین وپیروان رسول الثقلین ﷺ کو ضروری اطلاع):**

یہ رسالہ آج سے کم از کم ایک صدی قبل جناب محمد عبدالغفار خان نے فیض منزل ریذیڈنسی بازار حیدرآباد دکن سے شائع کیا۔ اوّل میں قادیانی عقائد، علماء اسلام کے فتاویٰ جات بابت قادیانی گروہ، اس کے بعد قادیانیوں کے رد میں علماء کرام کی اس زمانہ میں لکھی گئی چوالیس کتب کا جامع تعارف ہے۔ قادیانی مبلغین ورسائل کے نام ہیں، جن سے مسلمانوں کو بچنے کی تلقین کی گئی ہے۔ بڑے سائز کے پندرہ صفحات پر مشتمل یہ اشتہار بصورت کتابچہ شائع ہوا۔ اب کمپیوٹر پر چوبیس صفحات پر مکمل ہوا ہے۔ الحمدللہ! کہ ایک صدی قبل کی امانت آج ایک صدی بعد کے عاشقان مصطفیٰ ﷺ کے ہاتھوں ہاتھ پہنچانے کی سعادت سے بہرہ ور ہو رہے ہیں۔ یہ رسالہ بھی مولانا سید مرتضیٰ حسن چاندپوری کے کتب خانہ محفوظ در کتب خانہ دارالعلوم دیوبند سے فوٹو کرا کر مولانا شاہ عالم گورکھپوری نے ارسال فرما کر ممنون احسان کیا ہے۔

۴...... **اشتہار مرزا محمود کی تشریف آوری اور اُن کے ابّا جان کا دعویٰ نبوت:**

مرزا محمود قادیانی بہار کے دورہ پر جانے والے تھے۔ اس کی متوقع آمد کو سامنے رکھ کر مولانا عبداللطیف رحمانی نے یہ پمفلٹ شائع کر کے تقسیم عام کرایا کہ اگر ہے ہمت تو ملعون قادیان کے انکار ختم نبوت اور خود اس کے دعویٰ نبوت پر گفتگو اور مناظرہ کے لئے تیار ہو کر آنا۔ اس پمفلٹ میں ممکنہ جو مرزا محمود پر سوالات دوران مناظرہ کئے جانے تھے، وہ لکھ دیئے کہ ہے ہمت تو ان سوالات کے جوابات کی تیاری کر کے آنا۔ اس پمفلٹ سے مرزا محمود کو بہار آمد کی دعوت دینے والے قادیانی سورماؤں پر کیا گزری ہوگی، ایسا ان کے رنگ میں بھنگ ڈالا کہ ان کی رنگت پھیکی اور شکلیں بھیگی بلّی ہوگئیں۔

مولانا مفتی عبداللطیف رحمانی مونگیری (وفات: دسمبر ۱۹۵۹ء) قدیم علماء کی اہم اور آخری یادگار تھے۔ آپ مولانا لطف اللہ علی گڑھ کے شاگرد، مولانا فضل الرحمٰن گنج مراد آبادی کے مرید مولانا محمد علی مونگیری کے ہم عصر اور مولانا سید سلمان ندوی کے استاذ تھے۔ آپ مولانا رحمت اللہ کیرانوی کے قائم کردہ مدرسہ صولتیہ مکہ مکرمہ میں بھی پڑھاتے رہے۔ آپ کی تین کتابیں: (۱)اغلاط ماجدیہ، (۲) تذکرہ یونس علیہ السلام، (۳) چشمہ ہدایت۔ ردقادیانیت پر احتساب قادیانیت جلد۱۹ میں ہم نے شائع کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔ اب (۴) ’’اشتہار مرزامحمود کی تشریف آوری‘‘ محاسبہ قادیانیت کی جلد۱۷ میں ہم شائع کرنے کی سعادت حاصل کررہے ہیں۔

اتفاق دیکھئے کہ احتساب قادیانیت کی جلد۱۹ میں مولانا میرابراہیم سیالکوٹی اور مولانا عبداللطیف رحمانی کے رسائل ردقادیانیت پر ایک ساتھ شائع کئے۔ اب محاسبہ قادیانیت جلد۱۶ میں مولانا میرابراہیم اور جلد۱۷ میں مولانا عبداللطیف رحمانی کے باقی ماندہ ردقادیانیت پر رسائل شائع ہورہے ہیں۔ احتساب قادیانیت جلد۱۹ میں بھی دونوں بزرگ ساتھ ساتھ تھے۔ اب محاسبہ کی جلد۱۶ اور جلد۱۷ میں بھی ساتھ ساتھ ہیں۔ اللہ تعالیٰ فقیرراقم کو بھی آخرت میں ان دونوں حضرات کا ساتھ نصیب فرمادیں۔ وما ذالک علی اللہ بعزیز. آمین برحمتک یا ارحم الراحمین!

۵...... **مرزا کے عقائد واقوال:**

یہ رسالہ مولانا محمد عبداللہ امرتسری کا مرتب کردہ ہے۔ رسالہ کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ ملعون قادیان کو دعوت اسلام کے نکتہ نظر سے اس کے زمانہ حیات میں لکھا گیا تھا۔ آج سے ایک صدی قبل کا یہ رسالہ بھی مولانا سید مرتضیٰ حسن چاندپوری کی لائبریری سے نقل لے کر مولانا شاہ عالم گورکھپوری نے ارسال فرمایا ہے۔

۶...... **الفرقان بین وحی الرحمن ووحی الشیطان بالادلة والبرھان وھو النجم الثاقب:**

جناب حکیم ملاّ عبدالرشید رشد بن حکیم محمد ملاّ نواب مرحوم صفر۱۳۳۵ھ مطابق دسمبر ۱۹۱۶ء میں یہ نظم مسدس میں نظم کی گئی۔ اس کی وضاحت کے لئے ذیل میں حواشی لکھے گئے۔ مولانا شاہ عالم گورکھپوری نے مولانا سید مرتضیٰ حسن چاندپوری کی لائبریری سے نقل ارسال فرمائی جو اس جلد میں شامل اشاعت ہے۔

۷...... **حقیقت قادیانیت:**

مفتی عزیز الرحمٰن صاحب فتح پوری مدرسہ دارالعلوم امدادیہ میمن واڑہ روڈ بمبئی سے ۱۶؍فروری ۱۹۸۹ء کو شائع ہوا۔ مولانا شاہ عالم گورکھپوری کے توسط سے موصول ہوا جسے شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔

۸...... **حقیقت مرزائیت:**

جناب فضل الٰہی آرمی شملہ میں سٹور کیپر تھے۔ انہوں نے ستمبر ۱۹۱۹ء میں یہ رسالہ لکھا جس میں ملعون قادیان کے تضادات کو باحوالہ نقل کیا گیا ہے۔

۹...... **تحفہ ایمانی یعنی روئیداد مباحثہ قادیانی:**

ساونت واڑی کوکن میں ۳۰؍اکتوبر ۱۹۲۵ء کو مولانا عبدالشکور لکھنوی مناظر اسلام کے روشن علی قادیانی سے مباحثہ کی روئیداد جناب فقیر محمد صاحب نے قلمبند کی ہے۔ حضرت مولانا سید مرتضٰی چاندپوری کی لائبریری دارالعلوم دیوبند سے حضرت مولانا شاہ عالم گورکھپوری نے اس کا فوٹو ارسال فرمایا ہے جو محاسبہ قادیانیت کی جلد ہذا (۱۷) میں شامل اشاعت ہے۔

۱۰...... **بجلی آسمانی برسر دجّال قادیانی:**

پنج گرائیں ضلع سیالکوٹ کے ایک عالم دین مولانا محمد ابوالحسن تھے، جنہوں نے بخاری شریف کی شرح بھی لکھی۔ ۱۹۰۱ء میں ردقادیانیت پر آپ کی کتاب ’’بجلی آسمانی برسر دجال قادیانی‘‘ شائع ہوئی۔ مصنف نے یہ کتاب مرزا قادیانی کی زندگی میں تحریر کی۔ اس کے دو حصے ہیں۔ پہلا حصہ ۱۱۶ صفحات ۱۹۰۱ء میں اور دوسرا حصہ ۱۰۸ صفحات پر مشتمل ۱۹۰۴ء میں مکمل ہوا۔ کل ۲۲۴ صفحات ہیں۔ اس کتاب کی خصوصیت یہ ہے کہ چند سطری اردو عبارت لکھ کر اس کی پنجابی اشعار میں تشریح کرتے ہیں۔ پہلے حصہ میں تین سو قادیانیوں کو جوابات دیئے ہیں۔ پنجابی اشعار پر مشتمل یہ کتاب ردقادیانیت کے سلسلہ میں منفرد شان اپنے اندر رکھتی ہے۔

یاد رہے مصنف کا نام ’’محمد ابوالحسن‘‘ ہے۔ پہلے مصنف نے خود کتاب شائع کی، پھر ناشر نے حق تصنیف لے کر شائع کیا۔ ناشر کا نام بھی ابوالحسن محمد عبدالکریم ہے جو تاجر کتب ہیرا منڈی لاہور تھے۔ انہوں نے دوسرا ایڈیشن ۱۹۰۶ء میں شائع کیا۔

مجلس کی لائبریری میں یہ کتاب عرصہ سے موجود تھی۔ احتساب قادیانیت پر جب کام شروع ہوا تو ابتدائی دور سے ہی اس کتاب کو شائع کرنے کا خیال تھا۔ کئی بار فوٹو بھی کرائے، لیکن اس پر کام کرنے کا حوصلہ اس لئے نہیں پڑتا تھا کہ کتاب پنجابی زبان میں تھی، وہ بھی اشعار میں

اور ایک سو سولہ سال قدیم کتاب، گھنی کتابت، کاغذ خستہ اور ضعیف، حواشی پر حوالہ جات ایسے پیچیدہ کہ کام کرنے کا حوصلہ ہی نہیں پڑتا تھا۔ ربع صدی تک اس لئے اس کا چھپنا ملتوی رہا۔ اب دوستوں نے ہمت کر کے اﷲتعالیٰ کے فضل احسان اور توفیق سے کام شروع کیا اور اپنی محنت کی کشتی کو کنارے پر جا اتارا۔ اتنی قدیم اور ضخیم کتاب کے دوبارہ شائع ہونے پر انتہائی خوشی ہے۔

محاسبہ قادیانیت کی اس جلد (۱۷) میں دس حضرات کی دس کتابیں و رسائل:

۱......	مولانا عبدالحفیظ رحمانی دیوبند	کی	۱	کتاب
۲......	جناب ابوصالح عبدالصمد آزاد صدیقی	کی	۱	کتاب
۳......	جناب عبدالغفار خان حیدرآبادی	کا	۱	رسالہ
۴......	مولانا عبداللطیف رحمانی	کا	۱	رسالہ
۵......	مولانا عبداﷲ امرتسری	کا	۱	رسالہ
۶......	جناب ملّا عبدالرشید رشد	کا	۱	رسالہ
۷......	مفتی عزیزالرحمٰن فتح پوری	کا	۱	رسالہ
۸......	جناب فضل الٰہی شملوی	کا	۱	رسالہ
۹......	فقیر محمد ساونت واڑی کوکن	کا	۱	رسالہ
۱۰......	مولانا محمد ابوالحسن سیالکوٹی	کی	۱	کتاب

گویا دس حضرات کے کل ۱۰ کتب و رسائل

محاسبہ قادیانیت کی اس جلد (۱۷) میں محفوظ ہوگئے۔ اس جلد کی یہ امتیازی شان ہے کہ چند ایک کے علاوہ باقی تمام کتب و رسائل ایک صدی سے بھی قبل کے ہیں اور بعض تو ملعون قادیان کی زندگی میں شائع ہوئے۔ مؤخرالذکر کتاب میں مصنف نے پیش گوئی کی کہ مسیح علیہ السلام نے نزول کے بعد حج وعمرہ کرنا ہے۔ جب کہ ملعون قادیان خودساختہ مسیح کو مکہ ومدینہ کی حاضری نصیب نہ ہوگی۔ چنانچہ ایسے ہوا اور ملعون قادیان فی النار والسقر ہوا۔ مکہ ومدینہ کی زیارت سے محروم ہی رہا۔ مولانا پیر مہر علی شاہ گولڑوی، مولانا قاضی محمد سلمان منصورپوری کے بعد یہ تیسرے شخص ہیں جنہوں نے مرزاقادیانی کی زندگی میں یہ پیش گوئی کی۔ ان تینوں حضرات کی حق تعالیٰ نے پیش گوئی پوری کر کے ملعون قادیان کو جھوٹا کردیا۔ اس جلد کی اشاعت پر بہت ہی خوشی ہو رہی ہے۔

الحمد ﷲ علٰی ذالک حمداً کثیراً طیباً!

محتاج دعاء: فقیر اﷲ وسایا، ملتان

۸/جمادی الثانی ۱۴۴۳ھ، ۱۲/جنوری ۲۰۲۲ء

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں

مرزا غلام احمد قادیانی

کی

مراقی نبوت کے خدوخال

مولانا عبدالحفیظ رحمانی دیوبندی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تفصیلی فہرست

عنوان	صفحہ نمبر	عنوان	صفحہ نمبر
حرف منصف	۱۱	نبیوں کے کام	۱۲
نبیوں کی زندگی	۱۲	آخری نبی	۱۳
انبیاء کی سیرت	۱۵	احادیث کی برتری	۱۶
اسود عنسی	۱۷	مراق کیا ہے؟	۱۷
مرزا کا مراق	۲۰	بیوی بھی مراقی	۲۱
بیٹا مراقی	۲۲	مراقیوں کی حرکتیں	۲۲
مرزا کے گھر کی شہادت	۲۴	مراقی دورہ	۲۴
اوپر نیچے کی بیماریاں	۲۶	مراقی کرشمے	۲۶
مراقی نبوت کا کمال	۲۷	انگلی کاٹ لی	۲۸
مرزا کو حمل ہوگیا	۲۹	الٹے سیدھے بٹن	۳۱
مرزا نے غرارہ پہنا	۳۲	مرزا کی شراب نوشی	۳۳
عشقیہ اشعار	۳۴	مرزا افیون کھاتے تھے	۳۵
افیون سے مراق بڑھا	۳۶	روغن بادام اور مشک وعنبر	۳۷
مرزا کی نامردی	۳۹	پچاس مردوں کی طاقت	۴۰
خدمت گار عورتیں	۴۱	کئی زینب	۴۲
مرزا کی جلیبیاں	۴۲	اجنبی عورتوں سے اختلاط	۴۳
عورتوں کی امامت	۴۴	زانیہ عورتوں سے	۴۵
زنا جرم نہیں	۴۶	بیٹی ہوس کا نشانہ	۴۷
اغلام بازی	۴۷	مرزا نے زنا کیا	۴۹
محمدی بیگم کا قصہ	۴۹	ہیضہ سے موت	۵۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حرف منصف

’’مرزاغلام احمد قادیانی کی مراقی نبوت کے خدوخال‘‘ حاضر ہے، قادیانی فتنہ کے خلاف اہل علم نے بہت کچھ لکھا ہے اور لکھنے لکھانے کا سلسلہ ہنوز جاری ہے اور میرا خیال ہے کہ جب تک قادیانی فتنہ (جو اسلام کی بیخ کنی کررہا ہے) اپنی موت آپ نہیں مرجائے گا، اس وقت تک اہل علم اس کا سر کچلتے رہیں گے۔

راقم الحروف نے قادیانی فتنہ کا مطالعہ ایک دوسرے ہی زاویہ نظر سے کیا ہے۔ اس میں مرزاغلام احمد قادیانی کا مراق، اطباء کی نظر میں مراق، مراق کی کیفیات، مرزا کی گھریلو زندگی، مرزا کی بدکرداریاں اور اس کے جنون ومراق پر دلچسپ بحث ملے گی۔ اس کتاب میں مراق کے ساتھ مرزا کی متعفن زندگی کے ان پہلوؤں کو طشت از بام کیا گیا ہے۔ جو انسانی معاشرہ میں انتہائی نفرت کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔ ایسی گندی زندگی گزارنے والا شخص اگر نبوت کا دعوے دار ہو تو اس کو مراق کی بڑ نہ کہا جائے تو کیا کہا جائے گا۔

میں نے ضرورت محسوس کی کہ اہل علم حضرات نے اگر اس پہلو پر توجہ نہیں فرمائی ہے تو کسی حد تک اس کمی کو پورا کردوں۔ ہوسکتا ہے کہ میری یہ تحریر سلیم الفطرت انسانوں کے لئے سرمۂ چشم بصیرت ثابت ہو اور ختم نبوت کے محافظین میں نام آجائے اور خاتم النّبیین نبی آخرالزمان حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی شفاعت نصیب ہوجائے۔ (قدر اللہ)

آخر میں مولانا شاہ عالم صاحب گورکھپوری کا ذکر ضروری سمجھتا ہوں، جنہوں نے کتابوں کی فراہمی میں ہر ممکن تعاون کیا۔ بلکہ یہ کہنا زیادہ مناسب ہے کہ رد قادیانیت کے سلسلہ میں ان کی تگ ودود دیکھ کر یہ رسالہ لکھنے کی تحریک میرے اندر پیدا ہوئی۔ جزاہ اللہ خیر الجزاء! ہزار شکریہ کے مستحق مولانا صدرالزماں صاحب کیرانوی بھی ہیں جنہوں نے اس رسالہ کی اشاعت کو بصد مسرت قبول کیا۔ اللہ تعالیٰ کے حضور میں دعاگو ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس کو شرف قبول عطاء فرمائیں اور میری نجات کا ذریعہ بنادیں۔ آمین!

عبدالحفیظ رحمانی محقق شیخ الہند اکیڈمی دارالعلوم دیوبند

۲۸؍ربیع الاوّل ۱۴۲۶ھ، بمطابق ۷؍مئی ۲۰۰۵ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمدللّٰہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ جمیع الانبیاء والمرسلین!

نبیوں کے کام

دنیا نے اپنی مادی آنکھوں سے اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے انبیاء ورسل کو دیکھا اور خودساختہ نبیوں کو بھی یعنی سچے اور جھوٹے نبی، سچے نبیوں نے دعویٰ نبوت کے ساتھ اللہ کے احکام بتائے اور دنیا کے سامنے اپنی صاف ستھری، پاکیزہ زندگی پیش کی اور جب اللہ کی مصلحت ہوئی تو اپنے برگزیدہ نبیوں کی تائید میں انہونی اورانوکھی چیزیں بھی ان کے ذریعہ پیش کرادیں۔ یہ تائید ربانی ہر نبی کو حاصل رہی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو عصا اور ید بیضا وغیرہ سے تائید حاصل ہوئی تو حضرت سلیمان علیہ السلام کو ہواؤں اور جنوں پر قبضہ دے دیا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اندھوں اور کوڑھیوں نیز مردوں کو باذن اللہ زندہ کرنے کا اعجاز بخشا تو نبی آخر الزمان ﷺ کی تائید ہزاروں معجزات سے فرمائی۔ کسی کسی کو اللہ تعالیٰ نے آسمانی کتاب سے بھی نوازا۔ کسی نبی ورسول نے اپنے دست مبارک سے کوئی کتاب نہیں لکھی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تورات کی تختیاں عطاء کی گئیں۔ حضرت داؤد علیہ السلام کو زبور عنایت ہوئی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آسمانی کتاب انجیل مرحمت فرمائی۔ سب سے آخری نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو قرآن مجید عطاء کیا گیا۔ یہی آخری رسول اور یہی آخری الہامی کتاب ہے۔ اب نہ کسی کو تاج نبوت سے سرفراز کیا جائے گا اور نہ کوئی آسمانی کتاب اتاری جائے گی۔ نبوت کا دروازہ رہتی دنیا تک کے لئے بند کردیا گیا۔

نبیوں کی زندگی

مشاہدات وتجربات اور دنیا بھر کے نامور مصلحین اور فلاسفروں کے حالات زندگی بھی یہ یقین دلاتے ہیں کہ نبیوں جیسی پاکیزہ، صاف وشفاف اور بے غبار زندگی کسی مصلح وفلاسفر کی نہیں رہی۔ زندگی کی پرپیچ راہوں میں یہ نامور بھٹکے ضرور ہیں، کوتاہیاں بھی سرزد ہوئیں ہیں جب کہ نبیوں کی زندگی بالکل نمونہ عمل ہے جس میں ناہمواری کا کہیں نام ونشان نہیں، خلوت وجلوت دونوں میں یکسانیت، سماجی اور گھریلو زندگی میں برابری، نہ وہاں انگلی اٹھانے کی گنجائش اور نہ یہاں موشگافیوں کا راستہ، انسانیت کے وہ اعلیٰ نمونے جن کا تصور بھی

مشکل وہ ہمہ وقت نظروں کے سامنے، یہ نمونے اور یہ اعلیٰ اخلاقی قدریں رفتار ہو یا گفتار، نشست ہو یا برخاست، ملاقات ہو یا وداع، خرید وفروخت ہو یا معاملہ داری، میدان کارزار ہو یا میدان امن وآشتی، ریاضت وعبادت کا زاویہ ہو یا حقوق انسانی کی ادائیگی، غرضیکہ ہر گوشہ زندگی میں نظر آتی ہیں۔ عقل ودانش کا تقاضا ہے کہ جب اس طرح کے پاکیزہ نمونے دنیا دیکھ چکی ہے تو اس آخری نبی کے بعد جو نبوت کا دعویٰ کرے گا اس کی زندگی کو دنیا اسی آئینہ میں دیکھے گی جو پہلے سے تیار دنیا کے سامنے ہے۔ اگر اس آئینہ میں ذرا بال بھی پڑ گیا تو نبوت داغ دار ہو جائے گی اور کوئی سلیم الفطرت آدمی اس نبوت کو قبول نہیں کرے گا۔

آخری نبی

ایک نبی کو دیکھنے کے بعد دنیا نے دوسرے نبی کو دیکھا اور دیکھتی ہی چلی آئی، یہاں تک کہ ایک عفت مآب شخص نے اعلان کر دیا کہ میں سلسلۂ نبوت کی آخری کڑی ہوں، مجھے اچھی طرح دیکھ لو۔ میری زندگی کھلی ہوئی کتاب ہے۔ اعمال وکردار کے ایک ایک گوشے پر نظریں جمالو۔ دیکھو تمہارے تصورات سے بلند وبالا میری زندگی ہے یا نہیں؟ ہاں یہ بھی دیکھ لو کہ میرے شبانہ روز کے اعمال ہی فلاح وبہبود کی ضمانت ہیں۔ ان سے جو بھی انحراف کرے گا یا نیا نقشۂ زندگی مرتب کرے گا اس کی خیر نہیں۔ وہ سکون بخش اعمال کو اپنے اختراع وایجاد سے ایسا کچھ بنا دے گا جو سکون واطمینان کو غارت کر دے گا۔

دنیا اس طرح کے نجانے کتنے مصلحوں اور ریفارمروں کو دیکھ چکی ہے جو اپنے وضع کردہ لائحہ عمل پر خود ہی عمل نہ کر سکے لیکن اللہ کے برگزیدہ بندوں نے جو معبود حقیقی کے احکام بتائے ان کو عملی جامہ پہنا کر بھی دکھایا اور وہ بندگان خاص زندگی کے نازک سے نازک موڑ پر بھی بہکے نہیں، پائے صدق وصفا میں لغزش نہیں آئی۔ نظروں نے دھوکہ نہیں کھایا، دامن تقدس اس طرح محفوظ رہا کہ اس کی پاکیزہ خوشبو سے مشام جاں آج بھی معطر ہوئے جاتے ہیں۔ انہیں کے اعمال وتعلیمات سے آج بھی دنیا مستفید ہو رہی ہے اور کل بھی یہی ابدی روشنی کام آئے گی، جی تو یہی چاہتا ہے کہ اس موقعہ پر چند مقدس ہستیوں کے ان روشن واقعات کی طرف اشارہ کر دیا جائے جو ہزار بار پڑھنے کے باوجود تازہ بہ تازہ ہیں ان کو پڑھ کر روحانیت جھومنے لگتی ہے اور دامن عفت کی خوشبو سے فضا معطر ہو جاتی ہے۔

دیکھئے یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام ہیں، ابھی نبوت سے سرفراز نہیں ہوئے لیکن ہمدردی وتعاون، خدمت مروت اور عفت نظر پر پہرہ لگا ہوا ہے۔ نہ قدم بہک سکتے ہیں نہ ہی نظر خطاء کر سکتی ہے۔ مدین کے پنگھٹ سے قریب تھکے ہارے ہوئے بیٹھے ہیں، اجنبی ماحول، اجنبی لوگ، یکا یک نظر دو خواتین پر پڑتی ہے جو پانی پلانے والوں سے الگ کھڑی ہوئی ہیں کہ جب پنگھٹ خالی ہوگا تو ہم بھی پانی پلالیں گے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی رگ انسانیت پھڑکی اور آگے بڑھ کر ان خواتین سے پوچھ لیا کہ تم یہاں کیوں آئی ہو؟ کیا کوئی مرد گھر میں نہیں ہے؟ ان کا جواب سن کر مطمئن ہوگئے اور ان کے جانوروں کو پانی پلا دیا اور وہ چلی گئیں، باپ نے قبل از وقت پہنچنے کی وجہ پوچھی تو قصہ سنا دیا۔ بوڑھے باپ کو حیرت ہوئی کہ یہ سلوک وہمدردی تو یہاں عجوبہ ہے۔ کہاں کس کو کس سے ہمدردی ہے؟ پورا ماحول انسانیت کے سبق سے ناآشنا ہے۔ بلاشبہ یہ کسی دوسری جگہ کا فرشتہ صفت انسان ہے۔ چنانچہ بوڑھے باپ نے بلا بھیجا۔

اور سنئے! یہ حضرت یوسف علیہ السلام ہیں چڑھتی ہوئی جوانی جو دیوانی ہی ہوتی ہے، ان کو خلوت اور بے خطر خلوت بھی میسر ہے، لطف اندوزی کے سارے سامان بھی موجود، نازک ادائیوں اور عشوہ طرازیوں سے ماحول رومان رنگیز ہے، دعوت صرف اداؤں تک محدود نہیں، دست نازک بھی دراز ہوچکے ہیں، لیکن قربان جائیں اس پیکر عصمت پر جس کا نام یوسف ہے۔ اس نے دامن عفت اس طرح بچایا کہ اس کا ایک تار بھی داغ دار نہیں ہوا۔ پھر اس پاک دامنی کی سزا بھی جھیلی اور صلے میں نبوت کا اعزاز بھی ملا۔ سزا ہوس کی دیوی نے دلائی اور انعام عزت وناموس کے بچانے والے خدا نے دیا۔

یہ نبی آخرالزمان ﷺ ہیں، خلق مجسم اور رحمت عالم، امن وسلامتی کے پیغام بر، انسانیت کے محسن، ابھی تاج نبوت سے سرفراز نہیں ہوئے، دن بچپن اور جوانی کے ہیں، ماحول کفر وظلمت کی تاریکیوں میں ڈوبا ہوا، کوئی مجلس شراب وکباب اور عیش کوشیوں سے خالی نہیں۔ بدکاریوں کے علانیہ فخریہ تذکرے، قتل وقتال کی گرم بازاری غرضیکہ ہر قسم کی انسانیت کش بیماریاں گھر گھر میں موجود، ان کی نگاہیں پڑتی ہیں تو صرف ایک پر، جس نے اس ماحول کی ظلمتوں سے خود کو دور رکھا تھا، مکہ کی گلیوں میں اس کی امتیازی شان کے چرچے ہوتے تھے، بوڑھے بھی اخلاق حمیدہ کا احترام کرنے پر مجبور تھے۔ کبھی کسی کی نگاہ میں کوئی اخلاقی کمزوری

آئی ہی نہیں تھی اور یہی مکہ کے باشندے جب دعوت توحید سن کر بوکھلائے اور ذات گرامی کے بدترین دشمن ہوگئے۔ تب بھی اخلاقی الزام عائد کرنے کی جرأت نہیں ہوئی جب کہ فداہ ابی وامی! نے اپنی پاک زندگی کو چیلنج کے طور پر پیش کر دیا تھا۔ پھر الزام تراشی کی ہمت نہیں ہوئی۔ اس لئے کہ مکہ والے جانتے تھے کہ چاند پر تھوکا ہوا تھوک اپنے ہی منہ پر آئے گا۔ بھلوں کو عیب لگانا کوئی مذاق نہیں۔

انبیاء کی سیرت

انبیاء علیہم السلام کی سیرت مبارکہ میں انبیاء علیہم السلام کا یہ وصف بھی نمایاں نظر آتا ہے کہ وہ سلیم الفطرت، صحیح الدماغ اور متناسب الاعضاء ہوتے ہیں ان میں کوئی ایسا جسمانی عیب نہیں ہوتا جس پر انگشت نمائی کی جاسکے۔ ان کے علاوہ اور بہت سے نمایاں اوصاف ہوتے ہیں جو عام انسانوں میں نہیں ہوتے۔ بلکہ یہ کہنا زیادہ موزوں ومناسب ہے کہ حضرات انبیاء علیہم السلام تمام انسانی خوبیوں کے بہترین مجموعہ ہوتے ہیں اور نبی آخرالزمان حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے لئے تو ''آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری'' کہنا ہی انصاف کا تقاضا ہے۔

شجاعت وجواں مردی، عزم وحوصلہ اور جرأت وبے باکی تو نبوت کے لئے لازمی اوصاف ہیں ورنہ تبلیغ ودعوت کا حق ادا نہیں ہوگا۔ ان مسلمات کو ذہن میں تازہ رکھتے ہوئے آیئے پوری دیانت داری، حاضر دماغی اور سنجیدگی سے دیکھیں کہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے بعد کوئی ایسا شخص نظر آتا ہے جس میں کم وبیش یہ اوصاف حمیدہ نظر آتے ہوں، تاریخ انسانی کے اس ڈیڑھ ہزار سالہ دور میں کوئی شخصیت ایسی ملتی ہے جو ان تمام خوبیوں کا مجموعہ ہو۔ اگر کوئی ہے تو وہ کون ہے؟ کیا اس کی بھی سیرت اسی استناد کے ساتھ تاریخ کے اوراق میں ملتی ہے جو نبی آخرالزمان ﷺ کی سیرت کا خاصہ ہے۔ بات اندر کی ہو یا باہر کی۔ اس کا بیان کرنے والا کون ہے؟ اس کے حالات زندگی کیا ہیں؟ قابل اعتبار بھی ہے یا نہیں؟ کبھی وہ جھوٹ بھی بولا ہے یا نہیں؟ ایسا نہ ہو کہ اس نے تفریح ولطف اندوزی کے لئے گفتگو میں جھوٹ کی آمیزش کر دی ہو؟ کہیں کھڑے کھڑے کھانے لگا ہو؟ سر راہ ٹھٹھا لگا رہا ہو، مشکوک کردار کے لوگوں کے ساتھ نشست وبرخاست رہی ہو۔ اگر ان میں سے کوئی بات رہی ہو تو وہ

ساقط الاعتبار ہے، اس کی بات ہی نہیں مانی جائے گی خواہ وہ بظاہر نہایت خداترس اور عبادت گزار ہو۔ ہاں! یہ بھی دیکھ لیا جائے کہ اس کی یادداشت اچھی ہے یا نسیان کا شکار ہے، اس کا دماغی توازن ہمہ وقت صحیح رہتا ہے یا کبھی کبھی توازن بگڑ جاتا ہے۔ اس طرح کے بہت سے اصول وضوابط ہیں جن کا پابند ہی قابل اعتبار ہوگا۔

احادیث کی برتری

کیا دنیا کی تاریخ میں ایسی کوئی کتاب اور سوانح لکھی گئی ہے جس کی صحت کو شک وشبہ سے بالاتر رکھنے لئے اتنا اہتمام کیا گیا ہو، جواب نفی میں ہی ملے گا کہ ہماری نظر میں کوئی ایسی تاریخی کتاب اور سوانح نہیں ہے جو اس قدر اہتمام سے مرتب کی گئی ہو اور وہ ہر طرح شبہات سے بالاتر ہو۔ لیکن میں اس موقعہ پر بلاخوف تردید یہ بھی کہتا ہوں کہ کوئی عام سوانحی کتاب کسی مصلح وریفارمر پر پڑھ لیجئے جس کی زندگی انسانیت کا اعلیٰ نمونہ پیش کرتی ہو۔ آپ درماندہ وعاجز ہوکر یہی کہیں گے کہ انبیاء علیہم السلام کی صاف ستھری اور پاکیزہ زندگی کی نظیر نہیں ملتی۔

یہ تو وہ مصلحین ہیں جنہوں نے نبوت کا دعویٰ نہیں کیا اور ان میں ذہنی فتور اور دماغی بیماری نہیں تھی۔ آیئے! اب ان مدعیان نبوت پر نظر ڈال لیں، جنہوں نے پوری قوت کے ساتھ نبوت کا دعویٰ کیا۔ ان میں ایک مسیلمہ کذاب بھی ہے جس نے نبی آخرالزماں ﷺ کے عہد مسعود ہی میں نبوت کا دعویٰ کر دیا تھا اور ایسی شورش برپا کر دی تھی کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اس کی سرکوبی کے لئے جنگ کرنی پڑی۔ یہ فتنہ فرو ہوا، اور اس تاریخی صداقت کی داد دیجئے کہ کذاب اس کے نام کا جزو بن گیا۔ آج بھی کوئی شخص اس کو صرف مسیلمہ کذاب کہتا ہے۔ یہ بھی تاریخ نبوت میں ایک عجوبہ ہے کہ ایک عورت نے بھی اس دور میں نبوت کا دعویٰ کر دیا۔ اس سے پہلے کسی خاتون نے دعویٰ نبوت کی جرأت نہیں کی تھی۔ اس کو یہ نبوت ایسی راس آئی کہ اپنے ہم جنس مسیلمہ کذاب سے شادی رچالی، یعنی مردانہ اور زنانہ دونوں نبوتیں ایک ہی گھر میں جمع ہوگئیں۔ نام تھا سجاح بنت خویلد، ان دونوں مدعیان نبوت کی زندگی کیسی تھی؟ وہی جو عام لوگوں کی ہوتی ہے، اس لئے دونوں کی نبوت ان کے ساتھ ہی دفن ہوگئی، تاریخ نے جھوٹے مدعیان نبوت کے طور پر ان کے ناموں کو محفوظ رکھا ہے۔

اسود عنسی

لیجئے! اسی دور کے دو نام اور بھی سن لیجئے، اسود عنسی اور طلیحہ بن خویلد، ان کے بھی چراغ نبوت پھونکوں سے بجھ گئے، اعلان کے صلے میں صرف لعنتیں ہی آئیں۔ افسوس اس پر ہے کہ ان مدعیان نبوت کے حالات زندگی تاریخ نے بیان نہیں کئے، اگر ان میں کوئی امتیازی وصف ہوتا تو تاریخ ضرور اس کا ذکر کرتی، معلوم ہوا کہ کوئی ایسی خوبی تھی ہی نہیں جو تاریخ کا جزو بنتی اور تاریخ کا قاری اس کو سراہتا۔

چونکہ نبوت سب سے بڑا اور پاکیزہ اعزاز ہے وہ بھی خالق کائنات کی طرف سے اس لئے بہت سی طبیعتیں مچلیں کہ نہ سہی خدائی نبوت، ہوسکتا ہے اپنی اختراعی نبوت کا سکہ چل جائے اور دنیا ہی میں سنور جائے لیکن دنیا نے اختراعی نبوتوں کو قبول نہیں کیا اور یہ اپنی موت آپ مرگئیں۔ ادھر ایک طویل مدت سے اپنے پیش روؤں کا آغاز وانجام دیکھ کر کسی نے نبوت کا دعویٰ نہیں کیا۔ البتہ اسلامیات کے مطالعہ میں امام مہدی کی آمد کی پیشین گوئی پڑھی تو چند لوگوں نے مہدویت کا بھی دعویٰ کیا اور خود کو مہدی ثابت کرنے میں پوری توانائی صرف کردی لیکن یہ مہدویت بھی مدعیوں کے ساتھ دفن ہوگئی۔ حیرت ہوتی ہے کہ تاریخ نے جھوٹے مدعیان نبوت ومہدویت پر دماغی خلل کا الزام عائد نہیں کیا اور نہ کسی ایسی بیماری کا ذکر کیا جو نبوت کا دعویٰ کرنے پر مجبور کر دے۔ حالانکہ اطباء نے ایک ایسی بیماری کا ذکر کتابوں میں کیا ہے جو نبوت کا اعلان کراتی ہے۔

اطباء نے اس بیماری کو مراق اور مالیخولیا کے نام سے یاد کیا ہے، یہ ایک قسم کا جنون ہے۔ یہ بیماری کس طرح پیدا ہوتی ہے اور اس کی علامتیں کیا ہیں؟ ہم اطباء کے حوالوں سے اس بیماری کی تفصیل پیش کر رہے ہیں۔

مراق کیا ہے؟

طب یونانی کی مشہور متداول کتاب ’’شرح الاسباب والعلامات‘‘ میں امراض راس (سر) کا بیان شروع ہی میں ہے۔ یہ کتاب طب یونانی کے مدرسوں اور کالجوں میں عرصۂ دراز سے پڑھائی جاتی ہے۔ اصل کتاب عربی میں ہے۔ اب اس کا اردو ترجمہ بھی دستیاب

ہے۔ مصنف ہیں حکیم برہان الدین نفیسی، مراق کے بارے میں لکھتے ہیں: ’’مالیخولیا کی ایک قسم ہے جس کو مراق کہتے ہیں، یہ مرض تیز سودا سے جو معدہ میں جمع ہوتا ہے، پیدا ہوتا ہے اور جس عضو میں یہ مادہ جمع ہوتا ہے، اس سے سیاہ بخارات اٹھ کر دماغ کی طرف چڑھتے ہیں۔

اس کی علامات یہ ہیں، ترش دخانی ڈکاریں آنا، ضعف معدہ کی وجہ سے کھانے کی لذت کم معلوم ہونا، ہاضمہ خراب ہوجانا، پیٹ پھولنا، پاخانہ پتلا ہونا، دھویں جیسے بخارات چڑھتے ہوئے معلوم ہونا۔‘‘

یہ علامتیں بتاتی ہیں کہ مریض کو مراق ہے اور اس کے کسی عضو میں تیز سودا جمع ہوگیا ہے، اس سے سیاہ بخارات اٹھ کر دماغ تک پہنچتے ہیں۔ اس کی علامتیں آپ کے سامنے ہیں۔ اس کی علامتوں کا ظہور کب ہوتا ہے اور جدید اطباء کا اس بیماری کے بارے میں کیا خیال ہے؟ اس پر بھی ایک نظر ڈال لیجئے اور اس کو ذہن میں محفوظ رکھئے تاکہ آئندہ بحث کو سمجھنا آسان ہوجائے۔

ملاحظہ فرمائیے: ’’یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اس مرض (مراق) کی علامت کا ظہور فتور قوت حیوانی یا روح حیوانی سے ہوتا ہے جو کہ جگر اور معدے میں ہوتی ہے مگر تحقیقات جدیدہ سے معلوم ہوا ہے کہ مرض عصبی ہے اور جیسا کہ عورت میں رحم کی مشارکت سے مرض اختناق الرحم (ہسٹریا) پیدا ہوجاتا ہے، اسی طرح اعضاء اندرونی کے فتور سے ضعف دماغ ہوکر مردوں میں مراق ہوجاتا ہے۔

شمس الاطباء حکیم ڈاکٹر غلام جیلانی اپنی کتاب ’’مخزن حکمت‘‘ میں مراق (مالیخولیا) کی علامتیں یہ بتاتے ہیں کہ: ’’مریض ہمیشہ سست و متفکر رہتا ہے۔ اس میں خودی کے خیالات پیدا ہوجاتے ہیں۔ ہر ایک بات میں مبالغہ کرتا ہے، بھوک نہیں لگتی، کھانا ٹھیک طور پر ہضم نہیں ہوتا۔‘‘

مذکورہ علامات میں معدہ کی خرابی مشترک ہے کہ مراق کی بیماری میں ضعف معدہ ضرور ہوگا۔ ان علامتوں کی تفصیل ’’اکسیر اعظم‘‘ میں ان الفاظ میں بیان کی گئی ہے۔

ملاحظہ فرمائیے: ’’فساد ہضم، کھٹی ڈکاریں، منہ میں رال زیادہ آئے، پیٹ پھولتا ہو، پیٹ میں قراقر و تناوٹ اور سوزش ہو، جھوٹی بھوک معلوم ہو، تالو کی طرف دھویں جیسے

بخارات چڑھتے ہوئے معلوم ہوں، ہاضمہ اچھا ہوتو مرض میں تخفیف ہو، ہاضمے کی خرابی اور تخمے سے مرض میں زیادتی ہو۔ گاہے جسم کے اوپر کے حصے میں کپکپی اورلرزہ، ہاتھ پاؤں کی ہتھیلیوں یا تمام بدن کا ٹھنڈا ہوجانا، مرض کی کمی بیشی کے مطابق کمزوری لاحق ہونا۔ یہاں تک کہ کبھی غشی کی نوبت پہنچ جائے۔ کبھی ایک چیز کے دو معلوم ہونا۔ کبھی آنکھوں کے سامنے بجلی سی کوندتی معلوم ہونا، آنکھوں کی کرختگی، پلکوں کا بوجھل ہونا، دماغ اور سر میں سوزش وگرمی، دردسر اورنسیان، یک بیک اچھو لگ جانا، مرض مراق کے لوازم سے ہے۔ لیکن ان سب کا ایک مریض میں پایا جانا ضروری نہیں۔'' (اکسیر اعظم ج اوّل ص ۱۸۸)

اس بیماری کے سلسلہ میں مزید معلومات کے لئے آیئے شیخ الرئیس حکیم بوعلی سینا سے رجوع کریں کہ وہ کیا کہتے ہیں؟

ملاحظہ فرمایئے: ''مالیخولیا اس مرض کو کہتے ہیں جس میں حالت طبعی کے خلاف خیالات وافکار متغیر بخوف وفساد ہوجاتے ہیں۔ اس کا سبب مزاج کا سوداوی ہوجانا ہوتا ہے، جس سے روح دماغی اندرونی طور پر متوحش ہوتی ہے اور مریض اس کی ظلمت سے پراگندہ خاطر ہوجاتا ہے یا پھر یہ مرض حرارت جگر کی شدت کی وجہ سے ہوتا ہے اور یہی چیز مراق ہوتی ہے۔ جب اس میں غذا کے فضلات اور آنتوں کے بخارات جمع ہوجاتے ہیں اور اس کے اخلاط سے سیاہ بخارات اٹھ کر سر کی طرف چڑھتے ہیں۔ اسی کو نفخۂ مراقیہ، مالخیولیائے نافخ اور مالیخولیائے مراقی کہتے ہیں۔'' (قانون شیخ الرئیس حکیم بوعلی سینا فن اوّل از کتاب ثالث)

مالیخولیا اور مراق کی تفصیل سے یہ بات واضح ہوچکی ہے کہ یہ سوداوی بیماری ہے، اسی بناء پر اردو کے اہل لغت نے مراق کا ترجمہ جنون اور سودا کیا ہے، ان الفاظ کے بعد یہ کہنے کی ضرورت نہیں ہے کہ اس کا مریض کیا کچھ کرتا ہوگا؟ پھر یہ بھی کہ مراقی موروثی ہوتا ہے جو نسل درنسل چلتا رہتا ہے۔

چنانچہ نورالدین صاحب لکھتے ہیں کہ: ''مراق کے اسباب میں سب سے بڑا سبب ورثہ میں ملا ہوا طبعی میلان اور عصبی کمزوری ہے، عصبی امراض ہمیشہ ورثہ میں ملتے ہیں اور لمبے عرصے تک خاندان میں چلتے ہیں۔''

(بیاض نورالدین ج اوّل منقول از اخبار ''پیغام صلح'' لاہور ج ۱۰۶ ص ۴۷، مؤرخہ یکم ردسمبر ۱۹۴۸ء)

مرزا کا مراق

مالیخولیا یا مراق کی اس قدر تفصیل پیش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ہم دیکھیں کہ مدعیان نبوت میں کسی کو یہ بیماری تھی یا نہیں؟ ہم نے مناسب یہ سمجھا کہ دور کیوں جایئے۔ ایک نظر ماضی قریب پر ڈال لیں اور دیکھیں کہ مرزا غلام احمد قادیانی میں یہ بیماری تھی یا نہیں؟ پھر ہم اطباء سے رجوع کریں گے کہ اس بارے میں اپنے طبی اصول کو پیش نظر رکھ کر بتائیں کہ مراقی اور مالیخولیائی مریض کیا کرشمے دکھاتے ہیں تو آیئے دیکھیں کہ مرزا غلام احمد قادیانی مراقی مالیخولیائی تھے یا نہیں؟ یہ یاد رکھیئے کہ ہم زبردستی الزام عائد نہیں کریں گے بلکہ شہادتیں مرزا قادیانی اور ان کے متبعین کی کتابوں سے ہی پیش کریں گے۔ پھر آپ کو انصاف کی دعوت دیں گے کہ خدارا بتایئے کہ یہ اپنی اور اطباء کی شہادتوں کے آئینے میں کیا ہیں؟ تو لیجئے پہلی شہادت مرزا قادیانی کے صاحبزادے مرزا بشیر احمد کی ملاحظہ فرمایئے: ’’ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب نے مجھ سے بیان کیا کہ میں نے کئی دفعہ حضرت مسیح موعود سے سنا ہے کہ مجھے ہسٹریا ہے، بعض اوقات آپ مراق فرمایا کرتے تھے لیکن دراصل بات یہ ہے کہ آپ کو دماغی محنت اور شبانہ روز تصنیف کی مشقت کی وجہ سے بعض ایسی عصبی علامات پیدا ہوجایا کرتی تھیں جو ہسٹریا کے مریضوں میں عموماً دیکھی جاتی ہیں۔ مثلاً کام کرتے کرتے یک دم ضعف ہوجانا چکروں کا آنا، ہاتھ پاؤں کا سرد ہوجانا، گھبراہٹ کا دورہ ہوجانا، ایسا معلوم ہونا کہ ابھی دم نکلتا ہے یا کسی تنگ جگہ یا بعض اوقات زیادہ آدمیوں میں گھر کر بیٹھنے سے دل کا سخت پریشان ہونے لگنا وغیرہ ذلک۔‘‘ (سیرت المہدی ج اوّل حصہ دوم ص ۳۴۰، روایت نمبر ۳۷۲)

دونوں صاحبان کے بیان سے روز روشن کی طرح واضح ہے کہ مرزا قادیانی کو مراق تھا اور ایک مراقی میں جو علامتیں ہوتی ہیں، بشیر احمد نے ان کی تصدیق کردی ہے۔ پھر کسی کی کیا مجال کہ مراق سے انکار کردے، مرزا قادیانی تو مراق فرمایا کرتے تھے گویا کوئی اختیاری چیز ہو اور انداز تحریر تو یہ بتاتا ہے جیسے مراق کوئی تفریحی چیز ہو اور مرزا قادیانی اس کو کبھی کبھی استعمال کرتے ہوں۔ عام لوگ تو مراق کو جنون وسودا ہی سمجھتے ہیں اور عموماً جنونیوں کی حرکتوں سے لوگ لطف اندوز بھی ہوتے ہیں۔ خیر ہمیں اس سے کیا بحث کہ مرزا قادیانی اپنی مراقی کیفیت میں کیا کیا کرتے تھے۔

یہاں دیکھنا یہ ہے کہ ماہرین اطباء نے مراق کی جو علامتیں بتائی ہیں وہ ساری علامتیں مرزا قادیانی میں پائی جاتی تھیں یا نہیں؟ کہیں مرزا قادیانی کو اپنے بارے میں شبہ تو نہیں ہوگیا۔ حالانکہ سیرۃ المہدی کے حوالہ سے جو اقتباس نقل کیا گیا ہے۔ اس میں مراقیوں کی بہت سی علامتیں بتائی گئی ہیں وہ مرزا قادیانی میں پائی جاتی تھیں۔ یہی نہیں مرزا قادیانی کا مراق، مالیخولیا اتنا عام تھا کہ ان کے معتقدین بھی مراق کا برملا اظہار کرتے تھے۔ دیکھئے مرزا قادیانی کے ایک ترجمان فرماتے ہیں: ''مراق کا مرض حضرت مرزا قادیانی موروثی نہ تھا بلکہ خارجی اثرات کے ماتحت پیدا ہوا اور اس کا باعث سخت دماغی محنت، تفکرات، غم اور سوء ہضم تھا جس کا نتیجہ دماغی ضعف تھا اور جس کا اظہار مراق اور دیگر ضعف کی علامات مثلاً دوران سر کے ذریعہ ہوتا تھا۔'' (رسالہ ''ریویو'' قادیان ص۱۰، بابت اگست ۱۹۲۶ء)

بیوی بھی مراقی

اس عبارت کو دوبارہ پڑھ لیجئے اور دیکھئے کہ مراق کی وہ علامتیں جو اطباء نے لکھی ہیں وہ ہیں یا نہیں؟ پھر وہ خارجی اثرات سے پیدا ہوا ہو یا موروثی ہو بہر حال مراق تھا۔ یہ بھی مان لیجئے کہ مراق خارجی اثرات سے ہوتا ہے اور اختلاط سے بھی مراق ہو جاتا ہے۔ چنانچہ جنسی اختلاط کی بناء پر مرزا قادیانی کی بیوی بھی مراق کا شکار ہوگئیں۔

ملاحظہ فرمایئے اہلیہ کا مراق: ''میری بیوی کو مراق کی بیماری ہے۔ کبھی کبھی وہ میرے ساتھ ہوتی ہے۔ کیونکہ طبی اصول کے مطابق اس کے لئے چہل قدمی مفید ہے۔ ان کے ساتھ چند خادم عورتیں بھی ہوتیں ہیں اور پردے کا پورا التزام ہوتا ہے۔ ہم باغ تک جاتے ہیں پھر واپس آجاتے ہیں۔''

(مرزا قادیانی کا بیان عدالت مندرجہ اخبار ''الحکم'' قادیان ج۵، نمبر۲۹ مؤرخہ ۱۰ راگست ۱۹۰۱ء منقول از منظور الٰہی ص۲۴۴)

مرزا قادیانی کو اپنے مراقی ہونے پر مکمل اطمینان تھا، یہ بیماری ان کو وراثت میں ملی تھی اور علامتوں نے اس موروثی بیماری پر مہر تصدیق ثبت کردی۔ یہ بیماری ان کی پہلی بیوی ساتھ لے کر آئیں یا مرزا قادیانی کو ننھیال سے ملی۔ اس کا فیصلہ آپ خود ہی درج ذیل تحریر پڑھ کر کریں۔

صاحبزادہ بشیر احمد صاحب لکھتے ہیں: ''بیان کیا مجھ سے والدہ صاحب نے کہا کہ

حضرت (مرزا صاحب کے ایک حقیقی ماموں تھے۔ جن کا نام مرزا جمعیت بیگ تھا۔ ان کے ہاں ایک لڑکا اور ایک لڑکی ہوئے اور ان کے دماغ میں کچھ خلل آ گیا تھا۔ لڑکے کا نام مرزا علی شیر تھا اور لڑکی کا حرمت بی. بی۔ لڑکی حضرت صاحب کے نکاح میں آئی اسی کے بطن سے مرزا سلطان احمد اور فضل احمد پیدا ہوئے۔'' (سیرت المہدی ج اوّل ص ۲۰۷، روایت نمبر ۲۱۲)

بیٹا مراقی

یہ مفید بیماری سب کے حق میں نہیں مرزا قادیانی کے حق میں آگے بڑھی تو مرزا محمود احمد صاحب بھی مراقی ہوگئے۔ ملاحظہ فرمایئے ڈاکٹر شاہنواز صاحب کے مضمون کی یہ عبارت: ''جب خاندان میں اس کی ابتداء ہوگئی تو پھر اگلی نسل میں بے شک یہ مرض منتقل ہوا ہے۔ چنانچہ حضرت خلیفۃ المسیح ثانی (میاں محمود احمد صاحب) نے فرمایا کہ مجھ کو بھی کبھی کبھی مراق کا دورہ ہوتا ہے۔'' (مضمون سے معلوم ہوا کہ مرزا غلام احمد، بیوی صاحبہ، میاں محمود احمد (صاحبزادے) اور ماموں صاحب مرزا جمعیت بیگ سب مراقی اور مالیخولیائی تھے، کوئی صحیح الدماغ نہیں تھا تو آیئے دیکھیں کہ اطباء اور ڈاکٹر اس طرح کے مریضوں کے بارے میں کیا کہتے ہیں اور یہ اپنے جنون میں کیا کرتے ہیں۔ اس لئے کہ جنون کی متعدد قسمیں ہوتی ہیں اور ہر جنونی کی حرکتیں الگ الگ ہوتی ہیں۔ کوئی جنون و وحشت میں کپڑے پھاڑتا ہے، لوگوں کو دوڑاتا ہے، کوئی بالکل ننگ دھڑنگ خاموش چلتا ہے یا بیٹھا رہتا ہے۔ غرضیکہ ہر جنونی کی حرکتیں جداگانہ ہوتی ہیں اور جنونیوں کے کرشمے الگ ہوتے ہیں۔ اطباء نے اس کی وضاحت ان الفاظ میں کی ہے۔ غور سے پڑھئے: ''مریض کے اکثر اوہام اس کام سے متعلق ہوتے ہیں جس میں مریض زمانہ صحت میں مشغول رہا ہو۔ مثلاً مریض صاحب علم ہو تو پیغمبری اور معجزات وکرامات کا دعویٰ کر دیتا ہے۔ خدائی کی باتیں کرتا ہے اور لوگوں کو اس کی تبلیغ کرتا ہے۔'' (اکسیر اعظم ج اوّل ص ۱۸۸ حکیم محمد اعظم خاں صاحب)

مراقیوں کی حرکتیں

حکیم صاحب کی اس تحریر سے یہ عقدہ حل ہوگیا کہ جنونی لوگ الگ الگ حرکات کیوں کرتے ہیں؟ اگر کوئی مراقی جنونی کسی کو مارنے کے لئے دوڑتا ہے تو زمانۂ صحت میں

اس کو اپنے کسی دشمن سے ایسی پرخاش رہی ہوگی جس کو مارنے پیٹنے کی وہ تدبیریں سوچتا رہا ہوگا۔اسی میں اس کا ذہنی توازن خراب ہوگیا تو اب وہ اپنے مراق وجنون میں ہر کسی پر وہ حملہ کرنے کی کوشش کرتا ہے۔اسی طرح کسی ننگ دھڑنگ کو دیکھ کر یہ کہنے میں ذرا تامل نہیں ہونا چاہئے کہ وہ شہوت کا مارا ہوا ہے۔اسی پر دیگر مراقیوں کو قیاس کر لیجئے۔

اسی ضمن میں اس مراقی کو دیکھ لیجئے جو زمانۂ صحت میں مذہبی کتابوں کے مطالعہ میں منہمک رہا ہو، لکھنا پڑھنا اس کا اوڑھنا بچھونا رہا ہو تو ایسا مریض ظاہر ہے کہ مراق وجنون میں پیغمبری کا دعویٰ ہی کرے گا، اپنے کشف وکرامات بیان کرنے میں اس کی زبان تر رہے گی۔ اپنے مراقی الہام کی بنیاد پر زور وشور سے اپنے الہام کی تبلیغ بھی کرے گا۔ دیگر اطباء نے بھی یہی بات بیان کی ہے جو حکیم محمد اعظم خان صاحب نے اپنی کتاب میں لکھی ہے۔ دیکھئے یہ قدیم طبی متداوّل کتاب ہے۔

''شرح الاسباب والعلامات'' اس کے ایک باب امراض رأس مالیخولیا میں لکھتے ہیں کہ:''مالیخولیا خیالات وافکار کے طریق طبعی سے متغیر بخوف وفساد ہوجانے کو کہتے ہیں۔ بعض مریضوں میں گاہے گاہے یہ فساد اس حد تک پہنچ جاتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو غیب داں سمجھتا ہے اور اکثر ہونے والے امور کی پہلے ہی خبر دے دیتا ہے اور بعض میں یہ فساد یہاں تک ترقی کر جاتا ہے کہ اس کو اپنے متعلق یہ خیال ہوتا ہے کہ میں فرشتہ ہوں۔''

علامہ نفیسی اور حکیم اعظم خاں صاحب کی فنی گفتگو ایک ہی ہے۔ بنیادی طور معمولی فرق بھی نہیں ہے ایک کے یہاں تفصیل ہے اور ایک کے یہاں اختصار، اسی مضمون کو قادیانی حلقہ کے ڈاکٹر شاہنواز صاحب قادیانی ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں کہ:''ایک مدعی الہام کے متعلق اگر یہ ثابت ہوجاوے کہ اس کو ہسٹریا مالیخولیا، مرگی کا مرض تھا تو اس کے دعویٰ کی تردید کے لئے پھر کسی اور ضرب کی ضرورت نہیں رہتی۔ کیونکہ یہ ایسی چوٹ ہے جو اس کی صداقت کی عمارت کو بیخ وبن سے اکھاڑ دیتی ہے۔''

(مضمون ڈاکٹر شاہنواز قادیانی مندرجہ رسالہ ریویو آف ریلیجز قادیان ص۶،۷ بابت ماہ اگست ۱۹۲۶ء)

ان حوالوں سے یہ بات واضح ہوگئی کہ مراق مالیخولیا، ہسٹریا کے مریض کو وہی کیفیت پیش آتی ہے جو زمانۂ صحت میں رہی ہے۔ کتابوں میں غرق رہا ہے اور مذہبی کتابیں

اوڑھنا بچھونا بنی رہی ہیں اور اسی انہاک میں وہ مراق اور مالیخولیائی ہوگیا ہے تو وہ الہام کا دعویٰ ضرور کرے گا، مراق تیز ہوگا تو وہ پیغمبری کا دعویٰ دار بنے گا، مراقی انسان ہونے کے باوجود فرشتہ ہونے کا مدعی بھی ہوسکتا ہے اور یہ تو طے شدہ ہے کہ مراقی کا دماغی توازن صحیح نہیں رہتا وہ کچھ بھی کرسکتا ہے۔

مرزا کے گھر کی شہادت

مرزاغلام احمد قادیانی کے متعلق ان کے گھر کی شہادتیں آپ پڑھ چکے ہیں کہ وہ مراقی تھے، انہوں نے خود بھی مراقی ہونے کو بیان کیا ہے اور اس کی بھی ناقابل انکار شہادت ہے کہ وہ کتابوں کے مطالعہ میں ہمہ وقت منہمک رہتے تھے، تفکرات الگ تھے، بیماری صرف ایک نہیں مجموعہ امراض تھے، سوء ہضم، ذیابیطس اور نامردی تو ایسی بیماریاں تھیں جن کا ذکر مرزاقادیانی اور ان کے متعلقین نے بار بار کیا ہے، کبھی کبھی غشی طاری ہوجاتی تھی، سل ودق کی بیماری بھی دامن گیر رہی، مالیخولیائی دورے بھی پڑتے رہے۔ دوران سر سے تو اس بیماری میں نجات ہی نہیں ملتی۔

سوال: یہ ہے کہ جب مراق مرزاقادیانی کی تسلیم شدہ بیماری تھی۔ اس کے تمام ثبوت مہیا ہیں اور یہ بھی کہ ایسا شخص الہام ونبوت کا دعویٰ کرسکتا ہے اور مرزاقادیانی نے مراق کی رفتار کے ساتھ ساتھ الگ دعوے کئے ہیں اور سب سے بڑا دعویٰ نبوت کی شکل میں سامنے آیا تو اس دعویٰ کو مراقی دعویٰ سمجھ کر رد کیوں نہیں کیا گیا؟ یہ اطباء تو کسی کے طرفدار نہیں ہیں۔ ان کے فن وتحقیق نے جو ثابت کیا وہ انہوں نے پیش کردیا۔ ہم نے جن کتابوں کے حوالے پیش کئے ہیں وہ مرزاقادیانی کے دعویٰ سے سینکڑوں سال پہلے لکھی جاچکی ہیں۔ دوایک کتابیں ایسی بھی ہیں جو ان کے زمانے کی ہیں لیکن ان میں ڈاکٹر شاہنواز تو قادیانی تھے انہوں نے بھی وہی بات کہی جو دیگر اطباء کہتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ ان اطباء نے طویل تجربہ کے بعد یہ مضمون بیان کیا ہے اور پوری ذمہ داری کے ساتھ۔

مراقی دورہ

صرف یہی نہیں کہ مرزاقادیانی نے اپنا مراق اپنی زبان سے بیان کیا بلکہ اس کے

شواہد بھی ضرورت سے زیادہ ہیں۔ مراقی دورے بھی بار بار پڑے، ان کی تفصیلات قادیانی کتابوں میں موجود ہیں۔ ایک دورے کا حال صاحبزادہ بشیر احمد نے ان الفاظ میں بیان کیا ہے: ’’بیان کیا مجھ سے حضرت والدہ صاحبہ نے کہ حضرت مسیح موعود (یعنی والد صاحب) کو پہلی دفعہ دوران سر اور ہسٹریا کا دورہ بشیر اوّل (ہمارا ایک بڑا بھائی ہوتا تھا جو ۱۸۸۸ء میں فوت ہوگیا) کی وفات کے چند دن بعد ہوا تھا۔ رات کو سوتے ہوئے آپ کو اتھو آیا اور پھر اس کے بعد طبیعت خراب ہوگئی۔ مگر یہ دورہ خفیف تھا...... پھر اس کے کچھ عرصہ بعد آپ ایک دفعہ نماز کے لئے باہر گئے اور جاتے ہوئے فرما گئے کہ آج کچھ طبیعت خراب ہے والدہ صاحبہ نے فرمایا کہ تھوڑی دیر کے بعد شیخ حامد علی نے دروازہ کھٹکھٹایا کہ جلدی پانی کی ایک گاگر گرم کردو۔ والدہ صاحبہ نے فرمایا کہ میں سمجھ گئی کہ حضرت صاحب کی طبیعت خراب ہوگئی ہوگی۔ چنانچہ میں نے کسی ملازم عورت کو کہا کہ اس سے پوچھو میاں کی طبیعت کا کیا حال ہے؟ شیخ حامد علی نے کہا کہ کچھ خراب ہوگئی ہے۔ میں پردہ کرا کر مسجد میں چلی گئی تو آپ لیٹے ہوئے تھے میں جب پاس گئی تو فرمایا کہ میری طبیعت بہت خراب ہوگئی تھی لیکن اب افاقہ ہے۔ میں نماز پڑھ رہا تھا کہ میں نے دیکھا کہ کوئی کالی کالی چیز میرے سامنے سے اٹھی ہے اور آسمان تک چلی گئی اور پھر میں چیخ مار کر زمین پر گر گیا اور غشی کی سی حالت ہوگئی۔ والدہ صاحبہ فرماتی ہیں اس کے بعد آپ کو باقاعدہ دورے پڑنے شروع ہوگئے۔ خاکسار نے پوچھا دورہ میں کیا ہوتا تھا۔ والدہ صاحبہ نے کہا ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہوجاتے تھے اور بدن کے پٹھے کھنچ جاتے تھے۔ خصوصاً گردن کے پٹھے اور سر میں چکر ہوتا تھا اور اس حالت میں آپ اپنے بدن کو سہار نہیں سکتے تھے۔ شروع شروع میں یہ دورے بہت سخت ہوتے تھے، پھر اس کے بعد کچھ تو دوروں کی ایسی سختی نہیں رہی اور کچھ طبیعت عادی ہوگئی۔ خاکسار نے پوچھا کہ اس سے پہلے تو سر کی کوئی تکلیف نہیں تھی۔ والدہ صاحبہ نے فرمایا پہلے معمولی سر درد کے دورے ہوا کرتے تھے۔ خاکسار نے پوچھا کیا پہلے حضرت صاحب خود نماز پڑھاتے تھے؟ والدہ صاحبہ نے کہا کہ ہاں مگر پھر دوروں کے بعد چھوڑ دی۔‘‘ (سیرت المہدی ج اوّل حصہ اوّل ص۱۴، ۱۵، روایت نمبر ۱۹)

گھر کے راز دار تو بیوی بچے ہی ہوتے ہیں، مرزا کی بیوی اور بیٹے نے ہسٹریا اور مراق کی جو تصدیق کی ہے، اس کو نہ ماننے اور جھٹلانے کی تو کوئی وجہ نہیں ہوسکتی۔ اگر کوئی

تکذیب کی جرأت کر بھی لے تو دنیا اس کو بھی مراقیوں کی صف میں کھڑا کر دے گی۔ اس لئے مرزا قادیانی کا مراق نا قابل تردید ہے ہم تو یہ سمجھتے ہیں کہ اگر بیوی اور بیٹے مراقی نہ ہوتے تو مرزا کے مراق کو ظاہر نہ کرتے۔ لیکن قدرت کے کرشمے دیکھ کر قربان جایئے کہ مراقیوں کی قطار لگی ہے۔ پھر اس مراق کو ہوشمندوں اور صحت مندوں نے بھی دیکھا اور اس کی تصدیق میں ذرا بھی نہ ہچکچائے کہ سامنے ایک حقیقت تھی۔ خیر دوروں کا تو کوئی وقت متعین نہیں ہوتا۔ دورہ کسی وقت بھی پڑ سکتا ہے۔ چنانچہ ایسا ہوتا رہا اور دورے پڑتے رہے، لیکن یہ دورے عموماً مرزا قادیانی کو رمضان کے روزوں سے فرصت مل جاتی تھی۔

اوپر نیچے کی بیماریاں

’’مرزا قادیانی کو اوپر نیچے کی دو بیماریاں لاحق تھیں۔ ایک اوپر کے دھڑ کی اور ایک نیچے کے دھڑ کی یعنی مراق اور کثرت بول۔‘‘ (رسالہ تشحیذ الاذہان قادیاں ج ۱ نمبر ۲ ص ۵ بابت ماہ جون ۱۹۰۶ء، ملفوظات ج ۸ ص ۴۴۵ طبع قدیم ملفوظات ج ۵ ص ۳۲، ۳۳ طبع جدید)

اسی مراقی دورے کے آغاز میں مرزا نے نبوت کا دعویٰ کیا ہم کو اس دعویٰ نبوت پر نہ حیرت ہے اور نہ کسی طرح کا استعجاب، بلکہ اگر مرزا دعویٰ نبوت نہ کرتے تو حیرت ہوتی اور پھر اطباء کے تجربات پر انگلی اٹھتی اور اس کی تاویلیں کرنی پڑتیں کہ مرزا نے مراق کے باوجود نبوت کا دعویٰ کیوں نہیں کیا؟ یہ دعویٰ بھی مرزا نے ٹھیک اس وقت کیا جب مرزا مراق میں مبتلا ہو چکے تھے۔ اس کا ثبوت مرزا نے اپنے الفاظ میں یوں فراہم کیا ہے: ’’اور یہ دونوں مرضیں اس زمانہ سے ہیں جس زمانہ سے میں نے اپنا دعویٰ مامور من اللہ ہونے کا شائع کیا۔‘‘

(اخبار ’’بدر‘‘ قادیان ج ۲ نمبر ۲۳ مؤرخہ ۷؍ جون ۱۹۰۶ء، حقیقت الوحی ص ۳۰۷ خزائن ج ۲۲ ص ۳۲۰)

مراقی کرشمے

مرزا قادیانی کا مراق صرف دعویٰ نبوت تک محدود نہیں رہا، اس کے نمونے زندگی کے ہر شعبے میں نظر آتے ہیں۔ ان نمونوں کو آپ بھی ملاحظہ فرمائیں اور خدارا بتائیں کہ یہ مراق اور خبط ہے یا نہیں؟ عام آدمیوں سے یہ حرکتیں صادر ہوں تو وہ دیوانے اور پاگل، مرزا

وہی حرکتیں کریں تو خبط و دیوانگی ہی نبوت کی علامتیں بن جائیں۔ مراقی نبوت کی شناخت دیوانگی ہی سے ہوتی ہے۔

ملاحظہ فرمایئے ایک نمونہ: ’’ایک دفعہ ایک شخص نے بوٹ تحفہ میں پیش کیا۔ آپ (مرزا قادیانی) نے اس کی خاطر سے پہن لیا مگر ان کے دائیں بائیں کی شناخت نہ کر سکتے تھے، دایاں پاؤں بائیں کی طرف کی بوٹ میں اور بایاں پاؤں دائیں طرف کی بوٹ میں پہن لیتے۔ آخر اس غلطی سے بچنے کے لئے ایک طرف کو بوٹ پر سیاہی سے نشان لگانا پڑا۔‘‘

(منکرین خلافت کا انجام مصنفہ جلال الدین قادیانی ص۹۶ ملخص، سیرت المہدی ج۱ ص۶۰ طبع جدید روایت نمبر۸۳)

یہ جو دائیں بائیں پاؤں کے جوتوں کے نہ پہچاننے کی بات کہی گئی ہے اس کا مشاہدہ دو سال کے بچوں میں ہوتا ہے یا پھر مراقیوں اور خبطیوں میں یا ہم مراقی نبوت کے خدوخال میں دیکھ رہے ہیں۔ یہ مراق صرف جوتوں تک محدود نہیں ہے۔ اس کا سلسلہ دراز ہے۔ ایک جراب کی بات بھی سن لیجئے: ’’بعض اوقات زیادہ سردی میں دو دو جرابیں اوپر تلے چڑھا لیتے، جراب اس طرح پہن لیتے کہ وہ پیر پر ٹھیک نہ چڑھتی، کبھی تو سرا آگے لٹکتا رہتا اور کبھی جراب کی ایڑی کی جگہ پیر کی پشت پر آ جاتی۔ کبھی ایک جراب سیدھی، دوسری الٹی۔‘‘ (سیرت المہدی ج اوّل حصہ دوم ص ۴۱۸، طبع جدید روایت نمبر ۴۴۷)

مراقی نبوت کا کمال

یہ ہے مراقی نبوت کا کمال؟ جس میں دائیں بائیں اور الٹے سیدھے کی خبر نہیں ہوتی۔ لیکن ان کو کیا کہئے جوان مالیخولیائی حرکتوں کے باوجود مرزا کو مسیح موعود کہتے ہیں۔ اولاد کے بارے میں مرزا کی نبوت تسلیم کرنے کی بات سمجھ میں آتی ہے کہ ان کو خوش حال مستقبل کا منظر اپنی طرف کھینچ رہا تھا۔ البتہ اغیار کی نظر اس مراق کی طرف کیوں نہ گئی؟ ایک جماعت وجود میں کیسے آئی؟ یہ بھی ایک دلچسپ داستان ہے، جس کا حاصل ہے دولت کی فراوانی، خوش حال زندگی کی کفالت جو مرزا قادیانی کی طرف سے ہوتی تھی۔ اس کا سلسلہ انگریز سرکار سے جڑا ہوا تھا۔ چنانچہ مرزا نے اپنی نبوت کو انگریزی حکومت کی ایجاد کردہ نبوت بتایا ہے اور

اسی کے حوالہ سے انگریزوں کی دہائی دیتے تھے، اس کا ثبوت پیش کر کے ہم پھر مرزا کے مراق اور مراقی نبوت کے آثار دکھائیں گے۔ تو دیکھئے خودکاشتہ پودا کا ثبوت۔

’’سرکار دولت مدار ایسے خاندان کی نسبت جس کو پچاس برس کے متواتر تجربہ سے ایک وفادار جاں نثار خاندان ثابت کر چکی ہے اور جس کی نسبت گورنمنٹ عالیہ کے معزز حکام نے ہمیشہ مستحکم رائے سے اپنی چٹھیات میں یہ گواہی دی ہے کہ وہ قدیم سے سرکار انگریزی کے پکے خیرخواہ اور خدمت گزار ہیں۔ اس کا خودکاشتہ پودا کی نسبت نہایت حزم اور احتیاط اور تحقیق اور توجہ سے کام لے اور اپنے ماتحت حکام کو اشارہ فرمائے کہ وہ بھی اس خاندان کی ثابت شدہ وفاداری اور اخلاص کا لحاظ رکھ کر مجھے اور میری جماعت کو ایک خاص عنایت اور مہربانی کی نظر سے دیکھیں۔ ہمارے خاندان نے سرکار انگریزی کی راہ میں اپنے خون بہانے اور جان دینے سے فرق نہیں کیا۔‘‘ (مجموعہ اشتہارات ج سوم ص۱۲۱)

لیجئے! مطلع صاف ہوگیا کہ مرزا کی نبوت مراقی بھی ہے اور انگریزی بھی، نبوت کے میدان میں انگریز سرکار نے کھڑا کیا اور اس خودکاشتہ پودے کی آب یاری پوری توجہ سے کرتی رہی اور جب ذرا بھی بے توجہی کا احساس ہوا تو مرزا نے توجہ دلائی کہ یہ نبوت تو سرکار ہی کی کاشتہ وداشتہ ہے۔ اسی کو کہا جاتا ہے کہ: ’’یک نہ شد دو شد‘‘ مراقی نبوت تو تھی ہی انگریزی بھی ہوگئی۔ انگریزوں کی سرپرستی حاصل نہ ہوتی تو رنگ چوکھا کیسے ہوتا؟

ہاں! مراقی نبوت کے کچھ آثار مزید ملاحظہ فرمایئے: ’’ایک دفعہ گھر میں ایک مرغی کے چوزہ کے ذبح کرنے کی ضرورت پیش آئی اور اس وقت گھر میں کوئی اور اس کام کو کرنے والا نہیں تھا۔ اس لئے حضرت (مرزا) صاحب اس چوزہ کو ہاتھ میں لے کر خود ذبح کرنے لگے مگر بجائے چوزہ کی گردن پر چھری پھیرنے کے غلطی سے اپنی انگلی کاٹ لی، جس سے بہت خون گیا اور آپ توبہ توبہ کرتے ہوئے چوزہ کو چھوڑ کر کھڑے ہوئے۔ پھر وہ چوزہ کسی اور نے ذبح کیا۔‘‘ (سیرت المہدی ج اوّل حصہ دوم ص ۲۸۵، طبع جدید روایت نمبر ۳۰۷)

انگلی کاٹ لی

مراق میں یہی ہوتا ہے اور کچھ کا کچھ دکھائی دیتا ہے۔ حالانکہ یہی مرزا قادیانی جب

مراقی نہیں تھے تو سرکنڈے سے چڑیا ذبح کر لیتے تھے: ’’والدہ صاحبہ فرماتی تھیں کہ حضرت (مرزا) صاحب فرماتے تھے کہ ہم بچپن میں چڑیاں پکڑا کرتے تھے اور چاقو نہ ہوتا تو تیز سرکنڈے سے ہی حلال کر لیتے۔‘‘ (سیرت المہدی ج اوّل حصہ اوّل ص۴۰ طبع جدید روایت نمبر۵۱)

کہاں تو یہ تیزیٔ طبع کہ سرکنڈے سے چڑیا حلال کرتے تھے اور کہاں اتنا زبردست مالیخولیا اور مراق کے الٹے سیدھے کی تمیز کھو بیٹھتے۔

ملاحظہ فرمایئے: ’’ایک دفعہ کوئی شخص آپ کے لئے گرگابی لے آیا۔ آپ نے پہن لی۔ اس کے الٹے سیدھے پاؤں کا آپ کو پتہ نہیں لگتا تھا۔ کئی دفعہ الٹی پہن لیتے تھے اور پھر تکلیف ہوتی تھی۔ بعض دفعہ آپ کا الٹا پاؤں پڑ جاتا تو تنگ ہو کر فرماتے ان (انگریز) کی کوئی چیز بھی اچھی نہیں ہے۔ والدہ صاحب نے فرمایا کہ میں نے آپ کی سہولت کے واسطے الٹے سیدھے پاؤں کی شناخت کے لئے نشان لگا دیئے تھے۔ مگر باوجود اس کے آپ الٹا سیدھا پہن لیتے تھے۔‘‘ (سیرت المہدی ج اوّل ص۶۰، طبع جدید روایت نمبر۸۳)

کوئی بتائے تو سہی کہ جو آدمی جوتے، گرگابی کے الٹے سیدھے کی تمیز نہ کر سکتا ہو، نہ پیروں کو محسوس ہوتا ہو نہ آنکھ سے سوجھائی دیتا ہو، کیا اس کی نبوت مراقی نہیں ہے؟ آخر مالیخولیائی نبوت کے لئے اور کیا کیا ثبوت درکار ہیں؟ مراق کی حد تو یہ ہے کہ مرزا قادیانی کو اپنے حاملہ ہونے کا یقین تھا۔

مرزا کو حمل ہو گیا

اس کی تفصیل اس قدر دلچسپ ہے کہ آپ بھی مرزا قادیانی کے مراق کو داد دیں گے اور اگر ان کے مالیخولیائی ہونے میں ذرا بھی تذبذب رہا ہو گا تو یقین میں بدل جائے گا۔ لیکن ہمت کر کے پڑھئے: ’’اسی طرح میری کتاب (اربعین نمبر۴ ص۱۹) میں بابو الٰہی بخش صاحب کی نسبت یہ الہام ہے یعنی بابو الٰہی بخش چاہتا ہے کہ تیرا حیض دیکھے یا کسی پلید اور ناپاکی پر اطلاع پائے۔ مگر خدا تعالیٰ تجھے اپنے انعامات دکھلائے گا جو متواتر ہوں گے اور تجھ میں حیض نہیں بلکہ وہ بچہ ہو گا۔ ایسا بچہ جو بہ منزلہ اطفال اللہ ہے۔‘‘

(تتمہ حقیقت الوحی ص۱۴۳، خزائن ج۲۲ ص۵۸۱)

دیکھا آپ نے کہ مرزا کے مراقی الہام میں جنس تبدیل ہوگئی، مرد سے عورت ہوئے اور بچہ کی ولادت کا انتظار ہونے لگا، لیکن عورتوں کے جو مخصوص حالات ہوتے ہیں، حیض آنا، مرد و زن کا جنسی اختلاط ہونا، استقرار کے بعد حیض بند ہو جانا، مرزا کو یہ حالات پیش نہیں آئے۔ نہ انہوں نے حیض دیکھا اور نہ ہی دردزہ کا لطف اٹھایا۔ پھر بھی بچہ ہوگیا۔ وہ کس طرح ہوا اور دایہ کون بنی اس کا کوئی ذکر مرزا نے نہیں کیا۔ البتہ بچہ ہوا وہ بھی ''خدا کے بچوں کے منزلہ میں'' العیاذ باللہ! ہاں! ایک بات رہ گئی کہ جنسی اختلاط کس سے ہوا تھا اور کیا آج تک کسی مرد کے بطن سے کسی بچہ کا تولد ہوا ہے۔ توالد وتناسل کی تاریخ میں ایسا کوئی اعجوبہ نظر نہیں آتا۔ اس کی بھی تفصیل کہیں نہیں ملی کہ مرزا قادیانی نے یورپین منچلوں کی طرح کسی اسپتال میں جنس تبدیل کرائی ہے۔ ان کی اہلیہ محترمہ نے بھی اس کو راز ہی رکھا۔ لیکن مرزا قادیانی جب امید سے ہوگئے تو انہوں نے خود ہی راز فاش کر دیا اور فرمایا: ''حضرت مسیح موعود نے ایک موقع پر اپنی حالت یہ ظاہر فرمائی ہے کہ کشف کی حالت آپ پر اس طرح طاری ہوئی کہ گویا آپ عورت ہیں اور اللہ تعالیٰ نے رجولیت کی قوت کا اظہار فرمایا۔ سمجھنے والے کے لئے اشارہ کافی ہے۔''

(ٹریکٹ نمبر ۳۴، اسلامی قربانی ص ۱۳، مصنفہ قاضی یار محمد قادیانی مطبوعہ الہند پریس امرتسر)

مشرکوں کے عقائد میں سے ایک عقیدہ یہ ہے کہ فرشتے خدا کی بیٹیاں ہیں۔ اسلام نے اس عقیدہ کی پرزور تردید کی ہے اور توالد وتناسل کی نسبت کو بدترین الزام قرار دیا ہے۔ لیکن مرزا قادیانی کا مراق اور مالیخولیا کہاں تک پہنچ گیا۔ اس کی تشریح کرتے ہوئے دل لرزتا اور قلم کانپتا ہے۔ یہ تو قادیانیوں کا ہی دل گردہ ہے جو یہ کہتے ہوئے ذرا بھی نہ شرمائے اور نہ بعد میں پچھتائے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی جناب میں کیسی بدترین گستاخی کر رہے ہیں۔ قاضی یار محمد قادیانی کا یہ جملہ کہ: ''اور اللہ تعالیٰ نے رجولیت کی قوت کا اظہار فرمایا۔ سمجھنے والے کے لئے اشارہ کافی ہے۔'' اس بدترین اور شرمناک الہام پر عقل وخرد سرنگوں اور شرافت دم بخود ہے۔ لیکن ابھی مزید ہمت کر کے مراقی نبوت کا دو ایک الہام اور پڑھ لیجئے اور دیکھئے کہ مراق کے کیسے کیسے رنگ ہوتے ہیں۔

ملاحظہ فرمائیے: ''مریم کی طرح عیسیٰ کی روح مجھ میں نفخ کی گئی اور استعارہ کے رنگ میں مجھے حاملہ ٹھہرایا گیا...... اور آخر کئی مہینے کے بعد جو دس مہینے سے زیادہ نہیں۔ بذریعہ اس الہام کے...... مجھے مریم سے عیسیٰ بنایا گیا۔ پس اس طور سے میں ابن مریم ٹھہرا۔''

(کشتی نوح ص ۴۷، خزائن ج۱۹ ص ۵۰)

حضرت مریم علیہا السلام عصمت مآب خاتون تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو ان کے بطن سے پیدا کیا۔ یعنی ولادت عورت سے ہوئی نہ کہ مرد نے بچہ جنا، یہ تو مرزا قادیانی ہی کا مراق ہے کہ پہلے عورت بنے اور وضع حمل ہوا تو مرد بن گئے۔ آخر مراق اسی کو تو کہتے ہیں۔ اسی مراق ہی کا تو ثبوت ہم پیش کرتے چلے آرہے ہیں اور اس پر حیرت کا اظہار بھی کہ مراقی نبوت کے پیروکاروں کو ہم کیا کہیں؟ اس کا فیصلہ ہم آپ پر چھوڑتے ہیں۔ جی چاہے ان کو بھی مراقی کہیں یا دولت کے دیوانے، سرپٹ بھاگے چلے جارہے ہیں کہ دولت ہی دین ہے۔ ورنہ مراق و مالیخولیا تو اتنا ظاہر ہے کہ تاویل کی بھی گنجائش نہیں۔

اس مضحکہ خیز غیر فطری الہام و مراق کے بعد ایسا خبط بھی نظر آتا ہے کہ جو دیوانوں اور خبطیوں میں عام ہے۔ چاک گریبانی تو دیوانگی کی علامت ہے ہی۔ مرزا قادیانی بھی چاک گریبان رہتے تھے۔

ملاحظہ فرمائیے: ''چونکہ حضور (مرزا قادیانی) کی توجہ دنیاوی امور کی طرف نہیں ہوا کرتی تھی۔ اس لئے آپ کی واسکٹ کے بٹن ہمیشہ اپنے چاکوں سے جدا ہی رہتے تھے اور اسی وجہ سے اکثر حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سے شکایت فرمایا کرتے تھے کہ ہمارے بٹن تو بہت جلدی ٹوٹ جایا کرتے ہیں۔'' (اخبار الحکم قادیان ج۳۸ نمبر۶، مؤرخہ ۲۱ فروری ۱۹۳۵ء)

الٹے سیدھے بٹن

آپ ہی بتائیں کہ الٹے سیدھے بٹن کون لگاتا ہے؟ جو بٹن جہاں چاہا لگا دیا۔ اس کی تمیز نہیں کہ بٹن اور کاج میں موافقت ہے یا نہیں؟ ہم نے تو یہ حال سڑکوں پر چلتے پھرتے دیوانوں کا دیکھا ہے۔ لیکن وہ تو پاگل ہیں ہی۔ لیکن مرزا قادیانی کو آپ کس خانہ میں رکھیں گے؟ خیر آگے بڑھئے اور مراق کی یہ شکل بھی دیکھ لیجئے۔

’’شیخ رحمت اللہ صاحب یا دیگر احباب اچھے اچھے کپڑے کے کوٹ بنوا کر لایا کرتے تھے۔ حضور کبھی تیل سر مبارک میں لگاتے تو تیل والا ہاتھ سر مبارک اور داڑھی مبارک سے ہوتا ہوا بعض اوقات سینہ تک چلا جاتا جس سے قیمتی کوٹ پر دھبے پڑ جاتے۔‘‘ (حوالہ بالا)

مرزا قادیانی کا مراق جب ایک ثابت شدہ حقیقت ہے تو اس طرح کی حرکتیں ناگزیر ہیں۔ مراقی آدمی کو کیا خبر کہ وہ کیا کر رہا ہے۔ لیکن ہندوستانی مسلمانوں کی عقیدت بھی اعجوبہ سے کم نہیں ہے۔ کوئی دیوانہ ننگ دھڑنگ ہے تو وہ ’’برہنہ پیر‘‘ ہوگیا۔ مرد تو مرد عورتیں بھی ان دیوانوں سے عقیدت کا اظہار کرتی ہیں۔ ان کو خدارسیدہ سمجھ کر اپنی حاجتیں پیش کرتی ہیں۔ اس طرح کے برہنہ لوگوں کے سامنے عقیدت مندانہ حاضری کا منظر کئی مقامات پر سامنے آیا۔ کان پور میں دیکھا کہ ایک بھاری بھرکم آدمی مادر زاد برہنہ سڑک کے کنارے بیٹھا ہے۔ عقیدت مندوں کا ہجوم ہے۔ کوئی اشیاء خوردونوش پیش کر رہا ہے تو کوئی اپنی حاجتیں بیان کر رہا ہے۔ کسی کسی کو بوسہ لیتے اور سر پر ہاتھ رکھواتے بھی دیکھا۔ اس میں قصور اس برہنہ دیوانے کا کچھ بھی نہیں وہ تو مرفوع القلم ہے ہی۔ یہ جو عقیدت مند پروانے نثار ہو رہے تھے ان کو کیا کہئے؟ اسی طرح مرزا قادیانی جو مراقی اور مالیخولیائی تھے، اس کے عقیدت مندوں اور مراقی نبوت کو خدائی نبوت ماننے والوں کو کیا کہا جائے؟ اسی کا نام ہے اندھی عقیدت۔ بھلا جس شخص نے مرد ہوکر زنانہ لباس پہنا ہو اور اس کو پسند بھی کیا ہو۔ ایسے شخص کو مراق نہیں تو کیا ہے؟ غرارہ، مرزا قادیانی کا پسندیدہ لباس تھا۔ ہوسکتا ہے کہ غرارہ زمانہ حمل میں پہنا ہو اور وضع حمل کے بعد جب انہوں نے خود کو مرد سمجھا ہو تو غرارہ پہننا چھوڑ دیا ہو۔

اس کی تفصیل ان کے صاحبزادے کے الفاظ میں پڑھئے: ’’بیان کیا مجھ سے حضرت والدہ صاحبہ نے کہ حضرت مسیح موعود اوائل میں غرارے استعمال فرمایا کرتے تھے۔ پھر میں نے کہہ کر وہ ترک کروا دیئے۔ اس کے بعد آپ معمولی پاجامے استعمال کرنے لگ گئے۔ خاکسار عرض کرتا ہے کہ غرارہ بہت کھلے پائینچے کے پائجامہ کو کہتے ہیں۔ (پہلے اس کا ہندوستان میں بہت رواج تھا اب بہت کم ہوگیا ہے)‘‘

(سیرت المہدی ج اوّل حصہ اوّل ص ۵۹، ۶۰، طبع جدید روایت نمبر ۸۲)

مرزا نے غرارہ پہنا

دیکھا آپ نے غرارہ میں ملبوس مرزا قادیانی کو؟ افسوس اس کا ہے کہ لائق فرزند

نے غرارہ کے رنگ کی کوئی تفصیل نہیں بتائی اور نہ ہی مرزا کی اہلیہ محترمہ نے اس طرف توجہ کی البتہ غرارہ ترک کروا دیا۔ یعنی مرزا کو غرارہ پسند تھا اور بیوی نے ضد نہ کی ہوتی تو غرارہ نہ جانے کب تک پہنتے؟ اللہ جانے مرزا کی بیوی غرارہ پہنتی تھیں یا نہیں؟ اندازہ تو یہی ہے کہ مرزا قادیانی میں غرارہ کا شوق بیوی کا غرارہ دیکھ کر ہوا ہوگا اور ''ٹانک وائن'' کا لطف بھی اسی وقت آیا ہوگا۔ ''ٹانک وائن'' ایک ولایتی شراب کا نام تھا، یہ شراب لاہور ہائی کورٹ کے سامنے ایک دکان پر دستیاب تھی۔ مرزا نے اس شراب کی فرمائش اپنے دوست سے ان الفاظ میں کی ہے:

مجی اخویم حکیم محمد حسن صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ، السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہ!

اس وقت میاں یار محمد بھیجا جاتا ہے۔ آپ اشیاء خوردنی خود خرید یں اور ایک بوتل ''ٹانک وائن'' کی پلومر کی دکان سے خرید دیں۔ مگر ٹانک وائن چاہئے اس کا لحاظ رہے۔ باقی خیریت ہے۔ والسلام مرزا غلام احمد عفی عنہ

(خطوط امام بنام غلام ص ۵، از حکیم محمد حسین قریشی قادیانی)

مرزا کی شراب نوشی

مراقی نبوت کے لئے شراب ضروری رہی ہوگی وہ بھی ولایتی تاکہ مراق میں اضافہ ہوجائے اور شراب کے نشہ میں چودہ طبق روشن ہوجائیں۔ غالباً اسی مستی میں مراق سے بدحواس کاج الٹے سیدھے لگا لیتے تھے۔

ملاحظہ فرمائیے یہ روداد: ''بارہا دیکھا کہ بٹن اپنا کاج چھوڑ کر دوسرے ہی میں لگے ہوئے ہوتے تھے۔ بلکہ صدری کے بٹن کوٹ کے کاجوں میں لگائے ہوئے دیکھے گئے۔''

(سیرت المہدی ج دوم حصہ اوّل ص ۱۴۷، طبع جدید روایت نمبر ۴۴۷)

غالباً شراب کا نشہ جب زیادہ تیز ہوجاتا تھا تو بحر عشق ومحبت میں ڈوب کر عشقیہ اشعار کہتے تھے اور کیا کچھ کرتے ہوں گے، سیرت نگار نے کچھ اشارہ نہیں کیا۔ ورنہ شراب کے لوازم میں عورت بھی ہے۔ البتہ اس کی وضاحتیں تو جگہ جگہ ملتی ہیں کہ مرزا قادیانی نامحرم عورتوں سے تنہائی میں خدمت لیا کرتے تھے۔ لیکن یہ تفصیل ذرا دیر میں۔ پہلے عشقیہ اشعار کی داد دیجئے:

عشقیہ اشعار

عشق کا روگ ہے کیا پوچھتے ہو اس کی دوا — ایسے بیمار کا مرنا ہی دوا ہوتا ہے
کچھ مزا پایا میرے دل، ابھی کچھ پاؤ گے — تم بھی کہتے تھے کہ الفت میں مزا ہوتا ہے
ہائے کیوں ہجر کے الم میں پڑے — مفت بیٹھے بٹھائے غم میں پڑے
اس کے جانے سے صبر دل سے گیا — ہوش بھی ورطۂ عدم میں پڑے
سبب کوئی خداوند بنا دے — کسی صورت سے وہ صورت دکھا دے
کرم فرما کے آ او میرے جانی — بہت روئے ہیں اب ہم کو ہنسا دے
کبھی نکلے گا آخر تنگ ہوکر — دلا ایک بار شور وغل مچا دے
نہ سر کی ہوش ہے تم کو نہ پا کی — سمجھ ایسی ہوئی قدرت خدا کی
مرے بت اب سے پردہ میں رہو تم — کہ کافر ہوگئی خلقت خدا کی
نہیں منظور تھی گر تم کو الفت — تو یہ مجھ کو بھی جتلایا تو ہوتا
مری دل سوزیوں سے بے خبر ہو — مرا کچھ بھید بھی پایا تو ہوتا
دل اپنا اس کو دوں یا ہوش یا جاں — کوئی اک حکم فرمایا تو ہوتا

(سیرت المہدی ج اوّل حصہ اوّل ص۲۱۳،۲۱۴ طبع جدید روایت نمبر۲۲۸)

یہ ہیں مراقی نبی کے عاشقانہ اشعار جو ٹانک وائن کی مستی میں کہے گئے ہیں۔ شاعری اور نبوت وہ بھی عشق و مستی میں ڈوبی ہوئی۔ صرف مراقی نبوت ہی سہار سکتی ہے۔ نہ جانے کتنی محمدی بیگم مراق و مالیخولیا کے دوروں میں آتی رہی ہوں گی؟ اور افیون کے نشہ میں مرزا اپنے ہی گلے میں باہیں ڈال کر چومتے رہے ہوں گے۔ آپ چونکیں نہیں اور نہ حیرت میں پڑیں۔ مرزا قادیانی بچپن ہی سے افیون کے عادی تھے اور اسی کو اپنی بیماریوں کا علاج باور کراتے تھے۔ افیون سے مراقی نبوت میں بھی مدد ملتی رہی ہوگی۔ افیون کی پنک میں افیونیوں کی حرکتیں بھی خاصی دلچسپ اور مضحکہ خیز ہوتی ہیں۔ ایک افیونی بیت الخلاء گیا۔ لوٹا ٹپکتا تھا۔ جب تک یہ ضرورت سے فارغ ہوا تو لوٹا بھی خالی ہوچکا تھا۔ یہ پنک میں بیت الخلاء سے یہ کہتا ہوا باہر آ گیا کہ کم بخت لوٹے کو بھی میرے ساتھ فراغت کی ضرورت پیش آ گئی۔ آئندہ پہلے ہی آبدست لے لوں گا پھر قضائے حاجت۔

مرزاافیون کھاتے تھے

بہرحال افیون اورمراق کے کرشمے کچھ بھی ہوں، مرزا قادیانی مراقی بھی تھے اور افیونی بھی، حرکتیں تو آپ دیکھ ہی رہے ہیں۔ ابھی بہت کچھ دیکھیں گے۔ لیکن پہلے افیون کا ثبوت ملاحظہ فرمالیجئے۔ خیر سے مرزا قادیانی کے استاذ بھی افیونی تھے تو پہلے استاذ ہی کو دیکھ لیں: ’’آپ فرمایا کرتے تھے میرا ایک استاذ تھا جو افیم کھایا کرتا تھا اور حقہ لے کر بیٹھا رہتا تھا۔ کئی دفعہ پینگ میں اس سے اس کے حقہ کی چلم ٹوٹی تھی۔‘‘

(میاں محمود احمد خلیفہ قادیان کا ارشاد مندرجہ اخبار الفضل قادیان ج۱۶ نمبر۱۳ص۸ مؤرخہ ۵؍فروری ۱۹۲۹ء)

شاگرد پر استاذ کا تھوڑا بہت اثر تو پڑتا ہی ہے۔ مرزا قادیانی نے اپنے افیونی استاذ کا اثر قبول کیا اور افیون کھانے کی ترکیبیں بھی نکال لیں۔ پھر کیا تھا خود افیونی بنے اور اپنے یاران میکدہ کو بھی اس کا عادی بنایا۔ افیون کے فوائد بتائے۔ یہاں تک کہ افیون کو نصف مطب کہنے میں بھی دریغ نہ کیا اور بلاتکلف افیون کو جائز ٹھہرالیا، اسی پر کیوں سرکھپایئے، شراب کا بیان تو ابھی گزرا ہے۔ البتہ ابھی شراب کا لازمہ زن پردہ میں ہے۔ یہ پردہ بھی ذرا دیر میں ہٹ جائے گا۔

پہلے مرزا کی افیم: ’’افیون دواؤں میں اس کثرت سے استعمال ہوتی ہے کہ حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) فرمایا کرتے تھے کہ بعض اطباء کے نزدیک وہ نصف مطب ہے۔ بس دواؤں کے ساتھ افیون کا استعمال بطور دوا نہ کہ بطور نشہ کسی رنگ میں بھی قابل اعتراض نہیں، ہم میں سے ہر ایک شخص نے علم کے ساتھ یا بغیر علم کے ضرور کسی نہ کسی وقت افیون استعمال کیا ہوگا۔‘‘

یعنی دوا کا بہانہ بنا کر افیون کو ہر رنگ میں استعمال کرنے کی کھلی چھوٹ ہے۔ چنانچہ مرزانے بیماری کی آڑلی اوراپنے رفیق خاص کو بھی اس بینک میں شریک بنالیا۔

ملاحظہ فرمایئے: ’’حضرت مسیح موعود نے تریاق الٰہی دوا خداتعالیٰ کی ہدایت کے ماتحت بنائی اور اس کا ایک بڑا جزو افیون تھا اور یہ دوا کسی قدر اور افیون کی زیادتی کے بعد حضرت خلیفۂ اوّل (حکیم نورالدین) کو حضور (مرزا قادیانی) چھ ماہ سے زائد تک دیتے رہے اور خود بھی وقتاً فوقتاً مختلف امراض کے دوروں کے وقت استعمال کرتے رہے۔‘‘

(مضمون میاں محمود احمد خلیفہ قادیان مندرجہ اخبار الفضل ج۱۷ نمبر۶ص۲، مؤرخہ ۱۹؍جولائی ۱۹۲۹ء)

مرزا قادیانی کو افیون کھانے کے لئے بیماری کا سہارا کیوں لینا پڑا؟ اس کے دو ہی اسباب ہو سکتے ہیں اور اتفاق سے دونوں ہی اسباب افیم کے لئے موجود۔ پہلی وجہ تو یہی کہ افیون کھانے کی لت بچپن سے ہی پڑی ہوئی۔ گویا گھٹی میں پڑی عاشقی و برہمنی ہے اور دوسری وجہ یہ کہ افیون خوری بدنامی کا سبب نہ بن جائے۔ اس لئے بیماری کا بہانہ وضع کرنا پڑا، ذرا بچپن والی لت ملاحظہ فرمائیے: ''مجھے بچپن میں بیماری کی وجہ سے افیون دیتے تھے، چھ ماہ متواتر دیتے رہے۔'' (منہاج الطالبین ص ۴۷، مصنفہ مرزا محمود احمد پسر مرزا قادیانی)

سچ کہا جس نے بھی کہا: ''چھٹتی نہیں ہے منہ سے یہ کافر لگی ہوئی'' میں نے اوپر کہا تھا کہ مرزا قادیانی اس میکدہ میں تنہا نہیں تھے اپنے یاروں کے ساتھ تھے۔ حکیم نورالدین کا ذکر تو آچکا ہے۔ لیجئے! مراقی نبوت کے ایک علمبردار خواجہ کمال الدین بھی اس افیونی جماعت کے ایک رکن تھے۔

ملاحظہ فرمائیے: ''۲۸ر جون بروز جمعہ صبح کے وقت حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ مجھے ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب اور میاں ناصر احمد صاحب کو ساتھ لے کر خواجہ (کمال الدین) صاحب کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے۔

خواجہ صاحب نے اپنا قصہ سنانا شروع کیا جو علاج کراتے ہیں اور جو عارضے رہے ہیں۔ سب کا ذکر ہوتا رہا۔ خواجہ صاحب افیون بھی آج کل کھاتے ہیں۔ ایک رتی سے شروع کی تھی۔ ابھی یہ خیال ہے کہ چھ ماہ اور کھائیں تاکہ اعصاب مضبوط ہو جائیں۔''

(ڈائری میاں محمود احمد نوشتہ عبدالرحیم درد قادیانی مندرجہ اخبار ''الفضل'' مؤرخہ ۵ر جولائی ۱۹۲۹ء نمبر۲ ج۱۷)

افیون سے مراق بڑھا

افیون تیز نشہ آور چیز ہے۔ اس کی معمولی مقدار بھی مدہوش کر دیتی ہے۔ بے خبر ہو جانا، اول فول بکنا ہر نشہ آور چیز کا خاصا ہے۔ میکدوں میں لڑنا جھگڑنا راستوں میں لڑکھڑانا، مستی میں مار پیٹ کرنا عام بات ہے۔ اگر یہ سب کچھ نہ ہو تو پھر میکدہ ہی کیا؟ لیکن یہ افیونی بزعم خود تقدس کا جامہ پہن کر عوام کو فریب دیتے تھے اس لئے افیون کھانے میں محتاط تھے۔ گھر پر تنہا کھاتے ہوں گے، اجتماعی شکل میں کھاتے تو میکدہ کا منظر کہیں نہ کہیں سے دکھائی دیتا۔ اس افیون خوری کے نتیجے میں مرزا قادیانی کا حافظہ خراب ہوا اور مراق بھی بڑھا۔

اس کا شکوہ خود مرزا کے الفاظ میں پڑھیئے: ’’تاہم آج کل کی مصروفیت کا یہ حال ہے کہ رات کو مکان دروازے بند کر کے بڑی بڑی رات تک بیٹھا اس کام کو کرتا رہتا ہوں۔ حالانکہ زیادہ جاگنے سے مراق کی بیماری ترقی کرتی ہے اور دوران سر کا دورہ زیادہ ہو جاتا ہے۔ تاہم میں اس بات کی پروانہیں کرتا اور کام کو کئے جاتا ہوں۔‘‘

(ارشاد مرزا قادیانی مندرجہ اخبار ’’الحکم‘‘ قادیان ج ۵ نمبر ۴۰ مؤرخہ ۳۱ ؍اکتوبر ۱۹۰۱ء، ملفوظات ص ۳۷۶)

کریلا اور نیم چڑھا، مراق تو تنہا ہی جگانے کے لئے کافی ہے۔ اس پر مستزاد افیون، اس کی پینک میں تو جاگنا ہی جاگنا ہے۔ پھر اس کے نشہ میں کام کرنے سے بیماری ترقی کر جائے یا دوران سر زیادہ ہو جائے اس کی پروا کیا ہو سکتی ہے۔ چنانچہ مرزا بڑی رات تک ’’اس کام‘‘ میں جٹے رہتے تھے۔ وہ کام کیا تھا وہ تو مرزا ہی جانیں۔ کسی کو کیا پڑی ہے کہ شراب اور افیون کے نشہ میں کیا کرتے تھے؟ ہاں! ان کے استعمال کا اثر ہو یا دیگر مقوی ادویہ کی گرمی کا اثر ہو کہ مرزا کو دست کثرت سے آتے تھے۔ اس کا انہیں بہت رنج تھا۔

خود لکھتے ہیں: ’’مجھے اسہال کی بیماری ہے اور ہر روز کئی دست آتے ہیں۔ مگر جس وقت پاخانہ جانے کی حاجت ہوتی ہے تو مجھے رنج ہی ہوتا ہے کہ ابھی کیوں حاجت ہوئی۔ ایسا ہی روٹی کے لئے جب کئی مرتبہ کہتے ہیں تو بڑا جبر کر کے جلد جلد چند لقمے کھا لیتا ہوں۔ بظاہر تو میں روٹی کھاتا ہوا دکھائی دیتا ہوں مگر سچ کہتا ہوں کہ مجھے پتہ نہیں ہوتا کہ وہ کہاں جاتی ہے اور کیا کھاتا ہوں۔ میری توجہ اور خیال اسی طرف لگا ہوا ہوتا ہے۔‘‘

(ارشا مرزا قادیانی مندرجہ اخبار ’’الحکم‘‘ ج ۵ نمبر ۴۰ منقول از کتاب منظور الٰہی ص ۳۴۹، ملفوظات ج ۲ ص ۳۷۶، ۳۷۷)

بجا فرمایا مرزا قادیانی نے کہ ’’مجھے پتہ نہیں ہوتا‘‘ نشہ میں کس کے حواس درست رہتے ہیں؟ کیا کہا، کیا سنا، کس سے الجھے، کہاں گرے، کیا کھایا، کتنا کھایا، لیکن بسیار خوری کا نتیجہ تو سامنے آئے گا۔ خواہ اسہال کی صورت میں خواہ استفراغ کی شکل میں، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مرزا قادیانی کچھ زیادہ ہی کھا لیتے تھے اور بار بار پاخانے سے ان کو رنج بھی ہوتا تھا لیکن افیون اور شراب سے پرہیز کیوں کر ہو سکتا تھا؟

روغن بادام اور مشک وعنبر

مرزا قادیانی نیچے اوپر کی بیماریوں سے ہمیشہ پریشان رہے اور حتی المقدور مداوا

بھی کرتے رہے، مشک وغیرہ کا استعمال برابر جاری رہا۔ کھانے میں بھی احتیاط برتتے تھے، تیتر، فاختہ، مرغ، بٹیرا اور عمدہ کھانے مرغوب تھے۔ مشک وغیرہ کے بغیر تو جینا دوبھر تھا، میوہ جات تحفے میں آجاتے اور منگائے بھی جاتے تھے وہ بھی خاصی مقدار میں۔

ملاحظہ فرمایئے: ''ایسی حالت میں روغن بادام سر اور پیروں کی ہتھیلیوں پر ملنا اور پینا فائدہ مند محسوس ہوتا ہے۔ اس لئے مولوی یار محمد صاحب کو بھیجتا ہوں کہ آپ خالص تلاش سے ایسا روغن بادام کہ جو تازہ ہو اور کہنہ نہ ہو اور نیز اس کے ساتھ کوئی ملونی نہ ہو ایک بوتل خرید کر بھیج دیں۔ پانچ روپیہ قیمت اس کی ارسال کی ہے۔''

(خطوط امام بنام غلام ص ۵، از حکیم محمد حسین قریشی قادیانی)

اب ذرا مشک وغیرہ کی روداد بھی سن لیجئے۔ پھر ذرائع آمدنی کی تصویر دیکھ لیجئے گا۔ ''پہلی مشک ختم ہوچکی ہے۔ اس لئے پچاس روپے منی آرڈر آپ کی خدمت میں ارسال ہیں آپ دو تولہ مشک خالص دو شیشیوں میں علیحدہ علیحدہ یعنی تولہ تولہ ارسال فرمائیں۔''

(خطوط امام بنام غلام ص ۲، ۳)

مشک کا بکثرت استعمال بھی مراق کا ایک عنوان ہے، متعدد خطوط میں مشک بھیجنے کی فرمائش کی گئی ہے، اسی کے ساتھ دیگر مفرح ادویہ بھی مرزا قادیانی کھاتے رہے۔ حکیم محمد حسین قریشی قادیانی نے مفرح عنبری تیار کیا اور اس کا اشتہار ان الفاظ میں شائع کیا: ''یاقوت، مروارید، مرجان، یشب، کہریا، کستوری، زعفران وغیرہ کا ہر دلعزیز مرکب مفرح عنبری بڑی محنت سے تیار ہوگیا ہے۔ قیمت ایک ڈبیہ (۵ روپے)''

(اشتہار مندرجہ سرورق ص ۲، خطوط امام بنام غلام)

یہی حکیم محمد حسین قریشی قادیانی بہت فخر ومباہات سے اطلاع دیتے ہیں کہ: ''حضور اس ناچیز کی تیار کردہ مفرح عنبری کا بھی استعمال فرماتے تھے۔ حضور کو چونکہ دورہ مرض کے وقت اکثر مشک و دیگر مقوی دل ادویات کی ضرورت رہتی تھی وہ اکثر میری معرفت جایا کرتی تھیں۔''

بے چارہ مرزا بھی کتنا سخت جان تھا۔ اسہال، دوران سر، ذیابیطس ضعف قلب اور نامردی میں مبتلا، ادھر عشق کا زور، کس کس پر قابو پائے؟ الہامی دوائیں بھی بے اثر، مرزا کا

الہام بھی کتنا کمزور تھا کہ الہام پر انہیں خود یقین نہیں تھا، ان کو الہام میں دو زرد چادریں عطاء ہوئی تھیں کہ یہ دو بیماریاں ہیں اوپر نیچے کی اور یہ جانے والی نہیں ہیں۔ مرزا کو اگر اپنے الہام پر یقین ہوتا تو دواؤں کے پیچھے کیوں پڑے رہتے۔ آخر اس کو مراق نہ کہا جائے تو کیا کہا جائے اور مرزا کی نبوت کو مراقی نبوت نہ کہئے تو کیا کہئے۔ زرد چادروں کا ذکر پہلے مع حوالہ آچکا ہے۔ اس لئے دہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہاں! نیچے کی بیماریوں میں نامردی کا ذکر ابھی باقی ہے، وہ بھی سن لیجئے۔ مرزا قادیانی نے اپنے دست راست حکیم نورالدین کو لکھا:

مرزا کی نامردی

’’بخدمت اخویم مخدوم ومکرم مولوی حکیم نورالدین صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ!

جس قدر ضعف دماغ کے عارضہ میں یہ عاجز مبتلا ہے۔ مجھے یقین نہیں کہ آپ کو ایسا ہی عارضہ ہو۔ جب میں نے نئی شادی کی تھی تو مدت تک مجھے یقین رہا کہ میں نامرد ہوں، آخر میں نے صبر کیا اور اللہ تعالیٰ سے پرامید اور دعا کرتا رہا۔ سو اللہ جل شانہ نے اس دعا کو قبول فرمایا اور ضعف قلب تو اب بھی مجھے اس قدر ہے کہ میں ’’بیان نہیں کرسکتا۔‘‘

خاکسار غلام احمد قادیان ۲۲؍فروری ۱۸۸۷ء

(مکتوبات احمد ج۲ ص۷۲ مکتوب نمبر۱۵ طبع جدید)

مرزا قادیانی مراقی نہ ہوتے تو شادی نہ کرتے، کیونکہ انہیں اپنی نامردی نہیں نامرد ہونے کا یقین تھا۔ مراقی آدمی ہی ایسی جرأت کرسکتا ہے کہ نامرد ہونے کے باوجود شادی کرلے، یہی نہیں بلکہ شادی کے بعد ایک مدت تک نامرد ہونے کا یقین رہا۔ بات چونکہ نجی اور تجربہ سے متعلق ہے، اس لئے اس میں کسی طرح کے شک وشبہ اور تاویل کی گنجائش نہیں ہے۔ ہاں! یہ سوال ضرور پیدا ہوتا ہے کہ ایک مدت تک نامردی کے باوجود شادی کے بعد جلد ہی اولاد کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ اندرون خانہ جھانکنے کا کسی کو کیا حق ہے۔ اولاد ان کے گھر میں ہوئی تو ان کی ہے۔ اس نئی شادی سے گھبراہٹ کا اظہار اور بھی تحریروں میں ملتا ہے۔

ملاحظہ فرمائیے: ’’ایک ابتلاء مجھ کو اس (دہلی کی) شادی کے وقت یہ پیش آیا کہ بباعث اس کے کہ میرا دل اور دماغ کمزور تھا اور میں بہت سے امراض کا نشانہ رہ چکا تھا اور وہ مرضیں یعنی ذیابیطس اور دردسر مع دوران سر قدیم سے میرے شامل حال تھیں۔ جن کے ساتھ

بعض اوقات تشنج قلب بھی تھا۔ اس لئے میری حالت مردمی کالعدم تھی اور پیرانہ سالی کے رنگ میں میری زندگی تھی۔'' (تریاق القلوب ص ۳۵، خزائن ج ۱۵ ص ۲۰۳)

پچاس مردوں کی طاقت

اس کے بعد مرزا نے الہامی دوا تیار کی اور اپنے نامرد دوست حکیم نورالدین کو بھی یہ دوا کھلائی۔ مرزا تو اس دوا سے نامرد سے مرد ہوگئے، لیکن حکیم جی کو یہ دوا راس نہ آئی اور وہ نامرد ہی رہے۔ یہ بھی لطف کی بات ہے کہ مرزا کو اس دوا سے پچاس مردوں کی طاقت مل گئی۔

چنانچہ فرماتے ہیں: ''میں اس زمانہ میں اپنی کمزوری کی وجہ سے ایک بچہ کی طرح تھا اور پھر اپنے تئیں خداداد طاقت میں پچاس مرد کے قائم مقام دیکھا۔''

(تریاق القلوب ص ۳۶، خزائن ج ۱۵ ص ۲۰۴)

پچاس مردوں کی طاقت والے کے پاس بیوی صرف ایک تھی، پریشان رہتے تھے اور جب بیوی امید سے ہوتی تھی تو دوا کا استعمال روک دیتے تھے۔

''دوا ختم ہو چکی ہے اور میں نے زیادہ زیادہ کھالی ہے۔ اس لئے ارادہ ہے کہ اگر خداتعالیٰ چاہے تو دوبارہ تیار کی جائے۔ لیکن چونکہ گھر میں امید ہونے کا کچھ گمان ہے جس کا میں نے ذکر بھی کیا تھا۔ ابھی تک وہ گمان پختہ ہوتا جاتا ہے۔ خداتعالیٰ اس کو درست کرے۔ اس جہت سے جلد تیار کرنے کی چنداں ضرورت میں نہیں دیکھتا۔''

خاکسار غلام احمد از قادیان، مؤرخہ ۱۹؍فروری ۱۸۸۷ء

(مکتوبات احمد ج ۲ ص ۲۰، مکتوبات نمبر ۱۰ طبع جدید)

عجیب الہامی دوا تھی کہ پچاس مردوں کی طاقت دوا کے استعمال تک باقی رہتی تھی اور دوا ختم ہوئی، پچاس کون کہے ایک کی بھی نہیں رہ جاتی تھی۔ پھر یہ کہ ایک بیوی کے لئے اتنی طاقت ور دوا کی ضرورت ہی کیا ہے؟ کہیں اس کی گرمی سے مراق بڑھتا تو نہیں تھا؟ تیز گرم دوائیں خفقان اور مراق میں اضافہ کرتی ہیں۔ مرزا کو مراق کی ضرورت بیش از بیش تھی۔ ورنہ مراقی نبوت کے بال وپر کمزور ہوجاتے اور الہامات کی رفتار بھی سست پڑ جاتی۔ لیکن ذرا ٹھہریئے اور دیکھئے کہ مرزا کے خدام کی فہرست میں عورتیں تو نہیں ہیں؟ اگر ہیں تو ان کی خدمات کیا ہیں؟ پہلے خدمت گار عورتوں کا ثبوت۔

’’اس بات کو اندرون خانہ کی خدمت گار عورتیں جو عوام الناس سے ہیں اور فطری سادگی اور انسانی جامہ کے سواء کوئی تکلف اور تصنع زیرکی اور استنباطی قوت نہیں رکھتیں بہت عمدہ طرح محسوس کرتی ہیں۔‘‘ (سیرت المہدی ج اوّل حصہ اوّل ص ۲۵۸، روایت نمبر ۲۸۹ طبع جدید)

خدمت گار عورتیں

خدمت گار عورتوں کی تعداد تو ابن غلام احمد نے نہیں بتائی۔ البتہ جمع کا استعمال کثرت کے لئے کافی ہے کہ بہت عورتیں خدمت گار تھیں اور وہ بھی عام عورتیں جو غربت وافلاس کی ماری اپنا اور بچوں کا پیٹ بھرنے کے لئے اندرون خانہ کام کیا کرتی ہیں۔ وہ مالکوں کی ہوس کا شکار بھی ہو جاتی ہیں۔ شاید باید ایسا کوئی گھر ملے جو اس گناہ میں لت پت نہ ہو، زمینداروں، جاگیرداروں کو یوں بھی ’’داشتائیں‘‘ رکھنے کا شوق تھا، تعداد حیثیت کے مطابق ہوتی تھی، اپنے پاس پڑوس کے عمر رسیدہ لوگوں سے یہ داستان آج بھی سنی جاسکتی ہے۔ زمینداری اور جاگیرداری کے ساتھ اگر ’’تقدس‘‘ کا ڈھونگ بھی ہے تو گھر کی غریب خادماؤں تک یہ ہوس محدود نہیں رہتی، شریف زادیاں بھی آسانی سے شکار ہو جاتی ہیں۔ اس کا ایک منظر یہ بھی ہے۔

’’ڈاکٹر سید عبدالستار شاہ صاحب نے مجھ سے بذریعہ تحریر بیان کیا کہ مجھ سے میری لڑکی زینب بیگم نے بیان کیا کہ میں تین ماہ کے قریب حضرت اقدس (مرزا قادیانی) کی خدمت میں رہی ہوں، گرمیوں میں پنکھا وغیرہ اور اسی طرح کی خدمت کرتی تھی۔ بسا اوقات ایسا ہوتا کہ نصف رات یا اس سے بھی زیادہ مجھ کو پنکھا ہلاتے گزر جاتی تھی۔ مجھ کو اس اثناء میں کسی قسم کی تھکان و تکلیف محسوس نہیں ہوتی تھی بلکہ خوشی سے دل بھر جاتا تھا، دو دفعہ ایسا موقعہ آیا کہ عشاء کی نماز سے لے کر صبح کی اذان تک مجھے ساری رات خدمت کرنے کا موقعہ ملا۔ پھر بھی اس حالت میں مجھ کو نہ نیند نہ غنودگی اور نہ تھکان معلوم ہوئی بلکہ خوشی اور سرور پیدا ہوتا تھا۔ اسی طرح جب مبارک احمد صاحب بیمار ہوئے تو مجھے ان کی خدمت کے لئے بھی کئی راتیں گزارنی پڑیں تو حضور نے فرمایا کہ زینب اس قدر خدمت کرتی ہے کہ ہمیں اس سے شرمندہ ہونا پڑتا ہے اور آپ کئی دفعہ اپنا تبرک مجھے دیا کرتے تھے۔‘‘

(سیرت المہدی ج اوّل حصہ سوم ص ۷۸۹، روایت نمبر ۹۱۰ طبع جدید)

کئی زینب

ایک ہی زینب کیا اور نہ جانے کتنی زینب ہوں گی، جنہوں نے مرزا کی خدمت رات بھر جاگ کر کی ہوگی اور مرزا کے ’’تبرکات‘‘ حاصل کئے ہوں گے، سرور تو تبرک ہی نے پیدا کیا ہوگا۔ اللہ جانے تبرک نے اپنے اثر ڈالا یا کیا سبب بنا کر زینب پر بھی مراق کے دورے پڑے لگے۔

زینب کے والد کا تحریری بیان ہے کہ: ’’ڈاکٹر عبدالستار شاہ صاحب نے بذریعہ تحریر مجھ سے بیان کیا کہ میری لڑکی زینب بیگم نے مجھ سے بیان کیا کہ ایک دفعہ جب حضور (مرزا قادیانی) سیالکوٹ تشریف لے گئے تو میں رعیہ سے ان کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ ان ایام میں مجھے مراق کا سخت دورہ تھا میں شرم کے مارے آپ سے عرض نہ کر سکتی تھی مگر میرا دل چاہتا تھا کہ میری بیماری سے کسی طرح حضور کو علم ہو جائے تا کہ میرے لئے حضور دعا فرمائیں۔ میں حضور کی خدمت کر رہی تھی کہ حضور نے اپنے انکشاف اور صفائی قلب سے خود معلوم کر کے فرمایا زینب تم کو مراق کی بیماری ہے۔ ہم دعا کریں گے۔‘‘

(سیرت المہدی ج اوّل حصہ سوم ص۲۹۷، روایت نمبر۹۱۷ طبع جدید)

مرزا کی جلیبیاں

اس تحریر سے یہ بھی معلوم ہوا کہ مراقیوں کو سکون مراقیوں کی صحبت سے ہی ملتا ہے۔ مراقی کو مراقی پہچانتا ہے۔ ’’ولی را ولی می شناسد‘‘ تو مشہور مقولہ ہے۔ زینب جب مرزا کی خدمت میں مشغول تھی اسی وقت مرزا پر مراق کا انکشاف ہوا۔ خوب گزری ہوگی دو مراقیوں کے مل بیٹھنے پر۔ میں نے لکھا تھا کہ ایک ہی زینب کیا اور نہ جانے کتنی زینب خدمت میں رہی ہوں گی۔ دو ایک نام آپ بھی سن لیجئے۔ بابو شاہ دین کی اہلیہ، حافظ حامد علی کی بیوہ یہ رات کو پہرہ دیتی تھیں۔ میاں عبدالعزیز کی بیوی جلیبیاں کھلاتی تھی اور نہ جانے کتنی عورتیں مرزا قادیانی کی خدمت میں رہا کرتی تھیں۔ ایک نیم دیوانی عورت تو مرزا کے کمرے میں مرزا کی موجودگی میں بالکل برہنہ نہایا کرتی تھی۔ ایک دفعہ اس حال میں ایک دوسری عورت کمرہ میں پہنچ گئی۔ اس نے ملامت کی لیکن اس کا جواب تھا ’’اس کو کیا دکھائی دیتا ہے‘‘ یہ بھی

دیوانی وہ بھی دیوانہ۔ حقیقت یہ ہے کہ مراقی نبوت میں نامحرم عورتوں سے اختلاط اور خدمت لینا معیوب نہیں ہے بلکہ اس اختلاط سے دراجابت کھل جاتا ہے۔

ملاحظہ فرمائیے اس سلسلہ کی عبارت:

سوال ششم: حضرت اقدس (مرزا قادیانی) غیر عورتوں سے ہاتھ پاؤں کیوں دبواتے ہیں؟

جواب: وہ نبی معصوم ہیں، ان سے مس کرنا اور اختلاف کرنا منع نہیں ہے بلکہ موجب رحمت و برکات ہے۔ (قادیانی اخبار الحکم قادیان ج۱۱ نمبر۱۳، مؤرخہ ۱۷/اپریل ۱۹۰۷ء)

اجنبی عورتوں سے اختلاط

بے قید مس واختلاط کے جو نتائج سامنے آئے ہیں وہ ناگفتنی ہیں، مخلوط تعلیم، مرد وعورت کی تنہائی اور اس میں چھونے، پیر دابنے اور دیگر خدمات لینے میں تو کچھ کہا نہیں جاسکتا کہ کیا کچھ ہوسکتا ہے۔ نفس تو سب کے ساتھ لگا ہوا، چاہے وہ جس درجے کا انسان ہو، کلیساؤں کی تاریخ کے اوراق آج بھی اسی طرح کھلے ہوئے ہیں جس طرح کل کھلے تھے، ان کلیساؤں میں تقدس کی آڑ لے کر راہبوں نے راہبات کے ساتھ کیا کیا؟ وہی جس کا نفس تقاضا کرتا ہے۔ آگ اور بارود کو ایک ساتھ کیا جائے تو آگ لگے گی، فطرت کے خلاف جنگ بھلا کب کامیاب ہوسکتی ہے لیکن مراقی نبوت میں مردوزن کا اختلاف اور جسمانی خدمت لینا رحمت وبرکات کا موجب ہے۔ مرزا قادیانی تو یوں بھی پچاس مردوں کی قوت مردانگی سے سرشار تھے، نامردی کے زمانہ میں انہوں نے جب الہامی نسخہ ''زدجام عشق'' استعمال کیا تھا، اسی زمانہ میں پچاس مردوں کی طاقت آگئی تھی۔ اس نسخہ کی تفصیل سے پہلے یہ یاد دلانا ضروری ہے کہ مرزا قادیانی افیون کے رسیا اور دلدادہ تھے اور فرمایا کرتے کہ: ''افیون میں عجیب وغریب فوائد ہیں۔'' چنانچہ مرزا افیون کھانے میں کبھی چوکے نہیں۔ ہمیشہ مراق کو بڑھاوا دینے کے لئے افیون کھاتے رہے تاکہ مراقی نبوت میں نئے شگوفے اور نئے پھول کھلتے رہیں۔ افیون مراقی نبوت کا جزو اعظم ہے۔

اس نسخہ کی تفصیل مرزا کے صاحبزادے مرزا بشیر احمد قادیانی کی زبانی سنئے: ''ڈاکٹر محمد اسماعیل صاحب نے مجھ سے بیان کیا کہ حافظ حامد علی صاحب خادم حضرت مسیح موعود بیان

کرتے تھے کہ جب حضرت صاحب نے دوسری شادی کی تو ایک عمر تک تجرد میں رہنے اور مجاہدات کرنے کی وجہ سے آپ نے اپنے قویٰ میں ضعف محسوس کیا اس پر وہ الہامی نسخہ جو ''زدجام عشق'' کے نام سے مشہور ہے، بنوا کر استعمال کیا۔ چنانچہ وہ نسخہ نہایت ہی بابرکت ثابت ہوا۔ حضرت خلیفہ اوّل بھی فرماتے تھے کہ میں نے یہ نسخہ ایک بے اولاد امیر کو کھلایا تو خدا کے فضل سے اس کے ہاں بیٹا پیدا ہوا۔ جس پر اس نے ہیرے کے کڑے ہمیں نذر دیئے۔ نسخہ ''زدجام عشق'' یہ ہے جس میں ہر حرف سے دوا کے نام کا پہلا حرف مراد ہے۔ زعفران، دار چینی، جائفل، افیون، مشک، عقر قرحا، شنگرف قرنفل یعنی لونگ، ان سب کو ہم وزن کوٹ کوٹ کر گولیاں بناتے ہیں اور روغن سم الفار میں چرب کر کے رکھتے ہیں اور روزانہ ایک گولی استعمال کرتے ہیں۔ الہامی ہونے کے متعلق دو باتیں سنی گئیں۔ ایک یہ کہ نسخہ ہی الہام ہوا تھا، دوسرے یہ کہ کسی نے یہ نسخہ حضور کو بتایا اور پھر الہام نے اسے استعمال کرنے کا حکم دیا۔ واللہ اعلم'' (سیرت المہدی ج اوّل حصہ سوم ص ۵۴۸، روایت نمبر ۵۶۹ طبع جدید)

عورتوں کی امامت

یہی وہ الہامی نسخہ ہے جس سے مرزا میں پچاس مردوں کی طاقت آ گئی تھی وہ بھی عمر کے باون سال گزرنے کے بعد، دوسری شادی کے وقت مرزا کی عمر یہی تھی اور نامردی کے شکار تھے۔ اس کی تفصیل گزر چکی ہے اور اب تو کافر بڑھاپا جوش پر آیا ہوا تھا۔ اندرون خانہ عورتوں کی امامت کرتے تھے۔

ملاحظہ فرمایئے: ''باہر مردوں میں نمازیں باجماعت ہونے کے علاوہ آخری سالوں میں حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) ایک بہت بڑے عرصہ تک اندر عورتوں میں خود پیش امام ہو کر مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک لمبے عرصے تک جماعت کراتے رہے۔''

(ذکر حبیب ص ۶۵، از مفتی محمد صادق قادیانی)

اس میں شک وشبہ کی گنجائش نہیں کہ مرزا قادیانی عورتوں کے امام تھے۔ عشاء ومغرب دونوں ساتھ پڑھتے تھے، غالباً عشاء کے وقت مغرب پڑھتے ہوں گے تاکہ باہر سے آنے والی عورتیں ضروریات سے فارغ ہو کر اطمینان سے آئیں اور کوئی خاتون مرزا کی اقتداء سے محروم نہ رہ جائے۔ یہ عورتوں کی امامت اور وہ بھی بالکل علیحدہ گھر کے اندر مراقی

نبوت کا ہی کرشمہ ہے، نہیں کہا جاسکتا کہ امامت سے پہلے مرزا قادیانی شراب، افیون اور زدجام عشق استعمال کرتے تھے یا نہیں؟ حالات تو بتاتے ہیں کہ ضرور استعمال کرتے ہوں گے ورنہ نماز میں، وہ بھی عورتوں کے ساتھ سرور کیسے پیدا ہوگا؟

مرزا قادیانی کو عورتوں سے خاصی دلچسپی تھی۔ اس میں وہ کسی طرح کا امتیاز برتنے کے قائل نہیں تھے۔ یہ تو نمازی عورتیں تھیں۔ مرزا قادیانی کا دروازہ تو زانیہ عورتوں اور کنجریوں کے لئے بھی کھلا ہوا تھا ہم نہیں کہہ سکتے کہ ان سے رسم وراہ کیسے پیدا ہوئی؟ کہیں یہ عورتیں بھی شراب وافیون کی عادی نہیں تھی؟ پہلے مرزا کا بیان سنئے پھر فیصلہ کیجئے۔

زانیہ عورتوں سے

''بعض فاسق اور فاجر اور زانی ظالم اور غیر متدین اور چور اور حرام خور اور خدا کے احکام کے مخالف چلنے والے بھی ایسے دیکھے گئے ہیں کہ ان کو بھی کبھی سچی خوابیں آتی ہیں اور یہ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ محض عورتیں جو قوم کی چوہڑی یعنی بھنگن تھیں جن کا پیشہ مردار کھانا اور ارتکاب جرائم کام تھا۔ انہوں نے ہمارے روبرو بعض خوابیں بیان کیں اور سچی نکلیں۔ اس سے بھی عجیب تر یہ کہ بعض زانیہ عورتیں اور قوم کے کنجر جن کا دن رات زناکاری کام تھا۔ ان کو دیکھا گیا کہ بعض خوابیں انہوں نے بیان کیں اور وہ پوری ہوگئیں۔''

(حقیقت الوحی ص۲،۳، خزائن ج۲۲ ص۵)

مرزا قادیانی نے جن اقوام (چوہڑی اور کنجر) کا ذکر کیا ہے، وہ شراب نوشی اور افیون خوری میں اس زمانہ میں شہرت یافتہ تھیں، ارتکاب جرائم اور زناکاری تو خود مرزا قادیانی نے صریح الفاظ میں بیان کردی، ان کا ورود مراقی نبوت کے دربار میں کیوں ہوتا تھا؟ یہ ایک اہم سوال ہے۔ آخر ان کو مرزا سے کیا دلچسپی تھی اور مرزا کی نظر التفات ان فاحشہ عورتوں پر کیوں تھی کہ وہ بے تکلفی سے اپنے خواب بیان کیا کرتی تھیں۔ کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے۔ لیکن ذرا ٹھہریئے۔ زنا مراقی نبوت میں جرم نہیں ہے۔ چنانچہ مرزا قادیانی کے صاحبزادے میاں محمود خلیفہ تو زنا میں نام کمائے ہوئے اور عدالت کے دروازوں تک پہنچے ہوئے تھے۔ سینہ پر ہاتھ رکھ کر یہ الفاظ پڑھ لیجئے: ''زنا کرنا جرم نہیں ہے۔ اس کی تشہیر جرم ہے۔ زنا تو آپ عین شریعت کے مطابق کرتے ہیں، اس لئے اس کا تو جرم نہیں۔'' (الفضل ۴؍اگست ۱۹۵۶ء)

زنا جرم نہیں

چلئے کوئی مذہب تو دنیا میں ایسا ہے جس میں زنا کی چھوٹ ہے، دراصل یہ بدکاری افیون اور شراب کے لوازم میں ہے۔ چنانچہ ایک خاتون نے (جس سے محمود خلیفہ قادیان نے زنا بالجبر کیا تھا) اپنے عدالتی بیان میں کہا کہ اس کے منہ سے شراب کی بو آ رہی تھی۔ بیان قدرے طویل ہے لیکن مراقی نبوت کے خلیفہ کی تصویر اسی میں صاف نظر آئے گی۔

اس لئے پورا بیان ملاحظہ فرمائیں: ''میاں صاحب کے متعلق کچھ عرض کرنا چاہتی ہوں اور لوگوں میں میں ظاہر کر دینا چاہتی ہوں کہ وہ کیسی روحانیت رکھتے ہیں۔ میں اکثر اپنی سہیلیوں سے سنا کرتی تھی کہ وہ بڑے زانی شخص ہیں مگر اعتبار نہیں آتا تھا۔ کیونکہ ان کی مومنانہ صورت اور نیچی شرمیلی آنکھیں ہرگز یہ اجازت نہ دیتی تھیں کہ ان پر ایسا الزام لگایا جاسکے۔ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ میرے والد جو ہر کام کے لئے حضور سے اجازت حاصل کیا کرتے تھے اور بہت مخلص احمدی ہیں۔ ایک رقعہ حضرت صاحب کو پہنچانے کے لئے دیا۔ جس میں اپنے ایک کام کے لئے اجازت مانگی تھی۔ خیر میں رقعہ لے کر گئی۔ اس وقت میاں صاحب نئے مکان میں مقیم تھے۔ میں نے اپنے ہمراہ ایک لڑکی لی، جو وہاں تک میرے ساتھ گئی اور ساتھ ہی آ گئی۔ چند دن بعد مجھے پھر ایک رقعہ لے کر جانا پڑا۔ اس وقت بھی وہی لڑکی میرے ہمراہ تھی۔ جوں ہی ہم دونوں میاں صاحب کی نشست گاہ پہنچیں تو اس لڑکی کو کسی نے پیچھے سے آواز دی۔ میں اکیلی رہ گئی، میں نے رقعہ پیش کیا اور جواب کے لئے عرض کیا، مگر انہوں نے فرمایا کہ میں تم کو جواب دے دوں گا گھبراؤ مت، باہر دو ایک آدمی میرا انتظار کر رہے ہیں۔ ان سے مل آؤں۔ مجھے یہ کہہ کر اس کمرے کے باہر کی طرف چلے گئے اور چند منٹ بعد پیچھے کے تمام کمروں کو قفل لگا کر اندر داخل ہوئے اور اس کا بھی باہر والا دروازہ بند کر دیا اور چٹخیاں لگا دیں۔ جس کمرے میں، میں تھی وہ اندر کا چوتھا کمرہ تھا۔ میں یہ حالت دیکھ کر سخت گھبرائی اور طرح طرح کے خیال دل میں آنے لگے۔ آخر میاں صاحب نے مجھ سے چھیڑ چھاڑ شروع کی اور مجھ سے برا فعل کروانے کو کہا۔ میں نے انکار کیا، آخر زبردستی انہوں نے مجھے پلنگ پر گرا کر میری عزت برباد کر دی اور ان کے منہ سے اس قدر بدبو آ رہی تھی کہ مجھ کو چکر آ گیا اور وہ گفتگو بھی ایسی کرتے تھے کہ بازاری بھی ایسی نہیں کرتے۔ ممکن ہے جسے لوگ شراب کہتے ہیں،

انہوں نے پی ہو، کیونکہ ان کے ہوش وحواس بھی درست نہیں تھے۔ مجھ کو دھمکایا کہ اگر کسی سے ذکر کیا تو تمہاری بدنامی ہوگی مجھ پر کوئی شک بھی نہ کرے گا۔''

(مرزا غلام احمد کی تحریر میں مرزا محمود کی تصویر ص ۸،۹، ثبوت حاضر ہیں ج ۲ ص ۱۷۱،۱۷۲، مباہلہ اشتہار جون ۱۹۲۹ء)

بیٹی ہوس کا نشانہ

یہ تو تھے میاں محمود مرزا غلام احمد قادیانی کے صاحبزادے جو اس ''اندر سبھا'' کے ایک اہم کردار تھے، مراقی نبوت کا وہ خلیفہ بھی کیا جو روزانہ نئی عورت سے لطف اندوز نہ ہو، جب ہوس تیز ہو جاتی تھی اور باہر کا کوئی شکار گرفت میں نہ آتا تھا تو شراب کے نشہ میں اپنی ہی بیٹیوں کو اپنی ہوس کا نشانہ بنا لیتا تھا۔ یہی نہیں کہ مرزا کے صاحبزادے جو مراقی نبوت کے خلیفہ تھے خود ہی شکار کرتے تھے بلکہ یاران میکدہ کو بھی اس میں برابر کا شریک بناتے۔ پستی کردار کا اس سے بدترین منظر کیا ہوگا؟

ملاحظہ فرمائیے: ''خود مصنف کا بیان ہے کہ مرزا محمود نے میرے ساتھ مل کر اپنی لڑکی کو ہوس کا نشانہ بنایا۔ الف ننگے ایک چارپائی پر باہم دیگر تینوں ''مصروف بکار خاص'' تھے کہ مؤذن نے نماز کے لئے بلایا۔ ایسی حالت میں غسل و وضو تو درکنار عضو کو دھوئے بغیر مصلیٰ پر چڑھ گئے اور پھر پھرتی میں واپس آ کر بیٹی کے سینے پر سوار ہو گئے۔''

(ثبوت حاضر ہیں ج ۲ ص ۱۹۸)

کسی شریف کیا کسی رذیل آدمی کے بارے میں اس گھناؤنی بدکرداری کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔ خدا گواہ ہے کہ میں تفصیلات پڑھ رہا تھا اور کپکپی طاری تھی، سوچا تھا کہ ایک منظر اور پیش کروں گا لیکن ہمت جواب دے گئی۔ مختصر یہ کہ اس بدمستی میں بہو، بیٹیاں، بیویاں سب شریک تھیں اور مرزا محمود کی وصیت اولاد کے لئے یہ ہے: ''میں نے تمام بچوں کو کہہ دیا ہوا ہے کہ جس کے اولاد نہ ہو ایک دوسرے سے کر لی جائے۔'' (ثبوت حاضر ہیں ج ۲ ص ۲۰۲)

اغلام بازی

جنون عشق اس قدر تیز ہوا کہ اغلام بازی میں بھی پیچھے نہیں رہے، جو بھی تنہائی میں ملا، اس کو زبردستی اپنے اوپر سوار کر لیا۔ پھر یہ تفصیل بھی بتاتے کہ فلاں کا عضو تناسل اتنا فربہ

اور اتنا طویل تھا۔ لا حول ولا قوۃ الا باللہ ! آخر یہ مراقی نبوت کی مسند خلافت پر تو فائز تھے۔ مراق میں تو سب کچھ ہوتا ہے۔ چند سطریں ملاحظہ فرمایئے! اور مراقی نبوت کے نتائج کی داد دیجئے۔ سچ ہے جو اللہ تعالیٰ پر بہتان تراشی کرتا ہے اور جھوٹی نبوت کا دعویٰ کرتا ہے، اس کے ثمرات ایسے ہی سامنے آئیں گے۔

''مرزا بشیرالدین محمود آنجہانی جو مرزا غلام احمد قادیانی کا بڑا بیٹا تھا، اس پر زنا کا الزام تواتر کے ساتھ اس کے مریدوں نے لگایا۔ اس نے قادیان وربوہ کے کسی قابل ذکر لڑکے وعورت کو نہیں چھوڑا۔ اس کی بدکرداریوں پر انہی کے اپنے آدمی یعنی قادیانیوں کا تبصرہ، اعداد وشمار، شواہدات، حلفی بیانات، مباہلے اور قسمیں حکومت کی درخواستیں، بشیرالدین سے خط وکتابت غرضیکہ ایسی ایسی چیزیں ہیں کہ آپ پڑھ کر پکار اٹھیں گے کہ جس طرح مرزا قادیانی اس صدی میں دنیا کا سب سے بڑا کذاب تھا۔ اسی طرح آپ یقین کریں گے کہ اس صدی کا سب سے بڑا بدکردار شخص مرزا بشیرالدین تھا، جس نے اپنی بیٹیوں کو اپنی ہوس کا نشانہ بنایا۔'' (ثبوت حاضر ہیں ج۲ ص۱۶۷)

یہ ہیں مراقی نبوت کے خدوخال دراصل اس تصویر کے بنانے میں اور بدکرداری کو فروغ دینے اور ناقابل تصور حد تک آگے بڑھانے میں مرزا غلام احمد قادیانی کا اہم رول ہے۔ زد جام عشق، افیون اور شراب کا استعمال زنا اور اغلام بازی کا تیز تر محرک ہے یا نہیں؟ یہ سب مرزا کے روزمرہ استعمال میں آنے والی چیزیں ہیں۔ ان کے ساتھ مفرح اور مقوی معجونوں کا استعمال بھی ذہن میں رکھئے۔ پھر ان نتائج کو دیکھ کر حیرت ذرا بھی نہ ہوگی۔ اگر نتیجے کے طور پر یہ بدکرداریاں سامنے نہ آتیں تو حیرت ہوتی کہ اس کے لازمی اثرات کیوں نہیں پڑے جس عشرت کدہ میں سب ہی ایک رنگ میں رنگے ہوئے ہوں۔ دوستوں کو بلا کر اپنی بیویاں، بیٹیاں، بہوئیں اور بھاجیں رنگ رلیاں منانے کے لئے پیش کی جاتی ہوں اور خود بھی اس میں ننگے ہوں، اس مراقی نبوت کے تو کرشمے ہیں۔ مرزا غلام احمد نے داد عیش دینے کے لئے ہی تو مراقی نبوت کی بنا رکھی اور جس بدکرداری اور فحاشی کو وحشی غیر متمدن قبائل بھی برداشت نہیں کرتے وہ مرزا کے یہاں روا ہی نہیں مستحسن۔ مرزا غلام احمد قادیانی خود اس کے دلدادہ تھے۔ کنجریوں اور بھنگنوں سے تعلقات اور ان کی آمدورفت سے تو آپ واقف ہی ہیں۔ اب ذرا بالکل صاف اور واضح لفظوں میں اس کی اباحیت بھی دیکھ لیجئے۔

مرزا نے زنا کیا

''حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) ولی اللہ تھے اور ولی اللہ بھی کبھی کبھی زنا کر لیا کرتے ہیں۔ اگر کبھی کبھار انہوں نے زنا کر لیا تو اس میں حرج کیا ہوا۔ پھر لکھا ہے ہمیں حضرت مسیح موعود (مرزا قادیانی) پر اعتراض نہیں۔ کیونکہ وہ کبھی کبھی زنا کیا کرتے تھے۔ ہمیں اعتراض موجودہ خلیفہ پر ہے۔ کیونکہ وہ ہر وقت زنا کیا کرتا ہے۔''

(روزنامہ الفضل قادیان دارالامان، مؤرخہ ۳۱ راگست ص ۱۹۳۸ء)

یہ ہے مراقی نبوت جس میں سب کچھ جائز اور خود مراقی نبی نے عملاً حرام کاریوں کی تصدیق کر دی۔ ہوسکتا ہے کہ محمدی بیگم پر پہلے ڈورے ڈالے ہوں اور ناکامی کی صورت میں شادی کرنے کا سوانگ رچا ہو۔ اس کی تفصیل تو بہت دلچسپ ہے۔ ہم قدرے اختصار کے ساتھ یہ منظر آپ کے سامنے لا رہے ہیں۔

محمدی بیگم کا قصہ

مرزا غلام احمد قادیانی کے ماموں زاد بھائی احمد بیگ کی صاحبزادی محمدی بیگم نوعمر لڑکی تھیں۔ مرزا قادیانی نے اس کو اپنے نکاح میں لانے کے لئے دام تزویر بچھانا شروع کیا۔ حکیم نورالدین کو خطوط لکھے اور دیگر رشتے داروں سے سلسلہ جنبانی کی اور جب کامیابی کی کوئی صورت نظر نہیں آئی تو مراقی نبوت نے اپنے بال و پر نکالے اور پیشین گوئیوں اور بشارتوں کے اشتہار شائع ہونے لگے۔ دھمکیاں دی گئیں۔ بیٹے کو عاق کیا گیا۔ محمدی بیگم کے ہونے والے شوہر کو مر جانے کی پیش خبری کی گئی۔ یہ اعلان بھی کیا گیا کہ آسمان پر محمدی بیگم سے نکاح ہو چکا ہے۔ پورے وثوق کے ساتھ دعویٰ کیا گیا کہ محمدی بیگم کو بہرحال میرے نکاح میں آنا ہے۔ خواہ بیوہ ہونے کے بعد ہی کیوں نہ ہو۔ یہ تگ ودو اور جدوجہد مرزا قادیانی بڑھاپے میں کر رہے تھے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مراق میں بڑھاپے کا احساس نہیں ہوتا۔ لیکن ٹھہریئے مرزا میں تو پچاس مردوں کی قوت مردانگی تھی، اس لئے کبھی کبھی زنا کرنے پر مجبور ہونا پڑتا تھا۔ پھر کسی تجربہ کار کے اس تجربہ سے بھی تو انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ''عشق درایام پیری چوں بہ سرما آتش است'' بڑھاپے کا عشق سردیوں میں آگ سے زیادہ راحت بخش یا مزیدار ہوتا ہے۔

ملاحظہ فرمائیے ہوس ناکی کا پہلا تیر: ''خدائے تعالیٰ نے پیش گوئی کے طور پر اس عاجز (مرزاغلام احمد قادیانی) پر ظاہر فرمایا کہ مرزااحمد بیگ ولد مرزا گاماں بیگ کی دختر کلاں (محمدی بیگم) انجام کار تمہارے نکاح میں آئے گی اور وہ لوگ بہت عداوت کریں گے اور بہت مانع آئیں گے اور کوشش کریں گے کہ ایسا نہ ہو لیکن آخر کار ایسا ہی ہوگا اور فرمایا کہ خدائے تعالیٰ ہر طرح سے اس کو تمہاری طرف لائے گا۔ باکرہ ہونے کی حالت میں یا بیوہ کرکے اور ہر ایک روک کو درمیان سے اٹھادے گا اور اس کام کو ضرور پورا کردے گا۔ کوئی نہیں جو اس کو روک سکے۔'' (ازالہ اوہام ص ۳۹۶، خزائن ج ۳ ص ۳۰۵)

مراقی نبوت کی پیش خبری مرزااحمد بیگ اور ان کی صاحبزادی پر ذرا بھی اثر انداز نہیں ہوئی۔ اس لئے کہ احمد بیگ مرزا قادیانی کو جھوٹا اور مراقی سمجھتے تھے۔ پھر بھی مرزا قادیانی ہمت نہیں ہارے اور عشق وہوس کی تیز آنچ میں ہاتھ مارتے رہے۔ احسانات کا سلسلہ شروع کیا اور امید بندھی کہ یہ تدبیر کارگر ہوجائے گی۔ لیکن واہ رے شومئی قسمت کہ الہام ازدواج سٹپٹا کر رہ گیا۔ مرزا نے کروٹ بدلی اور ایسے الہامات کا سلسلہ شروع کیا جس میں تباہی وبربادی کی پیش خبری کی گئی ہے۔

آپ ایک مراقی وحی کے الفاظ ملاحظہ فرمائیں: ''اللہ تعالیٰ نے مجھ پر وحی نازل کی کہ اس شخص (احمد بیگ) کی بڑی لڑکی کے نکاح کے لئے درخواست کر اور اس سے کہہ دے کہ پہلے وہ تمہیں دامادی میں قبول کرے اور پھر تمہارے نور سے روشنی حاصل کرے اور کہہ دے کہ مجھے اس زمین کے ہبہ کرنے کا حکم مل گیا ہے جس کے تم خواہش مند ہو بلکہ اس کے ساتھ اور زمین بھی دی جائے گی اور دیگر مزید احسانات تم پر کئے جائیں گے۔ بشرطیکہ تم اپنی بڑی لڑکی کا مجھ سے نکاح کردو۔ میرے اور تمہارے درمیان یہی عہد ہے۔ تم مان لوگے تو میں بھی تسلیم کرلوں گا۔ اگر تم قبول نہ کروگے تو خبردار رہو۔ مجھے خدا نے یہ بتلایا ہے کہ اگر کسی اور شخص سے اس لڑکی کا نکاح ہوگا تو نہ اس لڑکی کے لئے یہ نکاح مبارک ہوگا اور نہ تمہارے لئے۔ ایسی صورت میں تم پر مصائب نازل ہوں گے جن کا نتیجہ موت ہوگا۔

پس تم نکاح کے بعد تین سال کے اندر مرجاؤ گے، بلکہ تمہاری موت قریب ہے اور ایسا اس لڑکی کا شوہر بھی اڑھائی سال کے اندر مرجائے گا۔ یہ حکم اللہ کا ہے۔ پر جو کرنا ہے

کرلو میں نے تم کو نصیحت کر دی ہے۔ پس وہ تیوری چڑھا کر چلا گیا۔‘‘

(آئینہ کمالات اسلام ص۵۷۲، ۵۷۳، خزائن ج۵ ص۵۷۲، ۵۷۳)

اس سلسلہ کے دیگر مراقی الہامات کا رنگ بھی ایسا ہے۔ ہر طرح کی تدبیر کے باوجود محمدی بیگم سے نکاح نہ ہوسکا۔ البتہ ترغیب وترہیب والے الہامات کا سلسلہ نکاح کے بعد بھی جاری رہا۔ محمدی بیگم اور ان کے شوہر اور والد محترم پر کوئی اثر مرتب نہیں ہوا۔ البتہ مرزاغلام احمد ہیضہ میں مبتلا ہوکر اس دنیا سے رخصت ہوگئے۔ یہ حسرت ان کے ساتھ گئی کہ وہ محمدی بیگم کا دیدار بھی نہ کر سکے۔ ہاں! ایک بات یہ بھی لطف سے خالی نہ ہوگی کہ مرزا قادیانی جس سے ناراض ہوتے تھے اس کو اپنے مراقی الہام سے مرنے کی پیش خبری کر دیتے تھے کہ وہ فلاں سنہ تک مر جائے گا اور یہ مراقی الہام کبھی پورا نہیں ہوا۔

محمدی بیگم کے بارے میں مراقی الہامات کا ایک طومار ہے اور ہر الہام ایک سے بڑھ کر ایک کہ محمدی بیگم کو میرے قبضہ میں آنا ہی ہے نکاح تو آسمان پر ہوگیا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مرزا قادیانی نے جن عورتوں سے زنا کیا اور داد عیش دینے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ان کا نکاح آسمان پر ہو چکا ہو اور مرزا نے کسی وجہ سے ان نکاحوں کا اظہار واعلان نہ کیا ہو۔ ہاں! تو محمدی بیگم کے غم میں اسہال شروع ہوگئے۔ اس قدر دست آتے تھے کہ مرزا کو ان دستوں پر رنج کا اظہار کرنا پڑا۔ چونکہ مرزا ہیضہ کی موت کو لعنتی موت سمجھتے تھے۔ اس لئے اس بیماری سے ان کو گھبراہٹ بھی بہت تھی۔ چنانچہ جب کسی سے بہت زیادہ ناراض ہوتے تھے تو اس کو ہیضہ سے مرنے کی بددعا دیتے تھے۔ مولانا ثناء اللہ امرتسری مشہور اہل حدیث عالم نے جب مناظرہ مباہلہ اور تحریروں سے مرزا کے ناک میں دم کر دیا تو وقت کی تعیین کے ساتھ مولانا کی ہیضہ سے وفات کی پیش خبری کر دی۔ مولانا مرحوم اسلام کی خدمت کرتے ہوئے مرزا کی وفات کے بعد چالیس سال تک زندہ رہے اور اللہ تعالیٰ نے ان کو سبک روحی عطاء فرمائی۔

ہیضہ سے موت

آخر مرزا ہیضہ سے مرنے کی ہی بددعا کیوں دیتے تھے؟ کسی اور ذریعہ سے موت کی بددعا کیوں نہیں دیتے تھے؟ اس کی ایک خاص وجہ یہ سمجھ میں آئی ہے کہ مرزا قادیانی میں

نسوانی مادہ تو تھا ہی۔ الہامی حمل ہوا، مریم بنے اور نو مہینے کے بعد بچہ کا تولد ہوا۔ اس لئے اس میں شک کی گنجائش نہیں ہے کہ مرزا کی عورتوں میں یہ بددعا عام ہے۔ ذرا کسی پر ناراض ہوئیں اور جھٹ ’’جا تجھے ہیضہ مائی لے جائی‘‘ کے الفاظ زبان پر آ گئے۔ آخر مرزا قادیانی سے تو اس معاشرہ کی عورتوں سے گھرے اور ’’خلوتی‘‘ تعلقات تھے۔ ان کا کچھ تو مرزا نے اثر قبول کیا، مراق کی ترنگ میں وہی گالیاں دیتے تھے جو کنجریاں اور چوہڑیاں دیا کرتی ہیں۔ گالیاں بھی مرزا کی زندگی کا ایک مستقل باب ہے۔ کبھی پڑھئے گا۔

یہاں تو صرف یہ بتانا اور دکھانا ہے کہ مرزا جس ہیضہ کی موت سے گھبراتے تھے اور اپنے مخالفین کو اسی کی بددعا دیتے تھے، اسی ہیضہ نے ان کو گھیر لیا۔ جس طرح کسی ایسے شخص کو جو کافر نہ ہو اس کو کوئی کافر کہہ دے تو وہ کفر اسی پر پلٹ پڑتا ہے۔ یہی معاملہ مراقی نبی کے ساتھ ہوا۔ یعنی وبائی ہیضہ سے مرے۔ اس کو قادیانیوں نے چھپانے کی بھی کوشش کی لیکن آسمان کا تھوکا منہ پر آتا ہے۔

اس کی مختصر روداد یہ ہے: ’’حضرت (مرزا) صاحب جس رات کو بیمار ہوئے، اس رات کو میں اپنے مقام پر جا کر سو چکا تھا۔ جب آپ کو بہت تکلیف ہوئی تو مجھے جگایا گیا، جب میں حضرت (مرزا) صاحب کے پاس پہنچا اور آپ کا حال دیکھا تو آپ نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا، میر صاحب مجھے وبائی ہیضہ ہو گیا ہے۔ اس کے بعد آپ نے کوئی ایسی صاف بات میرے خیال میں نہیں فرمائی۔ یہاں تک دوسرے روز دس بجے کے بعد آپ کا انتقال ہو گیا۔‘‘

(مرزا قادیانی کے خسر میر ناصر نواب قادیانی کے خودنوشتہ حالات مندرجہ حیات ناصر ص۱۴ مرتبہ شیخ یعقوب علی قادیانی)

اب شبہات تو کیا ہوتے، ایک تو وبائی ہیضہ پھر اس کی بدترین شکل کہ منہ سے پاخانہ نکل رہا تھا۔ یہ ہوا مراقی نبوت کا انجام جو عبرت ناک ہی نہیں حیرت ناک بھی ہے کہ نبوت کے دعویدار کی زبان پر آخری لمحات۔ میں لفظ اللہ بھی نہیں آیا۔ دیکھو مجھے جو دیدۂ عبرت نگاہ ہو۔

عبدالحفیظ رحمانی

شیخ الہند اکیڈمی دارالعلوم دیوبند

مؤرخہ ۱۷ مارچ ۲۰۰۴ء، بمطابق ۲۵ محرم ۱۴۲۵ھ

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں

تعبیر

رؤیائے حقانی

ہفوات قادیانی

جناب ابوصالح عبدالصمد آزاد صدیقی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تفصیلی فہرست

خطبۃ الکتاب	۵۵
مصنف اسرار نہانی (قادیانی) کی تہذیب کی تصویر	۵۶
اسرار نہانی کیوں لکھی گئی؟	۶۰
اس کتاب میں کیا ہوگا	۶۴
پہلے نمبر کا جواب	۶۶
حکیم صاحب کا افتراء	۶۸
دوسرے نمبر کا جواب	۷۰
مرزا غلام احمد قادیانی پر عرب شریف مکہ معظّمہ اور مدینہ منورہ کے علماء کرام کا فتویٰ کفر وارتداد	۷۴
تیسرے نمبر کا جواب	۷۵
ایک اور افتراء محض	۷۷
مال ودولت اور آسائش کی تحصیل جائز ہے	۸۰
چوتھے نمبر کا جواب	۸۵
مقدمۃ الجواب	۸۸
ضوابط رویا	۸۸
مرزائیوں کے امام مسیح موعود مرزا غلام احمد قادیانی کی شہادت	۹۳
تفصیلی جواب	۹۳
اعلیٰ حضرت قبلہ کی تعبیر اور حضرت مولانا مدظلہ کے خواب کا تناسب	۹۷
اتمام حجۃ	۹۸
حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا خواب	۹۹
حضرت مولانا شاہ فضل رحمٰن قبلہ کے خواب پر اعتراض اور اس کا جواب	۱۰۱
حکیم قادیانی کے اعتراضات	۱۰۳
خاتمۃ الطبع	۱۱۱
خاتمۃ الکتاب یا تحدیث نعمت	۱۱۱
مجھ کو ضرور پڑھیے	۱۱۱

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللّٰھم ارنا الحق حقا وّارزقنا اتباعہ وارنا الباطل باطلاً وارزقنا اجتنابہ

خطبۃ الکتاب

المسلم من سلم المسلمون من لسانہ ویدہ

ایک طرف تو نبی کریم ﷺ (روحی فداہ) کا ارشاد ہے کہ: ’’مسلمان وہ نفوس ہیں جن کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان کو تکلیف نہ پہنچے بلکہ وہ سالم رہیں۔‘‘ یا دوسرے لفظوں میں یوں سمجھئے کہ مسلمان وہ اصحاب ہیں جن کے قول اور فعل سے دوسرے مسلمان اذیت نہ پاویں۔

دوسری طرف ہماری حالت یہ ہے کہ ہماری گفتگو دل آزار ہوتی ہے اور ہماری تحریر اذیت دہ: ’’فبدّل الذین ظلموا قولا غیر الذی قیل لھم (البقرۃ:۵۹)‘‘ ترجمہ: پس بدل دیا ظالموں نے خداوندی فرمان کو اپنے ہوائے نفس سے۔

ببیں تفاوت رہ از کجا ست تا بہ کجا

اس پر لطف یہ کہ اس طرح کی گندگی آپ انہیں حضرات کے رسالوں یا تحریروں یا تقریروں میں زیادہ ملاحظہ فرمائیں گے۔ جن کو آپ ایک طرف اقوام عالم کو ان بیہودگیوں پر نفرین کرتے ہوئے پائیں گے۔ ’’اتأمرون الناس بالبر وتنسون انفسکم وانتم تتلون الکتاب افلا تعقلون (البقرۃ:۴۴)‘‘ یہ ایک عجیب حیرت کن امر ہے۔ خطبۃ الکتاب ملاحظہ فرمایئے تو بجز ادّعا رشد وہدایت کسی چیز کا نام ونشان نہیں پائیں گے۔ مگر مضامین پر نظر کیجئے تو سوا طعن وتشنیع سب وشتم کے کسی دوسری چیز کی جھلک تک نظر نہ آئے گی۔

گویا فی زمانہ ایسے حضرات کی کتابیں حضرت انجم کے اس شعر کے حسب حال ہوتی ہیں:

دل جو جسے کہتے جفا جو نظر آیا خوش خو جسے سمجھے تھے وہ بد خو نظر آیا

یہ ایک دعویٰ صحیح ہے جن کے لئے واقعات عالم شاہد ہیں اور آگے چل کر آپ ان ہی صفحوں میں ملاحظہ فرمائیں گے کہ مدعیان تہذیب وشائستگی کس طرح برہنہ ہوکر اسٹیج تہذیب پر اس کی پردہ دری کے مجرم ہوتے ہیں اور بے حجابانہ اپنے مجسمہ سے اس کے اک اک تار کو نوچ کر پھینک دیتے ہیں۔

یہ مختصر رسالہ جس کو آپ کی خدمت میں باریابی کا شرف حاصل ہے۔ ایک ایسی کتاب[1] کے جواب میں ہے جس کے متعلق میں اپنی محدود معلومات کی بناء پر یہ کہہ سکتا ہوں کہ میں نے آج تک ایسی غیر مہذب اور مخرب اخلاق کتاب نہیں دیکھی ہے جس کا ہر صفحہ سب وشتم طعن وتشنیع مخرب اخلاق الفاظ اور ناشائستہ وبیہودہ کلمات سے معمور ہے۔ انتہاء یہ کہ اس کے مصنف کو یہ بھی پسند نہیں کہ ان کی جماعت کا کوئی شخص مہذب تحریر لکھے۔

چنانچہ آپ لکھتے ہیں: ''حضرت مولانا عبدالماجد (قادیانی) سے ایک شکایت مجھ کو ضرور ہے کہ انہوں نے ایک ایسے شخص کے بالمقابل شستہ اور نرم اور ضرورت سے زیادہ مہذب الفاظ استعمال کئے ہیں جن کا وہ کسی طرح بھی اہل نہیں ہے۔'' (حاشیہ اسرار نہانی ص۲۳)

''ولهم اعمال من دون ذلک هم لها عاملون (المؤمنون:۶۳)
الذین ضلّ سعیهم فی الحیوٰة الدنیا وهم یحسبون انهم یحسنون صنعا (الکهف:۱۰۴)''

مصنف اسرار نہانی (قادیانی) کی تہذیب کی تصویر

''کان پوری بدد ماغ، بے حیا تھے اور تیز زبان تھے اور درندگی کا اظہار کرتے تھے اور جھوٹ کی غلاظت ان کی غذا تھی۔ خبیث فطرت شورہ پشت حیوان بہ شکل انسان ابومحمد صاحب نے بے وجہ قصداً وابتداً چند بے روزگاروں اور بدزبانوں کو ساتھ لے کر اور نام بدل کر جو طوفان بدتمیزی مچا رکھا ہے۔ ناپاک فطرت، دنی الطبع، کم ظرف، غیر مہذب، مکاروں، کیادوں، جعل سازوں، روپوش، مجہول الکنیت، نقابدار مولوی مؤلف کی ذلت ہوگی۔ مکروفریب کو عمل میں لایا، ایک نفس باغیرت اور باحیا انسان ہی نہیں ہوسکتا۔ ابواحمد صاحب کے دماغ میں تکبر اور نخوت کے موٹے موٹے کیڑے بھرے ہوئے ہیں۔ جب تک وہ جھاڑ

[1] اس کتاب کا نام ''اسرار نہانی ابواحمد رحمانی'' ہے اور اس کے مصنف حکیم خلیل احمد مونگیری قادیانی ہیں۔ اس کتاب کی حالت خود اس کے نام سے ظاہر ہے کہ مصنف کا مقصود اس کتاب کی تحریر سے حضرت مولانا ابواحمد سید محمد علی صاحب مدظلہ کی ذات شریف پر محض ذاتی حملہ کرنا ہے اور کچھ نہیں۔ چنانچہ وہ اصحاب جن کی نظر سے یہ رسالہ گزرا ہوگا وہ اس سے اچھی طرح واقف ہوں گے کہ مصنف نے بجز سب وشتم اور دشنام دہی کے کوئی معقول بات تحریر نہیں کی۔

نہ دیئے جائیں گے۔ ان کے دماغ کی اصلاح ہرگز نہیں ہوسکتی۔ اپنے نفسانی جوش والتہاب میں عرق عرق ہوگئے اور اندرونی قلق واضطراب سے ان کی زبان باہر نکل پڑی۔ اپنی حرص، اپنی آرزو، اپنی تمنا وطمع کے لشکر کو آل فرعون کی طرح غرق ہوتے دیکھ کر سخت گھبرائے۔ کان پوری صاحب نے بھی وہی کیا جو ایسے چالاک اور ابن الوقت کیا کرتے ہیں۔ صریح جھوٹ ملا کر کان پوری صاحب آپ کی آنکھوں پر کس طرح کا رمد چھا گیا ہے۔ آپ کی کانشنش پر کس خبیث روح کا سایہ پڑ گیا ہے۔ آپ جیسے فرعون کو بے نیل مرام غرق کرنے والا۔ یہود سیرت، یزید طبیعت، فرعون خصلت مولویوں۔ اپنے انامل کو چبائیں، اپنی بوٹیاں آپ نوچ ڈالیں۔ تیرے حرص کا دانت روز تیز ہوتا گیا، تیری دنیا طلبی کا چنگل اور بھی نوکدار ہوگیا، تیری نفسانیت وانانیت۔ دنیا کو تیری عبرت ناک وجود کا نظارہ ابھی بیش از بیش دیکھنا باقی ہے۔'' وغیرہ وغیرہ!

معزز ناظرین! ہم حکیم (خلیل احمد قادیانی) سے اس کی شکایت کر کے انصاف چاہتے، مگر مرزائیت کے بعد فضول ہے کیونکہ:

گلہ کیا جو بے دین وملت ہو تسلیم　　　بتوں کی محبت کا حاصل یہی ہے

جزاء سیئة سیئة مثلها

تہذیب وشائستگی تو آپ ملاحظہ فرما چکے، لگے ہاتھوں اس کی وجہ بھی سن لیجئے:

کہ ہمارے حکیم (خلیل احمد قادیانی مصنف کتاب اسرار نہانی) کو کیا مجبوری لاحق ہوئی جو اس طرح کے فواحش پر اتر آئے اور ''سب المسلم فسوق'' کو نظرانداز فرما گئے۔ آپ بذیر سرخی ''جزاء سیئة سیئة مثلها'' یہ وجوہ تحریر فرماتے ہیں: ''امر واقعہ کا اظہار دماغی رنگ میں مطلوب ہے، ان کی شرارتوں سے تنگ ہوکر پبلک کے فائدہ کے لئے بطور دفع ضرر کے ان کی مدافعت احمدیوں کو کرنی لازم ہوجاتی ہے اور شریروں کی اصلاح نہ کرنی بھی معصیت ہے۔ احمدیوں کا اصل کام تو تبلیغ اسلام اور اعلاء کلمۃ اللہ[1] ہے لیکن اگر کوئی

[1] اللہ اللہ یہ اعلاء کلمۃ اللہ کی شان ہے کہ بات بات پر گالیاں دی جاتی ہیں۔ ''یریدون ان یحمدوا بما لم یفعلوا''

کئے لاکھوں جفائیں پیار میں بھی آپ نے ہم پر　　　خدا نخواستہ گر خشمگیں ہوتے تو کیا ہوتا

خبیث فطرت اور شورہ پشت حیوان بہ شکل انسان بے وجہ مخل ہوتا ہے اور اپنی درندگی کا اظہار کرتا ہے تو ''یقتل الخنزیر'' کا فرض بھی ''قاتل الخنزیر'' کے مریدوں کو زبان وقلم سے دفع ضرر کے لئے ادا کرنا ہی پڑتا ہے۔''

حاصل یہ کہ آپ قرآن شریف سے یہ تمسک فرما کر کہ: ''برائی کا بدلہ اسی کے برابر برائی کرنی ہے۔'' یہ اجتہاد فرمایا کہ: ''اگر کوئی تم کو گالی دے تو تم بھی گالی دو۔'' حالانکہ اس کے یہ معنی ہرگز نہیں کہ برائیوں کا بدلہ برائی ہے۔ کیونکہ گناہ کے بدلے میں جو سزا دی جاتی ہے وہ برائی ہو ہی نہیں سکتی بلکہ وہ عین عدل وانصاف ہے۔ یہ محض مشاکلت لفظی ہے جو فصحاء اور بلغاء حسن کلام کے لئے استعمال کرتے ہیں اور ان کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہوتا کہ: ''تم گالیاں دوگے تو ہم بھی گالیوں پر اتر آئیں گے۔'' جس سے ارباب بصریت خوب واقف ہیں۔ جنہوں نے معانی بلاغت بدیع کی سیر کی ہے۔ **ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشآء!**

پس گالیوں کا بدلہ گالیاں نہیں ہوسکتیں۔ ورنہ پھر تو عام طوفان بدتمیزی مچ جائے گا اور دنیا کے سر سے امن وامان کا سایہ اٹھ جائے گا اور ہر طرف کشت وخون کے باعث ساری زمین کربلا کا خونی ٹکڑا بن جائے گی اور چند دنوں کے بعد آدم آباد زمین میں وحش وطیور درندے سکونت پذیر نظر آئیں گے۔

اس لئے کہ چوری کے بدلے ہمارے حکیم (خلیل قادیانی) کے اجتہاد پر چوری کرنی پڑے گی اور لوٹ کے پاداش میں لوٹنا پڑے گا۔ اگر حکیم صاحب کے مطب کے قرابوں اور بوتلوں کو کوئی شریر آکر توڑ جائے تو ان کو بھی اس کے گھر سے بوتلوں اور قرابوں کو نکال کر توڑنے کی تکلیف گوارا کرنا پڑے گی اور بصورت عدم موجودگی چپ چاپ واپس چلا آنا پڑے گا۔ اگر کوئی بے حیا شریر النفس کسی عفت مآب دیوی کی آبروریزی کرے تو اس کلّیہ پر نہ معلوم میرے دوست مثلہا کی کون سی صورت تجویز فرما کر عدل گستری فرمائیں گے اور اس کے زخم آبروریزی پر کون سے ''سیئۃ مثلہا'' کا پھاہا رکھیں گے۔ ہم تو یہی کہیں گے:

آپ پھولے ہوئے بیٹھے ہیں مسیحا کس پر
دے دیا اس کے مریضوں کو خدا نے بھی جواب

الحاصل ''سیئۃ مثلہا'' کا جو معنی حکیم (خلیل قادیانی) نے سمجھا ہے وہ یقیناً غلط ہے اور محض حرارت انتقام ناروا کا ایک غلط ابال ہے جو عقل واخلاق، اسلام وقرآن اور سنت

ہی کے خلاف نہیں بلکہ دنیا کے سارے متمدن اقوام اور جمیع مذاہب عالم کے نقطۂ عدل وانصاف سے الگ خیال ہے اور اگر بفرض محال حکیم (خلیل قادیانی) کا اجتہاد صحیح بھی ہو تو کیا اس کا یہ معنی بھی ہے کہ اگر زید کو بکر گالی دے تو اس کے بدلے میں ایک غیر شخص خالد، بکر کو برا بھلا کہے۔ مرزا قادیانی کو برا کہنے والے حضرات کو خود مرزا قادیانی[1] کا حق تھا کہ جس قدر چاہتے گالیاں دیتے اور کوستے جس کو حتی المقدور مرزا قادیانی نے اپنے آخری دم تک اداء کیا۔ ہاں! سعادت مند وارثوں کا فرض استغاثہ ہے۔

[1] اگر یہ کہو کہ آج جب مرزا قادیانی حیات نہیں ہیں پھر کیوں ان کی شان میں لوگ حرارت سے کام لیتے ہیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ سچ ہے کہ مرزا قادیانی مر گئے مگر جو بے دینی کے کانٹے بوئے گئے ہیں وہ ہنوز باقی ہیں اور مسلمان کے تلوؤں میں چبھتے ہیں۔ پس تم ہی انصاف کرو۔ ہمارے پاؤں چھلنی ہو جائیں اور ہم فریاد نہ کریں۔ ہمارے دل دکھائے جائیں اور آہ ہم آہ بھی نہ کریں۔ ہم کو، ہمارے بزرگوں کو، صحابہ کرامؓ کو، انبیاء عظام کو برا بتلایا جائے۔ ان کی تحقیر کی جائے اور ہم لب پر مہر خاموشی لگا کر انصاف بھی نہ چاہیں حتیٰ کہ احادیث نبویہ ﷺ کو اپنے الہام ناکام کے مقابلہ میں ردی سے بھی بدتر بتلایا جائے اور ہم چپ چاپ ایمان کو خیرباد کہہ کر صم بکم ہو کر سنتے رہیں۔ اگر انصاف کی آنکھیں رکھتے ہو تو دیکھو اور پڑھو اور اپنے ضمیر سے انصاف چاہو۔ قصیدہ اعجازیہ میں مرزا قادیانی سید الشہداء امام حسینؓ جن کو حضورؐ نے ''سید شباب اهل الجنة'' فرمایا ہے جو خاندان رسالت کے لئے ایک سراج منیر ہیں۔ ان کی شان میں ایسی بے ادبی برتی ہے کہ رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اور حیرت ہو جاتی ہے کہ ایک مسلمان کے زبان وقلم سے کس طرح ایسے الفاظ ادا ہو سکتے ہیں۔ سنو:

وشتان ما بینی وبین حسینکم ۔۔۔ فانی اؤیّد کل آن وانصر

واما حسین فاذکروا دشت کربلا ۔۔۔ الی هذه الایام تبکون فانظروا

(اعجاز احمدی ص۶۹، خزائن ج۱۹ ص۱۸۱)

و واللّٰہ لیست فیه منی زیادة ۔۔۔ وعندی شهادات من اللّٰہ فانظروا

وانی قتیل الحب لکن حسینکم ۔۔۔ قتیل العدا فالفرق اجلٰی واظهر

(اعجاز احمدی ص۸۱، خزائن ج۱۹ ص۱۹۳)

جس کا ترجمہ یہ ہوا کہ تمہارے حسین اور ہمارے درمیان میں بہت بڑا فرق ہے۔ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

اسرار نہانی کیوں لکھی گئی؟

یہ تو حکیم صاحب کا اقراری بیان تھا جو وجہ تالیف اسرار نہانی میں انہوں نے محض عوام کو دھوکا دینے کے لئے تحریر کیا ہے کہ اس سے مقصود دفاع ضرر ہے اور جزاء سیئۃ سیئۃ مثلھا پر عمل کرنا مقصود ہے۔

کیونکہ ہندوستان کے لوگ عموماً اور صوبہ بہار کے لوگ خصوصاً اس سے خوب واقف ہیں کہ حضرت مرزائی جب تک مونگیر نہیں آئے تھے نہ کسی کو عام طریق پر ان کے عقائد کی اطلاع تھی۔ نہ کسی کو ان سے کوئی مطلب تھا۔ یہ جہاں تھے خوش تھے مونگیر واطراف مونگیر کے مسلمان ان سے اچھی طرح واقف بھی نہ تھے۔

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) اس لئے کہ مجھ کو ہر وقت خدا سے تائید ومدد ملتی ہے۔ مگر حسین رضی اللہ عنہ کی حالت کے لئے میدان کربلا یاد کرو (یعنی ہماری طرح خدا کی تائید ومدد ان پر چونکہ نہیں تھی، بھوکے پیاسے دشمنوں نے قتل کر ڈالا) جس کے لئے تم آج تک روتے ہو اور قسم خدا کی حسین میں کوئی بات مجھ سے زیادہ نہیں ہے۔ میرے پاس تو خدا کی گواہیاں ہیں۔ پس تم دیکھو (مزید برآں) میں تو محبت کا کشتہ ہوں لیکن تمہارا حسین تو دشمنوں کا کشتہ ہے پس فرق (درمیان ہمارے اور تمہارے حسین کے) کھلا اور ظاہر ہے۔ احادیث کی دھجیاں مرزا قادیانی نے ان لفظوں میں اڑائی ہیں۔

ھل النقل شی بعد ایحاء ربنا ۔۔۔ فای حدیث بعدہ نتخیر
وقد مزق الاخبار کل ممزق ۔۔۔ فکل بما ھو عندہ یستبشر

(اعجاز احمدی ص۵۶، ۵۷، خزائن ج۱۹ ص۱۶۸)

اخذنا من الحی الذی لیس مثلہ ۔۔۔ وانتم عن الموتی رویتم ففکروا

(اعجاز احمدی ص۵۷، خزائن ج۱۹ ص۱۶۹)

راینا وانتم تذکرون رواتکم ۔۔۔ وھل من نقول عند عین تبصر

(اعجاز احمدی ص۶۹، خزائن ج۱۹ ص۱۸۱)

اس کا ترجمہ یہ ہوا کہ خدا کی وحی (جو ہم پر آتی ہے) اس کے بعد نقل (حدیث) کی کوئی حقیقت نہیں اس کے بعد ہم کس حدیث کو مان سکتے اور حالت یہ ہے کہ حدیثیں تو ٹکڑے ٹکڑے کر دی گئی ہیں اور ہر شخص اپنی حدیثوں سے خوش ہو رہا ہے۔ ہماری وحی تو حی وقیوم لاشریک لہ سے ہے (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

مگر مشیت ایزدی میں مقدر ہو چکا تھا کہ یہ مونگیر آئیں گے اور اپنے عقائد باطلہ کی ترویج کے لئے اشتہار دیں گے اور علماء اور صلحاء اور صوفیائے کرام کی شان میں نہایت غیر مہذبانہ اشتہار شائع کر کے ان کو مجبور کریں گے کہ وہ مرزا قادیانی کی مسیحیت اور مہدیت کی تردید کر کے دنیا پر ثابت کر دیں کہ مرزا قادیانی کے دعاوی محض اوہام باطلہ ہیں جو قرآن وحدیث اور سلف صالحین کے آراء کے بالکل خلاف ہیں۔ چنانچہ دنیا نے دیکھ لیا کہ جب مرزا قادیانی کے ماننے والے مونگیر پہنچے اور اپنے عقائد باطلہ کی ترویج بذریعہ تحریر وتقریر کرنے لگے اور (مرزائی) مبلغین ہر طرف مرزائیت کی تبلیغ کرتے ہوئے نظر آنے لگے۔ عام طریق پر اعلان کیا جانے لگا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا وصال ہو گیا۔ ان کا بجسد عنصری آسمان پر موجود ہونا غلط خیال ہے۔ مرزا غلام احمد قادیانی ہی وہ مسیح ومہدی ہیں، جن کی پیشین گوئی حدیثوں میں بالتصریح موجود ہے۔ جس پر ان کے الہامات نیز چاند وسورج میں گہن لگنا شاہد عادل اور ایسے پختہ دلائل ہیں جن کی تردید نہیں ہوسکتی۔ بلکہ مرزا قادیانی کا یہ الہام بھی ہر ایک کو سنایا جانے لگا کہ: ''جس قدر امور غیبیہ مجھ پر ظاہر ہوئے کسی شخص کو بھی آج تک بجز میرے یہ نعمت نہ ملی۔ عیسیٰ بن مریم اگر آج ہوتے تو جس قدر کام میں کرتا ہوں وہ ہرگز نہ کر سکتے۔ وہ نشان جو مجھ سے ظاہر ہو رہے ہیں، ہرگز نہ دکھا سکتے۔ دنیا میں کم ہی ایسے نبی آئے ہیں جنہوں نے اس قدر معجزے دکھلائے ہوں جس قدر ہم نے دکھلائے ہیں۔'' وغیرہ وغیرہ!

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) اور تم تو مردوں سے (یعنی رسول اللہ ﷺ یا صحابہ اور رواۃ حدیث سے جو سب کے سب مر گئے ہیں) روایت کرتے ہو اس کے بعد کا ترجمہ یہ ہے کہ ہم نے تو دیکھا اور تم راویوں کا ذکر کرتے پھرتے ہو (بھلا) کیا حدیثیں رویت (یعنی) دیکھنے کے مقابلہ میں کوئی چیز نہیں۔

اور (دافع البلاء ص۲۰ خزائن ج۱۸ ص۲۴۰) کا یہ شعر تو مرزا قادیانی کا بہت مشہور ہے کہ:

ابن مریم کے ذکر کو چھوڑو — اس سے بہتر غلام احمد ہے

پس انصاف ہم ناظرین پر چھوڑتے ہیں اور خدا کے حوالہ کرتے ہیں۔ مگر پھر بھی ہم مسلمان ہیں اور قرآن شریف میں پڑھتے ہیں ''اذا مرّوا باللغو مرّوا کراماً'' لہٰذا ہم اس کتاب میں مرزا قادیانی کو ہرگز بلاوجہ برا نہ کہیں گے۔

حاصل یہ کہ انبیاء علیہم السلام کی تحقیر کی گئی جھوٹے الہام شائع کئے گئے۔ عقائد باطلہ کی ترویج واشاعت میں ایڑی سے چوٹی تک زور لگایا گیا۔ عام طور پر تحریر وتقریر میں علماء کرام، صوفیائے عظام کو بحث ومناظرہ کی دعوت دی جانے لگی۔ اشتہارات میں غیر مہذبانہ طریق پر علماء کرام، صوفیائے عظام کو مخاطب کیا جانے لگا کہ اگر کسی میں جرأت ہو تو مسجد اور گوشۂ خانقاہ سے نکلیں اور حق کی طلب میں مناظرہ مباحثہ سے جان نہ چرائیں۔ اس طرف اگر جواب جاہلاں باشد خموشی یا فضول ہنگامہ آرائی کو بے نتیجہ سمجھ کر ناقابل تخاطب سمجھا گیا تو اس کو اسکات اور اقرار مسیحیت اور مہدیت مرزا پر محمول کر کے عوام میں بدظنی پھیلائی جانے لگی۔

اور وہ وقت بالکل قریب تھا کہ صوبہ بہار کے مسلمان عموماً اور مونگیر واطراف مونگیر کے جاہل مسلمان خصوصاً اگر ان کی خبر نہ لی جاتی اور بذریعہ تحریر وتقریر ان کے عقائد باطلہ کی تردید نہ کی جاتی تو عوام یک بیک بے پناہ ہو کر مرزائیت کے جال میں گرفتار ہو جاتے اور دین وایمان کھو بیٹھتے اور ہمیشہ کے لئے قعر ضلالت میں گر کر **خسر الدنیا والآخرہ** کے مصداق ہو جاتے۔ یکایک رحمت الٰہی جوش میں آئی اور اپنے رسول کریم روحی فداہ ﷺ کی خیر الامۃ کو افراط وتفریط سے محفوظ رکھنے کے لئے ایک برگزیدہ بندہ کو چن لیا اور سنن الٰہیہ مستمرہ نے عین وقت پر ان گمراہ شدگان سبیل ہدایت کے لئے ایک رہبر کامل، ہادی فاضل، مورد فضل رحمانی، نور دیدہ غوث جیلانی حضرت جناب مولانا مرشدنا سیدنا ابواحمد سید محمد علی صاحب **افاض اللہ برکات فیوضہ علی رؤسنا** کو عنایت فرمایا اور خدا نے جناب کے قلب مبارک میں یہ بات راسخ کر دی کہ ان دشمنان دین کے عقائد باطلہ کے اثر سے مسلمانوں کے دل ودماغ کو محفوظ رکھا جائے۔ **فالحمدللہ علی ذالک!**

پس جس طرح ظلمت شب کی تاریکی انوار صبح کی سپیدی کے آگے کافور ہو جاتی ہے اور مغرور کرمک شب تاب کی جھوٹی روشنی آفتاب کی درخشندگی کے آگے مٹ جاتی ہے اور شپر ضلالت آفتاب ہدایت سے اندھے ہو جاتے ہیں اور اولیاء شیطان کی جماعت، اولیاء اللہ کے اس گروہ کے آگے جن کے لئے خدائی وعدہ ''**ان اولیاء اللہ ھم المفلحون**'' ہو چکا ہے۔ **ھم الخٰسرون** کے مصداق ہو جاتے ہیں۔

بالکل اسی طرح دنیا نے دیکھ لیا کہ آفتاب ہدایت رحمانی کے آگے چراغ ضلالت مرزائیت ماند پڑ گئی اور لوگوں نے سمجھ لیا کہ آفتاب کے ہوتے ہوئے چراغ کی طرف دوڑنا

فعل عبث ہے۔ کیونکہ بذریعہ فیصلہ آسمانی، شہادت آسمانی وغیرہ وغیرہ نہایت روشن طریق پر یہ ظاہر کردیا گیا تھا کہ ایک تو نفس پیشین گوئی کو صداقت کے لئے معیار ٹھہرانا غلط ہے۔ کیونکہ رمل اور جفر کے جاننے والے بھی دن رات پیشین گوئیاں کرتے ہیں، جن میں بعض:

گاہ باشد کہ کودک نادان بغلط بر ہدف زند تیرے

کے اصول پر صحیح بھی ہوجاتی ہے۔ دوسرے یہ کہ مرزاقادیانی نے جس پیشین گوئی یا الہام کو اپنا نہایت عظیم الشان نشان بتلا کر دنیا کے سامنے پیش کیا تھا، بالکل غلط ثابت کردیا گیا اور اس کے صحیح ثابت کرنے میں جس قدر تاویلات رکیکہ سے کام لیا جاتا تھا۔ ان کے تاروپود کو ایک ایک کرکے الگ کردیا گیا۔ تیسرے یہ کہ جس چاند وسورج کے اجتماعی گہن کو مرزاقادیانی اپنی مہدیت اور مسیحیت کے ثبوت میں نہایت موٹے موٹے حرفوں میں لکھ کر پیش کیا کرتے تھے۔ ایسی قلعی کھولی گئی کہ عالم مرزائیت میں لرزہ پڑ گیا۔ حتیٰ کہ خود ان کے معتقدین کے ایمان میں تزلزل پڑ گیا اور آپس میں اطمینان قلب کے لئے مراسلات ہونے لگے اور ان سب مجموعی باتوں کا اتنا اثر ہوا کہ مونگیر واطراف مونگیر میں ایک ایک بچہ پر مرزائیت کی بطالت آفتاب کی طرح روشن ہوگئی۔

اور جہاں کہیں تبلیغ مرزائیت کے لئے مبلغین پہنچے۔ سب سے پہلے فیصلہ آسمانی شہادت سنادی گئی کہ اگر اس کا جواب تمہارے پاس ہے تو خیر ورنہ آپ فضول وعظ وپند کی تکلیف گوارا نہ فرمایئے۔

جس کو سن کر ہاتھ پاؤں پھول گئے اور دربار خلافت حکیم مولوی نورالدین قادیانی سے لے کر اعوان انصار تک نے اس کے جواب میں خون تک پانی کردیا۔ مگر بقول: ''لن یصلح العطار ما افسدہ الدھر'' کچھ جواب دیتے نہ بنا اور سراسر ناکامی ہوئی اور جو کچھ لکھا بھی گیا ان کی غلطیاں فوراً شائع کردی گئیں۔ جس سے عوام بھی ان کو ناقابل تخاطب سمجھنے لگی اور ہر جانب سے ان کی حرکت مذبوحی پر ''الیس منکم رجل رشید'' کی صدا بلند ہونے لگی۔

جب ہمارے دوستوں کا یہ نقشہ ہوگیا تو ہمارے احباب نے ایک دوسری راہ اختیار کی۔ یعنی ذاتیات پر اتر آئے اور بجائے اس کے کہ فیصلہ آسمانی اور شہادت آسمانی کا کوئی معقول جواب لکھتے، ہمارے مکرموں نے، اسرار نہانی جیسی فحش کتاب لکھ کر اور گالیاں دے کر جلے دل کے آبلے توڑنے لگے اور چاہا کہ اس طریق سے عوام کو دوسری طرف متوجہ کرکے

الجھا دیں اور اس کا موقع ہی نہ دیں کہ مرزا قادیانی کی تردید کے متعلق وہ کوئی تحریر وتقریر لکھیں یا دیکھیں یا کریں یا سنیں۔

مگر ان کو یاد رکھنا چاہئے کہ اس سے مرزا قادیانی کی مسیحیت اور مہدیت کا اثبات نہیں ہوسکتا چاہئے وہ ''اسرار نہانی'' کی طرح لاکھ کتابیں لکھ جائیں۔ تاوقتیکہ فیصلہ آسمانی، شہادت آسمانی کا معقول جواب نہ دیں۔

پس یہ اصل وجہ تالیف ''اسرار نہانی'' ہے جس پر حکیم (خلیل قادیانی) نے فواحشات کی دیوار چنی ہے اور اپنے خیال میں یک چلتا ہوا منتر تصور کیا۔ مگر ان کو یاد رکھنا چاہئے:

چلا ہے او دل راحت طلب کیوں شادماں ہوکر　　زمین کوے مرزا رنج دے گی آسماں ہوکر

اس کتاب میں کیا ہوگا

اس مختصر رسالہ میں حکیم خلیل احمد (قادیانی) مصنف ''اسرار نہانی'' کے ان مزخرفات اور ہفوات کا منصفانہ جواب ہوگا جو مرشدنا مخدوم مجدد العصر حضرت مولانا ابواحمد سید محمد علی صاحب قبلہ مدظلہ دامت شموش افضالہ علیٰ روسنا کی ذات اقدس کے متعلق تحریر کئے ہیں مگر جواب کا وہ طریق نہیں اختیار کیا جائے گا جس کو حکیم (خلیل قادیانی) نے عناداً اختیار کیا ہے اور بات بات پر گالیاں دینا اور فواحش پر اتر آنا اپنی تحریر کا امتیاز خاص ٹھہرایا ہے بلکہ نہایت مہذب طریق پر ان کے ہر اعتراضوں کا جواب دیا جائے گا۔ کیونکہ ایک طرف تو قرآن مجید کا یہ ارشاد ہے کہ: ''جادلهم بالتی هی احسن'' دوسری طرف واقعات عالم یہ کہہ رہے ہیں:

گر پائے کسے سگ گزیدہ　　سگ را نتواں عوض گزیدن

مگر ہاں! بحیثیت منصفانہ تنقید کے ہم ان امور کے اظہار وتحریر پر مجبور محض ہوں گے جو صاف اور کھلے طور پر ان کے الفاظ سے ثابت ہوں گے۔ کیونکہ بغیر اس کے ہم اپنے فرض تنقید سے سبکدوش نہیں ہوسکیں گے:

ہر سخن جائے وہر نکتہ مکانے دارد

پس ہم خدا سے التجاء کرتے ہیں: ''ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ هديتنا واهدنا الصراط المستقيم. صراط الذين انعمت عليهم غير المغضوب عليهم ولاالضالين. واصلح لنا واخواننا الذين ضلّ سعيهم فی الحيوٰة الدنيا وهم يحسبون انهم يحسنون صنعا''

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حامداً ومصلیا ومسلما

حضرت مولانا مدظلہ کی شان میں مزخرفات حکیم (خلیل قادیانی) نے تحریر کئے ہیں، ان سب کا خلاصہ ذیل کے نمبروں میں ہو جاتا ہے۔

۱…… ’’جناب کان پوری صاحب جس وقت جگانے والے نے آپ کو قلم کے نیزے سے جگایا تھا اور جس وقت وہ خدا کا پہلوان رعد کی طرح کڑکتا تھا اور آپ جیسے مولوی کے عقائد باطلہ پر بھسم کر دینے والی صداقت کی بجلی گراتا تھا۔ اس وقت آپ کس خواب خرگوش میں تھے۔‘‘ (اسرار نہانی ص۴۵)

۲…… ’’آپ پر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے جلیل القدر علماء اور فضلا اور مشہور اکابرین نے آپ کے رویہ اور عقائد پر نظر کر کے کفر کا فتویٰ دیا۔ مکہ معظمہ کے علماء نے ناظم ندوہ کو خارجی معتزلی…… الخ! وغیرہ وغیرہ خطابات دیئے۔ دیکھو: ’’فتاویٰ الحرمین برحف ندوۃ المین ص۳۸،۳۹‘‘ (اسرار نہانی ص۲۳)

۳…… اس کے بعد آپ تحریر فرماتے ہیں: ’’ندوہ سے علیحدگی کے بعد آپ مونگیر آئے اور مکانات بنوائے، زمین دوز تہہ خانے کھدوائے، پھلواری آراستہ ہوئی اور گل بوٹے کھلنے لگے۔ ان دنوں آپ ایک دنیا دار انسان کی طرح اپنی بقیہ زندگی کے دن کاٹ رہے ہیں۔ چونکہ اپنے کو جناب شاہ فضل رحمٰن صاحب مرحوم کا خلیفہ مشہور کر رکھا ہے اور پیری مریدی کا چلتا روزگار شروع کر دیا۔‘‘ (اسرار نہانی ص۲۵،۲۶)

۴…… اس کے بعد حکیم صاحب نے حضرت مولانا مدظلہ کے خوابوں پر اعتراض کیا ہے اور تعبیر طبع زاد تحریر کر کے اپنی پاکیزہ فطرت کا ثبوت دیا ہے جس کا ہمارے ناظرین آگے چل کر بعد ملاحظہ خود فیصلہ کر لیں گے کہ کیا کوئی نیک فطرت دین دار مسلمان ایسی تحریر لکھ سکتا ہے اور کیا کسی تعلیم یافتہ انسان کا ضمیر ایسے لب ولہجہ کو پسند کر سکتا ہے ہرگز نہیں۔

خیر وہ اصحاب جن کی نظر سے حکیم صاحب کی اسرار نہانی گزری ہوگی ان پر تو ’’ما فیہ من الکدر والصفا‘‘ منکشف ہی ہوگا۔ ہاں! وہ حضرات جنہوں نے حکیم صاحب کے اسرار نہانی کا مطالعہ نہیں کیا ہے۔ ان سے گزارش ہے کہ حکیم صاحب کے کل ہفوات کا حاصل اور خلاصہ وہی ہے جس کو ہم نے سب وشتم اور گالیوں سے الگ کر کے صدر کے نمبروں میں لکھ

دیا ہے اور ذیل میں ہم ہر نمبر پر الگ الگ روشنی ڈالتے ہیں۔ وما توفیقی الا باللہ!

پہلے نمبر کا جواب

''وان فریقاً منهم لیکتمون الحق وهم یعلمون (البقرۃ:۱۴۶)''

حکیم (خلیل قادیانی) کا یہ پوچھنا کہ مرزا قادیانی کی حیات میں آپ نے کیوں نہیں مرزا قادیانی کی طرف توجہ کی۔ ایک عجیب مہمل بات ہے جس کا دوسرے لفظوں میں یہ معنی ہے کہ آج مرزا قادیانی کے متعلق جو کچھ ہم کہیں یا مرزا قادیانی کہہ گئے بلا چوں وچرا تسلیم کرلو اور استان مرزائیت پر جبین عقیدت مسیحیت اور مہدیت غلام احمد قادیانی رگڑ رگڑ کر وفات مسیح کا اقرار کرلو اور گرچہ قرآن وحدیث کے صریح خلاف ہی کیوں نہ ہو، رفع عیسیٰ الیٰ السماء کا انکار کرو۔

ہم پوچھتے ہیں کیا حکیم صاحب کسی آریہ کے اس قول کے اعتراف کو تیار ہیں، اگر وہ کہے کہ حضرت آپ اس وقت کہاں تھے جب ہمارے مہاتما دیانند جی مہاراج آپ کو وید کے ایشوری پشتک پر بحث ومناظرہ کے لئے للکارتے تھے۔ پس آج آپ کو اس کا کوئی حق نہیں ہے کہ وید کے الہامی ہونے سے انکار کر جائیں۔ ممکن ہے حکیم (خلیل قادیانی) اقراری جرم کی وجہ سے گناہ انکار وید کے معترف ہوجائیں۔ مگر ہمارے ایسا شخص تو فوراً یہ جواب دے کر اس کو ساکت کردے گا کہ دیانند جی مہاراج جہاں مناظرہ کے لئے للکارتے تھے، وہاں مناظرین اسلام نے ان کو دھتکار دیا اور ثابت کردیا کہ وید نہ کبھی الہامی کتاب تھا نہ اب ہے نہ اس کی تعلیمات ایشوری تعلیمات ہونے کی سزاوار ہیں۔ اب جب تم ہم میں اس کی تبلیغ کرنے آئے ہو اور چاہتے ہو کہ اس غلط اور باطل مذہب کی اشاعت مسلمانوں میں کریں تو ہم اس کی تردید کو تیار ہیں اور ہم پر فرض ہے کہ اس کے زہریلے خیالات سے لوگوں کے دل ودماغ کو محفوظ رکھیں اور دنیا پر ثابت کردیں کہ وید کا نام کسی طرح الہامی کتاب کی فہرست میں درج نہیں ہوسکتا ہے۔

پس یہی جواب آپ کے بھی اس بے معنی سوال کا ہے۔ یعنی مرزا قادیانی جب تک زندہ رہے اور جہاں کہیں وہ رعد کی طرح کڑکتے رہے۔ وہی مقدس علماء نے خدائے ذوالجلال کے قہر کی طرح ان پر نازل ہوکر ان کو ساکت اور خاموش کردیا۔

کیا آپ کو معلوم نہیں کہ مولانا ثناء اللہ صاحب (شیر پنجاب) امرتسری جن کے نام سے بھی آپ خواب میں چونک اٹھتے ہوں گے، کس طرح قادیان پہنچ کر

مرزا قادیانی کودم بخود بنا دیا تھا کہ صورت دکھلانے کی جرأت نہ کر سکے تھے۔ مناظرہ تو بڑی چیز ہے۔ وللہ درہٗ من قال:

سمجھے تھے وہ غلط کوئی سرکوب ہی نہیں — فرعون کے لئے کوئی موسیٰ نہ آوے گا

اب جب آپ حضرات مونگیر میں (بعقائد اہل سنت والجماعت) اپنے فاسد خیالات کی اشاعت کرنے آئے اور چاہا کہ عوام کالانعام کے دماغ میں مرزا قادیانی کی مسیحیت اور مہدیت کا بیج بوئیں اور ان کے خزینۂ دین اور ایمان کو تخت وتاراج کریں تو علمائے حقانی بفحوائے حدیث نبوی ﷺ کے: ’’من رأی منکم منکراً فلیغرہ بیدہ فان لم یستطع فبلسانہ فان لم یستطع فبقلبہ وذلک اضعف الایمان (رواہ مسلم) ‘‘تم میں سے جو شخص امر منکر یعنی خلاف دین وایمان امور کو دیکھے تو اس کو لازم ہے کہ اپنے ہاتھ سے دور کردے اور اگر اس کی قدرت نہ رکھتا ہو تو زبان سے بذریعہ وعظ وپند اس کو مٹادے اور اگر اس کی بھی طاقت نہ ہو تو اپنے دل ہی میں برا سمجھے۔ مگر یہ نہایت کمزوری ایمان کی علامت ہے۔ روایت کیا اس حدیث کو مسلم نے۔

اٹھ کھڑے ہوئے اور تقریر اور تحریر سے اس باطل خیال کے بطلان کو عوام پر اچھی طرح سے ثابت کر دیا اور بذریعہ فیصلۂ آسمانی، شہادت آسمانی، معیار المسیح، حقیقت المسیح وغیرہ وغیرہ کے اپنے مسلمان بھائیوں کو متنبہ کیا کہ ان اباطیل سے بچو۔ ورنہ تمہارے ایمان واسلام کا خطرہ ہے۔ بحمداللہ! کہ اس کا اتنا اثر ہوا کہ آج مونگیر واطراف مونگیر میں ہر ہر بچہ کو اس کی اطلاع ہے کہ ناقص اور سب سے باطل قرآن وحدیث کے خلاف اگر کوئی خیال ہوسکتا ہے تو وہ مرزائیوں کا ہے۔

ورنہ حضرت مولانا مدظلہ (حضرت مولانا محمد علی مونگیری) کو ان ہنگاموں سے کیا مطلب اور حضرت مولانا مدظلہ کیوں ایسی باتوں کی طرف توجہ فرماتے۔ اولیاء اللہ، علمائے حقانی، صوفیائے کرام ایسے امور کی طرف اسی وقت توجہ فرماتے ہیں جب دیکھتے ہیں کہ دشمنان دین زور پکڑ رہے ہیں اور بہت زیادہ احتمال ہے کہ اگر وہ اپنی حالت پر اب بھی چھوڑ دیئے گئے تو دنیا ضلالت آباد میں جائے گی اور خدا کے خاص بندے خیر الامۃ افراط وتفریط میں پڑ کر بدترین خلائق ہوجائیں گے تو پھر وہ تسبیح کی جگہ اپنی انگلیوں میں قلم کو زینت دیتے ہیں اور درود ووظائف معمولہ کی جگہ عقائد باطلہ کی تردید کرتے ہیں کیونکہ:

مجھے یہ ڈر ہے دل زندہ تو نہ مرجائے — کہ زندگانی عبارت ہے تیرے جینے سے

باقی حکیم (خلیل قادیانی) کا یہ فرمانا: ’’اگر آپ چاہتے تو براہین احمدیہ کا جواب لکھ کر دس ہزار حاصل کر لیتے یا نورالحق کا جواب لکھ کر پانچ ہزار حاصل کر لیتے یا حیات عیسیٰ اسرائیلی علیہ السلام کے زندہ بجسد عنصری آسمان پر جانے کی کوئی آیت قرآنی یا حدیث پیش کر کے بیس ہزار حاصل کر لیتے۔ وغیرہ وغیرہ!‘‘

ان سب کی حقیقت دنیا پر واضح ہو چکی ہے اور یہ سب محض لایعنی باتیں ہیں اور دھینگا مشتی اور ہنگامہ آرائی ہے۔ ہم لوگ فدایان رحمانی جو کچھ کرتے ہیں محض خدا کے واسطے اور لوجہ اللہ اور اسلام اور دین مبین کے خدمت کے لئے کرتے ہیں۔ جس سے مقصود محض حفاظت دین ہے۔ نہ کسی سے کوئی ذاتی مخاصمت مدنظر ہے نہ اپنی تعلّی اور شہرت۔ یہ ان ہی لوگوں کو مبارک ہو جو بندہ زر ہیں:

بر وایں دام بر مرغ گرنہہ   کہ عنقا را بلند است آشیانہ

حکیم صاحب کا افتراء

’’انما یفتری الکذب الذین لا یؤمنون بایٰت اللہ (النحل:۱۰۵)‘‘ ممکن ہے ہمارے دوست ہماری سرخی سے کبیدہ خاطر ہو جائیں اور تہذیب کے جامہ میں آ خر شکوہ سنج ہوں۔ مگر میں سچ عرض کرتا ہوں اگر آپ اپنے ضمیر سے بھی ایسے افعال کے متعلق فتویٰ چاہیں گے تو وہ بھی آپ کو یہی کہے گا۔’’ان ھذا بھتان عظیم (النور:۱۶)‘‘ بے شک یہ بڑی تہمت ہے جس کا فیصلہ ہم اس جگہ اپنے ناظرین پر چھوڑتے ہیں کہ یہ سرخی اپنی جگہ پر ہے یا نہیں۔

آ و اسے دیکھ لو جاتا رہے گلہ دل کا   بس ایک نگاہ پہ ٹھہرا ہے فیصلہ دل کا

حکیم (خلیل قادیانی) ایک جگہ تحریر فرماتے ہیں: ’’ایسے عظیم الشان انسان (یعنی مرزا قادیانی) کا نام نامی آتے ہی کانپوری صاحب کہہ دیا کرتے تھے کہ مجھ کو الہام ہوا ہے۔ ’’ایں راہگزار و بکار خویش مشغول باش، یہ الہام کان پوری صاحب کا عام لوگوں میں مشہور ہے۔ چنانچہ اس وقت اگر ان کے مریدوں سے حلفاً دریافت کیا جائے تو وہ کہہ سکتے ہیں کہ پیر جی نے بارہا لوگوں کے سامنے یہ الہام سنایا ہے۔‘‘

حکیم (خلیل قادیانی) کا دعویٰ تو یہ ہے کہ یہ الہام عام لوگوں میں مشہور ہے۔ اب ہم سب سے پہلے اپنے ناظرین کرام ہی کو مخاطب کرتے ہیں اور پوچھتے ہیں کہ آپ بھی عوام کے ایک فرد ہیں۔ آپ خدا کو حاضر ناضر سمجھ کر فرمائیے کہ کیا آپ کو یہ الہام معلوم ہے؟ اگر

آپ کو معلوم نہیں تو سچ فرمائیے کہ یہ جھوٹ اور اس کا نام افتراء ہے یا نہیں۔

میرے دل کو دیکھ کر میری وفا کو دیکھ کر بندہ پرور منصفی کرنا خدا کو دیکھ کر

رہے خواص یعنی حضرت مولانا مدظلہ کے مریدین تو میں (جو یکے از خدام ہوں) حلفاً کہتا ہوں کہ مجھ کو اس الہام کا حضرت مولانا مدظلہ کی زبان مبارک سے سنتا تو کیا معنی۔ مجھ کو آج تک اس کی اطلاع بھی نہ تھی۔ ہاں! یہ پہلا موقع ہے کہ حکیم صاحب کے اسرار نہانی کی زبان سے سن رہا ہوں۔ واللہ علیٰ ما اقول شهید!

پس یہ دو دلیلیں تھیں جو غلط ثابت ہوگئیں اور حکیم (خلیل قادیانی) کا افتراء نہایت روشن طریق پر ثابت ہوگیا اور ہم امید کرتے ہیں کہ حکیم صاحب نہیں تو ہمارے ناظرین کو ہماری سرخی کی تصدیق ہوگئی ہوگی۔ کیونکہ افتراء کی نسبت حکیم (خلیل قادیانی) کی طرف خود ان کی ناجائز کرتوت کی وجہ سے ہے:

گل وگل چیں کا گلہ بلبل خوش لہجہ نہ کر تو گرفتار اپنی صدا کے باعث

اخیر میں ہم حکیم صاحب سے محض اس قدر کہنا چاہتے ہیں کہ آہ آپ نے ناجائز حمیّت میں جھوٹ وافتراء سے بھی دریغ نہ فرمایا اور قرآن کی اس سخت وعید کو بھی آپ نے فراموش فرمادیا ''انما یفتری الکذب الذین لا یؤمنون بایٰت اللہ'' جھوٹ وافتراء

۱؎ اور اگر یہ صحیح ہو اور کسی وجہ سے مجھ کو نہیں دوسرے کو علم ہو تو اس پر حکیم صاحب ایسے شخص کا معترض ہونا خدا کی شان ہے۔ آپ کے پیر خلیفۃ المسیح ثانی مرزا محمود (قادیانی) نے تو خود حقیقت النبوۃ میں مرزا قادیانی کے بہتیرے الہامات کو یہ کہہ کر رد کردیا ہے۔ یہ الہام ابتداء اور بے سمجھی کے وقت کا ہے۔ اصل حقیقت کا انکشاف آپ کے بعد ہوا تو کیا یہاں بھی آپ یہی فرمائیں گے کہ یہ دونوں الہام آپ کے سچے ہیں یا جھوٹے، شیطانی ہیں یا رحمانی۔ (اسرار نہانی ص۳۳) و نیز اپنے ان دونوں سفید وسیاہ الہاموں کی تطبیق کر کے دکھائیے یا اپنے الہام بھیجنے والے کے پاس درخواست کیجئے یا کیفیت طلب کیجئے۔ (اسرار نہانی ص۳۴) کہ اولاد تو خود مراچناں گفتہ بودی حالا چہ گونہ خلاف وعکس آن الہام کنے (مصنف)

علاوہ بریں ''ایں را بگذار'' کا معنی یہ سمجھنا کہ مرزا کی تردید نہ کرو۔ آپ ہی کا حصہ ہے اس کا تو صاف مطلب یہ ہے کہ مرزا قادیانی جو جھوٹ مہدی اور مسیح ہونے کا دعویٰ کر رہے ہیں اس کا اعتراف کرو اور ''بکار خویش مشغول باش'' یعنی اپنے کام میں جس پر تم ہو اور تمہارا مسلک و مذہب ہے اسی پر قائم اور اسی پر عامل اور اس میں مشغول رہو اس سے مرزا کی تعریف نکلی یا مذمت ہر جگہ الٹا سمجھنا آپ ہی کا حصہ ہے۔

تیری کمزوریاں تیری دلیلیں دیکھ لیں ہم نے تیرے پیچھے ہی پیچھے ہر جگہ پھرتی ہے رسوائی

وہی باندھتے ہیں جو خدا کی آیات پر ایمان نہیں رکھتے۔

دوسرے نمبر کا جواب

’’وجوہ یومئذ علیہا غبرۃ ترھقہا قترہ (عبس:۴۰،۴۱)‘‘

معزز ناظرین! اس حقیقت کا انکشاف کہ واقعی حضرت مولانا مدظلہٗ پر علماء مکہ معظّمہ نے تکفیر کی ہے اور وہ (فتاویٰ الحرمین ص۳۸،۳۹) میں موجود ہے۔ اسی وقت ہوسکتا ہے کہ آپ خود فتاویٰ مذکور ملاحظہ فرمالیں کہ پوری کتاب میں ایک جگہ بھی حضرت مولانا کا اسم گرامی ہے یا محض حکیم (خلیل قادیانی) کا افترا ہے۔ ہم نے کتاب مذکور بہتیرے مطبع اور ہندی مصر کتب خانوں میں تلاش کیا مگر حسن اتفاق سے کہیں نہیں ملی۔ مجبوراً حکیم خلیل صاحب (مصنف اسرار نہانی) کی طرف رجوع کیا کہ آپ عنایت فرما کر فتاوی الحرمین ہمارے نام قیمتاً ارسال فرمائیں۔ جواباً جو کچھ حکیم صاحب نے تحریر کیا ہے بلفظہٖ نقل مطابق اصل کردیا جاتا ہے۔

خلیل احمد، معرفت قادر بخش

الخبیر راما ئسینس فیکٹری کوڑیا پل دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علٰی رسولہ الکریم

مکرم بندہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

چونکہ آج کل میں دہلی میں چندروز کے لئے مقیم ہوں، اس لئے آپ کا مرسلہ کارڈ دیر میں مجھ کو ملا۔ پہلے مونگیر آیا، پھر مونگیر سے یہاں پہنچا۔ فتاویٰ الحرمین کی آپ کو ضرورت ہے۔ یہ کتاب بمبئی میں چھپی تھی۔ مولوی رضیٰ احمد صاحب بریلوی نے طبع کرایا تھا۔ مگر اب یہ کتاب ان کے پاس نہ رہی۔ آپ ان کے پتہ پر خط لکھ کر ان سے بھی دریافت کرلیں اور لکھیں کہ مولوی محمد علی کان پور پر جو فتویٰ کفر آپ نے مکہ معظّمہ سے منگوایا تھا وہ فتوی یعنی فتاوی الحرمین مجھے بھیج دیں۔ ممکن ہے کہ آپ کے نام بھیج دیں۔ مگر قرینہ یہ ہے کہ یہ کتاب ان کے پاس نہیں رہی۔ مولوی رضا احمد صاحب ہمارے سلسلہ احمدیہ کے بھی مخالف ہیں۔ مگر کیا حرج آپ ان سے بھی دریافت کرسکتے ہیں۔ میرے پاس وہ کتاب تھی اور میں آپ کو دے سکتا تھا مگر افسوس کہ آج کل یہ کتاب عدالت میں داخل ہے۔ چونکہ مقدمہ ابھی ہائی کورٹ میں لگا ہوا ہے۔ اس لئے عدالت سے ابھی نہیں لی ہے۔ مقدمہ کے فیصل ہونے کے بعد ان شاء اللہ

تعالیٰ! عدالت سے جب واپس ہوگی تو میں آپ کی خدمت میں بھیج سکتا ہوں۔ اگر اس کتاب کی سخت ضرورت ہو تو عدالت میں درخواست دے کر اس کتاب کو دیکھ سکتے ہیں۔ میں نے جو ''اسرار نہانی'' میں حوالہ دیا ہے وہ حوالہ بہت صحیح اور درست ہے۔ مولوی محمد علی کان پوری کبھی اس سے انکار نہیں کر سکتے۔ دہلی میں بالفعل ہمارا پتہ یہ ہے۔ حکیم خلیل احمد قادیانی معرفت قادر بخش صاحب انجیر اسیشن فیکٹری کوڑیا پل دہلی۔

جواباً حکیم (خلیل قادیانی) کو لکھ دیا گیا تھا کہ جب آپ مونگیر تشریف لائیں مجھ کو مطلع فرماویں۔ میں بتوسط آپ کے درخواست دے کر ضرور اس کو دیکھوں گا۔ ہنوز کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔

بہرکیف حکیم (خلیل قادیانی) کے خط سے چند باتیں معلوم ہوئیں (۱) فتاویٰ مذکور کو جناب مولانا احمد رضا خان صاحب نے طبع کرایا ہے۔ (۲) مولانا مذکور ہی نے مکہ معظّمہ سے مرشدنا مولانا محمد علی صاحب قبلہ مدظلہ العالی کی شان میں کفر کا فتویٰ منگوایا ہے۔ (۳) اسرار نہانی میں حضرت مولانا محمد علی صاحب قبلہ کی نسبت جو کفر کے فتوی کا حوالہ دیا ہے۔ وہ درست ہے اور اس سے انکار نہیں ہوسکتا۔ (۴) ان کے اس تحریر سے ''مگر اب کتاب ان کے پاس بھی نہ رہی'' یہ معلوم ہوتا ہے کہ فتاویٰ مذکور دوسروں کے پاس تو کیا مولانا احمد رضا خان صاحب کے پاس بھی (باوجودیکہ آپ ہی طبع کرایا ہے) نہیں ہے۔

اب ہر ہوش مند انسان سمجھ سکتا ہے کہ ایسی حالت میں کہ جب کتاب مذکور کے ملنے کی ہر طرح سے یاس ہوگئی ہو۔ کیا حکیم (خلیل قادیانی) کے حوالہ کی تصدیق کی اس سے کوئی اور عمدہ صورت ہوسکتی ہے؟ کہ خود مولانا احمد رضا خان صاحب سے حسب تحریر حکیم (خلیل قادیانی) کتاب مذکور طلب کی جاوے اور استفسار کیا جائے کہ آپ نے حضرت مولانا مولوی محمد علی صاحب قبلہ پر کفر کا فتویٰ مکہ معظّمہ سے منگوایا ہے یا نہیں اور منگوایا ہے تو وہ فتاویٰ الحرمین یا کسی دوسرے رسالہ میں طبع کرایا ہے یا نہیں اور حکیم خلیل قادیانی جس فتوے کو حضرت مولانا کی طرف منسوب کرر ہے ہیں۔ وہ اپنے اس بیان میں سچے ہیں یا نہیں؟ اور جب حکیم خلیل قادیانی کو خود اعتراف ہے کہ: ''مولانا موصوف ہی نے اس فتوے کو مکہ معظّمہ سے منگوایا اور طبع کرایا ہے۔'' اس فتویٰ کے مضامین کے متعلق جو کچھ مولانا ممدوح کا ارشاد ہوگا وہ حکیم خلیل قادیانی پر اقبال ڈگری ہوگی یا نہیں؟

یوں تو ہر شخص کے منہ میں زبان ہے مگر ایک منصف طبیعت اور انصاف پسند تو یہی کہے گا کہ اس سے بہتر فیصلہ کی دوسری صورت متصور نہیں ہوسکتی اور بے شک جناب مولانا احمد رضا خان صاحب کا ہر بیان اس فتاویٰ کے متعلق حکیم خلیل قادیانی پر ایک اقبالی ڈگری ہوگی۔

چنانچہ حسب تحریر حکیم خلیل قادیانی مولانا موصوف کی خدمت میں جوابی کارڈ تحریر کیا گیا۔ اس کے جواب میں مولانا ممدوح کے مہتمم مطبع نے جو کچھ تحریر فرمایا ہے۔ ذیل میں بلفظہٖ درج کیا جاتا ہے۔

مکرمی۔ وعلیکم السلام آپ کے دو خط آئے جواباً گزارش ہے۔ قادیانیوں کا محض دھوکا ہے۔ مولوی محمد علی (صاحب) ناظم ندوہ کی نہ یہاں سے تکفیر ہوئی ہے، نہ عرب شریف سے کفر کے فتوے آئے۔ ہاں! ندوہ کا ردّ البتہ کیا گیا اور اس کے ردّ میں عرب شریف سے فتوے آئے جو فتاویٰ الحرمین میں شائع ہوئے۔ اس میں کہیں مولوی محمد علی (صاحب) کی تکفیر نہیں ہے۔ اب فتاویٰ الحرمین یہاں نہیں رہا ورنہ ضرور بھیجا جاتا۔ بمبئی والوں نے چھاپا تھا اسی زمانہ میں تقسیم کر دیا۔ البتہ غلام احمد قادیانی کی تکفیر علمائے حرمین شریفین نے کی جو حسام الحرمین میں موجود ہے۔ مگر اب حسام الحرمین کی جلدیں بھی دو تین ماہ سے ختم ہوگئی ہیں۔ البتہ حسام الحرمین عربی بلاترجمہ شاید دو ایک نسخہ مل جائے۔ اس کی ضرورت ہوگی تو بھیج دیا جائے گا۔ رسائل ردقادیانیت جو دفتر میں موجود ہیں، روانہ کئے جاتے ہیں۔

فقط: امجد علی اعظمی مہتمم مطبع اہل سنت بریلی

مؤرخہ ۸؍رجب ۱۳۳۴ھ، بمطابق ۱۱؍مئی ۱۹۱۶ء

اب ہم اس کا انصاف معزز ناظرین ہی سے چاہتے ہیں کہ کیا اس سے بڑھ کر افتراء سازی کی کوئی دوسری مثال مل سکتی ہے؟ ہرگز نہیں۔

خیال فرمایئے! یہ کیسا سیاہ جھوٹ ہے کہ میرا حوالہ درست ہے۔ حالانکہ کہیں نام ونشان تک نہیں اور یہ کیسا صریح افتراء ہے کہ مولانا احمد رضا خان صاحب نے ان کی تکفیر کا فتویٰ مکہ معظّمہ سے منگوایا تھا۔ دراں حالیکہ نہ ان کے یہاں سے کوئی فتویٰ حضرت مولانا مدظلہ پر تکفیر کا دیا گیا اور نہ عرب شریف کے علماء نے کوئی فتویٰ اس طرح کا تحریر فرمایا اور نہ مولانا احمد رضا خان صاحب نے منگوایا۔

مگر ہزار آفریں حکیم صاحب کے ایمان وتقویٰ پر کہ محض جھوٹ مع حوالہ صفحہ آپ

کے لکھ مارا کہ (فتاوی الحرمین ص ۳۸، ۳۹) میں مولوی محمد علی صاحب پر کفر کا فتویٰ موجود ہے۔ حالانکہ اس میں حضرت مولانا مدظلہ کا کہیں نام ونشان تک نہیں ہے۔

یہی راز تھا کہ جس کی وجہ سے حکیم صاحب نے ناظم ندوہ کے بعد ہلال (بریکٹ) میں مولوی محمد علی لکھ کر اپنے اعمال نامہ کو سیاہ کیا اور افراد بہتان کی ناپاک غلاظت سے اپنی کتاب کو ملوث کیا اور اس کا کھٹکا تک نہیں ہوا کہ جھوٹے طلسم کا راز ایک نہ ایک روز کھل ہی کر رہتا ہے۔

مگر نہیں ان کو ان کے مغرور نفس نے اس دھوکے میں رکھا کہ نہ کتاب ملے گی نہ ہمارے بہتان وافتراء کا طلسم ٹوٹے گا۔

اب حکیم خلیل قادیانی کو غور کرنا چاہئے کہ آپ کے اس الزام کی کیا وقعت ہے کہ جو جواب اس موقع پر آپ دے دیں گے وہی جواب میں بھی ان لوگوں کے بارے میں دوں گا جنہوں نے احمدیوں پر یا احمدیوں کے امام مسیح موعود پر کفر کا فتویٰ دیا ہے یا دلایا ہے۔

حکیم (خلیل قادیانی)، مرزا قادیانی کی قسمت کو کہاں تک روئیے گا۔ ان کے لئے تو فیصلہ ہو چکا: ''**لا تعتذروا قد کفرتم بعد ایمانکم** (التوبۃ: ۶۶)'' بہانے نہ بناؤ بے شک ایمان کے بعد کافر ہو چکے ہو۔ ہاں! آپ اپنی قسمت پر البتہ روئیے۔ کیونکہ بلا وجہ شرعی محض افتراء وکذب وبہتان اور اختراع طبیعت سے کسی مسلمان کو کافر کہنا۔ دوسرے لفظوں میں اپنے کو کافر کہنا ہے۔ پس ہم نہیں کہتے کہ آپ کیا ہیں۔ آپ خود اپنے گریبان میں منہ ڈال کر اپنے نوشتہ تقدیر کو پڑھئے:

رقیب کہتے ہیں آزاد ہوگیا کافر — رفیق کہتے ہیں مغضوب قہربار ہے خود

سچ ہے:

آزاد کو جو کہتے تھے بے دین وگناہ گار — کل دیکھا خرابات میں مست مے ولی تھے

پس حضرت مولانا مدظلہ (حضرت مونگیری) کے متعلق تو ہم یہ کہتے ہیں کہ تکفیر کی نسبت حضرت مولانا مدظلہ کی ذات شریف کی طرف افتراء ہے، بہتان ہے۔ مگر کیا مرزا قادیانی کے متعلق بھی آپ یہی کہیں گے۔ اگر خاطر ناشاد سے ان کی تکفیر ذہول کر گئی ہو تو تازہ کر لیجئے۔ حسام الحرمین کی عربی عبارت نقل کی جاتی ہے۔ بغور پڑھئے:

میں الزام ان کو دیتا تھا قصور اپنا نکل آیا

مرزا غلام احمد قادیانی پر عرب شریف مکہ معظّمہ اور مدینہ منورہ کے علماء کرام کا فتویٰ کفر وارتداد

’’غلام احمد القادیانی دجال حدث فی ھٰذالزمان ادعی مماثلة المسیح وقد صدق واللّٰہ بانه مثل المسیح الدجال (ص۸) الطائفة المارقبة من الدین الکفرة التی تدعی بالوھابیة ومنھم مدعی النبوة غلام احمد القادیانی (ص۱۰۰) الخبیث باللعین اللقادیانی الدجال الکذاب مسیلمة اٰخر الزمان (ص۱۱۸) ھو آخر مسیلمة الکذاب واحد الدجالین بلا ارتیاب قد مرق عن دین الاسلام مروق السھم عن الرمیة وکفر باللّٰہ ورسوله وآیاته الجلیلة وکل من رضی بشئ من مقالاته الباطلة فھو کافر فی ضلال مبین اولٓئک حزب الشیطان الا ان حزب الشیطان ھم الخٰسرون (ص۱۲۸) من شک فی کفره وعذابه فقد کفر (۱۴۲) وبالجملة ھٰؤلاء الطوائف کلھم کفار مرتدون خارجون عن الاسلام باجماع المسلمین (ص۲۴) روس اھل التبدع الزندقة الخباء بل ھم اشر من کل خبیث ومعدو معاند (ص۲۸) کلام المضلین الحادثین الان فی الھند موجب لسردتھم واستحقاق للخری المبین وھم اخزاھم اللّٰہ تعالٰی غلام احمد القادیانی...... الخ! وغیره وغیره‘‘

ترجمہ: غلام احمد قادیانی ایک دجال ہے جو اس زمانہ میں پیدا ہوا مثل مسیح ہونے کا دعویٰ کیا اور واللہ سچ کہا کہ وہ مسیح دجال کا مثل ہے۔ گروہ خارج از دین، کافر جسے وہابی کہا جاتا ہے اور ان میں سے مدعی نبوت غلام احمد قادیانی ہے، خبیث، مردود، قادیانی، دجال، کذاب آخر زمانہ کا مسیلمہ ہے اور دوسرا مسیلمہ کذاب ہے اور بلا شبہ دجالوں میں ایک ہے۔ وہ دین اسلام سے نکل گیا جیسا تیر نکل جاتا ہے نشانے سے اور اللہ اور اس کے رسول اور اس کی روشن آیتوں سے کفر کیا۔ جو اس کی باطل باتوں سے کسی بات پر راضی ہو تو وہ بھی کافر کھلی گمراہی میں ہے۔ یہی لوگ شیطان کے گروہ ہیں۔ شیطان کے گروہ زیاں کار ہیں جو اس کے کافر اور معذب ہونے میں شک کرے خود کافر ہے۔ حاصل کلام یہ ہے کہ یہ طائفے سب کے سب مرتد ہیں باجماع امت اسلام سے خارج ہیں اور وہ لا مذہب اور بے دین لوگوں کے خبیث سردار

ہیں بلکہ وہ ہر خبیث اور مفسد اور ہٹ دھرم سے بدتر ہیں، ان گمراہ گروہوں کے اقوال جو ہند میں اب پیدا ہوئے ہیں ان کے مرتد ہو جانے کے موجب ہیں اور ان کے سخت رسوائی کے مستحق کر دینے کے باعث ہیں اور اللہ ان کو رسواء کرے، غلام احمد قادیانی ہے......الخ! وغیرہ وغیرہ!

حکیم صاحب یہ مشتے نمونہ از خروارے ہے۔ جو حسام الحرمین سے نقل کیا ہے۔ مفصلاً آپ حسام الحرمین ملاحظہ فرمائیے:

اند کے با تو بگفتم وبدل ترسیدم ۔۔۔ کہ دل آزردہ شوی ورنہ سخن بسیار ست

تیسرے نمبر کا جواب

’’فما جزاء من یفعل ذلک منکم الا خزی فی الحیٰوۃ الدنیا ویوم القیامۃ یردون الیٰ اشد العذاب (البقرۃ:۸۵)‘‘

اس نمبر کے جواب میں قلم اٹھاتے ہی بے ساختہ زبان قلم سے یہ نکل پڑتا ہے:

الجھا ہے پاؤں یار کا زلف دراز میں ۔۔۔ لو آپ اپنے دام میں صیاد آ گیا

ایک طرف تو ہمارے حکیم صاحب یہ اعتراض کرتے ہیں کہ مکانات بنوائے، زمین دوز تہہ خانے کھدوائے، پھلواری آراستہ ہوئی اور گل بوٹے کھلنے لگے اور اب دنیا دار کے ایسی زندگی گزرتی ہے۔ دوسری طرف جب کوئی معترض یہی اعتراض مرزا قادیانی پر کرتا ہے تو آپ اسی کتاب کے (ص۴۰) میں یہ فرماتے ہیں: ’’اگر آنحضرت ﷺ کو کفار مکہ نے کہا: ’’**مالھذالرسول یاکل الطعام ویمشی فی الاسواق** ‘‘(یہ کیسا رسول ہے کہ کھاتا ہے کھانا، چلتا ہے بازاروں میں) تو اس کے بروز کو بھی آج کہا جاتا ہے کہ یہ قورمہ پلاؤ مشک وعنبر استعمال کرنے والا انسان ہے۔‘‘ حکیم صاحب اسی کا نام ہے۔

ہے سر پر چڑھا لینے کا گیسو کے یہ بدلا ۔۔۔ چلنے میں جھکے جاتے ہیں بل کھائے ہوئے ہیں

مرے معزز ناظرین! اب میں اس کا انصاف آپ ہی سے چاہتا ہوں۔ یہ کیسی دیانت ہے کہ جس اعتراض کا ایک جگہ یہ مدلل جواب دیا جاتا ہے کہ حاسدان کی ایک جماعت ہمیشہ ایسی رہی ہے جو کسی پر انعام الٰہی ہوتے دیکھ کر اس کو کبھی صبر وسکون حاصل نہیں ہوا ہے اور کسی نہ کسی طرح مورد طعن واعتراض بنا ہی چھوڑتی ہے۔ حتیٰ کہ حضور انور رسول اللہ ﷺ روحی فداہ کی ذات اقدس بھی اس سے مستثنیٰ نہ ہوئی اور کافروں نے اعتراض جڑ ہی دیا۔

دوسری طرف اسی اعتراض پر رنگ وروغن چڑھا کر دوسروں کو مطعون بنایا جاتا ہے:

مرے دل کو دیکھ کر مری وفا کو دیکھ کر ۔۔۔ بندہ پرور منصفی کرنا خدا کو دیکھ کر

اس سے بھی زیادہ قابل نفرین امر یہ ہے کہ حکیم صاحب ایک جگہ فرماتے ہیں: ’’آپ نے لکھنؤ وکان پور سے ہجرت کر کے بنگال کے زمین پر ہبوط فرمایا۔ شاید بنگال کی بود باش اس وجہ سے آپ نے پسند فرمائی کہ یہاں لوگ جبہ پوش اور دستار بندلوگوں کی زیادہ قدر کرتے ہیں اور بنگال ہی کی زمین ایسی ہے جہاں ایک ناکارہ اور کاہل الوجود مولوی کا بھی افلاس بہت جلد دفع ہوجاتا ہے اور اسی اطراف میں بھائی عزرائیل اور بھائی جبرئیل بھائی منکرنکیر صاحبان کے ناموں کی چٹھیاں پیر صاحبان بڑی بڑی نقدی قیمتوں پر بیچتے ہیں۔ وغیرہ وغیرہ!‘‘

آپ خیال فرمائیے کہ ان باتوں سے کیا کسی کے تقدس پر کوئی حرف آسکتا ہے یا ہمارے حکیم صاحب نے حضرت مولانا صاحب مدظلہ کا کچھ بگاڑ لیا۔ بجز اس کے کہ انہوں نے ’’ان بعض الظن سوء‘‘ کی خارج میں ایک زندہ مثال شاید...... الخ! کہہ کر دنیا پر ظاہر کر دیا۔ سچ ہے:

سنگ بدگو ہر گر کاسۂ زرین شکند ۔۔۔ قیمت سنگ نیفزاید وزر کم نہ شود

وہ لوگ جو ارباب بصیرت ہیں وہ ایسی باتوں کو ہمیشہ نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور ایسے اصحاب ان کی نظروں میں ہمیشہ کے لئے حقارت سے ناقابل مخاطب سمجھ کر گوشۂ چشم سے گرا دیئے گئے ہیں۔ کیونکہ اس سے بجز جلے دل کے آبلوں کے توڑنے کے اور کوئی مطلب نہیں ہوتا۔

تعجب ہے پڑھے لکھے لوگ مزید براں حکیم صاحب انہوں نے کس طرح اپنی کتاب کو ان لایعنی باتوں اور بے سروپا تخیّلات سے سیاہ کرنا پسند کیا۔ تھوڑی دیر کے لئے ہم تسلیم بھی کر لیتے ہیں۔ یہ کل باتیں مونگیر میں پائی جاتی ہیں۔ گرچہ وہ بنگال نہیں ہے تو کیا اس سے حضرت مولانا مدظلہ کی ذات ستودہ صفات پر کوئی حرف آسکتا ہے، ہرگز نہیں تاوقتیکہ آپ حضرت کی ذات خاص کے متعلق کوئی بات نہ تحریر کریں ورنہ آپ خیال کیجئے اگر ہم بعینہٖ یہ آپ کے متعلق گزارش کریں کہ آپ بھی مونگیر میں اسی غرض کے حصول کے لئے قادیانی آڑ پکڑ رکھا ہے اور لوگوں کو پھانسنا چاہتے ہیں تو کیا محض اس لکھ دینے سے آپ پر کوئی الزام عائد ہوسکتا ہے؟ اگر نہیں عائد ہوسکتا ہے تو آپ کو اپنی فضول نگاری پر نادم ہونا چاہئے۔ اگر عائد ہوسکتا ہے تو پھر پہلے اپنی آنکھوں سے شہتیر نکال لیجئے پھر دوسروں کے تنکے پر نظر کیجئے گا۔

افسوس کہ حکیم صاحب نے یہیں تک بس نہیں کیا بلکہ آگے چل کر عجیب مضحکہ خیز بات لکھی ہے: ''اس طرح اپنے شاہ صاحب مرحوم (حضرت فضل الرحمٰن گنج مرادآبادی) کے لخت جگر اور جائز خلیفہ اور جانشین احمد میاں صاحب کی خلافت کو شکست فاش دے دی ہے اور مونگیر اور اطراف مونگیر کے لوگوں کو ان کی خدمت واطاعت سے محروم رکھا۔ اگر مولوی محمد علی صاحب ان کے جائز خلیفہ ہوتے تو ہرگز شاہ فضل رحمٰن صاحب کے صاحبزادہ احمد میاں صاحب ان سے الگ اپنے خلافت اور جانشینی کا ادّعاء نہ کرتے۔ وغیرہ وغیرہ!''

ہم نہیں سمجھ سکتے کہ حکیم صاحب کس دل ودماغ کے آدمی ہیں اور انہوں نے اس فضول نگاری کا کیا فائدہ سمجھا ہے۔ تعجب ہے انہیں اتنا بھی نہیں معلوم ہے کہ ایک ایک صوفیائے کرام کے پچیس پچیس خلفاء ہوتے ہیں، نہ اس میں کسی کی فتح متصور ہوتی ہے نہ کسی کی شکست۔ اے کاش! حکیم صاحب اس کو سمجھتے کہ انسان کی ایسی تحریر سے اہل نظر کے آگے وقعت نہیں ہوتی۔

حکیم صاحب میں سچ عرض کرتا ہوں، برا نہ مانئے گا۔ آپ کی بے بسی بالکل ابوسفیان کی بے بسی جیسی ہے کہ کچھ بنائے نہیں بنتی ہے۔ آپ ذرا ٹھنڈے دل سے غور فرمایئے کہ ایسی باتیں کبھی بھی قابل وقعت ہوتی ہیں یا اہل علم کبھی ان مہمل امور کی طرف توجہ مبذول فرماتے ہیں؟ ہرگز نہیں۔ کیونکہ ایسی تحریریں صاف صاف زبان حال سے یہ کہہ دیتی ہیں کہ ہم کو ایسے وقت میں نوک قلم سے ادا کیا گیا ہے جب صداقت پامال کر دی گئی تھی اور دیانت برتنے کے لئے قسم کھالی گئی تھی اور انصاف کا خون کر دیا گیا تھا اور عہد کر لیا گیا تھا کہ بے تکی ہو یا لگتی ہوئی، جس طرح سے ہو حضرت مولانا مدظلہٗ کی شان اقدس میں مرزا قادیانی کی روح کو خوش کرنے کے لئے کچھ نہ کچھ ناشائستہ کلمات لکھ کر ہی قلم چھوڑیں گے۔ غضب خدا کا ان ہی ادھیڑ بن اور عالم بے بسی میں مرے مکرم حکیم صاحب۔

ایک اور افتراء محض

''قد خاب من افتری (طٰہٰ:۶۱)''

پر مجبور ہوئے تاکہ کسی نہ کسی طرح مطعون کیا جائے اور غریب عوام کالانعام کو اور کچھ نہیں تو کذب بیانی ہی سے بدظن کیا جائے۔ اللہ اللہ یہ اعمال اور اس پر پھر اجر خیر کی امید:

آساں نہیں ہے دشت نوردی کچھ اے نسیم دن بھر ہے دھوپ خار مغیلاں تمام رات

آپ اپنے اسرار نہانی کے (ص۲۷) میں لکھتے ہیں ''اپنے پیر کے اخلاق (یعنی اعلیٰ

حضرت) پر دھبہ لگاتے ہیں کہ مولانا موصوف عموماً طالب علموں سے نہیں ملا کرتے تھے۔‘‘
(ارشاد رحمانی ص۱) میں نے ارشاد رحمانی کو مکرر سہ کرر چھے صفحے کیا دس صفحہ تک مطالعہ کیا۔ مگر یہ عبارت نہ ملی پر نہ ملی۔ پھر ہم نہیں سمجھ سکتے کہ حکیم صاحب نے کہاں سے لکھ مارا۔ ایسے موقع میں بے اختیار زبان قلم سے نکل آتا ہے:

ما مریداں روبسوئے قبلہ چون آریم چون رو بسوئے خانۂ خمار دارد پیر ما

حکیم صاحب کو یہ بھی خیال نہ ہوا۔ ارشاد رحمانی کوئی گم نام کتاب نہیں، غیر معروف نسخہ نہیں کچھ زیادہ قیمتی کتاب نہیں، کم یاب کتاب نہیں۔ جس سے یہ امید کی جاسکے کہ لوگوں کی نظر وہاں تک نہ پہنچے گی اور اس صریح اور غلط بیانی اور افتراء پردازی سے مطلع نہ ہوجائیں گے۔

خیر بہرکیف مجھ کو سب سے زیادہ تعجب اس پر ہے کہ حکیم صاحب اکثر جگہ پیری مریدی پر منہ آئے ہیں، کہیں چلتا روزگار سے تعبیر کیا ہے اور کہیں کچھ ’’**کما لا یخفی علیٰ من یطالع اسرار نہانی**‘‘ کیونکہ مرزا قادیانی پیری مریدی کرتے تھے۔ خلیفۃ المسیح مولوی نورالدین قادیانی پیری مریدی کرتے ہیں بلکہ وہاں تو بیت المال کا مستقل فنڈ قائم ہے۔

پھر ہم نہیں سمجھتے کہ کس منہ سے حکیم صاحب پیری مریدی پر اعتراض کرتے ہیں۔ کیا درپردہ حکیم صاحب اور موجودہ وقت کے خلیفہ ثانی مرزا محمود قادیانی پر ہاتھ صاف کرتے ہیں و نیز ان جملہ صوفیائے کرام اور اولیائے عظام کی تحقیر کرتے ہیں، جنہوں نے اسی سلسلہ بیعت سے کفرزار ہندوستان کو اسلام آباد بنادیا۔

رکھا وہاں تنگ نے مطلب کو ناتمام نکلا تمہارے منہ سے نہ کوئی سخن درست

مگر حقیقت امر یہ ہے کہ حضرت مولانا مدظلہ کی ذات اقدس کے متعلق حکیم صاحب نے جو کچھ لکھا ہے اس سے مقصود چونکہ احقاق حق نہیں تھا، محض ایک جوش حمیّت باطل مرزائیت تھی۔ جس کے غیظ وغضب میں آپ کو وہی سب کچھ نظر آیا جو حضرت مصلح الدین مرحوم اپنے کسی بداندیش بدباطن کے متعلق تحریر فرماگئے ہیں:

گل است سعدی و در چشم دشمنان خارست

ورنہ پھلواری لگانی، مکانات بنوانے زمین دوز تہ خانے کھدوانے کوئی جرم شرعی نہیں۔ اس پر بھی یہ کہ ان مکانات کی تعمیر کے لئے کسی سے چندہ نہیں مانگا گیا، اشتہار نہیں شائع کیا گیا۔ اس کے متعلق کوئی الہام گھڑ کر سادہ لوحوں کو بے وقوف بنا کر ٹھگا نہیں گیا۔ جھوٹ وفریب چال کی

باتوں کی وجہ سے روپیہ وصول کرنے کی کوشش نہ کی گئی۔ پھر تعجب ہے کہ آپ اس پر اعتراض کریں اور آوازے کسیں اور مرزا قادیانی کی اس تصویر پر بھول کر بھی آپ کی نظر نہ پڑے جو دوسرے طرف آپ کے اعتراضوں کی وجہ سے عرق ندامت میں غرق ہوکر اپنے رنگ وروغن کو کھو بیٹھی ہے اور گویا دل ہی دل میں کہہ رہی ہے کہ نادان دوست سے دانا دشمن ہی بھلے ہوتے ہیں۔

حکیم صاحب آپ کو لازم تھا کہ اعتراض کرتے وقت آپ اس کو یاد رکھتے کہ مرزا قادیانی نے کن کن چالاکیوں سے تخت گاہ رسالت کی تعمیر کرائی ہے اور سادہ لوح عوام کالانعام کو کس طرح الہام کے سبز باغ دکھلا دکھلا کر روپیہ وصول کیا ہے۔ آہ انتہا یہ کہ معتقدین اور مریدین کے ابھارنے کے لئے جھوٹ تک بولنے سے دریغ نہ کیا اور اس مردار دنیا کے لئے باوجود ادّعائے مہدیت ومسیحیت وہ سب کچھ کیا جو ایک دنیادار انسان کرسکتا ہے اور ان سب بدنامیوں کو جو کذب وفریب کے لئے لازمی ہیں بخوشی خاطر قبول کرلیا۔ تصدیق کے لئے (کشتی نوح ص۷۶، خزائن ج۱۸ ص۸۶) کی عبارت[۱] بغور ملاحظہ کیجئے۔ جس کو پڑھ کر بے اختیار بول اٹھنا پڑتا ہے:

کسی کے مرگ پراے دل نہ کیجئے چشم تر ہرگز بہت سا روئے ان پر جو اس جینے پر مرتے ہیں

۱؎ (وہ عبارت یہ ہے) اور آپ لوگ سن چکے ہیں کہ اللہ جل شانہ نے ان لوگوں کے لئے جو اس گھر کی چاردیواری کے اندر ہوں گے، حفاظت خاص کا وعدہ فرمایا ہے اور اب وہ گھر جو غلام حیدر متوفی کا تھا جس میں ہمارا حصہ ہے اس کی نسبت ہمارے شریک راضی ہوگئے ہیں کہ ہمارا حصہ دیں اور قیمت پر باقی حصہ بھی دے دیں۔ میری دانست میں یہ حویلی جو ہماری حویلی کا جز ہوسکتی ہے۔ دوہزار تک تیار ہوسکتی ہے۔ چونکہ خطرہ ہے کہ طاعون کا زمانہ قریب ہے اور یہ گھر وحی الٰہی کی خوش خبری کی رو سے اس طوفان طاعون میں بطور کشتی کے ہوگا نہ معلوم کس کس کو اس بشارت کے وعدہ سے حصہ ملے گا۔ اس لئے یہ کام بہت جلدی کا ہے۔ خدا پر بھروسہ کرکے جو خالق اور رزاق ہے اور اعمال صالحہ کو دیکھتا ہے کوشش کرنی چاہئے۔ میں نے یہ بھی دیکھا کہ یہ ہمارا گھر بطور کشتی کے تو ہے مگر آئندہ اس کشتی میں نہ کسی مرد کی گنجائش ہے نہ عورت کی۔ اس لئے توسیع کی ضرورت پڑی۔

والسلام علیٰ من اتبع الھدی! المشتہر مرزاغلام احمد قادیانی (کشتی نوح ص۷۶، خزائن ج۱۹ ص۸۶)

معزز ناظرین! اس کے ساتھ ہی مرزا قادیانی کے بڑے بھائی صاحب کا بھی خط ملاحظہ فرمائیے تاکہ مرزا قادیانی کی صداقت بیانی معلوم ہوجائے اور آپ پر اچھی طرح یہ منکشف ہوجائے کہ ہم نے مرزا قادیانی کی نسبت جو کچھ لکھا ہے واقعی ان میں یہ سب باتیں تھیں یا نہیں اور مرزا قادیانی نے تعمیر مکان کے لئے حتی المقدور اپنی ہر ممکن کوشش سے (جس میں کذب بیانی چالاکی جھوٹا الہام بھی داخل ہے) حصول زمین کے سعی کیا یا نہیں؟ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

مال و دولت اور آسائش کی تحصیل جائز ہے

''قل من حرّم زینة اللہ التی اخرج لعبادہ (الاعراف:۳۲)''

حکیم صاحب سنئے ہم آپ کو بتلائیں مال جمع کرنا کوئی گناہ نہیں، پھلواری لگانی، مکانات بنوانے زمین دوز تہہ خانے کھدوانے کوئی جرم شرعی نہیں۔ حاصل یہ کہ خدا کے حلالات طیبات سے متمتع ہونا ممنوعات شرعیہ نہیں۔ پھر تعجب ہے کہ آپ اس پر اعتراض کریں اور آوازے کسیں۔

سنئے رب العالمین کا ارشاد ہے:''یایھا الذین اٰمنوا کلوا من طیبات ما رزقنکم واشکروا اللہ ان کنتم ایاہ تعبدون (البقرۃ:۱۷۲)'' اے ایمان والو خدا نے تم کو جو پاک روزی عنایت فرمائی ہے کھاؤ اور اس کا شکر کرو۔ اگر تم خدا ہی کے پوجنے والے ہو۔ دوسری جگہ یہ حکم ہے: ''کلوا مما رزقکم اللہ حلالاً طیباً'' خدا نے جو حلال روزی تم کو عنایت فرمائی ہے کھاؤ۔

اور سنئے:''یا یھا الذین اٰمنوا لا تحرّموا طیبٰت ما احل اللہ لکم ولا تعتدوا ان اللہ لا یحب المعتدین (المائدۃ:۸۷)'' اے ایمان والو خدا نے جن چیزوں کو تمہارے لئے حلال کیا ہے ان کو حرام ٹھہرا کر (خدا کے حکم سے) تجاوز نہ کرو۔ اس لئے کہ خدا تجاوز کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) ''بعد دعائے درازی عمر کے واضح ہو کہ میں تمہاری دعوت ہمیشہ سے سنتا ہوں اور دور دراز تک تمہاری خبر پہنچی ہوئی ہے اور لوگ جوق جوق آتے ہیں۔ مگر افسوس ہے میں تمہارا بڑا بھائی اور بزرگ ہوں میری طرف تم نے کوئی خاص توجہ نہ کی جو تمہاری نالائقی کا ثبوت ہے۔ آخر میں بھرے دل سے از خود تم کو اطلاع کرتا ہوں کہ میں تمہارے ذاتی عیوب سے قطع نظر کر کے تمہاری پیشین گوئی کو ایک گوز شتر سمجھتا ہوں۔ تم نے تو مولوی ثناء اللہ صاحب امرت سری کو فی پیشین گوئی سو روپیہ دینا کہا تھا۔ جو ان کے آنے پر تم گھر سے بھی نہ نکلے۔ مگر میں تم کو فی پیش گوئی ہزار روپیہ دینے کا وعدہ کرتا ہوں۔ اگر تم میری پیش کردہ پانچ پیشین گوئیاں بھی مجھے سچی کر دو تو فی پیشین گوئی ہزار روپیہ تم کو دوں گا اور اگر نہ ثابت کر سکو تو صرف تم کو مسلمان ہونے کی دعوت دیتا ہوں۔ پس ایک ہفتہ تک اس دعوت کا جواب بذریعہ اشتہار جلدی دینا کیونکہ خداوند تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو بھی حکم فرمایا ہے''اٰت ذی القربی حقہ''یعنی قریبوں کا حق ادا کرو۔ قریبوں کا حق دوسرے سے زیادہ ہے۔ بھلا یہ کیا انصاف ہے کہ کشتی نوح کے آخر صفحہ پر تو ہم کو اپنا شریک اور قرابتی بتاؤ اور یہ ظاہر کرو کہ ہمارے شرکاء تو مکان دینے کو راضی ہیں۔ دو ہزار روپیہ چندہ جمع کر لیا ہے۔ حالانکہ ہمیں اس کی کوئی خبر نہیں اور نہ ہی ہم دینا چاہتے ہیں۔ ایسے جھوٹ کا بھی کوئی علاج ہے۔ خیر ان باتوں کے ذکر کو تو ایک دفتر چاہئے۔ جو میں الگ کسی وقت تفصیل سے بیان کر دوں گا۔ سردست میں اس اشتہار کے جواب کا منتظر ہوں۔ رقیمہ مرزا امام الدین برادر کلاں مرزا غلام احمد

مگر آپ ہیں کہ خدا کے طیبات سے کسی کو متمتع دیکھ کر تجاوز فرما کر اس کو دنیا داری سے تعبیر کرتے ہیں اور ’’ان اللہ لا یحب المعتدین ‘‘ (خدا تجاوز کرنے والوں سے خوش نہیں ہوتا) کو فراموش کر جاتے ہیں۔

کیا آپ کو معلوم نہیں کہ مال دولت کو درگاہ رب العزت سے قوام زندگی کا خطاب ملا ہے۔ پڑھئے:’’ولا تـوتوا السفهاء اموالكم التی جعل الله لكم قياما (النساء:۵)‘‘تم اپنے مال کو جس کو خدا نے تمہارے لئے قوام زندگی بنایا ہے بے وقوفوں کے ہاتھ نہ دو (جس سے ضائع ہو جائے) حکیم صاحب خدا تو یہ تعلیم کرتا ہے کہ ہم کو یوں دعا مانگنی چاہئے:’’ربنا اٰتنا فی الدنيا حسنة وفی الاٰخرة حسنة ‘‘(اے میرے پروردگار ہم کو دنیا و آخرت میں عمدگی اور بھلائی دے) اور آپ اس کو دنیا داری فرماتے ہیں۔ اگر یہ دنیا داری ہے تو سنئے حضرت یوسف علیہ السلام نے بھی اس دنیا کو طلب کیا ہے۔ پڑھئے:’’اجلعنی علی خزائن الارض ‘‘ (مجھ کو اپنے ممالک کے خزانے پر مقرر کیجئے) اور سب سے بڑھ کر یہ ہے کہ اگر یہ دنیا داری ہے تو خود رسول اکرم نبی ﷺ کو خدا نے فجوائے:’’ووجدک عائلاً فاغنی (الضحیٰ:۸)‘‘(خدا نے آپ کو مفلس پایا پس غنی بنا دیا) ہم کو ارشاد فرمایا گیا:’’لقد كان لكم فی رسول الله اسوة حسنة (الاحزاب:۲۱)‘‘تم لوگوں کے لئے رسول اللہ ﷺ کی ذات عمدہ نمونہ ہے۔

صحیحین کا مطالعہ تو خوش نصیب ذی علم کرتے ہیں یہ ممکن ہے کہ آپ نے حسن اتفاق سے کہیں سنا ہو کہ خود سارے جہاں کے بادشاہ روحی فداہ نبی ﷺ یہ دعا فرماتے تھے ’’اللّٰهم انی اسئلک الهدی والتقی والعفاف والغنی ‘‘اے میرے مولا بے شک میں تجھ سے ہدایت اور پرہیز گاری اور تو انگری مانگتا ہوں۔

صدر سے آپ کو معلوم ہو گیا کہ جس دنیا داری پر حضرت مولانا مدظلہ کے معترض ہیں۔ وہ دنیا داری قرآن سے ثابت ہے بلکہ دنیا دار بننے کا حکم ہے حتیٰ کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے اس دنیا کو طلب فرمایا اور خود نبی کریم ﷺ کو خدا نے غنی بنایا اور ہمارے لئے نمونہ فرمایا اور حدیث سے معلوم ہو گیا کہ آپ دنیا داری کی خدا سے دعا مانگتے تھے۔

اب آیئے ہم آپ کو ایک اور حدیث سنا دیں جس سے آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ نبی کریم ﷺ زبردستی لوگوں کو دنیا دار بناتے تھے اور مال گلے میں مڑھتے تھے اور انکار پر بھی چھٹکارا نہیں ہوتا تھا۔

حضرت عمرؓ کا واقعہ ہے کہ حضور ﷺ ان کو مال غنیمت عنایت فرماتے تھے مگر خلیفہ ثانی حضرت عمرؓ یہ فرما کر انکاری ہوجاتے تھے کہ ان کو دیجئے جن کو ہم سے زیادہ ضرورت ہے۔ اس پر حضور ﷺ نے فرمایا کہ اے عمرؓ! ’’ما جاءک من هذا المال وانت غر مشتشرف ولا سائل فخذه الا فلا تتبعه نفسک ‘‘جو مال تم کو بے مانگے ملے اور تم کو اس کی طلب نہ ہو تو وہ لے لو اور جو نہ ملے اس کی فکر نہ کرو۔

ایک اور حدیث سنئے جس سے اپنے اعتراض کی وقعت آپ کو خوب معلوم ہوجائے گی۔ ابن حبان اور ابویعلی وغیرہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ قسم کھا کر فرماتے ہیں کہ بعض لوگ دنیا میں عمدہ بچھونوں پر اللہ کی یاد کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو جنات عالیہ میں داخل کرے گا۔

اس کے نیچے ملاّ علی قاری فرماتے ہیں:’’فیه ایماء الی طریقة بعض السادة الصوفیة کالنقشبندیة والشاذلیة والبکریة نوراللہ مرقدهم ‘‘یعنی اس حدیث سے ثابت ہوا کہ خاندان نقشبندیہ اور شاذلیہ اور بکریہ کے بزرگ جو امراء کی حالت میں رہتے ہیں جائز ہے۔ آپ کو کیا معلوم بزرگان دین باوجود کامل واکمل عامل وافضل ہونے کے کیسا لباس پہنتے تھے۔ حضرت غوث الاعظم قطب عالم شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے کون واقف نہیں اور ان کی بزرگی اور علم وفضل سے کون شخص آگاہ نہیں۔ سنئے ان کے لباس کے متعلق لواقح انوارقدسیہ مصنفہ شیخ عبدالوہاب شعرانی میں لکھا ہے کہ آپ کے قمیص کا کپڑا ایسا ہوتا تھا کہ اس کے ایک ہاتھ کپڑے کا دام ایک اشرفی ہوتا تھا۔

مجموع النوازل سے علامہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب ’’فی لباس المحبوب‘‘ میں نقل کیا ہے کہ ایک مرتبہ حضور ﷺ ہزار درم کی چادر اوڑھتے تھے۔ ایک مرتبہ آپ نماز پڑھانے کو تشریف لائے تو چارسو درہم کی چادر زیب بدن فرمائے ہوئے تھے۔ امام الائمہ حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق لکھا ہے کہ آپ چارسواشرفی کی چادر اوڑھتے تھے اور اپنے شاگردوں سے فرمایا کرتے تھے کہ ہمیشہ عمدہ کپڑا پہنا کرو:

اند کے با تو گفتم وبدل ترسیدم — کہ دل آزردہ شوی ورنہ سخن بسیارست

ناظرین! ہم کہاں تک حکیم صاحب کے خرافات کو نقل کریں اور کہاں تک ان کی لایعنی باتوں کو لکھ کر اپنی اور آپ کی تضیع اوقات کریں۔ مرے دوست نے جس تہذیب سوز

طریقہ کو اختیار کیا ہے۔ اس سے وہی لوگ خوب واقف ہیں جنہوں نے ان کے اسرار نہانی کا مطالعہ کیا ہے۔ آپ سراپا مجسم تہذیب ہو کر اسرار نہانی کے (ص۴۶) میں تحریر فرماتے ہیں: ''ان کے پیر مرشد نے خود مولوی محمد علی صاحب کان پوری کو تین مشت چنا دے کر اور ان کی فطرت پر نظر کر کے اس بات کی پیشین گوئی کرتے ہیں کہ تمہاری زندگی طلب دنیا، بھیک مانگنے میں کٹے گی۔''

اس کے متعلق ہم اپنے ناظرین سے محض یہ کہنا چاہتے ہیں کہ للہ آپ انصاف فرمایئے اگر کوئی بزرگ کسی کو بہتری دارین کی دعا دے تو کیا اس کا معنی یہی ہوگا کہ تم بھیک مانگو گے یا اس کا معنی یہ ہوگا کہ: ''تم بھیک منگی سے بچو گے۔''

پڑیں پتھر سمجھ پر آپ کے سمجھے تو کیا سمجھے جو اس پر بھی نہ تم سمجھو تو پھر تم سے خدا سمجھے

ہمارے حکیم صاحب کچھ عجب معکوس دل ودماغ کے انسان ہیں۔ جب آپ نے سمجھا تو الٹا سمجھا اور لطف یہ کہ جہاں کہیں آپ نے جدّت طبع فرمائی یقیناً بے سمجھی کی وجہ سے در پردہ خطاوار ہوگئے اور اس کا اثر بہت دور تک جا پہنچا۔ آیئے! ہم آپ کو ایک نظیر دکھا کر سمجھائیں۔ ممکن ہے کہ آپ کی سمجھ میں آجائے۔ ''**وما ذالک علی اللہ بعزیز**'' آپ نے حدیث میں پڑھا تو نہیں مگر سنا ہوگا کہ حضور نے ایک صحابی کو کھجور کی ایک تھیلی عنایت فرمائی تھی۔ وہ فرماتے تھے کہ میں نے ایک زمانہ تک اس میں سے خود کھایا اور لوگوں کو کھلایا اور اس میں سے ہمیشہ نکلتی ہی آتی تھیں تو کیا اپنی جدت طبع سے یہاں بھی یہی اجتہاد فرمائیں گے کہ نعوذ باللہ حضور ﷺ کا کھجور کی تھیلی دینا ان کی بھیک منگی کی پیشین گوئی تھی (کہ تھیلا دیا مانگ کھاؤ) اور کیا آپ کا ایمان آپ کو اجازت دیتا ہے کہ ان کی شان میں بھی آپ یہی فرماویں کہ ان کی فطرت اسی کی قابلیت رکھتی تھی۔ اگر آپ کا ایمان اور جناب کی دیانت وہاں آپ کو اس کی اجازت نہیں دیتی تو پھر بتلایئے سوائے جوش حمیّت باطل مرزائیت کے اور کون چیز ہے۔ جس نے آپ کو اس پر مجبور کیا کہ ایک مقدس نفس کی شان میں آپ اس طرح بے ادبی کریں اور لایعنی باتوں کا آپ کو نشانہ بناویں۔

حکیم صاحب اگر آپ مشکوٰۃ شریف ہی کا مطالعہ کرتے تو آپ کو یہ حدیث ملتی کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی والدہ مکرمہ نے حضور انور ﷺ سے یہ کہہ کر دعا کرائی تھی کہ انس آپ کا خادم ہے۔ اس کے لئے دعا فرمایئے تو آپ نے فرمایا تھا خدایا انس کے مال واولاد اور سب

چیزوں میں برکت دے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ خدا کی قسم میرا مال بہت ہوا اور میرے بیٹے پوتے آج بھی سو سے زیادہ ہیں۔ (مشکوٰۃ شریف باب جامع المناقب) فرمایئے! حضور کا دعا فرمانا کیا یہی معنی رکھتا ہے کہ: ’’انس بھیک منگی کریں گے۔‘‘ یا اس کا مطلب یہ تھا کہ ان کو سوال کی بھی حاجت نہ ہوگی۔ بلکہ دوسروں کو لے دے کر کھائیں گے۔ مگر نہ معلوم کہ کیوں ہر موقع میں آپ کجروی کو اختیار فرماتے ہیں:

الٹی سمجھ کسی کو بھی ایسی خدا نہ دے
دے آدمی کو موت پر یہ بدادا نہ دے

اب میں اس نمبر کو اپنے دوست حکیم کی ایک اور کتر بیونت یا دوسرے لفظوں میں جال یا فریب دہی یا جاہل عوام میں بدظنی پھیلانے کی مکروہ کارروائی دکھلا کر ختم کر دیتے ہیں۔ آپ (اسرار نہانی ص۴۷) میں لکھتے ہیں: ’’وہ خود اپنے رسالہ (ارشاد رحمانی ص۶) پر لکھتے ہیں کہ: ’’مجھے سلسلہ میں داخل ہونے کا شوق ہوا اور میں مراد آباد خدمت بابرکت میں حاضر ہوا۔ یہ حاضری اگرچہ بقصد بیعت تھی۔ مگر مجھے یاد آتا ہے کہ دنیاوی غرض بھی اس کے ساتھ تھی یعنی کسی مقام خاص میں نوکری کے لئے سفارش کرانا منظور تھا۔‘‘ پس معلوم ہوگیا کہ مرید ہونے کے قبل بھی یہ حضرت دنیا سے بے لوث نہیں تھے اور شاہ مولانا فضل رحمٰن صاحب مرحوم کے پاس یہ کسی روحانی غرض سے نہیں گئے تھے۔ دولت معرفت حاصل کرنے کے لئے نہیں گئے تھے۔ اللہ کی محبت ان کو کشاں کشاں نہیں لے گئی تھی۔ اس کے عشق میں بے قرار ہوکر اس تک پہنچا دینے والے رہنما کی تلاش میں نہیں گئے تھے۔ بلکہ عام دنیادار انسانوں کی طرح کسی بڑے دولت مند صاحب زر حاجت روا قبلۂ مقصود کی ان کو تلاش تھی۔ وغیرہ وغیرہ!‘‘

ناظرین! یہ بات درست ہے کہ آپ جب تشریف لئے جارہے تھے تو غرض دنیاوی بھی تھی۔ مگر کیا اس پر یہ تفریع بھی صحیح ہے کہ آپ ایک دنیادار کی صورت میں تھے۔ یہ تو حضرت مولانا مدظلہ کی دین داری اور سچائی اور مکروفریب اور ریاء سے پاک ہونے کی ایک روشن دلیل ہے کہ اپنی نیت کا بھی بلالحاظ کسی امر کے اظہار فرمادیا جس کو ایک دنیادار مکّار شخص ہرگز نہیں کر سکتا۔ آہ! وہی بات جو دنیاداری سے بری ہونے کی آفتاب سے بھی زیادہ روشن دلیل ہے۔ مگر معترض کو اس میں دنیاداری نظر آتی ہے۔ ناظرین غور فرمائیں کہ حکیم صاحب کہاں تک دیانت برتتے ہیں:

گر نہ بیند بروز شپر چشم
چشمہ آفتاب را چہ گناہ

حکیم صاحب یہ تو بیعت ہے، جو ایک مسنون امر ہے۔ آیئے ہم آپ کو بتلا دیں کہ ادائے فریضہ حج کے ساتھ دنیاوی غرض کا رکھنا خود قرآن شریف سے ثابت ہے۔ پڑھئے ’’لیس علیکم جناح ان تبتغوا فضلاً من ربکم (البقرۃ:۱۹۸)‘‘ تم پر کچھ گناہ نہیں، اگر حج کے سفر میں فضل یعنی روزی کو تلاش کرو۔ مثلاً تجارت کرتے جاؤ۔

رہا حکیم صاحب کا یہ کہنا کہ روحانی غرض سے نہیں گئے اور اللہ کی محبت نہیں لے گئی تھی وغیرہ وغیرہ۔ یہ سب مرزائی تہذیب کا نمونہ ہے۔ جس کو ہم یہ شعر پڑھ کر خدا کے سپرد کردیتے ہیں:

بدم گفتی وخورسندم جزاک اللہ نکو گفتی　　جواب تلخ می زبید لب لعل شکر خوارا

مگر یہ بھی عرض کردینا ضرور ہے کہ حکیم صاحب یہ کون سی دیانت ہے کہ آدھی بات نقل کیجئے اور جو فقرہ کتربیوت کا مظہر ہو چھوڑ جایئے۔ کیا آپ انصاف سے خدالگتی بات کہہ سکیں گے کہ اسی فقرہ کے ساتھ ملا ہوا یہ فقرہ اسی کے آگے نہیں تھا۔ ’’الحمدللہ! کہ وہاں جاکر یہ خیال ہی محو ہوگیا اور سفارش کرانے کا ارادہ بالکل جاتا رہا۔‘‘ اور کیا آپ کی نظر اس پر نہیں پڑی تھی یا نقل کرتے وقت اس کو تحریر کرنی بھول گئے تھے۔

سچ تو یہ ہے کہ یاد تھی، نظر پڑی تھی اور ضرور پڑی تھی مگر کوئی مانع تھا۔ وہ کیا تھا اخفائے حق تھا۔ اشاعت ناحق تھی یا مرزائیت کی حمیّت ناحق تھی۔ جس نے سب کچھ کرا چھوڑا۔ جھوٹ بلوایا، افتراء کی تعلیم دی، کتربیونت سکھلایا۔ خدا کی وعید ’’انما یفتری الکذب الذین لایؤمنون بایٰت اللہ (النحل:۱۰۵)‘‘ فراموش کرادیا:

اس نقش پا کے سجدہ نے یاں تک کیا ذلیل　　تم کوچہ رقیب میں بھی سر کے بل گئے

چوتھے نمبر کا جواب

’’ومن النّاس من یشتری لھو الحدیث لیضل عن سبیل اللہ بغیر علم ویتخذھا ھزوا. اولٓئک لھم عذاب مھین (لقمان:۶)‘‘

معزز ناظرین! ہم نے اس نمبر کے جواب کے لئے قلم ضرور اٹھایا ہے۔ مگر حیرت ہے کہ گالیوں کا جواب کیا لکھیں۔ وہ اصحاب جنہوں نے حکیم صاحب کے اسرار نہانی کا مطالعہ کیا ہے وہ خود جانتے ہوں گے کہ (ص۴۸ سے ص۶۸) تک حضرت مولانا مدظلہ کی شان میں جو

کچھ لکھا گیا ہے، وہ محض گالیاں ہی گالیاں ہیں۔ حکیم صاحب کی خدمت میں ہم اور تو کچھ نہیں۔ مگر یہ ضرور کہیں گے کہ آپ نے اپنی شہرت کے لئے، شاید یہ راہ اختیار کیا:

بدنام اگر ہوں گے تو کیا نام نہ ہوگا

حکیم صاحب آپ خوب یاد رکھئے کہ آپ سے زیادہ بلکہ بہت زیادہ ہم بھی گالیاں دے سکتے ہیں۔ مگر ہاں مجبوری یہ ہے کہ ان کلمات کے ادا کرنے کے لئے جس خبیث فطرت کی ضرورت لاحق ہوتی ہے وہ ہمارے پاس نہیں۔

پس ہم نے آپ کی گالیوں کو صبر وسکون سے پڑھا اور خدا کے حوالہ کیا۔ اس لئے کہ ہم مسلمان ہیں اور ہم کو یہ تعلیم دی گئی ہے ''**اذا مرّوا بالغو مرّوا کراماً** (الفرقان:۷۲)'' ونیز ہماری یہ شان بتلائی گئی ہے ''**اذا خاطبھم الجاھلون قالوا سلاماً** (الفرقان:۶۳)'' گالیاں دینا یا حیا سوز کلمات اور ناپاک الفاظ لکھنا آپ ہی کو مبارک ہو یا آپ کی جماعت کو۔

معزز ناظرین! ہم خوب جانتے ہیں اور اچھی طرح محسوس کرتے ہیں کہ آپ کو ان ناشائستہ کلمات کے پڑھنے سے تکلیف ہوگی۔ جن کو ہم آگے چل کر نقل کرنے والے ہیں اور محض تکلیف نہیں بلکہ سخت صدمہ ہوگا اور آپ کی روح گھبرا اٹھے گی۔ بلکہ آپ کی روح آپ کو ایسی تحریر کے مطالعہ پر ملامت کرے گی۔ مگر ہم ادب سے بعد معافی عرض کرنا چاہتے ہیں کہ آپ اس کو اسی طرح دلی رنج کے ساتھ مطالعہ فرمائیے، جس طرح احادیث میں اس حدیث کو دلی رنج کے ساتھ مطالعہ کرتے ہیں جس میں حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا پر زنا کی تہمت لگا کر منافقین نے اپنا منہ کالا کیا تھا۔ کیونکہ ایک شریف طبیعت والے انسان کے لئے ایک مدت ہوئی کہ یہ بتلا دیا گیا ہے:

دشنام اگر دہد خسیسے — چارہ نہ بود بجز شنیدن
گر پائے کسے سگ گزیدہ — سگ را نہ توان عوض گزیدن

خیر بہرکیف حضرت مولانا مدظلہ نے ارشاد رحمانی میں تحریر فرمایا ہے: ''میں نے رمضان شریف ۱۳۰۶ھ میں خواب دیکھا کہ میں بالکل برہنہ نماز پڑھتا ہوں، مگر بیٹھ کر اور جناب رسول اللہ ﷺ میرے بازو کی طرف تشریف فرما ہیں۔ بایں ہمہ مجھے کچھ حجاب نہیں ہے، مجھے برہنگی کی وجہ سے تشویش تھی۔ میں نے حضرت (یعنی اعلیٰ حضرت مولانا فضل رحمٰن

صاحب قبلہ) سے خواب عرض کیا۔ ارشا ہوا، بہت عمدہ خواب ہے، برہنہ ہونے سے اشارہ دنیا سے بے لوث ہونا ہے۔‘‘

آہ! ہمارے حکیم صاحب، جن کی تہذیب وخوش فہمی سے ہمارے ناظرین واقف ہو چکے ہیں۔ یہ زہرا گلتے ہیں۔

’’دیکھئے آپ کے اس بے حیائی کے خواب سے کس قدر باتیں ثابت ہوتی ہیں۔

۱...... رسول اللہ ﷺ کے سامنے آپ کا بالکل ننگا ہونا، اس سے آپ بے حیائی وبدتہذیبی ٹپکتی ہے۔

۲...... اگر عالم ارواح میں برہنہ ہونے کا مطلب دنیا سے بے لوث ہونا ہے تو معاذ اللہ! آنحضرت ﷺ بالمقابل آپ کے دنیا دار ہوں گے۔

۳...... بالکل برہنہ ہونے سے ذرا آپ کو حجاب نہیں۔ آپ کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ آپ کے بازو کی طرف تشریف فرما ہیں تو معلوم ہوا کہ آپ تو بے شرم تھے ہی لیکن معاذ اللہ! رسول اللہ ﷺ کو بھی آپ کی برہنگی کی وجہ سے شرم محسوس نہ ہوئی۔ ورنہ آنحضرت ﷺ آپ کے پاس ہرگز ہرگز نہ ٹھہرتے۔

۴...... چونکہ دنیا میں صرف آپ ہی دنیا سے بے لوث انسان نہیں کہے جاسکتے ہیں بلکہ جتنے انبیاء، اولیا، صلحاء اور راست باز یہاں تک کہ آپ کے شجرہ میں جس قدر باخدا اور اچھے لوگوں کے اسماء ہیں۔ وہ سب کے سب دنیا سے بے لوث انسان تھے۔ پس مراحل سلوک طے کرنے کے لئے ان بزرگوں نے بھی معاذ اللہ اپنے کو بالکل برہنہ دیکھا ہوگا یا معاذ اللہ! آپ کے روحانی عالم میں یہ لوگ ہی برہنہ ہیں۔

۵...... اس خواب کو آپ اظہار نعمت وبندہ نوازی کی سرخی کے نیچے لکھتے ہیں۔ پس منعم علیہم کا گروہ نبیین صدیقین شہداء اور صالحین اس نعمت سے محروم رہے۔ اکیلے آپ ہی نے ایسی نعمت پائی جو کسی کو نہ ملی۔ اگر ان مقدسوں کو بھی برہنگی کی ایسی نعمت ملی تو اس کا ثبوت آپ کے ذمہ ہے۔ رسول اللہ ﷺ کی شان پاک میں آیا ہے: ’’اتممت علیکم نعمتی (المائدہ:۳)‘‘ اگر یہ آپ کا خواب نعمت ہے تو کیا معاذ اللہ آنحضرت ﷺ کو بھی یہ نعمت ملی۔ اگر برہنہ رویا کی نعمت نہ ملی تو پھر بتایئے کہ ایسی نعمت جس کے حقدار انبیاء، صلحاء، شہداء اور دیگر اولیاء اللہ نہ ہوں وہ آپ کے واسطے نعمت ہوگی یا زحمت؟ فتدبّر وتفکّر!‘‘

مقدمۃ الجواب

قبل اس کے کہ ہم حکیم صاحب کے ہر ہر نمبر کا جواب دیں، چند باتیں بطریق تمہید تحریر کرنی ضروری سمجھتا ہوں۔ امید ہے کہ ناظرین اس کو بغور مطالعہ فرمائیں گے۔

ضوابط رویا

ہزار نکتہ باریک تر ز مو اینجا ست   نہ ہر کہ سر بتر اشد قلندری داند

۱...... یہ کچھ ضرور نہیں کہ انسان اپنے ہران ذاتی اوصاف کو خواب میں دیکھا کرے، جن سے وہ متصف ہوتا ہے احیاناً اور کبھی کسی امر کے لئے خواب کا دیکھ لینا خود قضیہ اتفاقیہ ہونے کی روشن دلیل ہے۔ مثلاً حکیم (خلیل قادیانی) کا اپنی حکمت کا خواب دیکھنا اور مولوی کا اپنے مولویت کا خواب دیکھنا اور منشی کا انشائیت کا خواب دیکھنا۔ ہرگز ضروری نہیں۔ اگرچہ کبھی ایسا بھی ممکن ہے کہ حکیم صاحب اپنی حکمت کا خواب دیکھ لیں۔ لیکن اس قضیہ اتفاقیہ سے ضرورت یہ مطلقہ (یعنی ضروری اور لازمی ہونے) کی شان نہیں پیدا ہوسکتی۔ حاصل یہ کہ انسان کا اپنا اوصاف اور حالات کو خواب میں دیکھنا ہرگز ضروری نہیں اور یہ ایک بدیہی امر ہے، جس کی تصدیق ہر شخص اپنے ذاتی حالات کی بناء پر کرسکتا ہے۔

۲...... خواب کے لئے یہ ضروری نہیں کہ بعینہٖ وہی چیز دیکھے جو اس کی تعبیر ہوتی ہے۔ بلکہ ادنیٰ طرح کی مناسبت تعبیر کے لئے کافی ہوتی ہے۔ اگرچہ انسان کبھی بعینہٖ تعبیر کو بھی خواب میں دیکھ لیتا ہے۔ یہ بھی ایک بدیہی امر ہے جس ہر شخص اپنے متعدد خوابوں پر غور کرنے سے سمجھ سکتا ہے۔

چنانچہ حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ اپنی مشہور کتاب ''**المفتون به علیٰ غیر اهله**'' میں فرماتے ہیں: ''**وکم من المنامات عرضت علی رسول اللہ ﷺ من رؤیا لبن وحبل فقال اللبن هو الاسلام والحبل هو القرآن الّٰی امثال له لا تخفی. وای مماثلة بین اللبن والاسلام والحبل والقرآن الّا فی مناسبة وهو ان اللبن متمسک به النجاة والقرآن کذالک واللبن غذاء تغذی به الحیوٰة الظاهرة والاسلام عذاء تغذی به الحیوٰة الباطنة** (ص۵)''

ترجمہ: کتنے خواب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں دودھ اور ڈوری کے عرض کئے گئے تو آپ نے فرمایا کہ دودھ (سے مراد) اسلام ہے اور ڈوری (سے مراد) قرآن ہے،

(اور تم جانتے ہو کہ) کون سی مناسبت دودھ اور اسلام اور ڈوری اور قرآن کے درمیان میں ہے۔ بجز اس کے کہ ڈوری کو بھی نجات حاصل کرنے کے لئے پکڑتے ہیں اور قرآن شریف کو بھی اور دودھ حیات ظاہری کے لئے غذا ہے اور اسلام غذائے باطنی کے لئے۔

علاوہ بریں خود آنحضرت ﷺ کے خواب سے بھی اس کی تسلی ہوتی ہے۔ حضور ﷺ[۱] نے یہ خواب دیکھا کہ میرے ہاتھ میں سونے کے دو کنگن ہیں جواڑ گئے۔ اس کی تعبیر آپ نے فرمائی کہ اس سے مراد مسیلمہ کذاب اور اسود عنسی ہے (جس نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا) حاصل یہ کہ ہرگز ضروری نہیں کہ انسان خواب میں بعینہٖ[۲] تعبیر دیکھے۔

۳...... تعبیر واحد کے لئے ضرور نہیں کہ ہر آدمی ایک ہی طرح کا خواب دیکھے بلکہ تعبیر واحد کے لئے مختلف طور پر مختلف خواب مختلف لوگ دیکھ سکتے ہیں اور یہ بھی ایک بدیہی امر ہے۔ مثلاً دنیا سے بےلوثی اور کنارہ کشی کے لئے ایک شخص یا چند شخص اس طرح پر مختلف خواب دیکھ سکتے ہیں۔

فرض کرو کسی نے دیکھا۔ میں نے کل مال اور اسباب خدا کے راہ میں صدقہ کر دیا ہے کہ کسی نے دیکھا کہ میں گھربار مال اور دولت چھوڑ کر جنگل کی ایک مسجد میں مقیم ہوں اور بقیہ زندگی وہیں گزار رہا ہوں، کسی نے دیکھا کہ میں نے کل اثاث البیت کو بیچ کر قرآن مجید اور حدیث شریف کی جلدیں خرید لیں ہیں۔ کسی نے دیکھا کہ میں اپنے کل سامان دنیاوی کو چھوڑ کر

[۱] حدیث شریف کے الفاظ یہ ہیں: ’’قال رسول اللہ ﷺ رأیت فی المنام کان فی یدی سوارین من ذھب فھمنی شانھما فاوحی الی ان انفخھما فنختھما فطارا فاوّلتھما کاذبین یخرجان من بعدی یقال لاحدھما مسیلمہ صاحب الیمامۃ والعنسی صاحب صنعاء‘‘ یہ حدیث تقریباً بیسیوں کتابوں میں مذکور ہے۔

[۲] قطع کلام اور اتمام حجت کے لئے ہم حکیم صاحب کے امام کی شہادت بھی (ازالۃ الاوہام ص۶۱،۶۲، خزائن ج۳ ص۱۳۳) سے نقل کرتے ہیں کہ مرزا قادیانی کا بھی اس پر صاد ہے غور سے پڑھئے: ’’استعارات جو آنحضرت ﷺ کے مکاشفات اور حوالوں میں پائے جاتے ہیں، وہ حدیثوں کے پڑھنے والوں سے مخفی نہیں، کبھی کشفی طور پر آنحضرت ﷺ کو اپنے ہاتھوں میں دو سونے کے کڑے پہنے ہوئے دکھائی دیئے اور ان سے دو کذاب مراد لئے گئے۔ جنہوں نے جھوٹے طور پر پیغمبری کا دعویٰ کیا تھا اور کبھی آنحضرت ﷺ اپنی رؤیا اور کشف میں گائیں ذبح ہوتی نظر آئیں اور ان سے مراد وہ صحابہ رضی اللہ عنہم تھے جو جنگ احد میں شہید ہوئے...... الخ!‘‘ آگے چل کر لکھتے ہیں: ’’ایسا ہی بہت سی نظیریں دوسرے انبیاء علیہم السلام کے مکاشفات میں پائی جاتی ہیں کہ بظاہر صورت ان پر کچھ ظاہر کیا گیا اور دراصل اس سے مراد کچھ اور تھا۔‘‘ مطلب یہ کہ ہرگز صحیح نہیں کہ خواب بعینہٖ تعبیر ہوتی ہے۔

مدینہ منورہ ہجرت کررہا ہوں۔ کسی نے دیکھا میں اپنے اس ملازمت کو جس پر معاش زندگی موقوف ہے مکروہ سمجھ کر لوجہ اللہ مستعفی ہورہا ہوں۔ وغیر ذلک من المنامات الکثیرۃ!

پس آپ کے صدر کے خواب سے یہ اچھی طرح سمجھ گئے ہوں گے کہ تعبیر واحد کے لئے انسان کس طرح مختلف خواب دیکھ سکتا ہے۔

۴...... عالم خواب کو عالم خارجی پر قیاس کرنا غلط ہے، بناءً علیہ خواب پر ان اثرات اور احکام کو ثابت کرنا غلط ہوگا جو کہ اس کے وجود خارجی پر حکم کیا جاتا ہے اور یہ بھی بدیہی امر ہے جس کے لئے ذیل کے خواب پر غور کرو۔ قرآن شریف سورۂ یوسف میں ایسے دو قیدیوں کا خواب مسطور ہے جو حضرت نبینا علیہ السلام کے ساتھ ہی قیدخانہ میں آئے تھے۔ ’’قال احدھما انّی ارانی اعصر خمراً وقال الاخر انی ارانی احمل فوق رأسی خبزاً تاکل الطیر منہ (یوسف:۳۶)‘‘ ترجمہ: ان دونوں قیدیوں میں سے ایک نے کہا، میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ انگور[1] نچوڑ رہا ہوں۔ دوسرے نے کہا میں نے دیکھا ہے کہ سر پر روٹی اٹھائے ہوئے ہوں اور پرندے اسے کھا رہے ہیں۔

پس کیا اس کی حالت کواب پر ان آثار واحکام کو ثابت کر سکتے ہیں جو اس کے وجود خارجی پر ثابت کر سکتے ہیں۔ مثلاً کوئی شخص انگور نچوڑے گا تو اس کے پاس انگور کا شیرہ جمع ہوگا اور اس کا خشک ہاتھ اس کے شیرہ کی وجہ سے تر ہوگا تو کیا واقعی طور پر خواب میں بھی اس کا خشک ہاتھ بھیگا ہوگا اور اس کے پاس واقعی طور پر انگور کا شیرہ جمع ہوگا ہرگز نہیں۔ اسی طرح دوسرے خواب کو بھی قیاس کرلو۔ ونیز سورۂ یوسف میں خود حضرت یوسف علیہ السلام کا خواب مذکور ہے: ’’اذ قال یوسف لابیہ یا ابت انّی رأیت احد عشر کوکباً والشمش والقمر رأیتھم لی سٰجدین (یوسف:۴)‘‘ ترجمہ: حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے والد سے فرمایا اے میرے باپ! میں نے خواب دیکھا ہے کہ گیارہ ستارے اور آفتاب ماہتاب مجھ کو سجدہ کررہے ہیں۔

[1] خمر کا لغوی معنی شراب ہے۔ مگر چونکہ شراب نچوڑی نہیں جاتی ہے اس سے مراد باعتبار مایؤل کے انگور ہے جیسا کہ بڑی کتابوں میں مذکور ہے اور لغوی معنی لیویں پھر بھی ہمارے مدعا کے خلاف نہیں۔ اس بناء پر یہ لازم آوے گا کہ خواب میں اس کے نزدیک حقیقتاً شراب موجود ہوا اور یہ بیّن طور پر باطل ہے۔

تو کیا کسی شخص کا اس سے یہ سمجھنا صحیح ہوسکتا ہے کہ حقیقتاً آفتاب اور ماہتاب اور گیارہ ستارے فضائے عالم سے اتر کران کے قدموں پر پڑے ہوئے تھے اور کیا یہ ممکن ہے، ہرگز ہرگز نہیں۔

ایسی مثالیں[۱] قرآن وحدیث میں کثرت سے ملیں گی، مگر تلاش شرط ہے۔ مثلاً عزیز[۲] مصر کا یہ خواب دیکھنا کہ سات موٹی گائیں ہیں جن کو سات دبلی اور نحیف گاؤں نے کھالیا تو کیا واقعی سات موٹی گائیں خارج میں موجود تھیں اوران کو سات دبلی گائیوں نے کھالیا تھا۔ ہرگز نہیں۔

حاصل یہ کہ عالم خواب کو عالم محسوس پر قیاس کرنا اور آثار عالم کو عالم خواب کے لئے ثابت کرنا غلط ہے۔ کیونکہ اگر کوئی شخص خواب دیکھے کہ میں دریا میں تیر رہا ہوں تو کیا اس کا یہ مطلب ہوتا ہے کہ وہ واقعی دریا میں تیرتا ہے اوراس پر وہ آثار جو خارجی تیرنے میں ہوتے ہیں پائے جائیں گے۔ مثلاً کپڑوں کا تر ہونا۔ وغیرہ وغیرہ! ہرگز نہیں۔

۵...... آنحضرت ﷺ لوگ خواب میں دیکھتے ہیں (بلکہ اولیاء اللہ اور بڑے بڑے صوفیائے کرام تو ذات باری تعالیٰ جلّ شانہ کو بھی خواب میں دیکھتے ہیں) اوراس کا کوئی بھی منکر نہیں۔ الّا ما شاء اللہ! مگراس کا کیا معنی ہوتا ہے۔ آیا یہ کہ حضور ﷺ روحی فداہ کو بجسدہ دیکھتے ہیں یا اور کوئی معنی ہوتا ہے۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ تو یہ فرماتے ہیں: ’’**والعامی یتصورون فمن رأی رسول اللہ فی المنام فقد رأی حقیقۃ شخصہ**‘‘ عامی شخص تو یہ سمجھتا ہے کہ جو رسول اکرم ﷺ کو خواب میں دیکھتا ہے وہ حضور ﷺ کو بشخصہ یعنی بجسدہ دیکھتا ہے۔

آگے چل کر وہ لکھتے ہیں کہ یہ ایک ایسی بات ہے جو عقل کے خلاف ہے اور ہم نہیں سمجھ سکتے ہیں کہ یہ کیونکر ممکن ہوسکتا ہے۔ ملاحظہ ہو ذیل کی عبارت جس میں انہوں نے اس کی

۱؎ مثلاً حضرت ابراہیم علیہ السلام کا خواب کہ میں اسماعیل علیہ السلام کو ذبح کر رہا ہوں تو کیا واقعی وہ خواب میں ذبح کر رہے تھے اور حضرت اسماعیل مذبوح ہوگئے تھے اور کیا چھری ان کی گردن پر چل کر خون آشام ہوچکی تھی۔ پڑھئے: ’’**یا بنیّ انی اریٰ فی المنام انی اذبحک فانظر ماذا تریٰ**‘‘

۲؎ قرآن شریف کے الفاظ یہ ہیں: ’’**قال الملک انی اریٰ سبع بقرات سمان یاکلھن سبع عجاف**‘‘

مدلل طور پر تردید کی ہے۔’’ولا ادری انه کیف یتصور رؤیة شخص الرسول فی المنام وشخصه مودع فی روضة المدینة وما شق القبر وما خرج الی موضع یراه النائم. ولئن سلمنا ذلک فربما یراه فی لیلة واحدة الف نائم فی الف موضع علٰی صور مختلفة والوهم یساعد العقل فی انه لامکن تصورا شخص واحد فی حالةٍ علٰی حدةً فی مکانین وعلٰی صورتین طویل وربع وشاب وکهل شیخ ومن لا تحط معرفته افساد هذا التصورفقد ...... من عریرة العقل بالاسم والرسم بدون الحتعة لو للبوی ولا ینبغی ان یعاقب بل لا ینبغی ان یخاطب المفتون به علٰی غیر اهله (ص۸)‘‘

ترجمہ: میں نہیں سمجھ سکتا ہوں کہ کیونکر حضورﷺ کو رویاً میں بشخصہ دیکھنا متصور ہو سکتا ہے۔ دراں حال کہ حضورﷺ کا جسد شریف مدینہ منورہ کے روضۂ اقدس میں سویا ہوا ہے اور نہ قبر کھلی ہے اور نہ حضورﷺ کا جسد مبارک نکل کر ایسی جگہ پہنچا ہے کہ خواب دیکھنے والا دیکھے اور اگر ہم اس کو تسلیم بھی کر لیں تو بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ ایک ہی رات کو ہزار آدمی ہزار جگہ میں مختلف صورتوں میں دیکھتے ہیں۔ یہ عقل کے بالکل خلاف ہے کہ شخص واحد حالت واحد میں دو جگہ دو صورتوں میں دیکھا جائے، کہیں لانبا ہو اور کہیں میانہ قد کا، کہیں جوان ہو اور کہیں بوڑھا۔ وہ بے وقوف جن کی سمجھ میں یہ بات نہیں آتی ہے وہ محض الفاظ پرست ہے جس کو حقیقت اور معنی کی اطلاع نہیں۔ ایسا شخص اس قابل نہیں کہ اس پر عتاب کیا جائے بلکہ وہ اس قابل نہیں کہ وہ مخاطب کیا جائے۔

الحاصل یہ نہایت صاف بات ہے کہ عامیوں نے جو یہ سمجھا ہے کہ حضرت خواب میں بجسدہ تشریف فرما ہو جاتے ہیں، غلط بات ہے۔

ان پانچ تمہیدوں کے بعد ہم ہر نمبروں کا جواب الگ الگ لکھتے ہیں۔ اگرچہ سمجھ دار آدمی کو اس تمہید کے بعد اس کی ضرورت باقی نہیں رہتی کہ مفصلاً ہر ایک کو الگ سمجھایا جائے، مگر طبائع جداگانہ اور سمجھ مختلف ہیں۔ ممکن ہے بعض سادہ لوح حضرات ہنوز نہ سمجھتے ہوں۔ مگر قبل تفصیلی جواب کے ہم باصول’’الفضل ما شهدت به الاعداء‘‘عام ناظرین کے لئے عموماً اور اپنے مرزائی دوستوں کے لئے خصوصاً۔ خود۔

مرزائیوں کے امام مسیح موعود مرزا غلام احمد قادیانی کی شہادت

پیش کرتے ہیں جس سے خلیل قادیانی کے پانچوں اعتراض کا ایک ہی قاہر جواب ہوگا، مرزا قادیانی بحوالہ ابن سیرین نیک مسلمان کے ایسے خواب کی تعبیر یہ فرماتے ہیں کہ ننگے ہونے سے مراد یہ ہے کہ تیرے صفات حسنہ سب لوگوں پر کھلے ہوئے ہیں۔ کیونکہ ننگا ہونے سے انسان کا سب ظاہر ہوجاتا ہے۔ اسی طرح لوگ تیری خوبیاں دیکھ رہے ہیں۔'' ملاحظہ ہو (مکاشفات ص۶۲، اخبار البدر ج اوّل نمبر۱۱ ص۸۴، مؤرخہ ۹؍جنوری ۱۹۰۲ء)

پس حیف صد حیف اور تعجب بالائے تعجب حکیم خلیل صاحب کے متعصب نفس پر ہے کہ حضرت مولانا مدظلہ کے اس خواب پر اعتراض کرتے ہوئے ان کے ضمیر نے ان کو ملامت نہ کیا اور مرزا قادیانی کی روح سے ان کو ندامت نہ ہوئی۔

پس اس کا انصاف ہم اپنے ناظرین سے چاہتے ہیں کہ باوجود اس کے کہ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ (جس کو حکیم صاحب اور خود ان کے مرزا قادیانی بھی مانتے ہیں) یہ فرماتے ہوں کہ ایسا خواب اگر کوئی نیک مسلمان دیکھے تو ہرگز برا نہیں۔ بلکہ اس سے اس کے صفات حسنہ کا سب لوگوں پر ظاہر ہونا مراد ہے اور پھر اس کی تصدیق خود مرزا قادیانی بھی کرتے ہوں۔ کیا حکیم صاحب ایسے متعصب انسان کے برا بتلانے سے برا ہوسکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔

پوری عبارت ملاحظہ ہو: ''خوابوں کی تعبیر ہر ایک کے حال کے موافق مختلف ہوا کرتی ہیں۔ ایک دفعہ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے پاس ایک شخص آیا اور بیان کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میں ایک کوڑے کے ڈھیر پر ننگا کھڑا ہوں۔ ابن سیرین نے کہا کہ اگر کوئی اور شخص کافر یا فاسق اس خواب کو بیان کرتا تو میں اس کی تعبیر اور بیان کرتا۔ مگر تو اس تعبیر کے لائق نہیں ہے۔ اس لئے سن کہ کٹورے اور کہاوت سے مراد تو دنیا ہے کہ جس میں موجود زندہ ہے اور ننگے ہونے سے مراد ہے کہ تیری یہ صفات حسنہ سب لوگوں پر کھلے ہیں۔ کیونکہ ننگا ہونے سے انسان کا سب ظاہر ہوجاتا ہے۔ اس طرح لوگ تیری خوبیاں دیکھ رہے ہیں۔''

(مکاشفات ص۶۲، اخبار البدر ج اوّل نمبر۱۱ ص۸۴، مؤرخہ ۹؍جنوری ۱۹۰۲ء)

تفصیلی جواب

۱...... پہلے اعتراض سے آپ کے چند باتیں معلوم ہوتی ہیں۔ ایک تو یہ کہ آپ نے عالم

خواب کی برہنگی کو عالم محسوس کی واقعی برہنگی تصور فرمایا ہے، ورنہ آگے چل کر یہ کہنا: ''اس سے آپ کی بے حیائی اور بدتہذیبی ٹپکتی ہے۔'' بے معنی ہو جائے گا کیونکہ اگر واقعی برہنگی آپ نے نہیں سمجھا ہے تو پھر آپ کی یہ بے ادبی اور بھی آپ کی تہذیب پر چار چاند لگا دے گی اور ایک بے معنی بڑ ہوگا۔ دوسرے یہ کہ آپ نے آنحضرت ﷺ کو واقعی بجسدہ تشریف فرما ہونا تصور کیا ہے اور اگر ایسا نہیں سمجھا ہے تو آئندہ کی تفریع مذکور پر وہی بے معنگی لازم آتی ہے۔ حالانکہ نمبر۴ سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ عالم خواب کو عالم محسوس خارجی پر قیاس کرنا غلط ہے۔ کیونکہ حضرت یوسف علیہ السلام کا آفتاب و ماہتاب کو سجدہ کرتے دیکھنے سے یہ ہرگز مراد نہیں کہ واقعی آفتاب و ماہتاب زمین پر اتر کر حضرت یوسف علیہ السلام کے قدموں پر پڑے ہوئے تھے۔ اسی طرح خواب میں برہنہ دیکھنے کا یہ ہرگز معنی نہیں کہ واقعی بیداری میں ننگے تھے۔ پس جب یہ ثابت ہوگیا کہ خواب میں ننگا دیکھنے کا یہ معنی نہیں کہ انسان واقعی ننگا ہو تو پھر آگے کی تفریع جو واقعی ننگے ہونے پر متفرع کی گئی، غلط ہوگئی اور معلوم ہوگیا کہ آپ نے اپنی بے سمجھی سے یہ لکھ مارا کہ ''اس سے آپ کی بے حیائی اور بدتہذیبی ٹپکتی ہے۔''

دوسری بات نمبر۵ سے غلط ہو جاتی ہے۔ کیونکہ یہ ثابت ہو چکا ہے کہ خواب میں حضور انور ﷺ بجسدہ تشریف فرما نہیں ہوتے ہیں اور آگے کا اعتراض اسی پر موقوف تھا کہ آپ بجسدہ خواب میں تشریف لاتے ہیں، جب یہی غلط ہوگیا تو یہ اعتراض بھی غلط ہوگیا کہ: ''اسی سے آپ کی بے حیائی بدتہذیبی ٹپکتی ہے۔ پس آپ کا اعتراض ہباءً منثورا ہوگیا کہ یہاں بھی آپ کو آپ کی جدت طبع ہی نے ٹھوکر کھلایا۔ وما ھذا الّا بتائیداللہ!

۲...... دوسرے اعتراض کا بھی مبنیٰ اسی فاسد امر پر ہے ایک تو یہ کہ برہنگی کو واقعی برہنگی سمجھ رکھا ہے۔ دوسرے یہ کہ رسول اللہ ﷺ کو آپ نے بجسدہ مع لباس زیب بدن فرمائے ہوئے خواب میں حقیقتاً تشریف فرما ہونا خیال کیا ہے۔ جس پر آپ یہ تعریفی جدت فرمارہے ہیں کہ: ''معاذ اللہ! آنحضرت ﷺ بالمقابل آپ کے دنیادار ثابت ہوئے۔''

حالانکہ یہ دونوں باتیں نمبر۴ و نمبر۵ سے غلط ثابت ہو چکی ہیں۔ پس نمبر۱ پر اعتراض کا دارومدار تھا جب وہی غلط ہوگیا تو اعتراض بھی غلط ہوگیا کہ آپ نے محض کم علمی کی وجہ سے یہ اعتراض کیا ہے اور بناء فاسد علی الفاسد کا مصداق ہے۔

۳...... تیسرے اعتراض کا بھی دارومدار پہلی غلطی ہے کہ آپ واقعی برہنگی اور واقعی بجسدہ آنحضرت ﷺ کی تشریف آوری کی فاش غلطی میں مبتلاء ہیں۔ ورنہ ہرگز آپ یہ نہیں تحریر فرماتے: ''تو معلوم ہوا کہ آپ تو بے شرم تھے ہی لیکن معاذ اللہ! آنحضرت ﷺ کو بھی آپ کی برہنگی کی وجہ سے شرم محسوس نہ ہوئی۔''

حکیم صاحب! بار بار ہم آپ کو بتلا چکے ہیں کہ خواب میں برہنہ دیکھنے کا یہ ہرگز مطلب نہیں ہوتا کہ واقعی انسان برہنہ ہوتا ہے اور جب واقعی برہنہ ہونا نمبر۴ سے غلط ثابت ہوگیا تو پھر فرمایئے کہ شرم معلوم ہونے کی کون سے وجہ ہے اور نعوذ باللہ! آنحضرت ﷺ کی بے شرمی کیونکر لازم آتی ہے۔ افسوس صد افسوس! یہ آپ کا ایمان ہے کہ آنحضرت ﷺ کی شان مبارک میں بھی ایسے تفریعات خبیثہ مخترعہ سے بالاتر ہے اور آپ کے ضمیر نے آپ کو ملامت نہ کی۔

۴...... چوتھے اعتراض کے متعلق عرض یہ ہے کہ یہ مسلم دنیا میں بہتیرے انسان مردار دنیا سے بے لوث گزرے ہیں اور سلسلہ نقشبندیہ وقادریہ وغیرہ کے کل بزرگ باخدا دنیا سے بے لوث تھے اور جملہ انبیاء، اولیا، صلحا اور بزرگان کے قلوب دنیا محبت سے پاک تھے۔ مگر یہ مسلم نہیں کہ: ''ان بزرگوں نے بھی یہ خواب ضرور دیکھا ہوگا۔'' کیونکہ ایک تو یہ کہ نمبر۱ سے ثابت ہو چکا ہے کہ انسان کا اپنے اوصاف کو خواب میں دیکھنا ضروری نہیں ہے۔ جیسا کہ ہمارے ناظرین اپنی اپنی حالتوں سے اچھی طرح اس کی تصدیق کر سکتے ہیں کہ اگر آپ زمیندار ہیں تو ضروری نہیں کہ اپنے آپ کو خواب میں زمیندار دیکھیں یا کاشتکار یا پیشہ کار ہیں تو آپ اپنے کو خواب میں کاشتکار اور پیشہ کار دیکھیں۔

پس کیا ضرور ہے کہ وہ نفوس جو دنیا سے بے لوث ہوں اپنی بے لوثی کو خواب میں دیکھیں۔ دوسرے یہ کہ نمبر۳ سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ تعبیر واحد کے لئے ضروری نہیں کہ ہر آدمی ایک ہی طرح کا خواب دیکھے۔ پس ممکن ہے کہ ان بزرگان دین نے اپنی بے لوثی کا خواب دیکھا ہو مگر دوسرا خواب دیکھا ہو جس کی تعبیر بے لوثی نہ یا فرض کرو کہ یہی خواب دیکھا ہو مگر انہوں نے بیان نہ کیا ہو۔ رہا آپ کا یہ فرمانا: ''یا معاذ اللہ! آپ کی روحانی عالم میں یہ لوگ بھی برہنہ ہیں۔'' یہ اسی غلطی کا پس خوردہ جو آپ سمجھے ہوئے ہیں کہ انسان کا اپنے کو خواب میں برہنہ دیکھنا واقعی برہنہ ہونا ہے۔ سبحان اللہ! کیسی اعلیٰ سمجھ ہے۔ حکیم صاحب اسی پر یہ تعلّی سچ ہے:

بت کریں آرزو خدائی کی شان ہے تری کبریائی کی

پس یہ اعتراض بھی آپ کا ھبــاءً منثورا ہو گیا اور ظاہر ہو گیا کہ انسان حمیّت ناحق میں کبھی کامیاب نہیں ہوتا:

سامنے غیر کے تم مجھ کو برا کہتے ہو چھائی جاتی ہے یہ دیکھو تو سراپا کس پر

۵...... پانچویں اعتراض میں آپ یہ تحریر فرما چکے ہیں: ’’منعم علیہم کا گروہ نبیّین صدیقین شہداء اور صالحین اس نعمت سے محروم تر ہے۔ اکیلے آپ نے ایسی نعمت پائی جو کسی کو بھی نہ ملی۔ اگر ان مقدسوں کو برہنگی کی ایسی نعمت ملی تو اس کا ثبوت آپ کے ذمہ ہے۔‘‘

حکیم صاحب! آپ کو کہاں تک سمجھاویں۔ حضرت برہنگی سے واقعی برہنگی سمجھنا تو آپ کی خوش فہمی ہے ورنہ ایک لڑکا بھی نہیں سمجھے گا کہ انسان کا خواب میں برہنہ دیکھنا واقعی برہنہ ہونا ہے۔ حکیم صاحب عالم رؤیا میں اپنے برہنہ نماز پڑھتے دیکھنے کا وہی مطلب ہے جو اعلیٰ حضرت نے بیان فرمایا ہے کہ دنیا سے بے لوث ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ پس صالحین، صدیقین اور انبیاء اور شہداء کو اس نعمت بے لوثی کے ملنے میں کیا کلام اور اس کا ثبوت تو خود آپ کا اقرار ہے کہ سارے باخدا اور اچھے لوگ بے لوث انسان تھے۔ (ملاحظہ کیجئے اپنے اعتراض کو نمبر۴ کو) آگے چل کر آپ فرماتے ہیں، رسول اللہ ﷺ کی شان میں آیا ہے: ’’اتممت علیکم نعمتی ‘‘ اگر آپ کا یہ فحش خواب نعمت ہے تو کیا معاذ اللہ! آنحضرت ﷺ کو بھی یہ نعمت ملی۔ اگر برہنہ رؤیا کی نعمت نہ ملی اور ہرگز نہ ملی تو پھر آپ ہی فرمایئے کہ ایسی نعمت جس کے حق دار انبیاء، صلحاء، شہداء اور دیگر اولیاء نہ ہوں وہ آپ کے واسطے نعمت ہوگی یا رحمت۔

معزز ناظرین! ہمارے حکیم صاحب کا یہ تو مبلغ علم ہے کہ: ’’اتممت علیکم نعمتی (المائدہ:۳) ‘‘ کو فرما رہے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی شان میں یہ آیت اتری ہے۔ حالانکہ علیکم میں ضمیر جمع کی موجود ہے جس میں جمیع امت محمدیہ موجودہ سابقہ ولاحقہ سب داخل ہیں۔

دوسرے یہ کہ آپ اس کو فحش خواب فرماتے ہیں، کیوں نہیں ایک دنیا دار انسان بے لوثی کو یقیناً بری سے بری چیز بتلاوے گا۔

تیسرے یہ کہ: ’’برہنہ رؤیا کی نعمت نہ ملی اور ہرگز نہ ملی‘‘ کی تاکید اس فحش غلطی کی وجہ سے ہے جس کو ہم اوپر بتلاتے آرہے ہیں۔

www.amtkn.com www.facebook.com/amtkn313 www.emaktaba.info

چوتھے یہ کہ یہ بھی ضرور نہیں کہ تعبیر واحد کے لئے ہر آدمی ایک ہی طرح کا خواب دیکھے۔ پس ہم کہتے ہیں کہ نعمت بے لوثی ملی اور ضرور ملنی چاہے کسی طرح کے خواب سے ملی ہو۔

پانچویں یہ کہ ہر شخص کو ضرور نہیں کہ اپنے اوصاف کو خواب میں دیکھے۔

یہ پانچ لغو اعتراض تھے جو اس خواب پر کئے گئے تھے۔ جن کا الحمدللہ! نہایت شافی جواب عقلاً ونقلاً قرآن وحدیث سے مطابق کر کے دے دیا گیا اور ہر منصف مزاج جن کی شریف طبیعت عناد اور مخاصمت، ہٹ دھرمی، ناحق کوشی، حمیّت باطل، ذاتی بغض سے پاک ہوگی وہ ضرور اس کا اقرار کرے گا کہ حکیم صاحب کے کل اعتراض ان کی کم علمی اور ناسمجھی یا مرزائیت کی حمیّت باطل پر موقوف تھی۔ **فالحمدللہ الذی ایدہٗ وتوفّق لنا لثبیت الحق وتزھیق الباطل!**

اعلیٰ حضرت قبلہ کی تعبیر اور حضرت مولانا مدظلہ کے خواب کا تناسب

حکیم صاحب کا یہ فرمانا: ’’بالکل ننگا ہونے سے مراد ہرگز ہرگز دنیا سے بے لوث ہونا نہیں ہوسکتا۔‘‘ کیوں نہیں ہوسکتا۔ بجز اس کے اور کیا کہیں کہ آپ کی سمجھ اس سے قاصر رہی۔ کیونکہ یہ تو خود آپ ’’اسرار نہانی‘‘ کے (ص۴۵) میں اپنے قلم سے ارشاد رحمانی کی یہ عبارت لکھ چکے ہیں: ’’یہ خواب حضرت نے اپنے پیر (یعنی مولانا فضل رحمٰن صاحب قدس سرہ) سے عرض کیا۔ ارشاد ہوا بہت عمدہ خواب ہے، برہنہ ہونے سے مطلب دنیا سے بے لوث ہونا ہے۔‘‘

پس غور کیجئے جب اتنا بڑا عالم صوفی ولی اس خواب کی تعبیر بے لوثی کرے تو پھر آپ کیا چیز ہیں اور آپ کا شمار کس درجہ میں ہے اور آپ کی فضولیات کی کیا وقعت ہوسکتی ہے اور اگر لاکھ آپ اس کو برا کہیں، کون عقلمند ذی شعور کان رکھ سکتا ہے۔ مجھ کو سخت تعجب ہے کہ اس کے علم کے بعد کہ جناب شاہ مولانا فضل رحمٰن صاحب قبلہ قدس سرہٗ نے یہ تعبیر فرمائی ہے۔ آپ کو اس زٹل ہانکنے کی کس طرح جرأت ہوئی اور آپ کو اس کا کچھ خیال نہ ہوا کہ ہم کس کے مقابل میں اور کس کی تعبیر کو غلط کہہ رہے ہیں۔ وہ شخص جس کو عرب وعجم کے لوگ مستند مانتے تھے اور آستان شریف پر حاضر ہوکر جبین عقیدت رگڑتے تھے اور بڑے بڑے عالم اور بڑے بڑے صوفی ان کے سامنے پہلوئے ادب تہہ کرتے تھے اور ہر جماعت کے مقتدی بلالحاظ مسلک حصول برکت کے لئے حاضر ہوکر سعادت دارین حاصل کرتے تھے:

عجیب وصف تھا تیر نگاہ قاتل میں　　　　کہ ایک ہو کے ہزاروں جگر کے پار رہا

مگر آپ ہیں کہ ایسے بزرگ کے بالمقابل بے ادبی کو راہ دیتے ہیں اور ان کی تعبیر کو غلط کہتے ہیں اور نشۂ جہل مرکب میں مخمور ومغرور ہوکر مکبّرانہ ادا میں اس ادّعاء کی جرأت کررہے ہیں کہ اس سے ہرگز بے لوثی مراد نہیں ہوسکتی۔ حکیم صاحب:

ابھی دلربائی کے انداز سیکھ　　　　کہ آسان نہیں دل لبھانا کسی کا

بہرکیف آیئے ہم آپ کو بتلائیں کہ یہ مراد ہوسکتی ہے اور یہ مراد لینا صحیح ہے اور بہت صحیح، کیونکہ یہ تو امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے قول سے اوپر بتلا آئے ہیں کہ خواب وتعبیر میں ایک ادنیٰ مناسبت کافی ہے۔ جس پر جبل ولبن سے قرآن اور اسلام مراد لینا ایک روشن دلیل ہے۔ مگر نہیں ہم آپ کو بتلاویں گے اعلیٰ حضرت اور حضرت قبلہ مولانا مدظلہ کے خواب وتعبیر میں مناسبت تام موجود ہے۔ بشرطیکہ آپ اپنی آنکھوں پر سے تعصب اور حمیّت باطل مرزائیت کی عینک اتارلیں۔ اگر اس پر بھی آپ یہی فرماویں کہ اس میں کوئی مناسبت نہیں تو پھر آپ کی دیانت کے حوالہ ہے۔ سنئے!

انسان کتم عدم سے پردۂ وجود میں یا ماں کے پیٹ سے بساط زمین پر مجرد محض آتا ہے اور محض روح اور اس کا غلاف کثیف جسم ہوتا ہے۔ باقی کل چیزیں جو مہد مادر سے لحد مزار تک اس کے ساتھ وابستہ ہوتی ہیں۔ وہ اسی دنیا کی ہوتی ہیں۔ پس ان چیزوں سے علیحدہ ہوکر اپنے کو خدا کی عبادت میں خدا کے رسول ﷺ کے سامنے دیکھنا اور اپنے کو نماز میں مصروف ومشغول پانا دوسرے لفظوں میں اپنے کو دنیا سے علیحدہ دیکھنا ہے اور اسی کا نام بے لوثی ہے۔ پس اس خواب کی تعبیر اگر بالکل صحیح اور مناسب تام کوئی ہوسکتی ہے تو وہ یہی ہے کہ اس میں دنیا سے بے لوث ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ **وان ھذا الّا بتوفیق العزیز الحکیم:**

تعبیر کے ہزار طریقے ہیں عشق میں　　　　ظالم سے یہاں سے مراد ستم گر ہی نہیں

اتمام حجۃ

گرچہ بحمداللہ! حکیم صاحب کے پانچوں اعتراض کے تحقیقی جواب نہایت شافی وکافی مدلل ہوچکے ہیں۔ جس کے بعد ضرورت نہیں رہتی کہ ناظرین کرام کی خدمت میں کچھ اور گزارش کی جائے۔ مگر نہیں خدا کے ایسے بندے بھی ازمنہ ماضیہ میں تھے اور اس وقت بھی

ہیں جن کی سلیم فطرت اور سعید طبیعت کے لئے دلائل حقہ ''ماء اما فی الصدور'' کا کام نہیں دیتے اور ہر موقع میں نظیر و تمثیل اور مشاہدہ کے طالب ہوتے ہیں۔ قرآن شریف پڑھیئے آپ کو معلوم ہوگا کہ یہودیوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں یہاں تک گستاخی کی تھی کہ: ''لن نؤمن لک حتّی نری اللہ جھرۃً (البقرۃ:۵۵)'' پکار اٹھے تھے اور مشرکین مکہ نے تو روحی فداہ نبی ﷺ کی خدمت میں یہ کہا تھا کہ ہم تمہاری رسالت کا اعتراف اس وقت تک نہیں کر سکتے جب تک سیڑھیاں لگا کر آسمان پر نہ چڑھ جاؤ۔ سچ ہے:

چو حجت نماند جفا جوے را　　　به پیکار درہم کشد روے را

موجودہ زمانہ میں مرزائی حضرات ہیں جن کی تشفی اور اطمینان قلبی دلائل حقہ اور براہان ساطعہ سے نہیں ہوتی اور ہزار سمجھانے پر بھی ''صم بکم عمی'' کی طرح یہی کہے جاتے ہیں:

ہم پیروی قیس نہ فرہاد کریں گے　　　ہم طرز جنوں اور ہی ایجاد کریں گے

گویا یہ حضرات سلسلہ مرزائیت میں داخل ہو کر اسلام وقرآن اور احادیث پر تو خیر باد پڑھ ہی دیتے ہیں، ساتھ ہی ساتھ بقول حضرت نیاز عقل و دانش کو بھی مرزائیت پر نچھاور کر دیتے ہیں:

وہ عجب گھڑی تھی کہ جس گھڑی لیا درس نکتہ عشق کا　　　کہ کتاب عقل کی طاق پر جو دھری رہی سو دھری رہی

بدیں وجہ ہم مؤلف آثار السنن مولانا محمد ظہیر احسن صاحب مرحوم شوق نیموی کے اوشحۃ الجید سے حضرت امام الائمہ رأس المجتہدین جناب امام اعظم حضرت ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا ایک خواب تحریر کرتے ہیں، وہ لکھتے ہیں کہ:

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا خواب

ایک روز آپ نے (یعنی امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے) خواب میں دیکھا کہ قبر نبوی ﷺ کو کھود کر ہڈیاں نکالیں اور اپنے سینے پر رکھیں اور آپ کے بعض اصحاب نے بھی یہی خواب دیکھا اور یہ بھی دیکھا کہ جناب امام قبر مبارک کی مٹی لے لے کر چاروں طرف پھونک رہے ہیں۔ جناب امام اس خواب سے نہایت مغموم و پریشان ہوئے اور رونے لگے اور غم کے مارے کھانا پینا چھوڑ دیا۔ جب ان کے دوستوں نے نہایت ہی پریشان حال دیکھا

اور استفسار کیا آپ نے خواب کا حال بیان فرمایا۔ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ تعبیر رویا میں ید طولیٰ رکھتے تھے اور مشاہیر زمانہ سے تھے۔ لوگوں نے ان مقامات کا حال اس سے بیان کیا وہ سن کر بولے کہ اس کا صاحب سنت نبویہ و احادیث مصطفویہ ﷺ کو ظاہر کرے گا اور ان کے مطالب ایسے عمدہ طور پر بیان کرے گا کہ پیشتر کسی کا فہم وہاں تک نہ پہنچا ہوگا اور شرقاً غرباً جہاں جہاں وہ خاک پہنچی ہے۔ دین محمدی کو پھیلاوے گا اور چار دانگ عالم میں اس کا نام روشن ہو جائے گا۔ جناب امام اس تعبیر سے بہت خوش ہوئے۔ (اوشحۃ الجید ص ۵۱، مطبوعہ قومی پریس لکھنو)

یہ خواب امام صاحب کا نہایت مشہور ہے۔ چنانچہ صاحب فتاویٰ بزازیہ المعروف بابن البزاز الکردوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۸۲۷ھ) نے اپنی کتاب مناقب امام اعظم للکردوی میں اس کو نقل کیا ہے۔ ان کے الفاظ یہ ہیں: ''ان الامام رأی فی المنام کانہ نبش قبرہ علیہ السلام ویجمع عظامہ الی صدرہ، فھالہ ذلک فارتحل الی ابن سیرین فسألہ عنہ الخ (مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدر آباد) ''یعنی امام صاحب نے خواب میں دیکھا کہ نبی علیہ السلام کی قبر مبارک کو کھود ڈالا ہے اور ہڈیوں کو (نکال کر) اپنے سینہ پر جمع کر لیا ہے۔ اس سے آپ کو خوف معلوم ہوا۔ پس آپ حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں گئے اور ان سے (اس خواب کی تعبیر) پوچھی......الخ!

پس منصف مزاج غور فرمائیں کہ کیا محض خواب کی ظاہری حالتوں پر تعبیر کا گھڑ لینا کسی حق کوش، منصف مزاج، دین دار کا کام ہے یا دیدہ و دانستہ ایسا وہی شخص کرے گا جس میں عناد، ہٹ دھرمی، تعصب، تمشیہ مذہب، اشاعت ناحق، اخفائے حق کی ناشائستہ روح ہوگی:

ہم نہیں کہتے کہ ظالم ہیں جفا کار ہیں آپ
ہاتھ کیوں سرخ ہیں دامن پہ ہیں چھینٹے کیسے

معزز ناظرین! اگر حکیم (خلیل قادیانی) کے ایسے دل و دماغ کے انسان تعبیر فرمایا کریں تو یقیناً یہاں بھی وہ یہی بول اٹھیں گے کہ عام مسلمانوں کی قبر کھودنا تو کیا معنی قبر پر بیٹھنا بحکم حدیث نبوی آگ پر بیٹھنا ہے۔ یہ تو نبی کریم ﷺ کی قبر مبارک کا کھودنا ہے اور اسی پر بس نہیں بلکہ حضور ﷺ کی قبر مبارک کی خاک کو بھی تمام اطراف عالم میں پھونک کر اڑا دیا ہے اور ہڈیوں کو نکال لیا ہے۔ ایسے شخص کا دین دار عالم ہونا تو کیا معنی، اس کی آئندہ زندگی کے لئے اس کے ایمان و اسلام کا خطرہ ہے۔ کیونکہ جب قبر پر بیٹھنا آگ پر بیٹھنا ہے تو پھر اس کا کھودنے والا کیسے عذاب کا مستحق ہوگا اور خصوصاً وہ شخص جو قبر نبوی ﷺ کا کھودنے والا ہو۔

مگر کیا ہمارے ناظرین بھی اس خواب سے یہی سمجھیں گے؟ اور کیا آپ بھی امام الائمۃ حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی شان اقدس میں یہی فرمائیں گے؟ ہرگز نہیں۔ یہ خاص حصہ مرزائی جماعت کے حکماء اور فیلسوف کا ہے۔

پس حکیم (قادیانی) للہ غور فرمایئے کہ اپنے کو بحالت برہنگی نبی کریم ﷺ کے حضور میں دیکھنا زیادہ برا ہے یا حضور انور ﷺ کی قبر مبارک کا کھودنا اور اس کی خاک پاک کو اڑا کر برباد کرنا زیادہ قبیح ہے۔ خدا سمجھ دے تو سچی بات یہ ہے کہ نہ حضرت مدظلہ کا خواب برا ہے، نہ امام الائمہ حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا خواب قبیح ہے۔ یہ ساری غلطیاں حکیم صاحب چشم بد دور مجتہدانہ طبیعت کی کہ عالم خواب کو عالم محسوس پر قیاس کر رہی ہے۔ آہ! اسی پر تعلّی ہے، بے جانخوت ہے، دوسروں کو فہمائش ہے۔ ''یہ تعبیر میں نیک نیتی کے ساتھ آپ کو اس غرض سے بتائی ہے کہ آپ اپنے فحش خواب پر نظر ثانی کر کے اپنی اصلاح کریں۔''

حکیم صاحب! واللہ میں محض نیک نیتی سے نصحاً للمسلمین سمجھ کر عرض کرتا ہوں کہ للہ اپنی بساط قابلیت سے زیادہ پاؤں نہ پھیلایئے اور مقدس نفوس اور اولیاء اللہ کی شان پاک میں گستاخانہ امور تحریر نہ فرمایئے۔ کیونکہ اس سے علاوہ اس کے کہ آخرت کی تباہی لازم آتی ہے۔ دنیا میں بھی ندامت ہوتی ہے اور بے جا تعلّی اور نخوت کا نتیجہ ہمیشہ ذلّت ہے:

اچھا نہیں ہے آپ تکبر کو چھوڑ دیں شیطان ہی پہلا مرشد اہل غرور ہے

حضرت مولانا شاہ فضل رحمٰن قبلہ کے خواب پر اعتراض اور اس کا جواب

معزز ناظرین! دنیا میں نیک و بد، اچھے برے اس میں شک نہیں ہمیشہ سے ہوتے آئے ہیں اور اولیاء اللہ اور اولیاء الشیطان کی جماعت آج نہیں بلکہ اس وقت سے قائم ہے جس وقت دنیا کے سب سے اوّل ولی حضرت آدم علیہ السلام حیات مستعار رکھتے تھے اور خدا کی تسبیح و تقدیس میں ہر وقت مشغول رہتے تھے۔ اس معنی کے لحاظ سے نہ بروں کا وجود کچھ انوکھا ہے اور نہ اولیاء الشیطان کی موجودگی قابل تعجب ہے۔

ہاں! تعجب اور بسا تعجب حیرت اور ہزار حیرت اگر ہے تو اس پر ہے کہ اب دنیا کا کچھ ایسا نقشہ بدل گیا ہے کہ بھلائیاں بری نظر سے دیکھی جاتی ہیں اور بدکاریاں نیکیوں کی صف میں کھڑی کر دی گئیں ہیں۔ اللہ اللہ یہ وہ وقت ہے کہ اچھے امور بری نظروں سے دیکھے

جاتے ہیں اور اچھے لوگ دنیا کے بدترین انسان سمجھے جاتے ہیں۔

اعلیٰ حضرت مولانا شاہ فضل رحمٰن صاحب قبلہ مدظلہ، سے ہندوستان کا کون شخص ہے جو واقف نہیں اور ہندوستان کی کون جماعت ہے جس کو اعلیٰ حضرت کی ذات سے حسن عقیدت نہیں۔ علمائے اہل حدیث وہاں حاضر ہوتے تھے۔ صوفیاء کرام وہاں کی حاضری کو باعث حصول دولت روحانی سمجھتے تھے اور علماء عظام اپنی حاضری کو حصول سعادت دارین پر محمول فرماتے تھے۔ آپ ہی وہ بزرگ ہیں کہ عرب وعجم کے لوگ آستانہ شریف پر حاضر ہوتے تھے اور جب آپ کا وصال ہوا تو مدینہ منورہ میں مسجد نبوی ﷺ کے سامنے جمعہ کے روز ہزاروں کی خلقت میں آپ کے جنازہ کی نماز پڑھی گئی:

بھری ہوئی تھی شراب طہور آنکھوں میں ۔۔۔ مرید ہوگئے سب رند وپارسا اس کے

حاصل یہ کہ اعلیٰ حضرت کی ذات آفتاب ہدایت تھی جس سے ہر کس وناکس ہندوستان کا واقف ہے اور آپ کا تقدس اور بزرگی کسی تحریر وتقریر کی محتاج نہیں۔ ''آفتاب آمد دلیل آفتاب'' حق تو یہ ہے:

رومی وطوسی وہندی یمنی وحلبی ۔۔۔ بدر فیض او استادہ بصد عجز ونیاز

مگر آہ! اس موجودہ وقت میں ایسا نفس بھی ہے جو ایسے عالم باعمل باخدا قدسی صفت انسان کی شان میں بدتہذیبی اور محض بدتہذیبی نہیں بلکہ ناپاک سے ناپاک بیہودہ سے بیہودہ کلمات کے استعمال سے محترز نہیں ہوتا ہے اور جان بوجھ کر اور اچھی طرح سمجھ کر یہ خواب اعلیٰ حضرت قبلہ مدظلہ کا ہے، منافقت پروری کی شان سے اس کو بے دلیل اتہام تصور کرتا ہے اور اس کے پردہ میں وہ سب کچھ جو اگلے بزرگان دین اور علمائے حقانی اور صلحاء اور اولیاء اللہ رحمۃ اللہ علیہم کی شان میں کہا گیا ہے، اس نے مولانا (کے خواب کی) کی شان میں کہا۔

وہ خواب یہ ہے: ''ہم نے (یعنی اعلیٰ حضرت مولانا شاہ فضل رحمٰن صاحب قبلہ مدظلہ نے) یہ خواب دیکھا کہ اپنی والدہ کے ساتھ صحبت کی اور اپنے بھائی کو مار ڈالا ہے۔ یہ دیکھ کر ہم بہت گھبرائے۔ حضرت (یعنی حضرت قبلہ عالم مولانا شاہ آفاق صاحب قدس سرہ) سے عرض کیا۔ فرمایا اس خواب کا دیکھنے والا ولی ہوگا۔ ماں کی صحبت سے اشارہ خاکساری ہے اور بھائی کے قتل سے مراد نفس کو مار ڈالنا ہے۔ صوفیا نے لکھا ہے کہ: ''تا از مادر جفت نہ شود وبرادر خود رانہ کشد کامل نشود''

ناظرین! اگر آپ کو ناجائز نسبت کا شک ہو تو ذیل کی چند سطور بہ جبر پڑھئے۔

حکیم خلیل احمد مرزائی مونگیری کی ان گالیوں کا نمونہ جو حضرت مولانا شاہ فضل رحمٰن قبلہ کے خواب پر انہوں نے حضرت مولانا ابواحمد سید محمد علی مدظلہ کے آڑ میں لکھی ہیں: ’’لھم اعمال من دون ذالک ھم لھا عاملون (المؤمنون:۶۳)‘‘

ولایت کا کیسا مشتی مہی خواب ہے۔ حیا سوز مجاہدہ۔ وہ تاریخ ان کے لئے کیسی مبارک ہوگی جس کی رات کو انہوں نے یعنی مادری ولایت نصیب ہوئی۔ اس شب ولایت کی صبح فلق تو ان کے لئے عجیب ہی بخت بیدار صبح ہے۔ میں سمجھتا ہوں اس داغ دار مگر ولایت نما جامہ کو انہوں نے بڑی حفاظت سے رکھ چھوڑا ہوگا۔ کیونکہ یہ نشان ولایت ہے۔ آپ نے غسل مباشرت بھی نہ ہوگی۔ کیونکہ یہ ناپاک خواب نہیں۔ آپ کا نفس کیسا شریر اور بدمست ہے۔ اپنے اس نفس کے خواب کو ولایت کا نشان ٹھہراتے ہیں۔ آپ اس کو ضلالت اور خدا رسول کی دشمنی تصور فرمائیں۔ آپ جیسے انسان کے لئے تو کوک شاشتر مقام الٰہی کی کباب ہوگئی ہے۔ اگر بے عزتی اور بے حیائی کا نام خاکساری ہے تو پھر وہ طائفہ جو اس کا حیا سوز پیشہ اختیار کئے ہوئے ہے اور اس ولایت کی آمدنی کھاتا ہے۔ کیا وجہ ہے کہ حقیقی معنی میں معاذ اللہ ولیوں کا گروہ نہ شمار کیا جاوے۔ مادر سوار ولی آج تک نہ سنا تھا، ایسا خواب دیکھنے والا انسان شیطان کے زیر اثر ہے۔ وغیر ذلک من الھفوات!

اس طرح کے الفاظ کہاں تک نقل کروں آپ خود حکیم (خلیل قادیانی) کے ’’اسرار نہانی‘‘ کا مطالعہ فرما کر دیکھ لیجئے کہ انہوں نے بجز گالیوں کی تحریر کے اور بھی کچھ لکھا ہے اور اگر کچھ لکھا ہے تو آگے چل کر آپ کے سامنے آتا ہے۔

حکیم قادیانی کے اعتراضات

۱...... اگر کسی غیر معروف شخص کا کسی موقع بیان پر یہ قول ہو کہ: ’’تا از مادر جفت نہ شود وبرادر خود را نہ کشد کامل نشود‘‘ تو ’’حرمت علیکم امھاتکم (النساء:۲۳)‘‘ کے ماتحت ہر ایک ایسا قول جس سے اشارہ یا کنایہ بھی ماں کی بے حرمتی ہو رد کر دیا جائے گا یا کوئی تاویل کی جائے گی۔ جس سے محرمات کی ظاہراً و باطناً کسی طرح کی بے حرمتی نہ ہوتی ہو۔‘‘

(اسرار نہانی ص۶۵)

۲...... بخاری شریف کی حدیث ہے: ''**الرویا الصالحة من الله والحلم من الشیطان** ''یعنی اچھا خواب من جانب اللہ ہے اور برا خواب شیطان کا اثر ہے۔ اس میں کیا شک ہے کہ ماں کے ساتھ خواب میں جفت کرنا برا خواب ہے۔ پس یہ یقیناً شیطان کے اثر سے ہے۔ (ص۶۶)

۳...... ان کو چاہئے تھا کہ توبہ واستغفار کرتے ہر طرح کی ظاہری وباطنی ناپاکیوں کو ہر حالت میں حرام قطعی سمجھنے۔ **کما قال الله تعالٰی :''قل انّما حرم ربی الفواحش ما ظهر منها وما بطن** (الاعراف:۳۳) ''یعنی کہہ دے حرام کیا میرے پروردگار نے ساری ظاہری اور باطنی بے حیائیوں کو۔ (ص۶۷)

یہ حکیم (خلیل قادیانی) کے مایہ ناز اعتراضات ہیں۔ جس کی دلیل میں بجز ایک حدیث اور ایک آیت کے (جو ماشاء اللہ دعوے گندم دلیل چنا سے کم نہیں) پوری کتاب اسرار نہانی پڑھ جائے نہ کوئی حدیث[۱] ملے گی نہ قرآن کی آیت اسی پر تعلّی ہے اور اسی پر ناز ہے۔

خیر مختصر طور پر ہم ذیل میں ہر نمبر پر روشنی ڈالتے ہیں۔

۱...... یہ قول کسی غیر معروف شخص کا نہیں ہے جیسا کہ ہمارے حکیم صاحب نے تصور فرمایا ہے بلکہ حضرت شیخ المشائخ مخدوم الملک جناب مولانا شرف الدین یحییٰ منیری صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا ہے جن کے نام نامی سے اور علم وفضل وتصوف اور بزرگی سے شاید ہی ہندوستان کا کوئی شخص ناواقف ہو۔ حضرت موصوف ارشاد السالکین میں فرماتے ہیں: ''سالک سر برادر خود نہ برد مسلمان نشود وتا بمادر خود جفت نشود مسلمان نشود''یعنی سالک راہ خدا جب تک بھائی کا سر نہ کاٹے اور اپنی ماں سے صحبت نہ کرے مسلمان نہیں ہوتا۔

[۱] اسی صفحہ میں آپ لکھتے ہیں: ''کتاب الرؤیا جو کہ ابن سرین کی طرف منسوب کی جاتی ہے اس میں دیکھا جاتا ہے کہ ایسا خواب جس کو دیکھ کر غسل کی حاجت ہو صحیح وسچا خواب نہیں بلکہ برا اور جھوٹا ہوتا ہے۔''
معزز ناظرین! غور فرمایئے۔ (نمبر۱) کتاب الرؤیا کیا سنسکرت، عربی، فارسی، اردو کی کتاب ہے۔ حکیم صاحب یہ تو حذف ہی کر گئے۔ کچھ نہیں بتلایا کہ کس صفحہ کی عبارت ہے۔ یہ کیوں غالب کی زبانی سنئے:

خامشی بے سبب نہیں غالب کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے

(نمبر۲) اصل عبارت ہی نقل کیا ہوتا، تاکہ معلوم ہوتا کہ حکیم صاحب کا ترجمہ صحیح ہے یا ایجاد بندہ ہے۔ (نمبر۳) آپ نے لکھا ہے کہ منسوب کی جاتی ہے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی کتابیں ''ہم پیران نمی پرند مریدان ہمی پرانند'' کا مضمون ہے۔ نمبر۴ چونکہ یہ محض مجروح اور لغو ناقابل اعتبار بات تھی بدیں وجہ حاشیہ میں تحریر کی گئی۔

پس آپ کو ندامت ہونی چاہئے کہ آپ نے ایسے صیغہ میں قدم رکھ کر جس سے آپ بالکل ناآشنا تھے اپنے اعمال نامہ کو سیاہ کیا۔ آپ للہ غور کیجئے کہ آپ نے کیسے مکروہ ناشائستہ کلمات اور بیہودہ الفاظ اس خواب کے متعلق تحریر کئے ہیں اور کیسے کیسے اولیاء اللہ کی روح کو صدمہ پہنچایا ہے۔ سنئے حضرت قبلہ عالم مولانا محمد آفاق صاحب رحمۃ اللہ علیہ، اعلیٰ حضرت مولانا شاہ فضل رحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا ابواحمد سید محمد علی صاحب مدظلہ اور سب سے بڑھ کر مخدوم الملک شیخ المشائخ حضرت شرف الدین احمد یحییٰ ضمیری صاحب رحمۃ اللہ علیہ۔

حکیم صاحب! آپ کو ہم اوپر یہ بتلا چکے ہیں اور چند بار سمجھا چکے ہیں کہ عالم خواب کو عالم محسوس پر قیاس کرنا سخت غلطی ہے اور نہایت کم فہمی ہے۔ ہمارے ناظرین اس کے سمجھنے کے لئے ضرور ضوابط رویا کے نمبر۴ کو ملاحظہ فرماویں۔ پس سنئے عالم خواب میں ماں سے صحبت کرتے دیکھنے کا ہرگز وہ مطلب نہیں جو آپ نے سمجھا ہے۔ بلکہ جس طرح اسلام کو انسان خواب میں بصورت دودھ دیکھتا ہے اور قرآن کو خواب میں بصورت حبل (ڈوری) دیکھتا ہے اور جس طرح مسیلمہ کذاب اور اسود عنسی کو حضور انور ﷺ نے بصورت طلائی کنگن دیکھا اور یہ دیکھنا صحیح ہے اور اس سے مراد حقیقتاً دودھ، ڈوری، کنگن نہیں۔ اسی طرح انکساری[1] کو بصورت جفت مادر دیکھنا صحیح ہے اور اس سے مراد حقیقتاً ماں سے صحبت کرنی نہیں کیونکہ بقول مرزا قادیانی: ''رویا کا معاملہ بھی عجیب ہے پیچ در پیچ بات ہوتی ہے اور الگ الگ رنگ ہوتا ہے۔'' (مکاشفات ص۶۵، البدر ج۲ نمبر۲۰ ص۱۵۴، مؤرخہ ۵؍جون ۱۹۰۳ء)

پس جس طرح دودھ کا دیکھنا یا ڈوری کا دیکھنا، اگر اس سے مراد اسلام وقرآن نہیں ہو تو ایک لاشئے محض خواب ہے۔ مگر چونکہ اس سے مراد اسلام اور قرآن ہے اور دودھ اور رسی حقیقتاً دودھ اور رسی نہیں بلکہ اسلام وقرآن ہے۔ (جیسا کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے) تو یہ سمجھنا چاہئے کہ انہوں نے اسلام وقرآن کو دیکھا ہے۔ ایسے ہی رسول اللہ ﷺ کا طلائی کنگن دیکھنا حقیقتاً کنگن دیکھنا نہیں ہے۔ بلکہ اسود عنسی ومسیلمہ کذاب کو دیکھنا ہے۔ اسی طرح ماں سے صحبت کرتے دیکھنا حقیقتاً ماں سے صحبت کرتے نہیں دیکھنا ہے بلکہ انکساری دیکھنا ہے اور جس

[1] ملاحظہ ہو ضوابط رؤیا نمبر۲ جس میں ثابت کیا گیا ہے کہ خواب وتعبیر ادنیٰ سی مناسبت کافی ہے۔ گرچہ آگے چل کر ناظرین کو معلوم ہو جائے گا جفت مادر کی تعبیر انکساری میں مناسبت تامہ موجود ہے۔

طرح خواب میں طلائی کنگنوں کے پہننے سے اشارۃً کنایۃً بھی حرمت شرعیہ میں رسول اللہ ﷺ کا مبتلاء ہونا لازم نہیں آتا۔ اسی طرح خواب میں ماں سے صحبت کرتے ہوئے دیکھنا اشارۃً وکنایۃً بھی حرمت شرعیہ میں مبتلا ہونا نہیں ہے۔ حاصل یہ کہ اس خواب میں جس طرح حقیقتاً صحبت کرنی مراد نہیں ہے۔ اسی طرح اشارۃً وکنایۃً بھی صحبت کی طرف اشارہ نہیں ہوسکتا ہے۔ پس جس طرح حقیقتاً ماں کی بے حرمتی نہیں ہے۔ اشارۃً وکنایۃً ماں کی بے حرمتی لازم نہیں آتی اور جس طرح سونے کا کنگن پہننا[۱] مردوں کے لئے حرام مطلق ہوتے ہوئے حضور ﷺ کا خواب میں دیکھنا حرام میں مبتلاء ہونا نہیں ہے۔ اسی طرح ماں سے صحبت حرام ہوتے ہوئے اعلیٰ حضرت قبلہ اور حضرت مولانا مدظلہ کا اس کو خواب میں دیکھنا حرام میں مبتلاء ہونا نہیں ہے۔

حکیم صاحب! اگر آپ کی تشفی اب بھی نہ ہوئی ہو تو ایک جلیل القدر صحابی (یعنی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کے خواب پر غور کیجئے۔ جس میں انہوں نے دیکھا تھا۔ ایسی چیز (جو ہمارے بلکہ سارے مردوں کے لئے حرام ہے اور اس سے متلبس ہونا حرمت شرعیہ میں مبتلاء ہونا ہے) مجھ کو اڑائے ہوئے لئے جارہی ہے۔ پھر اس پر لطف یہ کہ جب حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت شریف میں یہ خواب عرض کیا جاتا ہے تو آپ فرماتے ہیں کہ یہ اچھے آدمی ہیں۔ (ملاحظہ ہو مشکوٰۃ شریف باب جامع المناقب) ''**عن عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما رأیت فی المنام کان فی یدی سرقة من حریر لا اهوی بها الی مکان فی الجنة الا طارت بی الیه فقصصتها علیٰ حفصة فقصتها حفصة علیٰ نبی ﷺ فقال ان اخاک رجل صالح او ان عبداللہ رجل صالح متفق علیه**''

یعنی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم نے خواب میں دیکھا کہ مرے ہاتھ میں ایک ریشمی کپڑے کا ٹکڑا (یا رومال کہو) ہے۔ ہم جنت کے جس مکان میں جانا چاہتے ہیں، وہ کپڑا مجھے اڑا کر لے جاتا ہے۔ ہم نے اسی خواب کو اپنی بہن حفصہ رضی اللہ عنہا سے بیان کیا، انہوں نے حضرت نبی کریم ﷺ سے ذکر کیا۔ آپ نے فرمایا تمہارا بھائی نیک آدمی ہے۔

[۱] ملاحظہ حاشیہ ص جس میں مرزا قادیانی کے اس خواب کو نقل کر کے لکھا ہے کہ: ''ایسا ہی بہت سی نظیریں دوسرے انبیاء کے مکاشفات میں پائی جاتی ہے کہ بظاہر صورت ان پر کچھ ظاہر کیا گیا اور دراصل اس سے مراد کچھ اور تھا۔'' (ازالہ اوہام ص ۶۲، خزائن ج ۳ ص ۱۳۳ حاشیہ)

حکیم صاحب! غور فرمائیے کہ نبی ﷺ ایسے شخص کو جو آپ کی نظر اور آپ کی تفریعات کی بناء پر محرمات شرعیہ کے پنجہ ایسا گرفتار ہے کہ وہ اسی کے ساتھ ساتھ اڑ رہا ہے، حضور ﷺ اس کو اچھا و نیک فرما رہے ہیں۔ کیا آپ اس خواب پر بھی آپ یہ آیت پڑھ دیں گے۔ ''**انما حرّم ربی الفواحش ماظھر منھا وما بطن** (الاعراف:۳۳)'' میرے پرودگار نے ساری ظاہری و باطنی فواحش کو حرام کر دیا ہے۔

الحاصل[1] جس طرح نبی کریم روحی فداہ ﷺ و حضور کے جان نثار صحابہ رضی اللہ عنہم حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا خواب بخیال آپ کے ممنوعات شرعیہ سے ہوتے ہوئے شیطانی اثر نہیں کہا جاسکتا ہے۔ اسی طرح اعلیٰ حضرت مولانا فضل رحمٰن صاحب قبلہ اور حضرت مولانا ابو احمد سید محمد علی صاحب مدظلہ کا خواب شیطانی اثر نہیں ہوسکتا۔ ورنہ نعوذ باللہ! بقول آپ کے رسول کریم ﷺ روحی فداہ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے خواب کو اور حضرت مخدوم الملک شرف الدین صاحب بہاری اور قبلہ عالم مولانا محمد آفاق صاحب قدس سرہٗ کے قول کو بھی شیطانی اثر ماننا پڑے گا۔ جس کی جرأت آپ کریں تو کریں ورنہ دنیا کا کوئی دین دار مسلمان جس کے سینہ میں ذرہ بھر بھی ایمان ہے۔ اس کا ہرگز ہرگز قائل نہیں ہوگا:

آپ ہی اپنے ذرا جور و ستم دیکھیں تو ہم اگر عرض کریں گے تو شکایت ہوگی

حکیم (خلیل قادیانی) حقیقتاً الامر جس کو آپ نہیں سمجھتے ہیں۔ یہی ہے کہ عالم خواب کو عالم محسوس پر قیاس کرنا غلط ہے۔ مگر خوش نصیبی سے آپ اسی میں مبتلاء ہیں۔ ''**من یضل اللہ فلا ھادی له** (الاعراف:۱۸۶)''

آزاد جس کو کالی بلا لوگ کہتے ہیں تم کو پیار ہے اسی زلف سیاہ سے

غضب تو یہ کہ آپ لکھتے ہوئے: ''کوئی (اسرار نہانی ص۶۵) تاویل کر دی جائے گی۔'' پھر بھی آپ نے اس طرح کے ناشائستہ اور غیر مہذب کلمات تحریر کئے کہ دنیا میں آج تک کسی کی تحریر میں ایسی گندگی نہ ہوگی۔ پھر بتلایئے کون چیز تھی جس نے آپ سے بہ جبر یہ ناشائستہ کام کرا چھوڑا۔ ہم تو یہی کہیں گے کہ وہی مرزائیت کی باطل حمیّت اور ناحق کوشی۔

[1] کیونکہ نعوذ باللہ! ہم تو ان ظاہری حالتوں پر خواب کے حکم لگانا سخت جہالت تصور کرتے ہیں۔

۲...... بخاری شریف کی حدیث مسلّم مگر اعلیٰ حضرت کے خواب پر اس کو منطبق کرنا غلط ہے۔ اس کے واسطے آپ کو چاہئے تھا کہ آپ پہلے اس کو قرآن وحدیث سے برا خواب ثابت کرتے۔ پھر شیطانی اثر بتلاتے: ''واذ لیس فلیس'' اور جب آپ اس کو باوجود انتہائی کوشش کے بھی ثابت نہ کر سکے اور نہ کبھی قیامت تک ثابت کر سکیں گے تو پھر اس حدیث کے نقل سے بجز دھوکا دہی عوام کے اور کیا متصور ہو سکتا ہے:

قیس کب پہنچے میری بادیہ پیمائی کو　　　　کبھی دیکھا نہ سنا جس نے بیاباں میرا

۳...... حکیم صاحب یہ مسلّم کہ خدا نے ظاہری وباطنی کل فواحش کو حرام کر دیا ہے۔ مگر اس کے نقل کرنے کا فائدہ تو جب ہوتا کہ پہلے اس خواب کو قرآن وحدیث سے فحش ثابت کر دیتے۔ جب آپ اس کو قرآن وحدیث سے فحش ثابت نہ کر سکے۔ بلکہ محض جوش حمیّت باطل مرزائیت میں گالیوں سے دل کے جلے ہوئے آبلوؤں کو توڑتے رہے تو پھر اس کی کیا ضرورت تھی کہ آیت کریمہ کو نقل کر کے فضول کاغذ سیاہ کریں اور غلط اجتہاد کی تمکنت کئے غرور میں بے نقاب ہو کر لوگوں کو یہ کہنے کا موقع عنایت فرماویں:

حامد تیرے شیوں سے مرغان چمن دق ہیں　　　　کیا لطف غزل خوانی ارباب سخن دق ہیں

ہمسایہ جو نالاں ہیں یاران وطن دق ہیں　　　　روتے ہیں تیری جان کو سب اہل زمن دق ہیں

خیر بہرکیف ہمیں حکیم صاحب کو ایک بات اور بتلانی رہ گئی ہے۔ جس کو بتلاتے ہوئے اور اپنے دوست سے یہ کہتے ہوئے رخصت ہوتے ہیں کہ حکیم صاحب اگر ہماری تحریر سے آپ کو ذاتی صدمہ پہنچا ہو تو معاف فرمائیں گے اور میں آپ سے سچ عرض کرتا ہوں کہ جناب مرزا قادیانی کے اتنے سچے واقعات صفحۂ قرطاس پر خود ان کے قلم سے لکھے ہوئے موجود ہیں۔ جس سے اگر پبلک کو روشناسائی کرائی جائے اور بلا کسی حاشیہ اور آمیزش کے دنیا کے سامنے پیش کر دیئے جائیں تو ہم سمجھتے ہیں کہ ان کی مسیحیت اور مہدیت کی تردید کے لئے وہی کافی ہوں گے (یار زندہ صحبت باقی)

۱؎ چونکہ حکیم صاحب نے تحریر فرمایا ہے کہ: ''اس کتاب کے آئندہ حصوں میں وہ طرز اختیار کرے گا جس سے یقینی ان کو ہوش آجاوے گا۔'' ہم بھی ان کو متنبہ کر دیتے ہیں کہ ذیل امور کو نوٹ کر لیں۔ (بقیہ اگلے صفحہ پر)

قبلہ عالم حضرت مولانا شاہ محمد آفاق صاحب قدس سرّہ کی تعبیر اور اعلیٰ حضرت قبلہ اور حضرت مولانا مدظلہ کے خواب کا تناسب:

حکیم صاحب آپ کا یہ فرمانا کہ ایسے گندے خواب کو خاکساری کہنا ہرگز قرین قیاس نہیں۔ آپ کے اجتہادی قوت کے نقص کی دلیل ہے۔ ورنہ تعبیر اس خواب کے لئے بالکل قرین قیاس ہے۔ مجھ کو امید ہے کہ ارشاد رحمانی کی ذیل کی عبارت سے اب سمجھ جائیں گے اور آپ کسی وجہ سے نہ سمجھیں تو ہمارے ناظرین غور فرمائیں گے کہ قرین قیاس ہے یا نہیں:

مانو نہ مانو جان جہاں اختیار ہے ہم نیک و بد حضور کو سمجھائے جاتے ہیں

جس طرح ماں کے پیٹ سے انسان کی پیدائش ہے اور ماں اس کی اصل ہے۔ اسی طرح کل انسانوں کی اصل مٹی ہے۔ اس لئے ماں کے ساتھ صحبت کرنے سے اشارہ یہ ہے کہ اپنی اصل سے جاملا یعنی خاک ہوگیا اور خاک ہونے کے بعد سالک کمال کو پہنچتا ہے اور کامل مسلمان ہوتا ہے جو حضرات بزرگوں کے حالات اور ان کے ارشادات سے واقف نہیں ہیں، وہ ایسے خواب کو بہت برا خیال کرتے ہیں۔ اب انہیں چاہئے کہ بزرگوں کے کلام کو دیکھ کر برے خیالات سے تائب ہوں۔ (ارشاد رحمانی ص۵۰، مطبوعہ درویش پریس دہلی ۱۳۳۳ھ)

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) (۱)''میں پہلے مریم بنایا گیا اور مریم کی طرح عیسیٰ کی روح مجھ میں نفخ کی گئی اور استعارہ کے رنگ میں مجھے حاملہ ٹھہرایا گیا اور آخر کئی مہینے کے بعد جو دس مہینے سے زیادہ نہیں ہے۔ بذریعہ اس الہام کے جو سب سے آخر (براہین احمدیہ ص۵۵۱) میں درج ہے مجھے مریم سے عیسیٰ بنایا گیا اس طور سے میں ابن مریم ٹھہرا۔'' (کشتی نوح ص۴۷، خزائن ج۱۹ ص۵۰)

(۲) (مکاشفات ص۱۲) میں مرزا قادیانی کا خواب ہے کہ:''محمد حسین سیاہ فام کو خواب میں ننگا دیکھا اور مجبوراً اس سے بغل گیر ہونا پڑا۔'' (سراج منیر ص۷۱، خزائن ج۱۲ ص۸۰)

(۳) اس کے (ص۳) میں ہے کہ:''ہم نے ابا جان کو اللہ میاں کی صورت میں دیکھا۔''

(الحکم ج۶ نمبر۱۷ ص۷، مطبوعہ ۱۰ر مئی ۱۹۰۲ء)

(۴) اسی کے (ص۹) میں ہے:''میں نے آپنے کو کشف میں خدا دیکھا اور یقین کیا کہ میں وہی ہوں۔'' نعوذ باللہ!

جناب حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی تشریح کہ جفت مادر سے کیا مراد ہے:

اتمام حجت کے لئے ہم حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی اس عبارت کو بھی ان کے مکتوب سے نقل کر دیتے ہیں جس میں آپ نے بتلایا ہے کہ صوفیاء کرام کے یہاں مادر سے جفت کا کیا معنی ہے اور ایسے قول اور ایسے خواب سے کیا مراد ہوتی ہے۔ منکرین غور کریں اور خدا سے ڈریں اور اپنی بساط اور حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت پر ایک نظر فرمالیں۔ حضرت موصوف صاف فرمارہے ہیں کہ ایسا شخص بطریق شہود سراپا اس مصرعہ کا مصداق بن جاتا ہے: ''او در من ومن دروے چوں بو گلاب اندر'' چوں حقیقت آں شخص ممکن ہماں عین ثانیہ ست کہ تعین وجوبی دارد وایں شخص کالظل ست مراں عین را پس مادر ایں شخص او عالم وجوب بود کہ اورا بعالم امکان ظہور دادہ است وجفت شدن بمادر بایں معنی تعین امکانی شخص باآں تعین وجوبے کہ حقیقت اوست متحد شود۔ چوممکن گرد امکان برفشاند غیر واجب ودر چیزے نماند یعنی ایں تعین امکانی اواز نظر مختفی شود۔ دانائی خود را بر تعین وجوبی اطلاق دہد نہ بایں معنی کہ تعین امکانی فی نفس الامر باتعین وجوبی متحد گردد کہ آں محال ست۔

حاصل یہ کہ انسان ممکن کی اصل چونکہ ذات واجب تعالیٰ ہے اور اسی سے ہر ممکن کا وجود ظہور ہوتا ہے۔ ذات واجب ہر ممکن کی ماں ہے اور ماں سے جفت ہونے سے مراد یہ ہے کہ دراصل بخدا ہوگیا۔ کیونکہ ممکن جب زلات انسانیہ کو اپنے دور کر دیتا ہے تو پھر اس کی ہستی اس کی نظر سے مختفی ہو جاتی ہے اور جدھر دیکھتا ہوں ادھر تو ہی تو ہے، کا منظر آنکھوں کے سامنے ہر وقت موجود رہتا ہے نہ کہ حقیقتاً انسان خدا ہو جاتا ہے۔

ہمارے ناظرین نوٹ کرلیں کہ صوفیائے کرام کے وحدۃ الوجود کا معنی یہی ہے اور ہمارے قادیانی حکیم صاحب اپنی جہالت پر نادم ہوں کہ انہوں نے ایسے خواب کے متعلق کیا کیا ہرزہ سرائی ان اولیائے کرام کے اقوال اور تشریح کے ہوتے ہوئے کی۔ اب ہم اپنی اس کتاب کو اس دعا پر ختم کرتے ہیں۔

اللھم تقبل منی واجعلہ خالصاً لوجھک الکریم بحرمۃ حبیبک الرحیم امین واحشرنا فی زمرۃ الکاملین. ربنااغفرلنا ولاخواننا الذین ضل سعیھم فی الحیوٰۃ الدنیا ولا تجعل فی قلوبنا غلا للذین اٰمنوا وھب

لی حکماً والحقنی بالصٰلحین واجعل لی لسان صدق فی الاٰخرین واجعلنی من ورثة جنةالنعیم

خاتمۃ الطبع

الحمدللہ! کتاب لاجواب ’’تعبیر رویائے حقانی مع رد ہفوات قادیانی‘‘ حسب فرمائش مولوی محمد یعقوب صاحب باہتمام راجی رحمت رب حمید محمد عبدالمجید غفرلہ اللہ الرشید بماہ ذیقعدہ ۱۳۳۴ھ مطابق ماہ ستمبر ۱۹۱۶ء در مطبع مجیدی واقع کانپور طبع شد۔

خاتمۃ الکتاب یا تحدیث نعمت

معزز ناظرین! اس کی کوئی ضرورت نہیں کہ میں اپنے رسالہ پر اپنے قلم سے ریویو کروں۔ مگر ہاں! اس کی طرف توجہ دلانا ضروری سمجھتا ہوں کہ اس رسالہ سے گندے اور مخرب اخلاق لٹریچر کی اشاعت مقصود نہیں، کسی کی دل آزاری مطمع نظر نہیں۔ کسی پر در پردہ ناپاک حملہ کرنا مراد نہیں بلکہ جو کچھ لکھا گیا ہے، مصنف اسرار نہانی کے غلط اعتراضات کا (ان کی ہفوات سے قطع نظر کر کے) مہذب اور مدلل جواب دے دیا گیا ہے:

اے مشتری ہم راہ وفا میں قدم اپنا تھامے ہوئے روکے ہوئے ٹھہرائے ہوئے ہیں

پس ہم اس رب العالمین کی درگاہ میں جس کے ہاتھ ہدایت وضلالت اور خیر وشر ہے تہ دل سے شکرگزار ہیں کہ اے مافی الصدور کے جاننے والے اور اے نیتوں کی خبر رکھنے والے اور اے رشد وہدایت کی توفیق دینے والے تیرا ہزار شکر ہے کہ تو نے ہمیں اس کی توفیق دی کہ میں تیرے برگزیدہ بندوں کے پاک دامنوں سے گندگی اور ناشائستہ اعتراضات کے دھبوں کو تہذیب وشائستگی سے دور کر دوں اور معترض کے اباطیل کی کافی تردید کر دوں اور ان غلط فہمیوں کو عوام کے دل ودماغ سے نکال دوں۔ جس سے تیرے پیارے رسول اللہ ﷺ اور تیرے پیارے رسول کے جان نثار صحابہ رضی اللہ عنہم اور تیرے پیارے رسول کے سچے خادموں پر سخت حملہ ہوتا تھا اور نعوذ باللہ! محرمات شرعیہ میں مبتلاء بتلا کر شیطان کے زیر اثر دنیا پر ظاہر کیا جاتا تھا۔ فالحمدللہ علیٰ ذلک!

آزاد صدیقی بازید پوری

مجھ کو ضرور پڑھیئے

آپ کو شب وروز کی گفتگو میں بارہا اسی کے بولنے اور سننے کا اتفاق ہوا ہوگا کہ

فلاں مثلاً زید مثل شیر کے ہے مگر بھولے سے بھی کبھی یہ خیال نہ ہوا ہوگا کہ زید کوئی درندہ جانور ہے۔ کیونکہ مشبہ اور مشبہ میں مماثلت اور مطابقت کلی نہیں ہوتی۔ بلکہ محض وجہ شبہ میں اشتراک ہوتا ہے اور بس۔

مگر انجمن مرزائیہ کے فاضل سیکرٹری کے نزدیک اس تشبیہ کا معنی کہ زید مثل شیر کے ہے یہ ہے کہ زید بھی درندہ جانور ہے اور مشبہ مشبہ بہ میں مطابقت کلی ہونی چاہئے۔ چنانچہ ایک اشتہار میں آپ نے یہ لکھ مارا کہ نبی کریم ﷺ کے خواب سے حضرت مولانا مدظلہ کے خواب کو تشبیہ دینا اس وقت درست ہوتا۔ جب خواب میں آپ پھونک مار کر الگ ہو جاتے۔ کیونکہ نبی کریم ﷺ نے خواب میں سونے کے کنگن کو پھونک مار کر اڑا دیا تھا۔ دراں حالیکہ ایک معمولی علم والا بھی یہ جانتا ہے کہ تشبیہ میں محض وجہ شبہ میں اشتراک کی ضرورت ہوتی ہے اور بس اور یہ موجود ہے۔ کیونکہ نبی کریم ﷺ اور حضرت مولانا مدظلہ کے خواب میں وجہ شبہ عالم خواب میں ایسی چیز سے اپنے کو متلبس دیکھنا ہے جو عالم خارجی میں اس کی ذات کے لئے حرام ہو۔ پس جو اعتراض ان کے خواب پر اس وجہ شبہ کی بنا پر ہوگا وہ بعینہٖ دوسرے خواب پر بھی جو اس وجہ میں شریک ہوگا۔ لہٰذا جو اعتراض بدبختی سے مرزائی صاحبان حضرت مولانا مدظلہ کے خواب پر کرتے ہیں وہ بعینہٖ نبی کریم ﷺ کے خواب پر وارد ہوتا ہے۔ پس نادان مرزائی ایسے خواب کی بناء پر مولانا مدظلہ اور نبی کریم ﷺ کو حرام قطعی میں مبتلا بتلا دیں تو بتلا دیں۔ ورنہ کوئی ہوش مند انسان اس کی جرأت نہیں کر سکتا۔ کیونکہ عالم خواب کو عالم خارجی پر قیاس کرنا اور آثار خارجی کو آثار خواب کے لئے ثابت کرنا بداہۃً باطل ہے۔ ورنہ بتلائیں جب مرزا جی نے ۲۴؍مئی ۱۹۰۵ء کی گزشتہ شب کو یہ خواب دیکھا تھا کہ: ''ایک لڑکی جس کا نام زینب ہے ساتھ ہے، ایک کنوئیں پر گئے ہیں جو باغ کے باہر جنوب مغربی کونہ پر واقعہ ہے۔''

(مکاشفات ص۴۰، البدر ج۱ نمبر۶، مؤرخہ ۱۹۰۵ء)

تو کیا واقعی کوئی زینب نامی پری جمال مرزا قادیانی کے جلو میں تھی جس کو رات کے وقت باغ سے باہر اپنے ساتھ کنوئیں پر لے گئے تھے یا محض خواب ہی خواب تھا۔

ناظرین! حضرت مولانا مدظلہ اور جناب نبی کریم ﷺ روحی فداہ کے خواب کو سمجھنے کے لئے چوتھے نمبر کو ضرور ملاحظہ فرماویں اور ایک مرتبہ ابتداء سے انتہاء تک پڑھ جائیں۔

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں

اسلامی اعلان

(عاشقان سید الکونین و پیروان رسول الثقلین ﷺ کو ضروری اطلاع)

جناب عبدالغفار خان حیدر آبادی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تفصیلی فہرست

صفحہ نمبر	عنوان
۱۱۵	قادیانی کے دعوے اور عقائد حسب ذیل ہیں
۱۱۹	فتویٰ علماء اسلام
۱۱۹	توہین مسیح میں پہلا قول
۱۲۰	دوسرا قول
۱۲۰	تیسرا قول
۱۲۰	چوتھا قول
۱۲۱	پانچواں قول
۱۲۱	چھٹا قول
۱۲۲	ساتواں قول
۱۲۶	اشعار مرزا
۱۲۶	دوسرے اشعار
۱۳۰	خاص حیدر آباد کے مبلغین
۱۳۱	مرزائیوں کے اشتہارات ورسائل کی ماہواری شیوع کی تعداد
۱۳۱	علماء اور امراء سے خاص گزارش
۱۳۲	فہرست رسائل
۱۳۷	بعض علمائے شیعہ کے رسائل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

برادران اسلام! السلام علیکم ورحمة الله !

آپ حضرات نے ’’صحیفہ انواریہ وہدیہ عثمانیہ‘‘ دیکھا ہوگا اور اشتہار ’’فتنہ عظیم الشان‘‘ بھی ملاحظہ کیا ہوگا اور آپ اس کے مضامین انواریہ سے مستفیض ہوئے ہوں گے۔ وہ مختصر رسالہ ہے، اس سے مرزا کی تمام باتیں معلوم نہیں ہوسکتیں۔ اس لئے میں چاہتا ہوں کہ مرزا غلام احمد قادیانی کی حالت کو کچھ زیادہ روشن کر کے دکھاؤں اور اس کے اصلی عقائد کو آپ پر ظاہر کروں۔ یہ وہ عقائد ہیں جنہیں دیکھ کر آپ ان سے خود متنفر ہوں گے اور معلوم کریں گے کہ یہ شخص اپنے آپ کو حامی اسلام بنا کر درپردہ اسلام کی بیخ کنی کرتا ہے۔ اس کے ساتھ علماء کاملین کا فتویٰ اور ان کے رسالے بھی پیش کروں گا جو مرزا قادیانی کے باب میں لکھے گئے ہیں۔

اب آپ کا فرض ہے کہ اس اشتہار کو آپ غور سے ملاحظہ کریں اور ناواقف مسلمانوں کو اس کے مضمون سے اطلاع دیں اور اسے خوب مشتہر کریں اور جہاں جہاں مسلمان ہوں، وہاں اس کو پہنچائیں جس طرح آپ کے امکان میں ہو اور عوام بے پڑھوں کو اچھی طرح سمجھاویں کہ جو مرزا کا نام لے اور اسے اچھا بتائے، اس سے پرہیز کریں اور خوب سمجھ لیں کہ یہ ہمیں جہنم میں جانے کا راستہ بتاتا ہے۔ ہمارا ایمان لینا چاہتا ہے۔ یہ وہی مرزا غلام احمد ہے جس نے دنیا کے سارے مسلمانوں کو کافر جہنمی قرار دیا ہے اور اپنے عہد میں اپنے کلام سے دنیا کو اسلام سے گویا خالی کر دیا ہے۔ مرزا محمود کے رسالے ’’تشحیذ الاذہان‘‘ وغیرہ دیکھو۔

قادیانی کے دعوے اور عقائد حسب ذیل ہیں

۱…… خدا تعالیٰ جھوٹ بولتا ہے۔

۲…… وعدہ خلافی کرتا ہے۔

۳…… اپنے رسول سے نہایت پختہ وعدہ کر کے بعض وقت پورا نہیں کرتا۔ منکوحہ آسمانی کا وعدہ ایسا ہی ہوا۔ اب خیال کیجئے کہ ایسے خدا کو کون دانش مند مان سکتا ہے اور اس کے رسول اور اس کے کلام پر اعتماد کرنے کی کیا وجہ ہوسکتی۔ یہ صریح دہریوں کی تائید اور مذہب اسلام کی ہتک ہے۔

۴...... اختیارات خداوند ملنے کا دعویٰ۔

۵...... نبوت ورسالت کا دعویٰ۔

۶...... اپنے آپ کو بعض انبیاء علیہم السلام سے صراحۃً افضل کہنا۔

۷...... اور اپنی باتوں سے اپنے آپ کو تمام انبیاء علیہم السلام سے افضل ظاہر کرنا۔

۸...... اپنی ذات کو موجب تخلیق عالم کہنا اور **لولاک لما خلقت الافلاک** کا الہام اپنے لئے بتانا۔

۹...... رحمۃ اللعالمین کا وصف اپنے لئے ثابت کرنا۔

۱۰...... پھر یہ بھی کہنا کہ دنیا میں جس قدر بلائیں آرہی ہیں وہ سب میرے نہ ماننے کی وجہ سے ہیں۔ یہ عجیب طرح کی رحمت ہے۔

۱۱...... باوجود سب کچھ کرنے کے معصوم ہونے کا بھی دعویٰ ہے۔

۱۲...... مقام محمود کا اپنے کو مستحق جاننا۔

۱۳...... حضرت عیسیٰ علیہ السلام جیسے اولوالعزم نبی سے اپنے کو تمام شان میں افضل کہنا۔

۱۴...... دشنام دہی نبی۔

۱۵...... تذلیل وتحقیر انبیاء علیہم السلام۔

۱۶...... بعض انبیاء علیہم السلام میں تمام برائیاں بیان کرنا۔ جیسے داؤد علیہ السلام۔

۱۷...... انبیاء علیہم السلام کے بہت سے معجزات سے انکار کرنا۔

۱۸...... قرآن مجید کے منصوصہ معجزات میں محض غلط باتیں بنا کر معجزہ کو باطل کردینا۔

۱۹...... حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اظہار معجزہ میں نجّار اور مسمریزم داں قرار دینا۔

۲۰...... ان کی نانی اور دادی کو کسبیاں اور چھنال کہنا۔

۲۱...... تمام انبیاء علیہم السلام سے اپنے معجزات کو سو حصے زیادہ کہنا۔

۲۲...... حضور سرور کائنات ﷺ کے معجزات کی مقدار تین ہزار اور اپنے معجزات کو تین لاکھ سے زیادہ بتانا۔ یہ صریح دعویٰ ہے اپنی افضلیت کا۔

۲۳...... اپنے الہام اور بزعم خود اپنی وحی کو قرآن مجید کے مثل قطعی اور یقینی سمجھنا۔

۲۴...... یہ کہنا کہ کسی وقت رسول اپنی وحی کے معنی نہیں سمجھتا۔

۲۵...... اور کسی وقت غلط سمجھتا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ رسول کے کسی وحی کا بیان لائق اعتبار نہیں ہے۔ کیونکہ معلوم نہیں کہ جو یہ بیان کر رہا ہے وہ اس کی سمجھ کی غلطی ہے یا نہیں۔ یہاں بھی دہریوں اور مخالفین اسلام کو مضحکہ کو موقع خود دیا ہے۔

۲۶...... تحقیر احادیث نبویہ۔

۲۷...... احادیث کے ردوقبول میں خود مختار ہونا۔

۲۸...... اپنی روحانی وحی کے مقابلہ میں احادیث نبویہ ﷺ کو معاذ اللہ! ردّی کی طرح پھینک دینا۔

۲۹...... قرآن شریف کے معنی جو میں کہوں وہ صحیح ہیں گو وہ محاورہ عرب اور قرائن قرآنیہ اور واقعات کے خلاف ہوں اور اگرچہ اس کے خلاف صحابہ کرام رضی اللہ عنہم یا علمائے کاملین سابقین نے معنی کئے ہوں، مگر وہ غلط ہیں۔

۳۰...... تحقیر صحابہ، حضرت ابوبکر صدیق وحضرت عمر فاروق وحضرت عثمان وحضرت علی وحضرت فاطمہ وحضرت امام حسن وحضرت امام حسین ودیگر اصحاب کبار وازواج واہل بیت رضی اللہ عنہم وجمیع ائمہ مجتہدین امام ابوحنیفہ وامام مالک وامام شافعی وامام احمد وامام بخاری رحمۃ اللہ علیہم وغیرہم وجمیع فقہاء ومحدثین ومفسرین وائمہ طریقت حضرت غوث الاعظم جیلانی وحضرت خواجہ معین الدین اجمیری وحضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبندی وحضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہم وغیرہم سے اپنے کو افضل سمجھنا۔

۳۱...... اپنے آپ کو پیغمبر آخرالزمان کہنا چنانچہ مرزائیوں نے قرآن مجید کے ترجمہ میں مرزا کا یہی لقب اس کی تمہید میں لکھا ہے۔

۳۲...... حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو مکّار وفریبی کہنا۔

۳۳...... اپنے غیر معتقد کو کافر کہنا خواہ مکفر ہو یا مکذب، متردد ہو یا خاموش اور خالی الذہن۔ بلکہ جو شخص دل میں معتقد ہو اور زبان سے انکار بھی نہیں کرتا ہو صرف بیعت میں کسی مصلحت سے تاخیر کرتا ہے اس کو بھی دائرہ اسلام سے خارج سمجھنا۔

۳۴...... سوائے اپنے معتقدین کے کل اہل اسلام سے قطع تعلق کا صریح وشدید حکم دینا۔

۳۵...... اپنے غیر معتقدین کے پیچھے نماز پڑھنے کو حرام قطعی کہنا وغیرہ وغیرہ! اس قسم کے اقوال مرزا کے تمام تصانیف میں بکثرت موجود ہیں اور ہمارے علمائے کرام نے اپنے رسالوں میں انہیں نقل کیا ہے۔ فیصلہ آسمانی اور شہادت آسمانی اور صحائف رحمانیہ وغیرہ دیکھنا چاہئے۔

برادران اسلام! غور کریں کہ جس شخص کے ایسے عقائد اور اقوال ہوں، اس کے احاطہ اسلام سے خارج ہونے میں کسی مسلمان کو خواہ جاہل ہو یا عالم تردد نہیں ہوسکتا بلکہ دور اندیش فہمیدہ حضرات ان باتوں میں غور کرنے کے بعد ضرور کہیں گے کہ یہ شخص کسی مذہب کا پابند دلی طور سے نہیں ہے۔ انبیاء کی سخت برائیاں کر کے دنیا کو انبیاء سے اور مذہب سے بیزار کرنا چاہتا ہے اور جب اس کی برائی دنیا پر ظاہر ہوتی ہے تو اس پر پردہ ڈالنے کے لئے انبیاء میں وہ نقص بیان کرتا ہے۔ اگرچہ محض غلط ہو۔ غرض کہ درپردہ ملحدوں اور دہریوں کا مؤید ہے۔ مگر چونکہ مسلمانوں ہی نے اسے مانا ہے۔ اس لئے انہیں فریب دینے کے لئے اپنے آپ کو مسلمان اور حامی اسلام کہتا ہے۔ لہٰذا مرزا غلام احمد اور اس کے جملہ معتقدین درجہ بدرجہ مرتد، زندیق، ملحد، کافر اور فرقہ ضالہ میں یقیناً داخل ہیں۔ ان سے ہر طرح اجتناب کرنا مسلمانوں کو نہایت ضرور ہے۔

برادران اسلام کو میں اس سے بھی اطلاع دیتا ہوں کہ مرزا قادیانی نے مسلمانوں کو بڑا فریب دیا ہے جو ان کے اقوال اوپر بیان ہوئے ہیں، وہ ابتدائے دعویٰ کے وقت میں نہیں تھے۔ ابتداء میں اچھی اچھی باتیں بھی ہیں۔ دعویٰ نبوت سے انکار ہے۔ پہلے یہ بھی کہا ہے کہ میں کسی کلمہ گو کو کافر نہیں کہتا۔ مگر آخر میں یہ سب دعوے ہیں جو اوپر نقل کئے گئے۔ ناواقفوں کے سامنے اکثر مرزائی ان اقوال کو پیش کرتے ہیں جو انہوں نے پہلے کہے ہیں۔ خواجہ کمال الدین انہیں میں ہیں۔ ہمارے اعلان کے دیکھنے والے اس پر یقین رکھیں کہ یہ ان کا فریب ہے جس کو دعوے ہو ہمارے سامنے آئے ہم اپنے بیان کی تصدیق ان کی کتابوں سے کردیں گے۔ یہ بھی معلوم کر لینا چاہئے کہ مرزا کے اقوال میں بہت اختلاف ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ قصداً اس نے ایسا کیا ہے۔ اس غرض سے کہ جس وقت جیسا موقع ہو، اس وقت وہ

قول پیش کر دیا جائے اور ہر ایک کو اس کے رسالوں پر اور سب اقوال پر نظر نہیں ہوسکتی جو اسے بند کرنے کو اس کا دوسرا قول پیش کرے۔

فتویٰ علماء اسلام

چونکہ اکثر لوگ اسلام سے مرتد ہو کر مرزائی ہوئے ہیں۔ اس لئے معتقدین مرزا مذکورہ کے ساتھ کوئی اسلامی معاملہ شرعاً درست نہیں ہے۔ مسلمانوں کو ضروری اور لازمی ہے کہ مرزائیوں کو نہ اسلامی سلام کریں اور نہ ان سے رشتہ قرابت رکھیں، نہ ان کا ذبیحہ کھائیں، نہ ان سے محبت اور الفت رکھیں اور نہ ان کو اپنے اسلامی مجمعوں میں شریک ہونے دیں اور نہ ان کی مجلسوں میں اہل اسلام شریک ہوں۔ جس طرح یہود، نصاریٰ اور ہنود سے اہل اسلام مذہباً علیحدہ رہتے ہیں، اس سے زیادہ مرزائیوں سے الگ رہیں۔ کیونکہ مرزائی مرتد ہیں اور ایسے مرتد ہیں کہ انہیں ہر ایک کو دوسرے مسلمان کے مرتد کرنے کا بڑا خیال ہے اور دوسروں کے گمراہ کرنے میں بڑے کوشاں رہتے ہیں اور ہزاروں روپیہ صرف کرتے ہیں۔ چنانچہ اس اسلامی ریاست میں ان کے مبلغین آتے ہیں اور مسلمانوں کو ہی بہکاتے ہیں۔ یہاں کسی عیسائی یا ہندوؤں کو تو قادیانی نہیں بنایا۔ خواجہ کمال نے بھی کوئی لیکچر عیسائیوں میں اور ہندوؤں میں جاکر تو نہیں بیان کیا۔ اس لئے جس طرح سانپ اور بچھو سے پرہیز کیا جاتا ہے اس سے زیادہ مرزائیوں سے پرہیز کرنا شرعاً ضروری اور لازمی ہے۔ کسی مرزائی کے پیچھے نماز ہرگز ہرگز جائز نہیں۔ مرزائیوں کے پیچھے نماز پڑھنا ایسا ہے جیسے کہ یہود ونصاریٰ اور ہندوؤں کے پیچھے۔ (**القول الصحیح فی مکائد المسیح** ملاحظہ ہو)

مرزا کے جھوٹے اور مرتد ہونے کے دلائل میں ان کے بہت اقوال پیش ہوسکتے ہیں۔ یہاں چند نقل کئے جاتے ہیں۔ مرزا بعض ان انبیاء کرام علیہم السلام کی نہایت توہین کرتا ہے، جن کی نہایت عظمت قرآن مجید میں بصراحت آئی ہے۔ مثلاً حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت داؤد علیہ السلام۔

توہین مسیح میں پہلا قول

''عیسائیوں نے بہت سے آپ کے معجزات لکھے ہیں مگر حق بات یہ ہے کہ آپ سے کوئی معجزہ نہ ہوا۔'' (ضمیمہ انجام آتھم ص۶، خزائن ج۱۱ص۲۹۰ درحاشیہ)

اس قول سے نہایت ظاہر ہے کہ مرزا کا یہ کلام الزاماً نہیں بلکہ تحقیقاً ہے۔ کیونکہ کہتے ہیں کہ: ’’حق بات یہ ہے۔‘‘ سب جانتے ہیں کہ اس طرح وہیں کہا جاتا ہے جہاں واقعی اور سچی بات بیان کی جاتی ہے۔ اب اس قول میں توہین حضرت مسیح علیہ السلام کے علاوہ قرآن مجید کی ان آیات سے انکار بھی ہے، جن میں حضرت مسیح علیہ السلام کے معجزات کا بیان نہایت صراحت سے آیا ہے اور حضرت مسیح کا نام عیسیٰ اور یسوع بھی ہے۔

چنانچہ خود مرزا نے (توضیح مرام ص۳، خزائن ج۳ ص۵۲) میں لکھا ہے:

دوسرا قول

’’آپ کے ہاتھ میں سوائے مکر وفریب کے اور کچھ نہیں تھا۔‘‘

(ضمیمہ انجام آتھم ص۷، خزائن ج۱۱ ص۲۹۱)

تیسرا قول

’’آپ کا خاندان بھی نہایت پاک اور مطہر[1] ہے تین دادیاں اور نانیاں آپ کی زناکار اور کسبی عورتیں تھیں۔ جن کے خون سے آپ کا وجود ظہور پذیر ہوا۔‘‘

چوتھا قول

’’آپ کا کنجریوں وکسبیوں سے میلان اور صحبت بھی شاید اسی وجہ سے ہو کہ جدّی مناسبت درمیان ہے، ورنہ کوئی پرہیزگار انسان ایک جوان کنجری کو یہ موقع نہیں دے سکتا کہ وہ اس کے سر پر اپنے ناپاک ہاتھ لگائے اور زناکاری کی کمائی کا پلید عطر اس کے سر پر ملے اور اپنے بالوں کو اس کے پیروں پر ملے، سمجھنے والے سمجھ لیں کہ ایسا انسان کس چلن کا آدمی ہوسکتا ہے۔‘‘ (ضمیمہ انجام آتھم ص۷ درحاشیہ، خزائن ج۱۱ ص۲۹۱)

مرزا کا یہ آخری جملہ کس غضب کا ہے۔ اب سمجھنے والے سمجھ سکتے ہیں کہ ایک عظیم

[1] جس طرح یہاں حضرت مسیح کے خاندان کو پاک ومطہر کہا ہے اور پھر اس کی برائی کی ہے اسی طرح بعض مقام پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نام پر حضرت کا لفظ یا علیہ السلام لکھا ہے، اس سے ثابت نہیں ہوسکتا کہ انہوں نے تطہیر کی، بلکہ بے وقوفوں کو فریب دیا ہے۔

الشان نبی حضرت مسیح علیہ السلام کی نسبت مرزا کا کیا خیال ہے۔ اسی مطلب کو دوسرے مقام پر کسی قدر صراحت سے بیان کرتا ہے۔

پانچواں قول

’’مگر یسوع صاحب کی نسبت کیا کہیں اور کیا لکھیں اور کب تک ان کے حال پر روئیں، کیا یہ مناسب تھا کہ وہ ایک زانیہ عورت کو یہ موقع دیتا کہ وہ عین جوانی اور حسن کی حالت میں ننگے سر اس سے مل کر بیٹھے اور نہایت ناز ونخرہ سے ان کے پاؤں پر بال ملے اور حرام کاری کے عطر سے اس کے سر پر مالش کرے۔ اگر یسوع کا دل بدخیالات سے پاک ہوتا تو وہ ایک کسبی عورت کو نزدیک آنے سے ضرور منع کرتا۔ مگر ایسے لوگ جن کو حرام کار عورتوں کے چھونے سے مزہ آتا ہے وہ ایسے نفسانی موقع پر کسی ناصح کی نصیحت بھی نہیں سنا کرتے۔‘‘

(نور القرآن نمبر۲ ص۴۶، خزائن ج۹ ص۴۴۸)

دیکھئے صاف کہہ رہے ہیں کہ حضرت مسیح علیہ السلام بدخیالی سے پاک نہ تھے، زناکاری کا انہیں خیال تھا (نعوذ باللہ) اور انہیں اس کسبی کے چھونے سے مزہ آتا تھا۔ کوئی صالح نیک دل ذی علم اس طرح کی مذمت الزاماً بھی نہیں کرسکتا۔ تجربہ کار اور مہذب حضرات اس کا پورا یقین کرسکتے ہیں۔

چھٹا قول

’’لیکن حضرت مسیح کی راست بازی اپنے زمانہ میں دوسرے راست بازوں سے بڑھ کر ثابت نہیں ہوئی، بلکہ یحییٰ نبی کو اس پر فضیلت ہے۔ کیونکہ وہ شراب نہیں پیتا تھا اور کبھی نہیں سنا گیا کہ کسی فاحشہ عورت نے آکر اپنی کمائی کے مال سے اس کے سر پر عطر ملا تھا یا ہاتھوں اور اپنے سر کے بالوں سے اس کے بدن کو چھوا تھا یا کوئی بے تعلق جوان عورت اس کی خدمت کرتی تھی۔ اس وجہ سے خدا نے قرآن میں یحییٰ کا نام حصور رکھا مگر مسیح کا نام نہ رکھا کیونکہ ایسے قصے اس نام کے رکھنے سے مانع تھے۔‘‘ (دافع البلاء ص ٹائٹل، خزائن ج۱۸ ص۲۲۰)

یہ قول نہایت صفائی سے ثابت کررہا ہے کہ مرزا کا یہ قول اور حضرت مسیح کی توہین

الزاماً نہیں ہے بلکہ تحقیقاً ہے۔ کیونکہ قرآن شریف کا حوالہ دیا ہے۔ اسی طرح کے اقوال حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بے حرمتی میں اور بہت ہیں، یہاں ان کا نمونہ دکھایا گیا ہے۔

اب ایک قول حضرت داؤد علیہ السلام کی نسبت اس مجدد فاحشات کا نقل کیا جاتا ہے جسے دیکھ کر مسلمانوں کو کمال عبرت ہونا چاہئے کہ ایسے بدخیال اور فحش گو کو خواجہ کمال مجدد وقت اعتقاد کرتے ہیں۔

ساتواں قول

لکھا ہے: ''یسوع (حضرت عیسیٰ) کے دادا صاحب داؤد نے (۱) تو سارے برے کام کئے (۲) ایک بے گناہ کو اپنی شہوت رانی کے لئے فریب سے قتل کرایا (۳) اور دلاّلہ عورتوں کو بھیج کر اس کی جورو کو منگوایا (۴) اور اس کو شراب پلائی (۵) اور اس سے زنا کیا (۶) اور بہت سا مال زنا کاری میں ضائع کیا۔'' (معیار المذاہب ص۱۵، خزائن ج۹ص۴۷۹)

دیکھنے والے مرزا کی اس فحش کلامی کو دیکھیں اور ایک اولوالعزم نبی کی بے حرمتی کو ملاحظہ کریں کہ ایسے شرمناک الزام ایسے ایسے الفاظ اور اس طریقے سے لگائے ہیں کہ کسی نیک دامن اور صالح طبیعت کی زبان پر کسی معمولی شخص کی نسبت بھی یہ الفاظ نہیں آتے۔ نبی کی نسبت تو اس خیال سے مسلمان لرز جاتا ہے اور اس کی کانشنس اس سے انکار کرتی ہے۔ مگر خواجہ صاحب کے مرشد نہایت بے باکی سے اس قسم کے سات الزام خدا کے سچے رسول پر لگاتے ہیں۔ یہ کفریہ اقوال تو انبیاء علیہم السلام کی توہین میں تھے۔

اب ایک اس کا جھوٹ اور فریب بھی دیکھنے کے لائق ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نسبت جب پورے طور سے توہین و بے حرمتی کر چکا تو خیال آیا کہ مسلمان کہیں گے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعریف تو قرآن شریف میں آئی ہے اور مرزا اس کے خلاف ان کی یہ حالت بیان کرتا ہے۔ اس لئے ضمیمہ انجام آتھم میں لکھا ہے: ''مسلمانوں کو واضح رہے کہ خداتعالیٰ نے یسوع کی قرآن شریف میں کچھ خبر نہیں دی کہ وہ کون تھا۔''

(ضمیمہ انجام آتھم ص۹، خزائن ج۱۱ص۲۹۳)

اس کا حاصل یہ ہوا کہ ہم نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو گالیاں نہیں دیں بلکہ یسوع کو دی ہیں اور قرآن شریف میں جن کی تعریف ہے وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں یسوع نہیں ہے۔

مگر مرزا توضیح مرام میں اس سے پہلے لکھ چکا ہے کہ: ''مسیح ابن مریم جن کو عیسیٰ اور یسوع بھی کہتے ہیں۔'' (توضیح مرام ص۳، خزائن ج۳ ص۵۲)

اس کا حاصل یہی ہے کہ مسیح ابن مریم جن کا ذکر قرآن مجید بار بار آیا ہے، انہیں کا نام حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور یسوع بھی ہے۔ یعنی یہ تینوں نام ایک ذات مقدس کے ہیں اور ان کا ذکر قرآن شریف میں آیا ہے۔ اس سے ثابت ہوا کہ یسوع کا ذکر قرآن شریف میں آیا ہے۔ اب یہ کہنا کہ یسوع کا ذکر قرآن شریف میں نہیں ہے، انہیں کے قول سے صریح جھوٹ ثابت ہوا اور یہاں مسلمانوں کو فریب دینے کے خیال سے مرزا قادیانی نے ایسا لکھا تاکہ وہ اعتراض نہ کریں۔ کیونکہ جانتے ہیں کہ عام مسلمان نہیں جانتے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نام یسوع بھی ہے۔ اس لئے کہہ دیا کہ یسوع کا ذکر قرآن مجید میں نہیں ہے۔ یہ کہنا کہ ان انبیاء علیہم السلام کی بے حرمتی الزاماً کی گئی ہے یعنی پادری نے جناب رسول اللہ ﷺ کو گالیاں دی تھیں۔ اس لئے ہم نے ان کے رسول کو گالیاں دیں، یہ جاہلانہ اور عامیانہ جواب ہے۔

اوّل تو پادری کے گالیاں دینے کے باعث خود مرزا ہوئے، کیونکہ اوّل مرزا نے پادریوں سے سخت کلامی شروع کی۔ اس کے جواب میں انہوں نے ترقی کی۔ اس کے علاوہ جب ہم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا کا سچا رسول مانتے ہیں تو ہمیں ان کی توہین کسی طرح جائز نہیں ہے، نہ الزاماً اور نہ تحقیقاً۔ اب میں بھائی مسلمانوں کو اس طرف متوجہ کرتا ہوں کہ مرزا قادیانی کے یہ کفریات ہیں جن کی وجہ سے ہمارے علماء دین انہیں اسلام سے خارج سمجھتے ہیں جو مسلمان مرزا کے ان اقوال کو دیکھے گا، اسے اس میں تأمل کسی طرح نہیں ہوسکتا۔ ہم خواجہ کمال اور ان کی جماعت سے دریافت کرتے ہیں کہ اسلام نے انبیاء علیہم السلام کے ساتھ ایسے خیالات کو جائز بتایا ہے؟ کیا کوئی ذی علم پاکیزہ خیال کسی بزرگ نیک سیرت کو ایسا الزام دے سکتا ہے اور جس کے ایسے ناپاک خیالات نبی اولوالعزم کی نسبت ہوں اور تحقیقاً یا الزاماً کسی طرح انبیائے صادقین کے باب میں اس کی زبان قلم سے ایسے فحش کلمات اور شرمناک الزامات نکلیں، وہ امام وقت اور امت محمدیہ کا مجدد ہوسکتا ہے؟

اگر خوف خدا دل میں لاکر اس کا جواب دیجئے گا تو بالضرور یہی کہئے گا کہ ہرگز نہیں ہوسکتا۔ یہ خواجہ کمال کی پارٹی مجدد اور امام کے متعلق حدیثوں کو پیش کر کے یہ چاہتی ہے کہ اس مجدد فاحشات پر انہیں چسپاں کرے، یہ نہیں ہوسکتا۔ کیا اسے شرم نہیں آتی کہ جس کے ایسے ناپاک خیالات ہوں، جس کی تحریر سے خدا کے رسولوں کی عظمت پامال ہوتی ہو، جس کے اقوال سے خدا اور اس کے مقدس رسولوں کی کمال درجہ کی بے حرمتی ہوتی ہو۔ اسے وہ امام وقت اور مجدد کہتے ہیں اور ہم سے کہلانا چاہتے ہیں اور ہمارے سامنے حضرت سرور انبیاء علیہ السلام کی حدیث پیش کر کے یہ کہتے ہیں کہ ان حدیثوں کے مصداق مرزا قادیانی ہیں۔ یعنی وہی شخص جس کے لعنتی خیالات ہم نے ابھی بیان کئے وہ بموجب حدیث رسول اللہ ﷺ کے مجدد اور امام وقت ہے۔ استغفر اللہ!

ایں خیال است ومحال است وجنوں

جناب رسول اللہ ﷺ پر یہ سخت الزام ہے کہ حضور انور ﷺ نے ایسے ناپاک خیالات اور بداطوار کو مجدد وقت فرمایا اور ایسا شخص آپ کے کلام سے مجدد اور امام وقت ثابت ہوا۔ نعوذ باللہ! علماء دین نے مرزا کو جو کفر کا فتویٰ دیا ہے اس کی وجہ ان کے یہی کفریات ہیں اور اس فتویٰ دینے کی بڑی وجہ یہی ہے کہ مخالفین اسلام کو مرزا نے اپنے اقوال سے اسلام پر اعتراض کرنے کا بہت موقع دیا ہے۔

یہ اقوال علاوہ ہیں ان کے ان جھوٹے الہامات اور غلط دعوؤں کے جن سے ان کا جھوٹا ہونا فیصلہ آسمانی اور شہادت آسمانی وغیرہ میں بیان کیا گیا ہے۔ مرزائی حضرات ان رسالوں کو ملاحظہ کریں اور اپنے مرشد کی شرمناک باتیں دیکھیں اور شرمائیں اور یقین کریں کہ ان باتوں کا جواب نہ مرزا محمود دے سکتے ہیں اور نہ کوئی بی۔اے اور ایم۔اے۔ میں اس کی تائید میں برادران اسلام سے کہتا ہوں کہ جب اس گروہ کا یہ حال ہے تو آپ کو ضرور ہے کہ پہلے انہیں آپ سمجھائیں اور اگر وہ نہ مانیں تو آپ انہیں نماز پڑھنے یا دیگر مذہبی احکام اداء کرنے کے لئے اہل سنت والجماعت اور عام اہل اسلام اپنی مسجدوں میں ہرگز نہ آنے دیں۔ مرزائیوں کو مسلمانوں کی مسجد میں انہیں عبادت کرنے کی اجازت دینی ایسا ہے جیسے ہندوؤں کو مسجد میں پوجا کرنے کی اجازت دی جائے۔ مرزا کے جھوٹے ہونے کی نہایت صاف دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جناب رسول اللہ ﷺ کو قرآن مجید میں خاتم النّبیین فرمایا

ہے اور خاتم النّبیین کے معنی لغت عرب میں آخر النّبیین کے ہیں۔ یعنی ان کے بعد کسی کو نبوت کا مرتبہ نہیں ملے گا۔ تمام انبیاء پہلے ہوئے، ہمارے رسول کریم ﷺ کا ظہور سب سے بعد ہوا۔ جس طرح رات کے تاروں کے بعد آفتاب نکلتا ہے اور تمام تاروں کی روشنی کو پوشیدہ کر دیتا ہے۔ اسی طرح حضرت سرور انبیاء علیہ السلام کے آفتاب نبوت نے عالم کو روشن کر دیا اور یہ وہ آفتاب ہے کہ قیامت تک چمکتا رہے گا اور اس کے ہوتے ہوئے کسی کا نور نبوت نہیں چمک سکتا اور نہ اس کی ضرورت ہے۔

قرآن مجید کے اس مضمون کی تفسیر اس حدیث سے بخوبی ہوئی جس میں جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ میری امت میں عن قریب تیس جھوٹے پیدا ہوں گے اور ہر ایک یہی دعویٰ کرے گا کہ میں خدا کا رسول ہوں۔ حالانکہ ’’انا خاتم النبیین لا نبی بعدی ‘‘یعنی میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی پیغمبر نہیں ہوگا۔ اس حدیث میں انا خاتم النّبیین کے معنی نہایت صفائی سے یہ فرما دیئے کہ: ’’لا نبی بعدی ‘‘یعنی میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔ اب خاتم النّبیین کے دوسرے معنی لینا محاورہ عرب اور اس حدیث کے صریح خلاف ہے۔ جب مرزا قادیانی نبوت کا دعویٰ کیا تو اس آیت وحدیث کے بموجب بالیقین جھوٹا اور دجال ثابت ہوا۔ فیصلہ آسمانی کے تیسرے حصہ میں اس کی تفصیل موجود ہے اور اسی حدیث کی تائید میں اور حدیثیں بھی نقل کی ہیں اور اس کی وجہ بھی نہایت ہی عمدہ بیان کی ہے کہ آپ ﷺ کے بعد نبی کے نہ آنے کی کیا وجہ ہے۔ یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد تو انبیاء آئے اور حضرت سرور انبیاء علیہ السلام کے بعد نبوت منقطع ہوگئی اور ’’العلماء ورثۃ الانبیاء ‘‘پر کفایت کی گئی۔ اس کی کیا وجہ ہے، اس کی تفصیل فیصلہ آسمانی حصہ تین میں قابل دین ہے، شائقین اس کو ملاحظہ کریں۔

بھائیو! اس میں شبہ نہیں کہ مرزا قادیانی کا جھوٹا ہونا قرآن مجید کے نص قطعی اور صحیح حدیثوں سے ثابت ہے کیونکہ اسے نبوت[1] کا دعویٰ ہے بلکہ اپنے آپ کو انبیاء علیہم السلام سے افضل سمجھتا ہے۔ چنانچہ اس کے اشعار سے ظاہر ہے، وہ یہ ہیں:

[1] ڈاکٹر عبدالحکیم صاحب نے ’’الذکر الحکیم نمبر۶ کے باب دوم ص۱۷و۱۸) میں مرزا کے بیس قول اس دعوے کے ثبوت میں نقل کئے ہیں۔

اشعار مرزا

آنکہ دادند نبی را جام   داد آں جام را مرا بتمام
انبیا گرچہ بودہ اند بسے   من بعرفان نہ کمترم زکسے
کم نیم زاں ہمہ بروے یقین   ہر کہ گوئد دروغ ہست لعین

ان اشعار میں صاف طور سے دعویٰ ہے کہ میں کسی نبی سے کم نہیں ہوں یعنی ان کے برابر ہوں، جب سب کی برابری کا دعویٰ ہوا اور ہر ایک صفات کمالیہ کا اپنے آپ کو جامع بنایا تو صاف طور سے افضل ہونے کا دعویٰ ہوا۔ اس میں جناب رسول اللہ ﷺ بھی شامل ہوگئے۔

دوسرے اشعار

اسم او اسم مبارک ابن مریم می نہند   وآں غلام احمدست ومیرزائے قادیاں
گرکسی آرد شکے او آں کافر ست   جائے او باشد جہنم بے شک وریب وگماں

(دیکھو خلیفہ اوّل نورالدین کا خط مندرجہ الحکم مؤرخہ ۱۷/ اگست ۱۸۹۹ء)

اس کے علاوہ مرزا کے حالات اس کے شاہد ہیں، ان کا نمونہ فیصلہ آسمانی حصہ اوّل میں دیکھنا چاہئے اور ان کے اقوال میں نہایت اختلاف ہے جن سے بالیقین ثابت ہوتا ہے کہ ان کی باتیں اللہ کی طرف سے نہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ’’**لو کان من عند غیر اللہ لوجدوا فیہ اختلافاً کثیراً** (النساء:۸۲)‘‘ اس آیت میں اللہ تعالیٰ اختلاف کثیر کو اللہ کی طرف سے نہ ہونے کی دلیل بیان فرماتا ہے۔ یہ دلیل مرزا قادیانی کے بیان میں پورے طور سے پائی جاتی ہے۔ اس لئے بموجب ارشاد خداوندی مرزا قادیانی کاذب ہیں۔ یعنی ان کا بیان خدا کی طرف نہیں ہے۔ اب اسے خدا کی طرف سے کہنا ان کا افتراء ہے ان کے بیان میں جھوٹی باتیں بھی بہت ہیں، ان کا نمونہ ہدیہ عثمانیہ کے پہلے حصہ میں بھی دکھایا گیا ہے اور مرزا قادیانی کی غلط بیانیاں اور خواجہ صاحب کے علانیہ جھوٹ بیان کئے گئے ہیں۔

بھائیو! ایک طرح سے نہیں بلکہ جس جس طریقہ سے انسان کی سچائی اور اس کا تقدس معلوم ہوسکتا ہے ہر طرح سے مرزا کو جانچا مگر ہر طرح وہ جھوٹے اور اس وقت کے دجال ثابت ہوئے جس طرح پہلی اور دوسری صدی سے اب تک جھوٹے مدعی گزر چکے ہیں۔ ویسے ہی یہ بھی ہیں۔ نبی کی تو بڑی شان (ہوتی ہے) ایسے جھوٹ اور فریب تو کسی نیک

وشریف انسان سے بھی نہیں ہوتے جیسے مرزا قادیانی کے بیان سے ظاہر ہیں۔ اب اگر خواجہ کمال انہیں نبی نہ مانیں بلکہ ایک بزرگ اور مقدس ہی شخص اعتقاد کریں تو بھی ایک جھوٹے کے ماننے والے اور اسے بزرگ سمجھنے والے ہوئے اور جھوٹے کی صحبت سے انہیں جھوٹ بولنے کی عادت ہوئی اور کسی فہمیدہ مسلمان کے نزدیک ان کا قول لائق اعتبار نہ رہا۔ اسی دجال کے مرید اور مبلغ دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں۔ انہیں کے خلیفہ اور مرید خاص مرزا محمود اور خواجہ کمال ہیں اور ان کے متبعین۔ چنانچہ حیدرآباد دکن میں محمد سعید اور سکندرآباد میں علاؤالدین مسلمانوں کو گمراہ کر رہا ہے اور یادگیر میں محمد حسن اس کفر کو پھیلا رہا ہے۔ ان سے بچو اور ہدیہ عثمانیہ کو دیکھو کہ کس صفائی سے خواجہ کمال اور ان کے مرشد کا جھوٹا ہونا ثابت کیا ہے اور اس کا جواب طلب کرو۔ ہدیہ عثمانیہ کا (ص ۲۱ سے ص ۳۸) تک انہیں دکھاؤ اور کہو کہ خواجہ کمال نے جو یہ لکھا ہے کہ ''جنہوں نے مرزا کی ذلت پر کمر باندھی خدا نے انہیں ذلیل کیا جو ان کے مقابل آیا، ہلاک ہوا۔'' یہ کیسے صریح جھوٹے دعوے ہیں جن کے جھوٹے ہونے پر سات شہادتیں پیش کی گئی ہیں، جن کی صداقت کا معائنہ ہو رہا ہے۔ اب کوئی ان کا حمایتی اس کا جواب پیش کر سکتا ہے؟ غیر ممکن ہے۔ بجز مان لینے کے اور کوئی چارہ نہیں ہو سکتا۔

یہ بھی تم سے کہتا ہوں کہ اسی دجال کے مریدوں نے قرآن مجید کا ترجمہ چھپوایا ہے اور اسی دجال کا ثبوت قرآن سے دینا چاہا ہے وہ بالکل غلط ہے۔ اس میں قرآن مجید کی بالکل تحریف کی ہے اسے ہاتھ میں نہ لینا۔ بھلا خیال تو کرو جس کا جھوٹا ہونا میں نے ابھی قرآن وحدیث سے تمہیں دکھا دیا اس کے حالات اور اس کے اقوال اس کے جھوٹے ہونے کے شاہد ہیں۔ پھر کیا ممکن ہے کہ اس کا سچا ہونا قرآن شریف سے ثابت ہو (استغفراللہ قیامت ہو جائے، مگر یہ نہیں ہو سکتا) اور یہ بھی تو دیکھو کہ مرزا اپنے پختہ اقراروں سے جھوٹا ثابت ہوا ہے۔ اس کے اقرار فیصلہ آسمانی حصہ دوم میں حقیقت المسیح میں جواب حقانی میں دیکھنا چاہئیں۔ اس کے بعد میں یہ بھی عرض کروں گا کہ اپنے سرپرست حامی اسلام سرکار ریاست حیدرآباد دکن سے ملتجا کیجئے کہ اسلام کی شرم رکھیں اور اس فتنہ کے فرو کرنے کی طرف توجہ فرمائیں اور جو یہ تدبیریں ہدیہ عثمانیہ میں بیان کی ہیں ان کے نافذ ہونے کا حکم فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ ایسے دین دار سرکار کو ان کی ریاست کو ہمیشہ قائم رکھے اور ان کی توجہ سے اس فتنہ کو دور کر کے قیامت کے روز انہیں حامیان اسلام میں محشور فرمائے۔ آمین آمین! ہر ایک

مسلمان یہاں آمین کہے۔

اب میں یہ عرض کروں گا کہ میری مذکورہ گزارشات کو ملاحظہ فرمانے کے بعد اس گروہ کے مقتدر عہدیداران ریاست کو نامزد کیا جائے۔ انہوں نے مسلمان ہوکر ایسے کاذب پر ایمان کو قربان کیا جس کی حالت اوپر بیان کی گئی۔ اس لئے وہ مسلمان نہ رہے۔ پھر اسی پر قناعت نہیں کہ وہ حقیقی اسلام سے علیحدہ ہوگئے بلکہ اس گروہ کے ہر شخص کو یہی فکر رہتی ہے کہ دوسروں کو گمراہ کریں۔ اس لئے انہیں ایسا موقع نہ دینا چاہئے کہ وہ مسلمانوں کو گمراہ کریں۔

میں اس سے بھی آپ کو آگاہ کرتا ہوں کہ ان کے سرگروہ کی طرف سے گمراہ کرنے والے نوکر ہوکر آتے ہیں اور ان کا کام صرف گمراہی پھیلانا ہے اور اس کے روک ہماری طرف سے کچھ نہیں ہے۔ اب حامیان اسلام وجان نثاران بانی اسلام علیہ السلام دلی دردمندی سے ملاحظہ کریں کہ اس کا انجام کیا ہوگا۔ خصوصاً اس اسلامی ریاست کا جہاں تخمیناً چالیس برس سے یہ گمراہی پھیل رہی ہے۔ اگر یہی سکوت رہا تو فرمائیے کہ اس کا نتیجہ کیا ہوگا۔

اب میں اس عظیم الشان فتنہ کے سرگروہ اور اشاعت کرنے والوں کے نام مرزا محمود کے علاوہ بتاتا ہوں۔ مرزا محمود تو مشہور ہی ہیں ان کے سواء میرے علم میں اشخاص ذیل ہیں۔

نمبر شمار	نام	ان کی حالت
۱	مفتی محمد صادق قادیانی	یہ بہت خاص لوگوں میں ہیں، خط کا جواب اکثر دیا کرتے ہیں اور جھوٹی باتیں خوب بنایا کرتے ہیں۔
۲	مولوی سرور شاہ قادیانی	دیوبند کے تعلیم یافتہ ہیں مگر کچھ قابلیت نہیں جب کسی نے کچھ اعتراض کیا کبھی جواب نہ دے سکے اور بھاگتے نظر آئے۔ لکھنؤ میں مونگیری میں چانگام میں اس کا معائنہ لوگ کر چکے ہیں۔
۳	مولوی محمد علی قادیانی ایم۔اے	چونکہ مرزا محمود کی قابلیت اور اندرونی خانگی حالت سے خوب واقف تھے۔ اس لئے ان کے خلیفہ ہونے کے خلاف ہوئے اور غالباً خود خلیفہ ہونے کی خواہش بھی تھی۔ اس لئے علیحدہ ہوکر اپنی جماعت علیحدہ کرلی اور خواجہ کمال بھی اسی جماعت میں ہیں۔ اخبار پیغام صلح انہوں نے جاری کیا۔ مگر مرزا قادیانی کو مقدس بزرگ مان کر صلح کر چکے ہیں۔

۴	خواجہ کمال الدین قادیانی	انہوں نے عرصہ دراز تک مرزائی صحبت کا اثر حاصل کیا ہے مگران کی حالت ہدیہ عثمانیہ اور مرزا محمود کے اخباروں سے معلوم ہو سکتی ہے۔
۵	مرزا یعقوب بیگ قادیانی	سیکرٹری انجمن اشاعت اسلام لاہور یعنی دجالی اسلام کے پھیلانے والے۔
۶	غلام حسین پشاوری قادیانی	ان کا مفصل حال معلوم نہیں۔
۷	غلام رسول قادیانی	ان کا بھی اور حال نہیں معلوم۔
۸	مبارک علی قادیانی سیالکوٹی	ایضاً
۹	حافظ روشن علی قادیانی	ایضاً
۱۰	فتح محمد قادیانی ایم اے	ایضاً
۱۱	فاضل محمد اسحٰق قادیانی	ایضاً
۱۲	ڈاکٹر محمد حسین شاہ قادیانی لاہوری	ایضاً
۱۳	عبدالماجد قادیانی بھاگل پوری	یہ بھاگل پور کے اسکول میں ماسٹر ہیں حضرت مولانا شیخ الاسلام (مولانا محمد علی مونگیری) کے توجہ کے قبل کچھ اپنے عزیزوں کو مرتد کر لیا تھا اور بہت لوگ وہاں کے ان کے دام میں آنے والے تھے مگر خدا کا فضل ہوا کہ حضرت عالی متوجہ ہو گئے اور باقی تمام مسلمان ارتداد سے بچ گئے۔ مگر انگریزی طلباء کو گمراہ کیا کرتے تھے۔
۱۴	حکیم خلیل مونگیری قادیانی	یہ ایک معمولی لکھا پڑھا آدمی ہے اور مرزا محمود کا مبلغ ہے۔ یہ لوگ خواجہ کمال کو مرتد کہتے ہیں۔ پہلے بنگالہ میں مبلغ بنا کر بھیجا گیا تھا۔ اس طرح حضرت قبلہ کے مریدین ہیں انہوں نے حال معلوم کر کے انہیں درست کرنا چاہا جب سے بنگالہ نہیں گیا، دہلی میں قاسم علی کی جگہ غالباً مقرر کیا گیا ہے بہت ہی جھوٹا شخص ہے۔

خاص حیدرآباد کے مبلغین

۱	محمد سعید قادیانی	بی. بی بازار متصل تالاب میر جملہ حیدرآباد دکن
۲	حافظ محمد اسحاق قادیانی	
۳	بشارت احمد قادیانی	جس کا نام سابق بشارت علی تھا مع خاندان کے مبلغ عقائد قادیانی ہے۔
۴	علاؤالدین قادیانی	سکندرآباد میوہ فروش اس کی زیادہ حالت نہیں معلوم۔
۵	عبدالقادر قادیانی	کتب فروش ایضاً
۶	شیخ حسین قادیانی	یادگیر ایضاً
۷	عبداللہ قادیانی	ان کی زیادہ حالت نہیں معلوم مگر مسلمانوں کو بہت ضرور ہے کہ ان سب کی حالت معلوم کر کے ان سب سے نہایت پرہیز کریں اور سانپ اور بچھو سے زیادہ ان کو موذی سمجھیں۔

یہ چند نام تو سرگروہوں کے ہیں، ان کے علاوہ جو سارے ہندوستان میں گمراہ کرنے والے پھرتے ہیں ان کا شمار معلوم ہونا مشکل ہے بعض جگہ گھروں میں عورتیں بھی بہکاتی پھرتی ہیں اور ان کی تبلیغ کا ایک طریقہ اخبارات اور رسائل بھی ہیں اور ان کے شائع کرنے کے لئے بھی لوگ مقرر ہیں۔ اخبارات حسب ذیل ہیں:

(۱) نور، (۲) الحکم، (۳) الفاروق، (۴) الفضل، (۵) پیغام صلح، (۶) اشاعت اسلام اردو ترجمہ اسلام ریویو اینڈ مسلم انڈیا، (۷) تشحیذ الاذہان۔ یہ سات اخباران کے بہت کثرت سے شائع ہوتے ہیں اور تین رسالے بالفعل شائع ہوئے ہیں۔ (۱) نبی[1] کی پہچان، (۲) پیغام[2] حق، (۳) ظہور المہدی۔ اس پر بھی نظر کیجئے اور ہوش کر کے دیکھئے کہ مرزائیوں کی طرف سے جو رسائل واشتہارات شائع ہوتے ہیں ان کی تعداد تو ہم بیان نہیں کر سکتے۔ مگر مرزا کی زندگی میں جو اس کے رسائل، اشتہارات واخبارات کے شائع ہونے کی تعداد اس کے خاص مرید ڈاکٹر عبدالحکیم صاحب ساٹھ ہزار ماہوار لکھتے ہیں:

[1] اس کا جواب مولوی عبدالشکور صاحب مدظلہم نے لکھا ہے، اس کا نام ہے: ''صداقت کا نشان''

[2] اب مرزائی اس قسم کے رسالوں کی اشاعت اہل فن میں نہیں کرتے بلکہ چھپاتے ہیں، اتفاقیہ ایک شخص کے ہاتھ میں دیکھا گیا۔

مرزائیوں کے اشتہارات ورسائل کی ماہواری شیوع کی تعداد

چنانچہ (الذکر الحکیم نمبر۶ ص۳۲) میں مرزا کی کوشش کے بیان میں لکھتے ہیں کہ: ’’دجالیت کی حمایت میں ساٹھ ہزار اخبار، اشتہارات اور رسائل ماہوار شائع ہوتے ہیں اور ایک دو لاکھ کے قریب دجالی گرگے یا ایجنٹ ذریۃ شیطان کی طرح جابجا پھیلے ہوئے ہیں۔‘‘

ڈاکٹر عبدالحکیم صاحب بیس برس تک مرزا قادیانی کے مرید رہ کر اپنا مال وجان ان پر قربان کرتے رہے ہیں۔ مگر چونکہ ان کے قلب میں حق طلبی اور سچائی تھی اس وجہ سے آخر میں ان کی حالت کا خوب امتحان کر کے ان سے علیحدہ ہوئے ہیں اور متعدد رسالے ان کی رد میں لکھے ہیں۔ چونکہ ان کی حالت سے پورے واقف ہیں اس لئے ان کا بیان بہت فصیح ہے۔ اب اس کوشش کو ملاحظہ کر کے ہمارے بھائی کچھ تو غیرت کریں اور اپنے پاک مذہب کی حمایت میں مستعد ہو جائیں اور اس پر غور کریں کہ اس میں جانی کوشش اور محنت کے علاوہ ان رسالوں اور اخباروں کے چھپوانے اور شائع کرنے میں کس قدر صرف ہوتا ہوگا۔ یہ سب ان کے مریدین دیتے تھے۔ خاص مطبع کا چندہ علیحدہ لیا جاتا تھا، اب بھی وہی حال ہے۔

علماء اور امراء سے خاص گزارش

اب ہمارے بزرگ علماء اور امراء اور عام اہل اسلام فرمائیں کہ ہماری طرف سے ان کے جواب میں کتنے رسالے جاری ہیں اور کس کو خیال ہے کہ جو رسالہ گمراہی کی تائید میں شائع ہوا، اس کا جواب دیا جائے اور اس کے مؤلف کی غلطیاں اور کذب بیانیاں بیان کی جائیں اور انہیں مشتہر کیا جائے تاکہ ہمارے ناواقف بھائی گمراہی سے بچیں۔ اس کا جواب نہایت افسوس کے ساتھ یہی دیا جائے گا کہ کوئی اخبار یا رسالہ کسی قسم کا جاری نہیں ہے۔ بجز ایک نہایت چھوٹے رسالے کے جو انجمن تائید اسلام لاہور سے ماہوار نکلتا ہے اور وہ بھی غالباً صرف منشی پیر بخش صاحب کی توجہ خاص کا نتیجہ ہے۔ باوجودیکہ ہماری جماعت کے مقابلہ میں ان کی کوئی ہستی نہیں ہے۔ ایک رسالہ النجم لکھنؤ سے مولانا عبدالشکور صاحب شائع کرتے تھے۔ مگر مسلمان اس کی خریداری پر بھی توجہ نہیں کرتے۔ اس لئے وہ بھی بند ہے باوجودیکہ ہماری جماعت بفضلہ تعالیٰ ایسی کثیر تعداد ہے کہ اگر کچھ بھی توجہ کرے تو ایسا انتظام ہوسکتا ہے

کہ دنیا سے ان کی بیخ وبنیاد اکھڑ جائے اور اس دجالی فتنہ کے افشائے راز میں اس قدر اخبار ورسائل شائع ہوں کہ سارے دجالی اس سے دب کر فناء ہوجائے اور صداقت وراستی کے مبلغین ان کی گمراہی کو ساری دنیا پر آفتاب کی طرح روشن کر کے دکھا دیں اور پھر کوئی ان کے فریب میں نہ آئے۔

اے بھائیو! ہوشیار ہو جاؤ اپنے مقدس مذہب کی حمایت کرو اور جو کچھ میں نے آپ سے عرض کیا ہے اپنی طرف سے ہرگز نہیں کہا۔ بلکہ شیخ الاسلام والمسلمین مجدد وقت حضرت قبلہ عالم مونگیری بھی یہی فرما رہے ہیں۔ خدا کے اس عظیم الشان کار خیر میں ان کی مدد کرو اور اس گمراہی کے مٹانے میں ہر طرح متوجہ ہو جاؤ اور اپنی آخرت کے لئے پورا سامان مہیا کرلو۔ اب میں بعض ان رسائل کی فہرست بھی لکھتا ہوں جو اس دجالی فتنہ کے روکنے اور دفع کرنے کے لئے حضرت ممدوح کی طرف سے لکھے گئے ہیں۔

کتب مفصلہ ذیل قدیم عیسائی اور جدید مسیحی (یعنی قادیانی) کے رد میں نہایت عمدہ اور مفید ہیں ہر مسلمان کو انہیں اپنے پاس رکھنا چاہئے۔ یہ رسالے شہر مونگیر محلّہ مخصوص مولوی سید محمد اسحاق صاحب اور انجمن اسلامیہ حیدرآباد دکن سے مل سکتے ہیں۔

فہرست رسائل

۱...... پیغام محمدی: اس میں پادری صفدر علی کے نیاز نامہ اور ٹھاکرداس کے رسالہ عدم ضرورت قرآن کا جواب بے نظیر طریقے سے دیا ہے اور خوبی تعلیم اسلام سے نبوت جناب رسول اللہ ﷺ کی ثابت کی ہے۔

۲...... دفع التلبیسات: اس میں جناب رسول اللہ ﷺ کے حالات سے آپ کی نبوت ثابت کی ہے اور محققین عیسائیوں کے اقوال جناب رسول اللہ ﷺ کی مدح میں نقل کئے ہیں۔

۳...... ترانہ حجازی: اس میں بھی جناب رسول اللہ ﷺ کی نبوت ثابت کی ہے اور پادری عماد الدین کے سوالوں کا جواب دیا ہے۔

۴...... آئینہ اسلام: اس میں تعلیم اسلام کی عمدگی دکھا کر اسلام کی حقانیت ثابت کی ہے۔ یہ دونوں رسالے پہلے چھپے تھے اب نہیں رہے۔

۵...... فیصلہ آسمانی حصہ اوّل: اس میں مرزا کی اس پیشین گوئی کا غلط ہونا بیان کیا ہے جسے انہوں نے اپنا نہایت ہی عظیم الشان معجزہ کہا تھا اور ان کی ایسی حالت دکھائی ہے جو کسی ادنیٰ بزرگ کی بھی نہیں ہوسکتی، نبی کی تو بڑی شان ہے۔

۶...... فیصلہ آسمانی حصہ دوم: اس میں پہلے یہ دکھایا ہے کہ مرزا قادیانی اپنے پختہ اقراروں سے جھوٹے ہیں۔ اب کسی دلیل کی حاجت نہیں ہے۔ پھر ان کا دعویٰ آیات قرآنی سے غلط ثابت کیا ہے اور قطع وتین کی بحث نہایت عمدگی سے کی ہے۔

۷...... فیصلہ آسمانی حصہ سوم: اس میں مرزا قادیانی کا جھوٹا ہونا آیات قرآنی اور احادیث صحیحہ سے ثابت کیا ہے پھر ان کی پیشین گوئیوں کا جھوٹا ہونا دکھا کر آیات قرآنیہ سے جھوٹا ہونا دوسرے طریقہ سے ثابت کیا ہے خلف فی الوعید کی بے نظیر بحث اس میں لکھی گئی ہے اور مرزا کے اعجاز احمدی اور اعجاز المسیح کے معجزہ ہونے پر قابل دید اعتراض کیا گیا ہے۔

۸...... شہادت آسمانی: اس میں مرزا قادیانی کے آسمانی شہادت کا جھوٹا ہونا ثابت کیا ہے۔

۹...... دوسری شہادت آسمانی: اس میں بھی وہی مضمون ہے مگر نہایت مفصل ووضاحت سے ثابت کیا ہے کہ ۱۳۱۲ھ میں جو گہنوں کا اجتماع رمضان میں ہوا، یہ امام مہدی کا نشان نہیں تھا۔ اس بیان میں مرزا قادیانی کے جھوٹ اور فریب دکھائے ہیں۔

۱۰...... حقیقۃ المسیح: اس میں یہ دکھایا ہے کہ مسیح موعود کی جو علامتیں صحیح حدیث میں آئی ہیں وہ مرزا قادیانی میں نہیں پائی گئیں بلکہ وہ اپنے پختہ اقراروں سے جھوٹے ثابت ہوئے اور بجائے اسلام پھیلانے کے ساری دنیا میں پھیلایا۔

۱۱...... معیار المسیح: اس میں مرزا کی دلیلوں کا غلط ہونا ثابت کر کے ان کا جھوٹا ہونا ثابت کیا ہے۔

۱۲...... تنزیہ ربانی: مرزائی کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ وعدہ خلافی کرتا ہے اور اپنا پختہ عہد بھی بعض وقت توڑ دیتا ہے۔ اس کا رد اس رسالہ میں کیا گیا ہے اور آیات قرآنی سے ثابت کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس عیب سے پاک ہے۔

۱۳...... معیار صداقت: اس میں وہی مضمون ہے جو تنزیہ ربانی میں ہے مگر دوسرے طریقے سے۔

۱۴...... ہدیہ عثمانیہ حصہ اوّل: اس میں نہایت خوبی سے مرزا کا اور ان کے خاص مرید خواجہ کمال کا صریح جھوٹا ہونا ثابت کیا ہے۔

۱۵...... ہدیہ عثمانیہ حصہ دوم: اس میں اور باتوں کے علاوہ بعض صلحا اور سابقہ احمدی کے عبرت ناک خواب ہیں جن سے مرزا کی حالت معلوم ہوتی ہے اور ان طالبین حق کا ذکر ہے جو مذہب قادیانی سے تائب ہوئے ہیں۔

۱۶...... جواب حقانی ملقب بہ آئینہ صداقت: اس میں اسرار نہانی کا جواب ہے اور نہایت عمدگی اور شائستگی سے مرزا کے اقوال سے مرزا کا جھوٹا ہونا ثابت کیا ہے۔

۱۷...... دوستانہ نصیحت: اس میں مولوی علاؤالدین صاحب وکیل بھاگل پور نے اپنے ایک مرزائی دوست کو نصیحت کی ہے اور مرزا کے اقرار سے انہیں جھوٹا ثابت کیا ہے۔

۱۸...... حق نما: اس میں اس مناظرہ کی کیفیت ہے جو مرزا قادیانی نے بڑے دعوے سے پیر مہر علی شاہ صاحب سے لاہور میں کرنا چاہا تھا اور تاریخ معینہ پر پیر صاحب آئے اور مرزا قادیانی نہ آئے۔ اس کے تمہید میں نہایت خوبی سے مرزا کے جھوٹ دکھائے ہیں اور ان کے دعویٰ کا غلط ہونا ثابت کیا ہے، اس کے نسخے بہت کم رہ گئے ہیں۔

۱۹...... حدیبیہ والی پیشین گوئی کی صداقت اور مرزائی منہاج نبوت کی تغلیظ: مرزا کی پیشین گوئیاں جب غلط ہوئیں تو اس نے عوام کے فریب دینے کو یہ جواب تراشا ہے، اس رسالہ میں محققانہ طور سے اس منہاج کا غلط ہونا ثابت کیا ہے اور مذکورہ پیشین گوئی کی صحت ثابت کی ہے، مگر اب تک طبع نہیں ہوا۔

۲۰...... صحیفہ رحمانیہ نمبر۱،۲،۳: اس میں جناب رسول اللہ ﷺ کا خاتم النّبیین ہونا اور آپ کے بعد تیس جھوٹے مدعیوں کا ہونا بیان اور مرزا قادیانی کے چھ جھوٹ نہایت واضح طور سے دکھائے ہیں اور جناب مولانا مفتی عبداللطیف صاحب رحمانی کا چیلنج مناظرہ ہے، مولوی عبدالماجد مرزائی ہے۔

۲۱...... صحیفہ رحمانیہ نمبر۴: اس میں خواجہ کمال کی لندنی کارروائی مذکور ہے۔

۲۲...... صحیفہ رحمانیہ نمبر۵: ایک قادیانی کی تحریر کا جواب ہے جس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیات کا ثبوت ہے۔

۲۳...... دعویٰ نبوت (مرزا): اس میں مرزا کے دعویٰ نبوت کا ثبوت ان کے اقوال سے دے کر قرآن وحدیث سے ان کا جھوٹا ہونا ثابت کیا ہے۔

۲۴...... رسالہ عبرت خیز: اس میں گزشتہ واقعات سے ثابت کیا ہے کہ دنیاوی کامیابی صداقت کی دلیل نہیں ہے۔

۲۵...... رسالہ عبرت خیز نمبر۱۰: مرزا کی نبوت ورسالت کی بحث میں مولوی عبدالماجد مرزائی کے چند سطروں میں عظیم الشان غلطیاں اس میں دکھائی ہیں۔

۲۶...... رسالہ عبرت خیز نمبر۱۱، ۱۲: اس میں بھی مولوی عبدالماجد کی غلطیاں اور بددیانتیاں دکھائی ہیں۔

۲۷...... رسالہ عبرت خیز نمبر۱۳: اس میں ایک نہایت لائق تعلیم یافتہ کی تحریر ہے جس نے مرزا کا جھوٹا ہونا لاجواب طریقے سے ثابت کیا ہے۔

۲۸...... محکمات ربّانی: اس میں مولوی عبدالماجد پروفیسر کالج بھاگل پور کی غلطیاں اور بددیانتی ثابت کر کے مرزا کا جھوٹا ہونا ثابت کیا ہے۔

۲۹...... انوار ایمانی: ایضاً ایضاً

۳۰...... اغلاط ماجدیہ: اس میں مولوی عبدالماجد کے رسالہ القائے شیطانی کے ۲ صفحوں میں ۳۲ غلطیاں دکھائی ہیں۔

۳۱...... ابطال اعجاز مرزا حصہ اوّل: اس میں مرزا کے قصیدہ اعجازیہ کے اغلاط دکھائے ہیں اور اس کے اعجاز کو باطل کیا ہے۔

۳۲...... قصیدہ مرزائیہ کا جواب: یہ پانچ سو چھیاسی اشعار کا ایک لاجواب قابل دید عربی قصیدہ ہے، مرزا کے قصیدہ اعجازیہ کے جواب میں اور قصیدہ سے پہلے تمہید ہے جس میں مرزا کے جھوٹ بھی دکھائے ہیں۔

۳۳...... تذکرہ یونس علیہ السلام: مرزا نے اپنی جھوٹی پیشین گوئیوں کے جواب میں اکثر لکھا ہے کہ حضرت یونس علیہ السلام کی پیشین گوئی بھی پوری نہیں ہوئی تھی۔ اس رسالہ میں دکھایا ہے کہ حضرت یونس علیہ السلام نے کوئی ایسی پیشین گوئی نہیں کی جو پوری نہ ہوئی ہو۔

۳۴...... __مسیح کاذب:__ جس میں مرزا کی چوبیس پیشین گوئیاں جھوٹی ثابت کی گئی ہیں۔

۳۵...... __تنبیہ قادیانی:__ مفتی صادق مرزائی قادیانی کے مضمون اخبار احمدیہ کا جواب دندان شکن قابل ملاحظہ ہے۔

۳۶...... __تائید ربانی:__ ملک عبدالرحمٰن منصور مرزائی کے رسالہ کا رد قابل دید ہے۔

۳۷...... __النجم الثاقب:__ اس میں مرزا کے بہت سے الہامات کا جھوٹا ہونا ثابت کیا ہے۔

۳۸...... __دعاء مرزا:__ اس میں ایک قادیانی کی تحریر کا جواب دیا ہے اور مرزا کا جھوٹا ہونا ثابت کیا ہے۔

۳۹...... __رسالہ حفاظت ایمان:__ اس میں رد قادیانی کے رسالوں کی فہرست ہے اور مختصر مضمون بھی۔ خصوصاً اس کا جواب ہے کہ جب کسی مرزائی سے گفتگو کے لئے کہا جائے تو پہلے حضرت مسیح علیہ السلام کی حیات وممات کو پیش کرتے ہیں۔ مختصر یہ کہ جب ہم نے نہایت پختہ دلیلوں سے مرزا کا کاذب ہونا ثابت کر دیا تو اب دوسری بحث کی حاجت نہیں۔

۴۰...... __صوائق ربانی:__ اس میں پرزور تقریر خلیل محمد مرزائی کے رسالہ برق آسمانی کا جواب دیا ہے اور مرید اور پیر دونوں کو جھوٹا ثابت کیا ہے۔ اب تک طبع نہیں ہوا۔

۴۱...... __آئینہ قادیانی:__ اس میں مرزا غلام احمد قادیانی بانی مذہب جدید کے چند اقوال دکھا کر ان کی سچی حالت دکھائی گئی ہے۔

۴۲...... __حق طلب کی سچی فریاد:__ اس میں خود ایک مرزائی نے مرزا قادیانی پر سخت اعتراضات کئے ہیں۔

۴۳...... __حیات مسیح علیہ السلام:__ یہ بے نظیر رسالہ حضرت مسیح علیہ السلام کے حیات کے ثبوت میں ہے اور قرآن وحدیث سے اور نیز مرزا کے مسلمات سے اس دعوے کو ثابت کیا ہے۔ مگر عجیب وغریب تحقیق سے لکھا گیا ہے اس بحث میں اور علما نے بھی رسالے لکھے ہیں مگر اس کی تقریر نہایت قابل دید ہے۔

۴۴...... __صداقت کا نشان:__ یہ رسالہ نبی کی پہچان کا جواب ہے اور مؤلف رسالہ کی کمال نادانی ثابت کر کے مرزا کا جھوٹا ہونا ثابت کیا ہے۔

یہ سب رسالے تو صوبہ بہار کے شہر مونگیر کی خانقاہ رحمانیہ سے شائع ہوئے ہیں۔
یہ وہ رسالے ہیں جن کے بار بار طبع ہونے اور مشتہر کرنے کی ضرورت ہے اور اس کی کوئی سبیل نہیں ہوسکتی۔ بجز اس کے کہ عالی ہمت مسلمان اور بالخصوص معززین روسائے دکن ہمت فرمائیں یا ہمارے سرکار عالی توجہ دلائیں کہ وہ اپنی فیاضی سے اس عظیم الشان دینی کام کو سرانجام دیں اور اپنے کمال مہربانی سے اور مسلمانوں کو سبکدوش فرمائیں۔ اس سے پہلے اور علماء نے بھی مرزا قادیانی کا ناطقہ ہر طرح بند کیا ہے۔ مگر مرزا نے اس قول پر پورا عمل کیا کہ ''بے حیا باش ہر چہ خواہی کن'' اور سمجھ لیا کہ دنیا میں بہت جاہل کندہ ناتراش اور ناواقف اور بندہ درہم ودینار بھی ہیں، ان میں سے کوئی تو سنے گا اور ہمارے دام میں پھنسے گا۔ آخر ایسا ہی ہوا اور بہت ناواقف مسلمان فریب میں آئے اور حقیقی اسلام سے برگشتہ ہوئے اور اگر اور رسالوں کے نام معلوم کرنا ہے تو ردقادیانی کے رسالوں کی فہرست میں ایک خاص رسالہ ہے جس کا نام ''حفاظت ایمان'' ہے۔ اس میں دیکھنا چاہئے۔ البتہ بعض علمائے شیعہ نے بھی مرزا قادیانی کی خوب خبر لی ہے اور مرزا ان کے جواب سے بھی عاجز رہے ہیں۔ ان کا ذکر اس رسالہ میں نہیں ہے۔ وہ رسائل یہ ہیں:

بعض علمائے شیعہ کے رسائل

(۱) غایۃ المقصود، یہ کتاب چار جلدوں میں ہے ہر ایک کی قیمت ایک روپیہ ہے۔
(۲) تبصرۃ العقلاء، (۳) حجت شاہدہ، (۴) وسیلۃ المبتلا، (۵) شہادت قرآنی برکذب کرشن قادیانی، (۶) اعجاز المسیح پر ریویو سورۃ فاتحہ کی تفسیر میں جو مرزا قادیانی نے فصاحت وبلاغت کا اعجاز دکھایا ہے، اس کی غلطیاں اس ریویو میں دکھائی ہیں۔

بھائیو! یہ رسالے لکھے گئے اور علمائے اسلام نے حمایت اسلام اپنا کام پورا کردیا مگر یہ بتائیے کہ یہ مشتہر کس طرح ہوں، تمام دنیا میں اور بالخصوص ہندوستان کے شہر وقصبات میں انہیں کون پہنچائے اور ہر خاص وعام کے علم کا کیا ذریعہ ہے جس سے سب جان سکیں کہ قادیانی بھی ہمارا ایک دشمن ایمان ہے، اس سے بچنے کا سامان کرنا چاہئے اور جن رسالوں

میں اس دجال کی حالت بیان ہوئی ہے انہیں خرید کر حرز جان بنانا چاہئے۔ کیونکہ یہ دشمن ایمان تو غالباً ہندوستان کے سارے شہروں میں بہکاتے پھرتے ہیں، اسی طرح ان کے خیرخواہ بھی ہر جگہ موجود ہیں اور یہ کتابیں بھی ان کے پاس رہیں اور مسلمانوں کو دی جائیں اور انہیں دیکھنے کی ترغیب دی جائے تاکہ ناواقف بھکنے نہ پائیں۔ یہ نہیں ہوسکتا بغیر اس کے کہ اسلامی انجمنیں ان رسالوں کو طبع کرائیں اور بار بار طبع کرائیں اور سندھی زبان اور بنگلہ زبان اور انگریزی زبان اور گجراتی زبان میں غرض کہ مختلف زبانوں میں ان رسالوں کے مطالب طبع کرائیں اور مبلغین رکھ کر یہ کام ان سے لیں اور مبلغین ایسے خداترس ہوں کہ جوش دلی سے اس کام کو کریں۔ مگر ہندوستان میں کسی انجمن کو یہ کام کرتے دیکھا سنا نہیں گیا۔ ہر ایک انجمن نے جو اپنا خیال جما لیا ہے وہی کرتی ہے۔ اس عظیم الشان فتنہ کی طرف نہ کسی سیکرٹری انجمن کی توجہ ہے نہ کسی مہتمم مدرسہ کو خیال ہے۔ اللہ تعالیٰ ہماری انجمن سے اور ہمارے ملک کے بادشاہ رعایا پرور حامی اسلام سے اس عظیم الشان کام کا انجام عمدگی سے کرائے اور حمایت اسلام کا یہ حصہ اس اسلامی ریاست کے نام رہے اور یہاں کے معززین کو اس خدمت دینی کا فخر حاصل ہو۔ وماذلک علی اللہ بعزیز!

کتب مفصلہ ذیل اشاعت الاسلام مدرسہ نظامیہ حیدرآباد دکن سے مل سکتی ہیں۔

نمبر شمار	نام کتاب	کیفیت
۱	مقاصد اسلام جلد ۷	اس کا مضمون نام سے ظاہر ہے۔
۲	انوار احمدی	ایضاً
۳	افادۃ الافہام	یہ نادر کتاب مرزا کی مایہ فخر کتاب ازالۃ الاوہام کا کامل جواب ہے، دو جلدوں میں ہے۔
۴	انوار الحق	اس میں حسن علی بھاگلپوری مرزائی کے رسالہ کا جواب ہے۔

المشتہر: خاکسار محمد عبدالغفار خان

فیض منزل رزیڈنسی بازار حیدرآباد دکن

☆☆☆

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں

اشتہار

مرزا محمود کی تشریف آوری
اور
اُن کے ابّا جان کا دعویٰ نبوت

مولانا عبداللطیف رحمانی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یہ سنا جاتا ہے کہ مرزائیوں کے سرتاج صوبہ بہار کے اس شہر میں آنے والے ہیں جس میں گمراہی کی شب دیجور نے اپنی آمد شروع کر دی تھی۔ عام تاریکی کے آثار نمود ہورہے تھے، بعض چشم بینا بھی خیرہ ہونے لگیں تھیں۔ مگر الحمدللہ! کہ وہیں یک بارگی آفتاب ہدایت اپنی شعائیں ڈالنے لگا اور چشم بینا کو نور ہدایت اور گمراہی کی تاریکی نظر آنے لگی۔ شپرہ چشم اس کی روشنی کی تاب نہ لاکر تاریکی میں چھپنے لگی۔ ایسے شہر میں خلیفہ مسیح قادیاں کے آنے کی خبر تعجب سے خالی نہیں ہے۔ کیونکہ نور وظلمت دونوں ایک جگہ جمع نہیں ہوتے۔ مگر ممکن ہے کہ یہ بھی کوئی اعجاز ہو، مجھے ان کے آنے کی بڑی خواہش ہے۔ کیونکہ یہاں پر مرزا قادیانی پر جو اعتراضات کئے گئے اور ان کی مصنوعی نبوت کا خاکہ اڑایا گیا اور پچیس تیس رسالے مشتہر کئے گئے لیکن ان میں سے ایک رسالہ کے جواب میں بھی پنجاب کے قادیانی قلم نہیں اٹھا سکے۔ البتہ یہیں کے دو صاحبوں نے کچھ جرأت کی۔ ان میں سے ایک صاحب چونکہ علم سے بے بہرہ ہیں اس لئے ان کی طرف زیادہ توجہ نہیں کی گئی، محض ان کے رسالہ کا جواب لکھ دیا گیا۔

دوسرے بھاگل پوری صاحب اپنے آپ کو بڑا مولوی خیال کرتے ہیں، ان کی نسبت متعدد رسالے لکھے گئے ہیں۔ میں نے بہت خواہش کی کہ وہ خاص جلسہ میں یا عام میں جس طرح چاہیں مناظرہ کرلیں۔ فیصلہ آسمانی کے مضامین عالیہ کی حقانیت اور سچائی ثابت کرنے کے لئے میں حاضر ہوں۔ مگر وہ کسی طرح سامنے نہ آئے۔ اب اگر ان کے مرشد کے خلیفہ یہاں آجائیں تو مجھے اس کے اپیل کرنے کا عمدہ موقع ملے گا اور حق وباطل کا فیصلہ عام مخلوق کے روبرو ہو جائے گا۔ میں اس وقت ان کی اور غلط باتوں کو پیش نہ کروں گا، صرف ان کے دعویٰ نبوت پر گفتگو کروں گا کیونکہ اب تک پورے طور پر اس دعوے پر بحث نہیں ہوئی ہے۔

ان کی خیرخواہی اس کو چاہتی ہے کہ اجمالی طور پر اس کا نمونہ پیش کروں تاکہ خلیفہ صاحب تیار ہوکر آئیں اور ان کے معاون بھی اس بحث کو اچھی طرح دیکھ کر تیار رہیں۔ اس میں شبہ نہیں کہ مرزا قادیانی کے جھوٹے ہونے کی ایک پختہ دلیل یہ بھی ہے کہ انہیں نبوت کا دعویٰ ہے

اور وہ اپنے آپ کو مستقل نبی صاحب شریعت سمجھتے ہیں اور نہایت صفائی سے بعض عظیم المرتبہ انبیاء سے اپنے آپ کو بہت افضل کہتے ہیں اور اپنے نہ ماننے والے کو کافر کہتے ہیں۔

اس وقت یہ بیان کیا جاتا ہے کہ قرآن مجید سے اور صحیح حدیثوں[1] سے ثابت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کے بعد جو نبوت کا دعویٰ کرے وہ یقیناً جھوٹا ہے۔ اس کے جھوٹا ہونے میں کسی مسلمان کو شک نہیں ہوسکتا۔ ان کے اس دعویٰ سے بخوبی ثابت ہوتا ہے کہ مرزا قادیانی کو آیت قرآنی ''ولٰکن رسول اللّٰہ وخاتم النّبیین (الاحزاب:۴۰)'' سے دلی انکار ہے۔ مگر چونکہ جانتے ہیں کہ ہمارے دعویٰ کو صرف مسلمانوں ہی نے ماناہے کوئی ہندو، کوئی آریہ کوئی عیسائی ان پر ایمان نہیں لایا۔ اس لئے صاف انکار تو نہیں کرتے بلکہ صاف طور سے نبوت تشریعی کا دعویٰ کر کے کہتے ہیں کہ ہمارا ایمان ہے کہ رسول اللہ ﷺ خاتم النّبیین ہیں۔ مگر اس میں شبہ نہیں کہ عوام کے دھوکہ دینے کی غرض سے ایسی باتیں بناتے ہیں جن کا ثبوت نہ قرآن مجید سے ہے نہ حدیث سے۔ آیت مذکورہ سے قطعی طور سے ثابت ہے کہ شریعت محمدیہ ﷺ کی رو سے جسے نبی کہا جائے اور قرآن وحدیث میں جس کو رسول یا نبی کہا ہے، ان سب کے آپ خاتم ہیں۔ یعنی سب کے آخر میں آنے والے۔ کیونکہ خاتم النّبیین کے معنی لغت اور محاورہ عرب میں آخر النّبیین کے ہیں یعنی تمام انبیاء اور ہر قسم کے نبیوں کے بعد آنے والے[2] پھر آپ کے بعد کوئی نبی کسی قسم کا آنے والا نہیں۔

۱؎ ان حدیثوں کی صحت اگرچہ مسلمانوں خصوصاً محدثین کے یہاں تو اعلیٰ مرتبہ کی ہے لیکن مرزا قادیانی اور قادیانیوں کو بھی اس کی صحت میں کسی قسم کے کلام کا موقع نہیں ہے۔ وہ ان حدیثوں کو صحیح تسلیم کرنے پر مجبور ہیں۔ کیونکہ مرزا قادیانی کے وجود کی وجہ سے معائنہ اور مشاہدہ نے اس کی صحت ثابت کردی ہے۔ حالانکہ محدثین کے نزدیک وہ صحیح نہیں ہے بلکہ موضوع ہے۔ جو حدیث صحت معیار محدثین پر بھی ہو اور مشاہدہ اور معائنہ سے بھی اس کی صحت ہو تو وہ اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے۔

۲؎ اور قرآن مجید کے بیان کا قرینہ بھی اسی کا شاہد ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے شروع قرآن مجید سے اکیس پارہ تک بہت سے انبیاء تشریعی اور غیر تشریعی امتی وغیر امتی کا ذکر کر کے بائیسویں پارہ میں یہ آیت نازل کی اور جناب رسول اللہ ﷺ کی ایک خاص صفت خاتم النّبیین ہونے کی بیان فرمائی۔ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

لسان العرب جو عربی لغت کی نہایت مستند کتاب ہے اور اس وقت عرب میں اس کا نہایت اعتبار رہے۔ اس میں لکھا ہے: ’’ختام الوادی افصاہ وختام القوم وخاتمھم وخاتمھم آخرھم. وفی التنزیل العزیز ما کان محمد ابا احدمن رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النّبیین ای آخرھم‘‘ یعنی عرب اپنی بول چال میں جو ختام الوادی کہتے ہیں، اس کے معنی ہیں اس میدان کی انتہاء یعنی جس مقام پر میدان کی انتہاء ہوتی ہے اسے ختام کہتے ہیں اسی طرح جب اہل عرب لفظ ختام کو یا خاتِم کو یا خاتَم کو قوم کی طرف مضاف کرتے ہیں اور خاتِم القوم یا خاتَم القوم کہتے ہیں تو اس کے معنی آخر قوم کے ہوتے ہیں یعنی جسے خاتم القوم کہیں اس کے معنی یہ ہیں کہ ساری قوم کا آخر۔ مطلب یہ ہوا کہ مثلاً

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) اس میں النّبیین جمع ہے اور اس پر الف لام استغراق کا ہے جس سے اشارہ ان تمام انبیاء کی طرف ہے جن کا ذکر اس سے پہلے ہولیا ہے اور خاتم کا لفظ جب النّبیین کی طرف مضاف کیا گیا تو محاورہ عرب کے لحاظ سے اس کے معنی آخر النّبیین کے ہوئے۔ اب خاتم کے معنی مہر کے لینا یا یہ کہنا کہ آپ تشریعی انبیاء کے خاتم ہیں۔ صحیح نہیں ہے کیونکہ لغت سے اور بیان مذکور سے نہایت ظاہر ہے کہ جتنے انبیاء تشریعی اور غیر تشریعی کا ذکر اس آیت میں پہلے ہولیا ہے مثلاً حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت ہارون علیہ السلام اور ان کے بعد والے سب کے آخر میں آپ آنے والے ہیں۔ جس طرح سورج تمام تاروں کی روشنی کے بعد سب کے آخر میں صبح کو نکلتا ہے اور بے شمار تاروں کی روشنی چھپ جاتی ہے اور ایک سورج کی روشنی ان بے شمار تاروں کی روشنی سے بہت زیادہ ہوتی ہے۔ حضرت سرور عالم ﷺ کا آفتاب نبوت اس لئے آخر میں چمکا تاکہ معلوم کرنے والے خوب جان لیں کہ آپ کا وہ مرتبہ عالی ہے کہ آپ کے فیوضات اور انوار نبوت کے بعد کسی کا چراغ نہیں جل سکتا۔ تمام انبیاء مثل تاروں کے ہیں اور آپ مثل آفتاب کے ہیں۔ قیامت تک آپ کی نبوت کی روشنی چمکتی رہے گی اور جس طرح سورج غروب ہوتے ہی دن کا خاتمہ ہوجاتا ہے اسی طرح آپ کی نبوت کے ختم ہوتے ہی دنیا کا خاتمہ ہوجائے گا۔ آپ کی نبوت کے زمانہ میں کوئی نبی کسی طرح کا نہیں آئے گا اور بمقتضائے العلماء ورثۃ الانبیاء کے علماء وہی کام کریں گے جو انبیاء بنی اسرائیل کرتے تھے۔

ایک قوم کے آدمی یکے بعد دیگرے آئے سب کے آخر میں جو آیا اسے خاتم القوم[۱] کہیں گے۔اس بیان کے بعد صاحب لسان قرآن مجید کی مشہورہ آیت:''**ما کان محمدٌ...... الخ**''نقل کر کے خاتم النّبیین کے معنی آخرہم کے بیان کرتے ہیں۔ یہ معنی اگرچہ پہلے بیان سے معلوم ہوگئے تھے۔مگر بالتخصیص آیت کو نقل کر کے اس کے وہ معنی بیان کرنا جو بیان سابق سے سمجھے جاتے ہیں۔اسی غرض سے ہوتا ہے کہ صاحب کتاب محققین کی طے شدہ بات کو بیان کرتا ہے تا کہ کوئی ناواقف دوسرے معنی نہ لے اور اگر کوئی گمراہ دوسرا معنی لے تو اسے الزام دیا جاسکے۔یعنی خاتم کے معنی آخر کے ہیں،تمام محققین اہل لغت یہی معنی بیان کرتے ہیں۔

چنانچہ قاموس اور اس کی شرح تاج العروس میں ہے:''**الخاتم من کل شئ عاقبةً وآخرة والخاتم آخرالقوم کالخاتَم ومنه قوله تعالٰی وخاتِم النبیین ای آخرهم**''یعنی ہر شئے کے انجام کو خاتم کہتے ہیں۔اسی طرح خاتَم اور خاتِم آخرقوم کو کہتے ہیں اور قرآن مجید میں جو خاتم النّبیین ہے،اس کے معنی آخرالنّبیین کے ہیں اور یہی بات مختارالصحاح سے ظاہر ہے۔اب قادیانی مولوی ان کتابوں کی صراحت کو دیکھیں کہ کس صفائی سے خاتم النّبیین کے معنی آخرالنّبیین کے بیان کئے ہیں اور خاص قرآن مجید کے الفاظ نقل کر کے وہی معنی بیان کر دیئے جو ہم بیان کرتے ہیں۔اگر انہیں اس کا علم نہ تھا تو اب معلوم کر کے توبہ کریں اور یقین کرلیں کہ قرآن مجید سے جو رسول اللہ ﷺ کے بعد نبی کا ہونا ثابت کیا جاتا ہے وہ محض ان کی جہالت یا ابلہ فریبی ہے۔کوئی مرزائی قیامت تک اسے ثابت نہیں کرسکتا۔عوام کے بہکانے کے لئے کچھ کہہ دینا اور بات ہے۔یہ آیت باتفاق امت محمدیہ ثابت کرتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد نبوت کا جو دعویٰ کرے وہ جھوٹا ہے۔

[۱] اس عبارت سے یہ معلوم ہوتا ہے ختام اور خاتم جب کسی ایسی چیز کی طرف مضاف ہو جس میں وسعت ہو تو اس کی وسعت ختم ہوتی ہے اس جگہ کو خاتم کہتے ہیں اور جب لفظ خاتم ایسے لفظ کی طرف مضاف ہو جس کے بہت سے افراد ہیں،مثلاً لفظ قوم ہے اور خاتم القوم کہیں تو اس کے یہی معنی ہیں کہ ساری قوم کا آخر،اسی طرح جب اس لفظ کو النّبیین کی طرف مضاف کریں گے تو اس کے معنی آخرالنّبیین کے ہوں گے۔

قاسم علی نے ایک رسالہ لکھا تھا اور اس کے جواب کے لئے ہزار روپیہ کا اشتہار دیا تھا اور اپنے پیر کی سنت ادا کی تھی۔ مگر لاہور میں منشی پیر بخش صاحب نے اس کا جواب دیا اور اعلان دیا کہ ہم نے تمہارے رسالہ کا جواب لکھا ہے جلسہ کرو اور ہمارے رسالہ کو قوم کے سامنے معائنہ کر کے اپنے اشتہار کے بموجب روپیہ دو یا ہمارے جواب کو غلط ثابت کرو۔ مگر پھر کیا مجال تھی کہ سامنے آتے۔ دم بخود ہیں مگر حق بات کا اقرار نہیں کرتے۔

دوسرا جواب پٹنہ کے ایک عالم نے لکھا اور نہایت خوبی سے ثابت کر دیا کہ حضرت خاتم النّبیین کے بعد کوئی نبی نہیں آ سکتا۔ مگر تمام قادیانی خاموش ہیں، دم نہیں مار سکتے۔ جو امر کہ محاورہ عرب سے بیان کیا گیا کہ خاتم النّبیین کے معنی آخر النّبیین کے ہیں۔ یہی معنی تمام صحیح حدیثوں سے بھی ثابت ہوتے ہیں۔ اس سے مقصد یہ ہے کہ جس قدر انبیاء بھیجے گئے وہ سب بمنزلہ مقدمۃ الجیش کے تھے اور آنحضرت ﷺ سلطان الانبیاء سرور عالم ہیں۔ آپ کے بعد کسی جدید نبی کی ضرورت نہیں رہی۔ بلکہ یہ آپ کی شان رحمت کے بالکل خلاف ہے۔ علماء امت وہی کام کریں گے جو انبیاء بنی اسرائیل کرتے تھے۔ اس کی تفصیل فیصلہ آسمانی حصہ ۳ میں دیکھنا چاہئے۔ وہ حدیثیں جن سے آیت مذکور کی تفسیر اور مرزا قادیانی کا کاذب ہونا یقینی طور سے ثابت ہوتا ہے یہ ہیں:

۱...... حدیث: ابن ماجہ امامہ باہلی سے دجال کے بیان میں ایک طویل حدیث مروی ہے اس میں رسول اللہ ﷺ کا یہ ارشاد: ''انا آخر الانبیاء وانتم آخر الامم''

مطلب: یعنی رسول اللہ ﷺ اپنی امت سے خطاب کر کے فرماتے ہیں کہ میں تمام انبیاء کے آخر میں ہوں اور تم سب امتوں کے آخر میں ہو میرے بعد نہ کوئی نبی ہے اور نہ تمہارے بعد کوئی امت ہے۔ اے عزیز! دیکھو جس طرح لغت اور محاورہ عرب سے ثابت ہوا کہ خاتم النّبیین کے معنی آخر النّبیین کے ہیں۔ اسی طرح رسول اللہ ﷺ سے بھی ثابت ہو گیا کہ خاتم النّبیین کے معنی آخر النّبیین کے ہیں۔

۲...... حدیث: ''سیکون فی امتی کذّابون ثلاثون کلهم یزعم انه نبی اللّٰه وانا خاتم النبیین لانبی بعدی''یعنی میری امت میں تیس جھوٹے ہوں گے ہر ایک اپنے

آپ کو اللہ کا نبی سمجھے گا حالانکہ میں خاتم النّبیین ہوں میرے بعد کسی قسم کا کوئی نبی آنے والا نہیں ہے۔یعنی میرے بعد کسی کو نبوت کا مرتبہ نہ ملے گا اور جو نبوت کا دعویٰ کرے وہ جھوٹا ہوگا۔

اس مضمون کو امام بخاری اور مسلم اور ابوداؤد اور ترمذی وغیرہ نے روایت کیا ہے۔

اس حدیث میں تأمل کرنے سے کئی باتیں ثابت ہوتی ہیں۔

۱...... یہ کہ حضور انور ﷺ پیشین گوئی فرماتے ہیں کہ میرے بعد میری امت میں جھوٹے مدعیان نبوت پیدا ہوں گے۔

۲...... یہ کہ ان کے جھوٹے ہونے کی یہ علامت بیان فرمائی کہ امت محمدی ہونے کا دعویٰ کریں گے اور اپنے آپ کو امتی کہہ کر نبوت کے مدعی ہوں گے۔ یہ علامت مرزا قادیانی میں پورے طور سے پائی گئی۔اس لئے وہ جھوٹے مدعیوں میں ہوئے۔

۳...... ان کے جھوٹے ہونے کی یہ دلیل فرمائی:’’وانا خاتم النّبیین لانبی بعدی‘‘ یعنی وہ جھوٹے نبوت کا دعویٰ کریں گے حالانکہ میں خاتم النّبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔میرا خاتم النّبیین ہونا ان کے جھوٹے ہونے کی دلیل ہے۔اس سے خاص طور سے اس مدعی کا جھوٹا ہونا ثابت ہوا جو اپنے آپ کو امتی کہہ کر نبوت کا دعویٰ کرے اور اپنے آپ کو امتی نبی کہے اور مرزا قادیانی نے ایسا ہی کیا اس لئے بموجب ارشاد جناب رسول اللہ ﷺ کے مرزا قادیانی جھوٹا ٹھہرا۔اس کا کوئی جواب نہیں ہوسکتا۔

۴...... نہایت صراحت سے یہ بھی ثابت ہوا کہ لفظ خاتم النّبیین کے معنی فقط آخرالنّبیین کے ہیں۔جس طرح محاورہ عرب اور لغت سے پہلے ثابت کیا گیا کہ خاتم النّبیین کے معنی آخر النّبیین کے ہیں۔اسی طرح حدیث سے بھی نہایت صفائی سے یہ ثابت ہوا اور یہ معنی نہیں ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ انبیاء کی مہر ہیں یا زینت ہیں۔اس کی دو وجہیں ہیں۔ایک یہ کہ یہ جملہ ان مدعیوں کے جھوٹے ہونے کی دلیل میں بیان ہوا ہے۔اگر مہر کے معنی لئے جائیں تو ان مدعیوں کے جھوٹے ہونے کی یہ دلیل نہیں ہوسکتی۔یعنی پہلے یہ ارشاد ہوا کہ میری امت میں جھوٹے مدعی پیدا ہوں گے۔ پھر ان کی یہ حالت بیان فرمائی کہ ان میں ہر ایک نبوت کا دعویٰ کرے گا۔اس ارشاد کے بعد آپ فرماتے ہیں۔حالانکہ میں خاتم النّبیین ہوں میرے بعد کوئی

نبی نہیں ہے۔اس کا نہایت صاف مطلب یہی ہے کہ خدا نے مجھے خاتم النّبیین بنایا ہے میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔اس لئے تو ان کا دعویٰ نبوت کرنا ان کے جھوٹے ہونے کی دلیل ہے۔

اب اگر خاتم النّبیین کے معنی مہر کے لئے جائیں تو کوئی مرزائی بتائے کہ حدیث کے کیا معنی ہوں گے۔مگر یہ یقینی بات ہے کہ اگر یہاں خاتم کے معنی مہر کے لئے جائیں تو یہ جملہ غلط ہو جائے گا بلکہ حدیث کے مطلب کو بگاڑ دے گا۔دوسرے یہ کہ خاتم النّبیین کے بعد جملہ ''لانبی بعدی'' کا اضافہ کیا گیا، جس سے نہایت واضح ہو گیا کہ: ''انا خاتم النبیین'' کے یہی معنی ہیں کہ میں آخر النّبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں۔اس لئے یہ بیان دو طریقوں سے ثابت کرتا ہے یہاں خاتم کے معنی مہر کے نہیں ہیں بلکہ آخر کے ہیں۔

پہلا طریقہ کہ جملہ ''انا خاتم النبیین'' مدعیان نبوت کے جھوٹے ہونے کی دلیل ہے یعنی وہ مدعی اس لئے جھوٹے ہوں گے کہ میں آخر النّبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔اس لئے اس کا یہ دعویٰ اس کے جھوٹے ہونے کی دلیل ہے۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ اس کے بعد ''لانبی بعدی'' کہہ کر اس کی شرح کر دی اور فرما دیا کہ میرے بعد کوئی نبی کسی طرح کا نہیں ہے۔کیونکہ عربی دان واقف ہیں کہ یہاں لانفی جنس کا ہے اور لفظ نبی نکرہ ہے۔اس لئے ہر قسم کے نبی کی نفی ہو گئی۔

۵...... اس حدیث کے الفاظ اور معنی پر نظر کرنے کے بعد جب واقعات پر نظر کی جاتی ہے اور دیکھا جاتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کے بعد بعض نبوت تشریعی کے مدعی ہوئے، جیسے صالح بن طریف متقدمین میں اور بہاء الحق بابی متاخرین میں اور بعض غیر تشریعی نبوت کے جیسے ابوعیسیٰ وغیرہ ان سب کے جھوٹے ہونے کی آپ نے یہی دلیل بیان فرمائی کہ میں آخر النّبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے اور وہ نبوت کا دعویٰ کریں گے اس لئے وہ جھوٹے ہیں۔اس سے قطعی اور یقینی طور سے ثابت ہو گیا کہ آپ کے بعد تشریعی، غیر تشریعی، امتی، غیر امتی، ظلی، بروزی کسی قسم کا نبی نہیں ہوگا۔کیونکہ خاتم کی اضافت نے اور ''لانبی بعدی'' کے لائے نفی جنس نے ہر قسم کے نبی کی نفی کر دی۔اس کو اہل علم خوب جان سکتے ہیں۔اس لئے ثابت ہوا کہ جو رسول خدا ﷺ کے بعد نبوت کا دعویٰ کرے گا وہ جھوٹا ہوگا۔خصوصاً جو امتی نبی ہونے کا مدعی

ہو، اس کا جھوٹا ہونا تو آفتاب نیمروز کی طرح اس حدیث سے روشن ہوگیا۔

۶...... اس حدیث سے آیت قرآنیہ: ’’**ولکن رسول اللہ و خاتم النّبیین**‘‘ کی تفسیر بھی پورے طور سے ہوگئی اور وحی خداوندی کی تفسیر صاحب وحی نے کردی اور وہ تفسیر بھی الہام خداوندی سے کی جس کا ذکر اوپر کیا گیا اور یہ تفسیر بالکل محاورہ عرب کے مطابق ہے۔ آخر میں مجھے یہ کہنا ہے کہ مذکورہ حدیث میں جو تیس جھوٹے مدعیوں کے آنے کی خبر ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ قیامت تک تیس ہی جھوٹے آئیں گے اور ان کے سوا اگر اور مدعی ہوں گے تو سچے ہوں گے یہ مطلب ہرگز نہیں ہے بلکہ غرض یہی ہے کہ میرے بعد جو نبوت کا دعویٰ کرے گا وہ جھوٹا ہے۔ اس کا اثبات بالمشافہہ کیا جائے گا اور آپ اور حاضرین جلسہ دیکھ لیں گے کہ الفاظ حدیث سے کس خوبی سے ثابت کر دیا گیا کہ جناب رسول اللہ ﷺ کے بعد جو نبوت کا دعویٰ کرے گا وہ جھوٹا ہوگا۔ اگرچہ تیس ہزار مدعی ہوں۔

الغرض اس حدیث میں جو علامت جھوٹے مدعیان نبوت کی بیان ہوئی ہے وہ مرزا قادیانی میں یقینی طور سے پائی جاتی ہے اور حدیث کا آخری جملہ بھی انہیں کاذب ثابت کرتا ہے۔ اس حدیث کے سوا اور بھی حدیثیں اس مضمون کی اس قدر ہیں کہ اس کے متواتر ہونے میں کوئی تردد نہیں ہوسکتا۔ بعض روایتیں اور بیان کی جاتی ہیں۔

صحیح بخاری اور مسلم میں روایت ہے کہ:

۳...... حدیث: ’’**انا العاقب والعاقب الذی لیس بعدہ نبی**‘‘

مطلب: رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ میں عاقب ہوں اور عاقب وہ ہے جس کے بعد کوئی نبی نہیں ہے جس طرح پہلے حدیث سے ثابت ہوا تھا کہ حضور انور ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں ہے اسی طرح اس حدیث سے بھی ثابت ہوا۔

ابوموسیٰ اشعریؓ کہتے ہیں کہ:

۴...... حدیث: ’’**کان رسول اللہ ﷺ یسمی لنا نفسہ اسماء فقال انا محمد واحمد والمقفی الخ (صحیح مسلم)**‘‘

مطلب: رسول اللہ ﷺ نے اپنے متعدد نام بیان فرمائے ہیں اور فرمایا ہے کہ میں

محمد ہوں اور احمد ہوں اور مقفّی ہوں اور مقفّی کے معنی محدثین نے وہی بیان کئے ہیں جو عاقب کے ہیں، یعنی آخرالانبیاء اس کی بعد کوئی نبی نہیں ہے۔(نووی شرح مسلم وغیرہ دیکھو)

اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوا کہ جناب رسول اللہ ﷺ کا نام احمد ﷺ بھی ہے۔ یہ وہ نام مبارک ہے جو قرآن شریف میں نہایت صراحت سے آیا ہے اور کلام الٰہی بتا رہا ہے کہ یہ نام مبارک جناب رسول اللہ ﷺ کا ہے۔ اس حدیث میں اس اجمال کی جو قرآن شریف میں تھا اور زیادہ تفصیل کردی۔ اب کسی کاذب کو جائے دم زدن نہیں ہے۔ اب بعض قادیانیوں کا یہ کہنا کہ یہ نام حضور انور ﷺ کا نہیں ہے مرزا غلام احمد کا ہے، محض غلط ہے۔ غلام ہوکر مولیٰ بننا چاہتے ہیں۔

صحیح بخاری میں ہے:

۵...... حدیث:''کانت بنو اسرائیل تسوسهم الانبیاء کلّما هلک نبی خلفه نبی وانه لا نبی بعدی وسیکون خلفاء فیکثرون قالوا ما تأمرنا قال فوابیعة الاوّل اعطوا حقهم وانّ الله سائلهم عما استرعائهم''

مطلب: بنی اسرائیل پر انبیاء حکومت کرتے تھے جب کوئی نبی انتقال کرتا تو ان کی جگہ دوسرا نبی قائم ہوتا تھا اور میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے البتہ خلفاء ہوں گے جو مسلمانوں کے تمام امور کا نظم کریں گے اور ان کی کثرت ہوگی۔ صحابہ ؓ نے عرض کیا کہ آپ ہم کو کیا ارشاد فرماتے ہیں یعنی جب بہت سے ہوں گے تو اگر ایک وقت میں کئی ہوئے تو ہم کو کیا کرنا چاہئے۔ حکم ہوا کہ جس سے پہلے بعیت کرلو اس کو پورا کرو اور ان کے حقوق کو پورا کرتے رہو۔ اللہ تعالیٰ خلفاء سے ماتحت کی نسبت سوال کرے گا کہ کس طرح انہوں نے رعیت سے برتاؤ کیا۔ اس حدیث سے نہایت صفائی سے ظاہر ہوگیا کہ آپ کے بعد کوئی نبی کسی قسم کا نہیں ہوگا۔ اس میں لفظ ختم یا خاتم نہیں ہے جس کے معنی میں گفتگو کی گنجائش ہوسکے بلکہ صاف طور سے یہ ارشاد فرمایا کہ:''**لا نبی بعدی**'' جس کے معنی قطعی طور سے یہی ہیں کہ میرے بعد کوئی نبی کسی طرح کا نہیں ہے۔ اس کے معنی سواء اس کے اور کچھ نہیں ہوسکتے۔ یہ حدیث اس کتاب کی ہے جس کی صحت کا مرتبہ بعد قرآن مجید کے مسلمات سے ہے اور اس کا مضمون وہ ہے جس

کی تائید قرآن مجید سے صاف طور سے ہوتی ہے۔

سورۂ نور میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

آیت: ''**وعداللہ الذین اٰمنوا منکم وعملوا الصّٰلحٰت لیستخلفنّھم فی الارض کما استخلف الذین من قبلھم** (نور:۵۵)'' اس آیت میں اللہ تعالیٰ امت محمدیہ پر اپنا انعام ظاہر فرماتا ہے اور نہایت صاف طور سے صرف خلافت کا وعدہ دیتا ہے۔ چنانچہ اوّل ظہور اس کا خلفاء راشدین سے ہوا۔ سب سے اوّل حضرت ابوبکر صدیقؓ خلیفہ ہوئے۔ ان کے بعد حضرت عمرؓ، ان کے بعد حضرت عثمان غنیؓ، ان کے بعد حضرت علی کرم اللہ وجہہ ہوئے۔ یہ زمانہ خلافت راشدہ کا ہوا۔ اس کے بعد اور خلفاء ہوتے رہے اور اللہ تعالیٰ کا وعدہ پورا ہوا۔ مگر اس آیت میں یا کسی اور آیت میں یہ وعدہ ہرگز نہیں ہے کہ تم میں ہم نبی بھی پیدا کریں گے۔ حالانکہ اس آیت میں اس کے ذکر کا موقع تھا۔ کیونکہ اللہ پاک اپنا احسان ان پر جتا رہا ہے۔ اگر کوئی نبی آنے والا ہوتا تو آیت میں ضرور اس کا بھی وعدہ ہوتا۔ حدیث مذکورہ نے اس آیت کی کامل تفسیر کر دی کہ امت محمدیہ ﷺ میں خلافت ہوگی نبوت نہ ہوگی، آیت سے ضمناً اور تبعاً سمجھا جاتا تھا۔ حدیث نے اس کی تفسیر کر دی اور اس آیت وحدیث سے خاتم النّبیین کے معنی کی شرح بھی ہوگئی۔ یعنی رسول اللہ ﷺ آخرالانبیاء ہیں ان کے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:

۶...... حدیث: ''**لم یبق من النّبوۃ الا المبشرات قالوا وما المبشرات قال الرؤیا الصالحہ** (بخاری ومسلم)''

مطلب: اب نبوت باقی نہیں رہی۔ البتہ مبشرات یعنی اچھی خوابیں باقی ہیں، مسلم کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور ﷺ کا یہ ارشاد مرض الموت میں تھا۔ اس وقت میں یہ ارشاد فرمانا نہایت صاف دلیل ہے اس بات کی کہ آپ اپنی امت کو متنبہ کرتے ہیں کہ دیکھو نبوت ختم ہوگئی ہے۔ میری نبوت کے بعد جو نبوت کا دعویٰ کرے اسے سچا نہ سمجھنا۔ یہ معمولی حدیث نہیں ہے، یہ صحیحین کی حدیث ہے اس کی صحت پر امت محمدیہ ﷺ کا اتفاق ہے اور اس

کی تائید میں بہت سی حدیثیں ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ اس حدیث کا مضمون متواتر ہے بطور نمونہ یہاں چند حدیثیں پیش کی گئی ہیں۔

ابوداؤد اور نسائی روایت کرتے ہیں:

۷...... ’’قال یا ایها الناس انه لم یبق من المبشرات النّبوة الا الرؤیا الصالحة‘‘

مطلب: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے لوگو! نبوت کی بشارتوں سے کچھ باقی نہیں رہا۔ مگر اچھی خوابیں۔ یہ حدیث بھی مرض موت میں حضور انور ﷺ نے بیان فرمائی ہے۔

امام احمد اور ابن ماجہ اور طبرانی روایت کرتے ہیں:

۸...... حدیث:’’ذهبت النّبوة وبقیت المبشرات‘‘

مطلب: نبوت ختم ہوچکی اور مبشرات باقی ہیں یعنی رسول اللہ ﷺ کے بعد نبوت باقی نہیں رہی۔ آپ کے بعد کوئی نبی نہ ہوگا۔ البتہ خوابیں باقی ہیں۔

جناب رسول اللہ ﷺ کے بعد نائب رسول اللہ ﷺ اور کاملین امت کو سچی خوابیں ہوتی رہیں گی جس سے امت کو آئندہ کی خبریں معلوم ہوتی رہیں گی جن سے انہیں بشارت ہوتی رہے گی۔ اس حدیث کو طبرانی اور ابن خزیمہ نے صحیح کہا ہے، یہ دونوں بڑے محدّثوں میں ہیں۔

محدث ابی یعلی روایت کرتے ہیں:

۹...... حدیث:’’انّ الرسالة والنّبوة قد انقطعت ولا نبی ولا رسول بعدی‘‘

مطلب: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ رسالت اور نبوت منقطع ہوگئی میرے بعد اب نہ کوئی نبی ہوگا اور نہ رسول ہوگا۔

یہاں تک قرآن مجید کی دو آیتوں اور نو حدیثوں سے ثابت کردیا گیا کہ جناب رسول اللہ ﷺ کے بعد کوئی نبی نہ ہوگا اور پہلی حدیث میں تو نہایت صاف طور سے رسول اللہ ﷺ اپنے آپ کو آخر النّبیین فرمارہے ہیں اور چھ حدیثوں میں لفظ ختم یا خاتم نہیں ہے جس کے معنی میں جائے دم زدن ہو۔ دوسری حدیث میں لفظ خاتم النّبیین کا آیا مگر اس کے بعد’’لا نبی بعدی‘‘ نے اس کی پوری شرح کردی کہ خاتم کے معنی آخر کے ہیں، مہر کے نہیں

ہیں۔ اب ان نصوص صریحہ کے بعد امت محمدیہ ﷺ میں نبوت کو باقی رکھنا صریح خدا اور رسول کے فیصلہ سے انکار کرنا ہے۔ مگر صراحۃً نہیں باتیں بنا کر۔

غرض کہ اس میں کسی طرح کا شک وشبہ نہیں ہوسکتا کہ جناب رسول اللہ ﷺ کے بعد منصب نبوت باقی نہیں رہا۔ اس لئے اب جو دعویٰ نبوت کرے گا وہ جھوٹا ہے اس کے جھوٹا ہونے میں کسی طرح کا شک وشبہ نہیں ہے اور نہ ہوسکتا ہے۔ کیونکہ قرآن مجید کے نص قطعی سے ثابت ہوا کہ رسول اللہ ﷺ آخر النّبیین ہیں آپ کے بعد کسی کو مرتبہ نبوت نہ ملے گا۔ اسی طرح احادیث صحیحہ متواتر سے بھی نہایت صراحت سے بالیقین ثابت ہوگیا کہ آپ کے بعد مرتبہ نبوت کسی کو نہ ملے گا۔ اس کی وجہ بھی نہایت معقول بیان کردی گئی۔

اب بعض جاہل قادیانیوں کا بعض آیت قرآنیہ کو پیش کر کے امت محمدیہ ﷺ میں نبوت کو ثابت کرنا محض ان کی جہالت اور بے خبری کی دلیل ہے۔ میاں قاسم علی نے اس باب میں رسالہ لکھا تھا، اس کے دو جواب لکھے گئے ہیں اور وہ مشتہر ہوچکے ہیں۔ اس کے بعد میاں قاسم علی اور ان کے معین ومددگار سب دم بخود ہیں۔ اس لئے خلیفہ مرزامحمود قادیانی سے کہتا ہوں کہ ہماری باتوں کا جواب دیجئے اور اگر نہیں دے سکتے تو اپنے دعویٰ سے توبہ کیجئے۔ دنیا چندروزہ ہے۔ یہاں اگر آپ کو کیسے ہی عروج ہوگیا مگر صالح بن طریف اور ابوعیسیٰ کے مثل نہیں ہوسکتے۔ میں نہایت خیر خواہانہ کہتا ہوں کہ اگر آپ یا آپ کے تمام معین ومددگار ایڑی سے چوٹی تک سب مل کر زور لگائیں تو آپ کے ابّا جان کی نبوت کسی طرح ثابت نہیں کرسکتے اور نبوت کیا ثابت کریں گے۔ ان کا جھوٹا ہونا ایسے قطعی دلائل سے ثابت کردیا گیا ہے کہ اس کا جواب ہرگز نہیں دے سکتے۔ اب اپنے قابل مددگاروں سے کہئے کہ مدد کریں۔ سب کے لئے راقم الحروف کافی ہے۔ اگر آپ چاہیں تو یہ راقم ’’**الحق یعلو ولا یعلیٰ**‘‘ کا نمونہ دکھادے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ!

آخر میں دلی ہمدردی سے یہ بھی کہتا ہوں کہ آپ فیصلہ آسمانی کے تینوں حصے اور دوسری شہادت آسمانی ضرور ملاحظہ کریں۔ مگر خوف خدا کو دل میں لاکر اور موت کو یاد کر کے تاکہ آپ کو اپنے والد ماجد کی حقیقت کچھ معلوم ہوجائے اور آپ جان لیں کہ آپ کے والد

ماجد کتنی دلیلوں سے کاذب ہیں اور وہ دلیلیں ایسی پختہ ہیں کہ آپ اور آپ کے مددگار قیامت تک ان کا جواب نہیں دے سکتے۔

میں اپنا یہ مضمون پورا کر کے مطبع میں طبع کے لئے بھیج چکا تھا کہ مرزائی جماعت کی طرف سے ایک اشتہار شائع ہوا، اس کے دیکھنے سے معلوم ہوا کہ مرزا محمود قادیانی مونگیر نہ آئیں گے اور اس بارے میں میری یہ فراست نہایت صحیح ہوئی کہ روشنی اور تاریکی چونکہ ایک جگہ جمع نہیں ہوسکتی۔ اس لئے یہ ناممکن ہے کہ مرزا قادیانی یہاں آئیں۔ مجھے اس کے معلوم ہونے سے افسوس ہوا۔ کیا اچھا ہوتا کہ وہ یہاں آتے اور ان باتوں کا جواب دیتے جو دو تین سال سے برابر ہماری طرف سے ان کے والد بزرگوار پر شائع ہورہی ہیں اور اس وقت تک کسی مرزائی نے ان کا جواب نہیں دیا۔

مولوی عبدالماجد قادیانی سے کچھ امید ہوئی تھی اور میں نے اس کی کوشش بھی کی کہ وہ کسی طرح سامنے آئیں۔ اس لئے ان کو دعوت بھی دی گئی اور مولوی صاحب نے دعوت منظور بھی کی اور دعوت تناول فرمانے کو بھاگل پور سے مونگیر آئے بھی، لیکن واپس چلے گئے۔ اس کے بعد مسجد کے مقدمہ میں وہ ہر پیشی پر آتے تھے۔ ایک روز یہ طے ہوا کہ آج قاضی ابوظفر صاحب وکیل کے مکان پر، چار بجے شام کو مناظرہ ہو اور مولوی صاحب نے اسے منظور کیا۔ مگر مولوی صاحب موصوف وقت سے پہلے چلے گئے۔ پھر اس کے بعد سے کسی پیشی پر نہیں آئے۔ یہ وہ باتیں ہیں جن کو اکثر لوگ جانتے ہیں اور مناظرہ مونگیر کا جو حشر ہوا، اس سے تو تمام اہل مونگیر واقف ہی ہیں۔

ناظرین! یہ تو اس جماعت کے علماء کا حال ہے۔ وہ ایسے خائف ہیں کہ اہل حق کے سامنے آنے کی جرأت نہیں کر سکتے اور اگر کسی مقام پر معلوم ہو جائے کہ اہل حق سے مقابلہ ہوگا تو وہاں باوجود مصمم ارادے کے جانے کا نام تک نہیں لیتے۔ دور نہیں جایئے حال ہی میں دیکھئے کہ مرزا قادیانی آتے آتے رک گئے۔ حکیم محمد خلیل مشتہر نے جو کہ ایسا شخص نہیں ہے جس سے اہل مونگیر ناواقف ہوں۔ وہ علوم سے ناواقف محض ہے، اتنی لیاقت بھی نہیں رکھتا کہ عربی کی ابتدائی کتابوں کا صحیح ترجمہ بھی کر سکے اور اس پر طرہ یہ کہ وہ قادیانی ہوگیا ہے جس کو

اپنے بڑوں کی طرح صریح جھوٹ بولنے اور افتراء کرنے میں کچھ شرم وباک نہیں۔

اس صفت میں وہ اپنے مرشد قادیانی پر بھی سبقت لے گیا ہے۔ اپنے اس اشتہار میں بے سروپا باتیں لکھی ہیں۔ کیا اہل مونگیر اس سے واقف نہیں ہیں کہ آریہ کے اس مناظرہ میں جو انجمن میں ہوا تھا تمام دن صبح سے شام تک میں نے اس جاہل نام نہاد مولوی کو پڑھایا اور شام کو اس خیال سے کہ یہ آریہ بھی جاہل ہے اور حکیم خلیل بھی اس کے مثل ہے، حکیم خلیل کو مناظرہ کے لئے کھڑا کر دیا۔ مگر اس میں جو حالت ہوئی اور تمام اہل اسلام پر جو اس کا اثر ہوا اور ہر طرف سے مسلمانوں پر افسردگی چھاگئی۔ درودیوار پر ناکامی برسنے لگی:

قابل رحم ہے اس شخص کی رسوائی بھی　　　پردے پردے ہی میں کم بخت جو رسوا ہو جائے

اس پر مجھے خود بھی افسوس ہوا کہ ایسے کودن کو کیوں میں نے انتخاب کیا جس کو اس سبز حیوان کے برابر بھی ہوش اور سلیقہ نہیں جو پڑھا ہوا سبق خوب یاد کر لیتا ہے۔ اس لئے دوسرے روز پھر حکیم خلیل کو مجبوراً علیحدہ کیا گیا اور میں خود مناظرہ کے لئے تیار ہو گیا جس کا یہ اثر ہوا کہ آریہ کسی طرح سے مناظرہ کے لئے تیار نہ ہوا اور ایسا خوف اس پر غالب ہوا کہ مجلس سے یہ کہہ کر اٹھ گیا کہ میں ان سے مناظرہ نہیں کر سکتا۔ یہ وہ باتیں ہیں جس کو مونگیر کا ہر شخص جانتا ہے۔ پھر ایسے واقعات پر خاک ڈالنا سوائے بے شرمی کے اور کیا کہا جا سکتا ہے۔

بہرحال میں اب بھی یہی کہتا ہوں کہ مجھے کسی شخص سے مناظرہ کرنے میں عذر نہیں مگر شرط یہ ہے کہ وہ قرآن وحدیث کو سمجھ سکے اور کم سے کم یہ ہے کہ وہ قرآن کی آیات کا اور حدیث کا صحیح ترجمہ مجمع میں اہل علم کے روبرو کر دے اور مرزا محمود قادیانی اور مولوی عبدالماجد اس کے متعلق یہ اطمینان دلائیں کہ یہ ہماری جماعت کا قابل اور معتبر شخص ہے۔ اگر یہ جواب سے عاجز ہوا تو یہ ہمارا عجز ہوگا۔ حکیم خلیل یا کوئی دوسرا ان دونوں باتوں کا اطمینان دلا دے تو بسم اللہ میں ہر وقت تیار ہوں، مجھے کسی سے پڑھنا یا سیکھنا نہیں ہے کہ بیس روز کی مدت مقرر کروں۔ میں بلامدت اس کے واسطے ہر وقت اور ہر جگہ تیار ہوں اور میری طرف سے چھپی ہوئی چٹھی اسی کو سمجھیں۔ میں یہاں تک کہتا ہوں کہ مرزا محمود صاحب اگر کسی خوف کی وجہ سے یہاں نہیں آسکتے تو وہ اگر آمادہ ہوں اور مجھے وہاں بلوائیں اور جلسہ قرار دیں تو میں جماعت

محمد یہ کے مخصوص حضرات کو لے کر قادیان پہنچوں۔ مگر میں یہ پیش گوئی کرتا ہوں کہ ان شاء اللہ تعالیٰ کوئی سامنے نہ آئے گا۔ کیونکہ چوروں میں یہ دلیری اور ہمت کہاں جو کھلے میدان میں آئیں۔ جھوٹوں میں یہ استقلال کہاں جو سچوں کے آگے جمے رہیں۔

مرزائی اعجاز کی تنقید

جماعت احمد یہ میں عرصہ سے شوروغل تھا کہ مرزا قادیانی کا قصیدہ اعجاز یہ قرآن کی طرح بے نظیر ہے۔ جس طرح قرآن کا دعویٰ ہے کہ کوئی اس کی مثل اور نظیر نہیں پیش کرسکتا۔ اسی طرح مرزا قادیانی نے دعویٰ کیا کہ میرے اس قصیدہ کے مثل بھی کوئی نہیں لاسکتا اور جماعت احمد یہ ہر موقع اور وقت میں مرزا قادیانی کی نبوت باطلہ کی سند میں اس جھوٹی اور جعلی دستاویز کو پیش کر کے بہت کچھ دون کی لیا کرتے تھے۔ مگر ہمارے علماء نے اس لئے کہ وہ قصیدہ ایسا بھی نہ تھا۔ جیسا نوآموز طفل مکتب ابتدا شاعری میں لکھتے ہیں۔ اس طرف کوئی توجہ نہ کی اور ایسے شخص کو جو ایسے قصیدہ کو جس کا نہ املا صحیح اور نہ وزن، نہ صرف کے رو سے صیغے درست اور نہ ترکیب قابل توجہ نہ سمجھا اور بقول حکیم شیرازی خاموشی سے جواب دیا مگر جب دیکھا گیا کہ یہ جماعت اپنی اس جہالت سے توبہ نہیں کرتی اور نہیں شرماتی تو جناب مولانا حکیم غنیمت حسین صاحب نے جو صوبہ بہار کے لئے باعث فخر اشخاص سے ہیں۔ اس کا جواب دیا اور دو طرح سے مرزا قادیانی کی غلطیوں کو ثابت کیا۔

اوّل تو مرزا قادیانی کے قصیدہ کی غلطیاں اور مرزا قادیانی کی چوری دکھلائی۔ دوسری اس کے جواب میں ایک قصیدہ لکھا جو مرزا قادیانی کے قصیدہ سے ہر بات میں بہتر ہے، پہلا حصہ تو طبع ہوگیا ہے اور دوسرا عنقریب شائع ہوگا، اگر جماعت احمد یہ کو کچھ شرم وحیاء ہے تو مرزا قادیانی کی جو غلطیاں دکھلائی گئی ہیں اس کا جواب دیں اور ایک جلسہ کریں جس میں ہم ان غلطیوں کو پیش کریں اور جماعت احمد یہ اس مجمع میں جواب دے۔

عبداللطیف رحمانی

۱۷ رربیع الثانی ۱۳۳۴ھ، بمطابق ۲۲ رفروری ۱۹۱۶ء

مطبع رحمانیہ مونگیر میں چھپا

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں

مرزا کے عقائد و اقوال

مولانا عبداللہ امرتسری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

’’فاتقوا اللہ یا اولی الالباب‘‘ ڈرو اللہ سے اے عقل والو۔

’’قال رسول اللہ ﷺ ان اللہ لا یجمع امتی علی ضلالۃ ویداللہ علی الجماعۃ ومن شذّ شُذّ فی النار ‘‘ترجمہ: فرمایا رسول اللہ ﷺ نے بے شک اللہ نہیں جمع کرے گا میری امت کو گمراہی پر اور اللہ کا ہاتھ جماعت پر ہے اور جو شخص جماعت سے تنہا ہوا، تنہا جہنم میں ڈالا جائے گا۔

ناظرین کی سہولت اور غور کرنے کے لئے کسی قدر مرزا کے عقائد اس کی تصنیفات وتحریرات سے نقل کئے جاتے ہیں جس کو زیادہ تحقیق منظور ہو اس کی تصنیفات سے دیکھ لے صفحہ کا پتہ دیا گیا ہے۔ جس کے مطالعہ سے سب مسلمانوں پر روشن ہو جائے گا کہ مرزا کادیانی کس قسم کا مسلمان ہے اور اہل سنت وجماعت خود انصاف کریں کہ حضرات علماء عرب وعجم سچے ہیں یا تنہا مرزا۔ اب اگر مرزا ان عقائد سے سچے دل سے توبہ کرتا ہے اور لوگوں کو زبانی توبہ سے دھوکہ دہی نہیں دیتا تو جو لوگ کتمان حق یعنی حق چھپانے کے بعد توبہ کریں۔ ان کو بموجب آیہ قرآن شریف:’’الا الذین تابوا واصلحوا وبیّنوا الخ ‘‘(مگر جنہوں نے توبہ کی اور اصلاح کی اور بیان کیا پس یہ لوگ رجوع برحمت کروں گا میں ان پر اور میں ہوں توبہ قبول کرنے والا) توبہ کے ساتھ اصلاح وبیان بھی لازمی ہے۔ لہٰذا مرزا سچے دل سے توبہ کرے اور عام لوگوں میں تفصیل وار بذریعہ اشتہار شائع کردے کہ ان عقائد سے میری توبہ ہے اور جو کچھ میں نے اپنی تصنیفات میں لکھا ہے وہ نادرست ہے۔ پھر وہ ان شاء اللہ تعالیٰ! مباہلہ کی لعنت سے بھی بچ جاوے گا اور ہمارا بھائی مسلمان بھی بن جاوے گا ورنہ جھوٹے پر وہ جو عید گاہ میں کہا اور میں نے جو کچھ لکھا ہے وہ کوئی نئی بات اور نیا فتویٰ نہیں لکھا وہی ہیں جو مرزا نے اپنی تصنیفات میں اپنے عقائد شائع کئے ہوئے ہیں اور علماء عرب وپنجاب وہندوستان نے ان پر فتویٰ دیا ہوا ہے۔

مرزا کے عقائد و اقوال

۱...... **نبوت کا دعویٰ:** توضیح المرام میں لکھا ہے: ’’اس میں کچھ شک نہیں کہ یہ عاجز خدا تعالیٰ کی طرف سے اس امت کے لئے محدث ہو کر آیا ہے اور محدث بھی ایک معنی سے نبی ہی ہوتا ہے، گو اس کے لئے نبوت تامہ نہیں۔ مگر تاہم جزئی طور پر ایک نبی ہی ہے کیونکہ وہ خدا تعالیٰ سے ہم کلام ہونے کا ایک شرف رکھتا ہے۔ امور غیبیہ اس پر ظاہر کئے جاتے ہیں اور رسولوں اور نبیوں کی وحی کی طرح اس کی وحی کو بھی دخل شیطان سے منزہ کیا جاتا ہے اور مغز شریعت اس پر کھولا جاتا ہے اور بعینہ انبیاء کی طرح مامور ہو کر آتا ہے اور انبیاء کی طرح اس پر فرض ہوتا ہے کہ اپنے تئیں بآواز بلند ظاہر کرے اور اس سے انکار کرنے والا ایک حد تک مستوجب سزا ٹھہرتا ہے اور نبوت کے معنی بجز اس کے اور کچھ نہیں کہ امور متذکرہ بالا اس میں پائے جائیں۔‘‘ (توضیح المرام ص۱۸، خزائن ج۳ ص۶۰)

’’فاعلم ارشدک اللّٰہ تعالٰی ان النبی محدث والمحدث نبی‘‘

(توضیح المرام ص۱۹، خزائن ج۳ ص۶۰)

ازالہ کے سرورق پر لکھوایا ہے: ’’از تصانیف مرسل یزدانی، مامور رحمانی غلام احمد قادیانی۔‘‘ دیکھو یہاں پر صاف مرسل ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔

اور بھی اس سے بڑھ کر سنئے۔ ازالہ میں لکھ دیا ہے کہ: ’’قرآن شریف کی آیت **’’ومبشراً برسول یاتی من بعدہ اسمہ احمد‘‘** مگر ہمارے رسول ﷺ فقط احمد ہی نہیں بلکہ محمد بھی ہیں یعنی جامع جلال و جمال ہیں لیکن آخری زمانہ میں برطبق پیش گوئی مجرد احمد جو اپنے اندر حقیقت عیسویت رکھتا ہے بھیجا گیا ہے۔‘‘ (ازالہ ص۶۷۳، خزائن ج۳ ص۴۶۳)

رسول اللہ ﷺ تو احمدؐ اور محمدؐ دونوں تھے لیکن برطبق پیش گوئی صرف احمد مبشر رسول (خود بدولت) ہیں نہ رسول اللہ ﷺ اور کھلا کھلا نبوت کا دعویٰ۔

ازالہ میں لکھا ہے: ’’لیکن صاحب نبوت تامہ تو صرف ایک شان نبوت ہی رکھتا ہے غرض محدثیت دونوں رنگوں سے رنگین ہوتی ہے۔ اس لئے خدا تعالیٰ نے براہین احمدیہ میں اس عاجز کا نام امتی بھی رکھا ہے اور نبی بھی۔‘‘ (ازالہ اوہام ص۵۳۳، خزائن ج۳ ص۳۸۶)

گو صاحب تو صاف کہتے ہیں کہ میرا نام خدا نے نبی رکھا، اس کو کیا کرو گے۔

۲...... جسمانی معراج کا انکار: ’’معراج جسم کثیف کے ساتھ نہیں تھا بلکہ وہ نہایت اعلیٰ درجہ کا کشف تھا۔‘‘ (ازالہ حاشیہ ص۴۷، خزائن ج۳ ص۱۲۶)

رسول اللہ ﷺ کی طرف جسم کثیف کی نسبت کرنا خلاف ادب ہے۔

۳...... ملائکہ ستاروں کے ارواح ہیں: وہ ستاروں کے لئے جان کا حکم رکھتے ہیں لہٰذا وہ ستاروں سے کبھی جدا نہیں ہوتے۔ نمبر ہذا الغایت ۶، جو عقائد لکھے گئے ہیں مختلف اوراق میں ہیں چونکہ عبارت بہت لمبی ہے، نقل کی گنجائش نہیں۔ (توضیح المرام ص۳۰ تا ۶۷، خزائن ج۳ ص۶۶ تا ۸۶) خلاصہ کر کے لکھے گئے ہیں۔

۴...... جبرئیل علیہ السلام کا نبیوں کے پاس آنے کا انکار: جبرئیل جس کا روح سے تعلق ہے وہ بذات خود اور حقیقتاً زمین پر نہیں اترتا اس کا نزول چونکہ شرع میں وارد ہے اس سے اس کی تأثیر کا نزول مراد ہے اور جو صورت جبرئیل وغیرہ فرشتوں کی انبیاء دیکھتے تھے وہ جبرئیل وغیرہ کی عکسی تصویر تھی جو انسان کے خیال میں متمثل ہو جاتی تھی۔ جیسے آئینہ میں دیکھنے والے کی صورت متمثل ہو جاتی ہے۔

۵...... ملک الموت: بھی خود زمین پر اتر کر قبض ارواح نہیں کرتا ہے بلکہ اس کی تأثیر سے قبض ارواح ہوتا ہے۔

۶...... دنیا میں جو کچھ ہو رہا ہے نجوم کی تاثیر سے ہو رہا ہے: یہاں ایک حدیث یاد آئی اس کا بیان کرنا بھی یہاں پر ضروری سمجھا گیا۔ اصل عبارت حدیث جس کو دیکھنا منظور ہو وہ (بخاری ص۱۴۱ و مسلم ۵۹) میں دیکھ لے۔ میں ترجمہ اس کا لکھتا ہوں۔ آنحضرت ﷺ نے بارش کے بعد صبح کی نماز پڑھائی تو اصحاب کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ آیا تم جانتے ہو کہ خدا تعالیٰ نے کیا فرمایا ہے؟ اصحاب بولے کہ اللہ اور اللہ کا رسول خوب جانتا ہے، آپ نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرے بندوں میں کوئی مجھ پر ایمان لاتا ہے اور کوئی کافر ہوتا ہے جو یہ کہے کہ ہم پر خدا تعالیٰ کے فضل و رحمت سے بارش ہوئی ہے تو وہ مجھ پر ایمان لانے والا ہے اور ستاروں سے منکر اور جو یہ کہے کہ فلاں ستارہ فلاں مقام پر پہنچنے کے سبب بارش ہوئی ہے تو وہ ستاروں پر ایمان لاتا ہے اور مجھ سے کافر ہے۔

۷...... <u>معجزات کا انکار و مسیح ابن مریم جو مسلمانوں کے اعتقاد میں بن باپ پیدا ہوئے، یوسف نجار کے بیٹے ہونے کا اقرار:</u> ’’غرض یہ اعتقاد بالکل غلط اور فاسد مشرکانہ اعتقاد ہے کہ مسیح مٹی کا پرند بنا کر اور ان میں پھونک مار کر انہیں سچ مچ کے جانور بنا دیتا تھا۔ نہیں بلکہ صرف عمل الترِاب تھا جو روح کی قوت سے ترقی پذیر ہو گیا تھا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ مسیح ایسے کام کے لئے اس تالاب کی مٹی لاتا تھا جس میں روح القدس کی تاثیر رکھی گئی تھی۔ بہرحال یہ معجزہ صرف ایک کھیل کی قسم میں سے تھا اور وہ مٹی درحقیقت ایک مٹی رہتی تھی جیسے سامری کا گوسالہ۔‘‘ (ازالہ حصہ اوّل ص۳۲۳، خزائن ج۳ ص۲۶۳ حاشیہ)

لکھتے ہیں کہ: ’’تعجب کی جگہ نہیں کہ خدا تعالیٰ نے حضرت مسیح کو عقلی طور پر ایسے طریق پر اطلاع دے دی ہو جو ایک مٹی کا کھلونا کسی کل کے دبانے یا کسی پھونک مارنے کی طور پر پرواز کرتا ہو۔ جیسے پرندہ پرواز کرتا ہے یا اگر پرواز نہیں تو پیروں سے چلتا ہو۔ کیونکہ حضرت مسیح ابن مریم اپنے باپ یوسف کے ساتھ بائیس برس کی مدت تک نجاری کا کام کرتے رہے ہیں اور ظاہر ہے کہ بڑھئی کا کام درحقیقت ایک ایسا کام ہے جس میں کلوں کے ایجاد کرنے اور طرح طرح کی صنعتوں کے بنانے میں عقل تیز ہو جاتی ہے۔‘‘ (ازالہ ص۳۰۳، خزائن ج۳ ص۲۵۴، ۲۵۵ حاشیہ)

اور: ’’کیونکہ حال کے زمانہ میں بھی دیکھا جاتا ہے کہ اکثر صناع ایسی ایسی چڑیاں بنا لیتے ہیں کہ وہ بولتی ہیں اور ہلتی بھی ہیں اور دم بھی ہلاتی ہیں اور میں نے سنا ہے کہ بعض چڑیاں کل کے ذریعہ سے پرواز بھی کرتی ہیں۔‘‘ (ازالہ ص۴۰۴، خزائن ج۳ ص۲۵۵)

اور ازالہ میں ہے: ’’یہ بھی قرین قیاس ہے کہ مسمریزمی طور سے بطور لہو و لعب نہ بطور حقیقت ظہور میں آ سکیں۔‘‘ (ازالہ ص۳۰۵، خزائن ج۳ ص۲۵۶ حاشیہ)

پھر لکھا ہے: ’’بہرحال مسیح کی یہ تربی کارروائیاں زمانہ کے مناسب حال بطور خاص مصلحت کے تھیں مگر یاد رکھنا چاہئے کہ یہ عمل ایسا قدر کے لائق نہیں جیسا کہ عوام الناس اس کو خیال کرتے ہیں۔ اگر یہ عاجز (مرزا) اس عمل کو مکروہ اور قابل نفرت نہ سمجھتا تو خدا تعالیٰ کے فضل و توفیق سے امید قوی رکھتا تھا کہ ان اعجوبہ نمائیوں میں حضرت ابن مریم سے کم نہ رہتا۔‘‘ (ازالہ ص۳۰۹، خزائن ج۳ ص۲۵۷، ۲۵۸)

اللہ تعالیٰ تو قرآن مجید سپارہ ہفتم میں عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کو فرماتا ہے کہ اے عیسیٰ!

میرے انعامات کو یاد رکھ جو تیرے پر اور تیری والدہ پر ہیں...... الخ! انہیں انعامات میں مٹی سے پرندہ بنانا اور اندھے مادر زاد کو اور برص والے کو اچھا کرنا اور مردوں کو زندہ کرنے کا بیان فرمایا ہے۔ انصاف سے دیکھو یہاں پر مرزا نے کیسی بے باکی کی ہے کہ قرآن شریف میں خداوند تبارک وتعالیٰ ان معجزات کو انعامات میں شمار کرے اور مرزا ان کو مکروہ سمجھے۔ عیسیٰ علیہ السلام کو یوسف نجار کا بیٹا کہنا اور ان معجزات کو جو وہ دکھاتے تھے، مسمریزمی (ساحرانہ طریق) سے تعبیر کرنا گویا عیسیٰ علیہ السلام کو ساحر کہنا ہے۔ **لاحول ولا قوّة الا باللہ!**

۸...... <u>توہین عیسیٰ علیہ السلام:</u> (ازالہ ج اوّل ص۱۵۸، خزائن ج۳ ص۱۸۰) میں ہے:

اینک منم حسب بشارت آمدم عیسیٰ کجا ست تابہ نہد پابہ منبرم

۹...... **’’روح القدس، روح الامین، شدید القویٰ، ذوالافق الاعلیٰ‘‘** جن کا ذکر شرع میں وارد ہے وہ انسان ہی کی ایک طاقت ہے جو خدا کی محبت اور اس کے محبوب انسان کی محبت باہم ملنے سے متولد ہوتی ہے۔ ان دونوں محبتوں اور ان سے متولد نتیجہ (روح القدس) کا مجموعہ پاک تثلیث ہے۔ کادیانی کی تجویز پاک تثلیث نصف عیسائیت ہے۔ عیسائی لوگ باپ بیٹے اور روح القدس کے مجموعہ کو تثلیث قرار دیتے ہیں۔ صاحب کادیانی خدا کی محبت (باپ) اور بندہ محبوب کی محبت (ماں) اور دونوں سے متولد (روح القدس) کے مجموعہ کو تثلیث قرار دیتے ہیں۔ اب لوگوں کو عیسائی بنانے میں ایک انچ کی کسر رہ گئی ہے کہ اس تثلیث کے ساتھ توحید کو بھی ملا دیں اور ان تینوں کو ایک خدا کہہ دیں جیسا کہ عیسائی کہتے ہیں۔‘‘ (توضیح مرام ص۲۱،۲۲، خزائن ج۳ ص۶۱،۶۲)

۱۰...... <u>دعویٰ ابن اللہ:</u> ’’مسیح اور اس عاجز (مرزا) کا مقام ایسا ہے کہ جس کو استعارہ کے طور پر ابنیت کے لفظ سے تعبیر کر سکتے ہیں۔‘‘ (توضیح المرام ص۲۷، خزائن ج۳ ص۶۴)

(کادیانی) کا بطور استعارہ ابن اللہ کہلانے کو تجویز کرنا پوری عیسائیت ہے۔

۱۱...... <u>مسیح موعود میں ہوں جس کی بشارت حدیثوں میں وارد ہے نہ عیسیٰ ابن مریم اسرائیلی کی:</u> فتح اسلام میں ہے ’’شکر کے سجدات بجالاؤ کہ وہ زمانہ جس کا انتظار کرتے کرتے تمہارے بزرگ آبا گزر گئے اور بے شمار روحیں اس شوق میں ہی سفر کر گئیں وہ وقت تم نے پالیا۔‘‘ (فتح اسلام ص۱۰، خزائن ج۳ ص۷)

’’مسیح جو آنے والا تھا یہی ہے چاہو تو قبول کرو۔‘‘ (فتح اسلام ص۱۵، خزائن ج۳ ص۱۰ حاشیہ)

ازالہ میں ہے: ’’اور میرے پر خاص خاص الہام سے ظاہر کیا کہ مسیح ابن مریم فوت ہو چکا ہے، چنانچہ اس کا الہام یہ ہے کہ مسیح ابن مریم رسول اللہ فوت ہو چکا ہے اور اس کے رنگ میں ہو کر وعدہ کے موافق تو آیا ہے ’’وکان وعداللہ مفعولا‘‘ (ازالہ ص۵۶۱، خزائن ج۳ ص۱۰۱ حاشیہ)

۱۲...... آنے والے مسیح کے اوصاف جو احادیث میں وارد ہیں کہ وہ عیسیٰ ابن مریم ہوگا اور دمشق کے منارہ مشرقی کے پاس نزول کرے گا اور زرد کپڑے پہنے ہوئے دو فرشتوں کے بازوؤں پر اترے گا وہ دجال یک چشم کو ہلاک کرے گا۔ اس قسم کی حدیثوں کی یہ تحریف کی ہے کہ دمشق سے مراد کادیان ہے۔

ازالہ میں ہے کہ: ’’دمشق کا لفظ محض استعارہ کے طور پر استعمال کیا گیا۔‘‘

(ازالہ ص۶۸، خزائن ج۳ ص۱۳۶)

اور لکھا ہے: ’’چونکہ قادیان کو اپنی ایک خاصیت کے رو سے دمشق سے مشابہت دی گئی تو اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ قادیان کا نام پہلے نوشتوں میں استعارہ کے طور پر دمشق رکھ کر پیش گوئی بیان کی گئی ہوگی۔‘‘ (ازالہ ص۷۴، خزائن ج۳ ص۱۳۹ حاشیہ)

اور: ’’گویا یہ فقرہ جو اللہ جل شانہٗ نے الہام کے طور پر اس عاجز کے دل پر القاء کیا ہے کہ: ’’انا انزلناہ قریباً من القادیان ‘‘ اس کی تفسیر یہ ہے کہ: ’’انا انزلناہ قریباً من دمشق بطرف شرقی عند منارۃ البیضا ‘‘ کیونکہ اس عاجز کی سکونتی جگہ کادیان کے شرقی کنارہ پر ہے منارہ کے پاس۔ پس یہ فقرہ الہام الٰہی کا کہ: ’’کان وعداللہ مفعولا‘‘ اس تاویل سے پوری پوری تطبیق کھا کر یہ پیش گوئی واقعی طور پر پوری ہو جاتی ہے۔‘‘

(ازالہ ص۷۵، خزائن ج۳ ص۱۳۹ حاشیہ)

(ازالہ ص۳۱۹، خزائن ج۳ ص۲۰۹) میں زرد کپڑوں کی یہ تحریف کی کہ اس کی صحت کی حالت اچھی نہ ہوگی (یہ تحریف اس لئے کی کہ آپ ہمیشہ بیمار رہتے ہیں) دو فرشتوں کے بازوؤں پر اترنے کی یہ کہ وہ دراصل وہی[1] دو آدمی ہیں کہ دوسری حدیث[2] میں بیان کئے گئے ہیں اور ان کے کے کندھوں پر ہاتھ رکھنے سے یہ مطلب ہے کہ وہ مسیح کے مددگار اور انصار ہو جاویں گے۔

[1] بعض مرزائیوں کی زبانی سنا گیا کہ یہ دو آدمی مرزا نورالدین اور محمد احسن امروہی ہیں۔

[2] اس جگہ مغالطہ دیا ہے کہ جس حدیث میں دو آدمیوں کا ذکر ہے اس حدیث کو نزول عیسیٰ علیہ السلام سے کچھ تعلق نہیں وہ تو آپ کے (یعنی عیسیٰ علیہ السلام) طواف بیت اللہ کے بارہ میں ہے۔

اور ازالہ میں ہے کہ: ’’بپایہ ثبوت پہنچ گیا کہ مسیح دجال جس کے آنے کی انتظار تھی یہی پادریوں کا گروہ ہے جو ٹڈی کی طرح دنیا میں پھیل گیا ہے۔ سواے بزرگو! دجال معہود یہی ہے جو آ چکا ہے مگر تم نے اسے شناخت نہ کیا۔‘‘ (ازالہ ص۴۹۶، خزائن ج۳ ص۳۶۶)

اور ازالہ میں یک چشم کی یہ تحریف کی ہے کہ: ’’دین کی آنکھ بالکل نہ ہوگی جیسے آج کل یورپ اور امریکہ کے لوگوں کا حال ہے۔‘‘ (ازالہ ص۵۰۱، خزائن ج۳ ص۳۶۹)

اور ازالہ میں: ’’یاجوج و ماجوج سے انگریز و روس ہیں۔‘‘

(ازالہ ص۵۰۲، خزائن ج۳ ص۳۶۹)

ان حدیثوں کی تحریف کرنے میں تو یہودیوں کی بھی ناک کاٹ ڈالی۔ ذرا غور کریں اور داد دیں کہ رسول اللہ ﷺ تو قسم سے فرماویں کہ عیسیٰ ابن مریم رسول اللہ نبی اللہ اتریں گے اور یہ کہیں کہ نہیں اس سے غلام احمد بن غلام مرتضیٰ مراد ہے۔ پھر کہاں دمشق کا منارہ شرقی اور کہاں کادیان کی مسجد کا منارہ، کہاں ان کا زرد کپڑے پہنے ہوئے اترنا، کہاں سدا بیمار رہنا، کہاں دو فرشتے، کہاں نور الدین اور احسن امروہی، کہاں مسیح دجال جس کے ماتھے پر ’’ک ف ر‘‘ کا نوشتہ اور اس کا یک چشم ہونا، کہاں پادریوں کا گروہ اور آج کل یورپ اور امریکہ کے لوگوں کا حال۔ کیا یہ اسلام ہے یا الحاد معارف ہیں یا تحریفیں الہام ہے یا اوہام یا رسول اللہ ﷺ کے فرمان کی تابعداری ہے یا من کے ڈھکوسلوں کی۔ بتلایئے کہ خلفاء راشدین یا اصحاب رسول اللہ ﷺ یا تابعین یا تبع تابعین یا سلف خلف میں سے کسی مسلمان نے آج تک ان حدیثوں کے ایسے معانی کئے ہیں یقیناً یہی کہو گے کہ نہیں۔ بلکہ بالاتفاق کل اہل اسلام عیسیٰ ابن مریم کے دمشق میں شرقی منارہ کے پاس زرد کپڑے پہنے ہوئے دو فرشتوں کے بازوؤں پر اترنے کے قائل ہیں۔ پھر آپ ہی فتویٰ دیں کہ کل اہل اسلام کے برخلاف چلنے والا کون ہے۔ بے شک یہ لوگ ان میں سے ہیں۔ جن کی بابت اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ’’یسمعون کلام اللہ ثم یحرّفونہ من بعد ما عقلوہ وھم یعلمون (البقرہ:۷۵)‘‘

۱۳...... علامات قرب قیامت سے قرآن شریف میں جو دابۃ الارض کا ذکر ہے جو بالاتفاق کل اہل اسلام میں ایک خاص معین دابہ ہے۔ وہ اس کی یوں تحریف کرتا ہے کہ مراد اس سے علماء ظاہر ہیں۔

''ہم ایک گروہ دابۃ الارض کا زمین میں سے نکالیں گے وہ گروہ متکلمین کا ہوگا جو اسلام کی حمایت میں تمام ادیان باطلہ پر حملہ کرے گا یعنی وہ علماء ظاہر ہوں گے۔''

(ازالہ ص۵۰۳، خزائن ج۳ ص۳۷۰)

یہ عقیدہ بھی جمہور اہل اسلام کے خلاف ہے۔

۱۴...... ایسا ہی سورج کا چڑھنا مغرب سے اور توبہ کا دروازہ بند ہونا جو شروع میں وارد ہے اور مسلمانوں کا اس پر ایمان ہے اس کی یہ تحریف کی ہے کہ طلوع آفتاب ظہور نور صداقت ممالک مغربیہ میں ہے۔

ازالہ میں: ''اس عاجز پر جو ایک رویا میں ظاہر کیا گیا وہ یہ ہے جو مغرب کی طرف سے آفتاب کا چڑھنا یہ معنی رکھتا ہے کہ ممالک سے مغربی جو قدیم سے ظلمت کفر وضلالت میں ہیں، آفتاب صداقت سے منور کئے جاویں گے اور ان کو اسلام سے حصہ ملے گا۔''

(ازالہ ص۵۱۵، خزائن ج۳ ص۳۷۶، ۳۷۷)

اور توبہ کے دروازہ بند ہونے کی یہ تحریف کی ہے کہ بعض لوگوں کے دل سخت ہو جائیں گے اور توبہ کی توفیق نہیں دی جائے گی۔ ''وہی لوگ اسلام سے محروم رہ جائیں گے جن پر دروازہ توبہ کا بند ہے یعنی جن کی فطرتیں بالکل مناسب حال اسلام کے واقع نہیں توبہ کا دروازہ بند ہونے کے یہ معنی نہیں بلکہ مطلب یہ ہے کہ ان کے دل سخت ہو جائیں گے اور ان کو توبہ کی توفیق نہیں دی جائے گی۔'' (ازالہ ص۵۱۷، خزائن ج۳ ص۳۷۸)

یہ عقیدہ بھی رسول اللہ ﷺ سے لے کر آج تک کسی مسلمان کا نہیں۔

۱۵...... <u>لیلۃ القدر سے انکار:</u> جس کا ذکر قرآن مجید میں ہے: ''رات مراد نہیں بلکہ وہ زمانہ مراد ہے جو بوجہ ظلمت رات کا ہمرنگ ہے اور نبی یا اس کے قائمقام مجدد کے گزر جانے سے ایک ہزار مہینہ کے بعد آتا ہے۔'' (فتح اسلام ص۵۴، خزائن ج۳ ص۳۲)

یہ عقیدہ بھی تمام اہل اسلام کے برخلاف ہے۔

۱۶...... <u>ملائکہ کا آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے کا انکار:</u> توضیح المرام میں ''آیہ متضمن ذکر سجدہ میں بابا آدم کی طرف سجدہ کرنا مراد نہیں بلکہ ملائک کا انسان کامل کی خدمت بجالانا اور اس کی اطاعت کرنا مراد ہے۔'' (توضیح المرام ص۴۹، خزائن ج۳ ص۷۶)

۱۷...... ازالہ میں ہے: ’’پیشین گوئیوں کے سمجھنے کے بارے میں انبیاء سے بھی امکان غلطی ہے تو پھر امت کا کورانہ اتفاق یا اجماع کیا چیز ہے۔‘‘ (ازالہ ص۱۴۱، خزائن ج۳ ص۱۷۲)

یارو کوئی بھی منصف ہے، انبیاء سے غلطی کا امکان، تمام امت کا اجماع واتفاق اندھا اور ناچیز۔ مرزاجی کا جو الہام ہے وہ قطعی اور یقینی: ’’**ومن اظلم ممن افتری علی اللہ کذبا او قال اوحی الیّ ولم یوح الیہ شئ**‘‘ اب انصاف دیجئے کہ کلام الٰہی کے معارف وحقائق ودقائق وباریکیاں سمجھنے والے رسول اللہ ﷺ تھے یا مرزا۔

اب آپ سلف صالحین میں سے کسی ایک کا نام لیجئے جس کے ایسے عقائد ہوں جیسے مرزا کے یا کسی ایک مسلمان نے حدیثوں کے ایسے معانی کئے ہوں جیسے مرزا نے کئے ہیں۔ ضرور کہو گے کہ رسول اللہ ﷺ سے بڑھ کر اور کون کلام الٰہی کو سمجھنے والا ہے اور بعدازاں صحابہ واہل بیت رضی اللہ عنہم بعدازاں تابعین وتبع تابعین رحمہم اللہ علیہم اور یہ بھی ضرور کہو گے کہ کسی مسلمان کا ایسا عقیدہ نہیں اور نہ کسی نے ایسے معانی قرآن وحدیث کے کئے ہیں تو پھر مرزا سب اہل اسلام کے مخالف ٹھہرا۔

پس بموجب آیت قرآن شریف: ’’**ومن یشاقق الرسول من بعد ما تبین لہ الہدیٰ ویتبع غیر سبیل المؤمنین نولہ ما تولّٰی ونصلہ جہنم وساء ت مصیراً** (النساء:۱۱۵)‘‘ ترجمہ: جوکوئی برخلاف کرے رسول کے پیچھے اس کے کہ ظاہر ہووے واسطے اس کے ہدایت اور پیروی کرے غیر روا مسلمانوں کی متوجہ کریں گے ہم اس کو جدھر متوجہ ہوا ہے اور داخل کریں گے ہم اس کو دوزخ میں اور بری ہے جگہ پھر جانے کی اور بموجب حدیث رسول اللہ ﷺ: ’’**من احدث فی امرنا ہذا ما لیس منہ فہو رد**‘‘ ترجمہ: جو نئی بات نکالے ہمارے اس دین میں جو اس میں سے نہیں ہے پس وہ بات رد ہے۔

اب آپ ہی اپنے دل سے فتویٰ دے لیجو۔

وما علینا الا البلاغ!

الراقم: عبداللہ کاتب امرتسری

✡ ✡ ✡

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

الفرقان بین وحی الرحمن و وحی الشیطان

بالادلة والبرهان

وهو النجم الثاقب

جناب ملّا عبدالرشید رشد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمدللہ الذی ھدانا لھٰذ وما کنا لنھتدی لولا ان ھدانا اللہ لقد جاء ت رسل ربنا بالحق والصلوٰۃ والسلام علٰی رسولہ محمد ...... لراشدین المھتدین لھدایۃ الحق.

پیدائش، بچپن، جوانی سے لے کر بڑھاپے تک سے بدوں قصد کے متأثر ہوتا رہتا ہے۔ اس کے تمام کام اور عادتیں اور حالات انہیں لوگوں سے ملتے جلتے ہوتے ہیں جن میں وہ پرورش پاتا ہے۔ یہ دنیا ایک تعلیم گاہوں کے مجموعہ کا نام ہے جن کا چھوٹے سے چھوٹا مکتب ماں کی گود ہے اور بڑی سی بڑی درس گاہ تمدن کا وہ اعلیٰ سے اعلیٰ یہ ہے جس پر نوع انسان کی ترقی کے جلوے نظر آرہے ہیں۔ القصہ کوئی طبقہ کوئی فرد کوئی قوم آئین، ضروریات، دماغی تخیلات، معلومات میں اپنے اسلاف سے مستغنی نہیں ہوسکتی۔ کوئی کام ایسا نہیں ہے جس کے موجد نے موجودات عالم سے اور دنیا کے گزشتہ مقنین سے اور موجد حقیقی کے کاریگروں سے سبق حاصل کئے بغیر اس کو پورا اور کامل کردیا ہو اور نہ کوئی ایسی شئے ہے کہ جس کے کمال کا دعویٰ کیا جاسکے اور آئندہ اس کی ترقی موقوف کی جاچکی ہو۔

یہی تدریجی اور زعمی ترقی ہے جو انسان بچپن سے بڑھاپے تک حاصل کرتا ہے اور اسی کو شخصی ترقی کہتے ہیں جو بقاء کو فناء کے سپرد کر کے الٹے پاؤں پیچھے ہٹ جاتی ہے۔ اسی طرح جماعتیں اور قومیں کی قومیں موجد اور ترقی یافتہ بن جاتی ہیں۔ کسی قوم کا کسی قوم پر خواہ کتنا ہی حق تربیت وتعلیم ہو مگر دنیا میں استقلال پسندی کی دھن نے کبھی کسی قوم کو یہ موقع نہیں دیا کہ وہ اپنے ایجادات اور معلومات کی پیشانی پر گزشتہ تاریخی اور تمدنی احسانات کو جو اس نے دوسری قوموں سے حاصل کئے ہیں۔ بطور یادگار نصب کرے اور اپنی خود پسندی سے باز آئے۔ ہر شخص اس کی دھن میں لگا ہوا ہے کہ اپنے نام کا سکہ رائج کرے۔ ہر قوم اسی فکر میں ہے کہ دوسرے میرے محتاج رہیں اور میں سبکی سرتاج بنوں۔ خوش قسمت قوموں کو اس کی تدابیر میں کامیابی ہوتی ہے اور بدنصیب قومیں برباد اور فنا ہوجاتی ہیں۔ ان تجارب کی تدریجی ترقی کے تصادم کی بناپر خداوند عالم نے مذہب کو وحی اور الہام کے ذریعہ ایسے اشخاص پر نازل فرمایا جو اپنے ارادہ میں نہایت مستقل ہوں اور آس پاس کی سنی سنائی باتوں سے متأثر نہ ہوں۔ حقیقت شناس دماغ اور آنکھیں رکھتے ہوں، ظلمت میں نور اور گمراہی میں ہدایت پھیلانے کے لئے ایک غیر مرعوب

صاحب سطوت دل رکھتے ہوں، مصائب جھیلنے کے لئے خوشی سے تیار ہوں۔ حسن وقبح کے امتیاز کے لئے ان کے پاس ایسی معتدل حس ہو جس کو کوئی قوت باطل نہ کر سکے۔

حقوق شناسی خالق ومخلوق کے مراتب کی واقفیت میں کامل بصیرت رکھتے ہوں۔

غرض کہ ایسے اوصاف سے متصف ہوں جو ممکن سے ممکن انسانی وجود کے لئے قدرت نے تجویز کر دیئے ہیں تا کہ کسی قسم کی کمی یا زیادتی شریعت میں نہ ہونے پائے۔ یہی عصمت ہے جس کی وجہ سے انبیاء معصوم کہلاتے ہیں اور اس کی اطمینان کی بناء پر ہم کو قطعی حکم دے دیا گیا ہے کہ ہم ان کے احکام کے ماننے میں ہرگز تأمل نہ کریں۔

ہماری دنیاوی ترقی اور خیالات کا تصادم اور ادبار اور اقبال ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ جس شئے پر ہمارے ہستی کے نتیجہ کا دارومدار ہو جس کو عقبیٰ کہتے ہیں اسے اپنی رائے سے معرض تلف نہ بنائیں اور نجات کے حصول کے لئے خدا اور رسول کے بتائے ہوئے احکام کو بدوں کسی شخصیت کے مان لیں اور اپنی عقبیٰ نہ بگاڑیں۔

دنیوی استقلال پسندی کو مذہب میں دخل نہ دیں، سلف کے احسانات کو فراموش نہ کریں۔ ان کے جھنڈے اکھیڑ کر اپنے نام کے علم بلند کرنے سے باز آ جائیں۔ ایسا نہ ہو کہ جس طرح دنیوی ترقیاں کشمکشیں قوموں کی بربادی کا باعث ہوئیں اور ہو رہی ہیں یہ مذہبی کشمکش ہماری ہلاکت کا سبب نہ ہو جائیں۔

ختم نبوت ہوئی اور ایک ایسے شخص کی مبارک ذات پر ہوئی جو بالکل امی تھا اور اپنے خیالات میں ایسا مستقل تھا کہ ایک مستقل شریعت اس پر نازل ہوئی اور دنیا نے اس بات کو مان لیا کہ واقعی یہ اس تدریجی ترقی اور سنی سنائی باتوں کے مجموعہ کا نام نہیں ہے۔ اکتساب کی چاشنی نہیں ہے بلکہ یہ ایک ایسا نور ہے جو کفر اور شرک کے گھٹاٹوپ اندھیرے میں رہ کر وحدانیت کے مستقل استمداد سے پرورش پاتا رہا اور یکایک دنیا میں جاء الحق وزهق الباطل (الاسراء:۸۱) کی عالم تاب شعاعیں دکھلا کر ''لا اکراه فی الدین قد تبیّن الرشد من الغیّ (البقرة:۲۵۶)'' کا اعلان کر دیا۔ اس کے بعد یہ استقلال تو اب تک نہ کسی کو نصیب ہوا اور نہ ہوگا۔ مگر کیا کیا جائے استقلال پسندی کی دھن مذہبی رنگ میں جلوہ افگن ہے۔ ان ہی نبی ﷺ امی کی جانشینی کے نام سے خود پسند اشخاص لوگوں کو اپنا کرنا چاہتے ہیں اور اسی کے پیارے نام کی نسبت سے پھر اعراض بھی کرتے ہیں اور اسی کو اپنے لئے ننگ وعار بھی جانتے ہیں۔

قرآن مجید کی آیات اور احادیث کی تاویلات سے فائدہ اٹھا کر مسند نبوت چھیننے کی فکر میں ہیں۔ یہ دھوکہ واضح ہو چکا ہے۔ یہ دنیاوی تدریجی اور اکتسابی ترقی نہیں ہے جو کوشش کرنے سے حاصل ہو جائے گی۔ ’’ذٰلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء واللہ ذوالفضل العظیم (الجمعہ:۴) قل انّ الذین یفترون علی اللہ الکذب لا یفلحون متاع فی الدنیا ثم الینا مرجعھم ثم نذیقھم العذاب الشدید بما کانوا یکفرون (یونس:۶۹،۷۰)‘‘

ایں سعادت بزور بازو نیست گر نہ بخشد خدائے بخشندہ

اسلام کی ہدایات کے اقتباسات کلام مجید کی آیات کے عمومی دلالات پڑھتے پڑھتے دریائے وحدت میں اگر کوئی صوفی غرق ہو کر انا الحق بول اٹھے تو کیا یہ بھی ممکن ہے کہ قرآن مجید کی آیتیں معمولی تغیر کے ساتھ کسی کے ذہن میں آئیں اور وہ انہیں پڑھ کر انا النبی لا کذب کا نعرہ لگانے لگے۔

اور ہم بھی ایسے بھولے بھالے بن جائیں کہ اپنی تیرہ سو سال کی ختم نبوت کو ان پریشان خوابوں کی نذر کر دیں۔ اگر واقعی ہم مسلمان ایسی ہی ختم نبوت کے قائل تھے کہ ہر کہ ومہ ہمیں دو چار شعبدہ یا دو ایک قول آیتیں سنا کر ہمیشہ کے لئے اپنا بنا لے تو ’’وائے برحال ما۔‘‘

اگر آج ہم قرآن مجید پر عبور رکھتے ہوتے تو ہمیں ایسے دھوکے قرآن مجید میں کون دے سکتا تھا:

حسرت پہ اس مسافر بے کس کی روئیے جو تھک گیا ہو بیٹھ کے منزل کے سامنے

اے خدائے واحد کے ماننے والے مسلمانو! نبی امی فداہ ابی وامی کے نام لیوا اس کی نسبت کو فخر سمجھنے والے بھائیو! خدا کے لئے اپنی آنکھیں کھولو۔ اپنی محنت کو رائیگاں نہ کرو اور ان بے اصل باتوں پر اپنے دین کو نہ بگاڑو۔ تم کو اگر تحقیق کا شوق ہے تو پہلے عربی پڑھو، لغت اور علم ادب سے واقفیت حاصل کرو اور جو کچھ تمہیں کرنا ہو سمجھ کر کرو، کسی کام میں جلدی نہ کرو، نئی کے پیچھے پرانی کو نہ کھو بیٹھو۔ ورنہ بجز پچھتانے کے کچھ حاصل نہ ہوگا۔

قرآن مجید کی آیتوں کی تاویلات اور اس کے استدلال مسلمان ہونے کے لئے کافی نہیں کیوں کہ دنیا میں مسلمانوں کے تہتر فرقوں میں کوئی فرقہ بھی ایسا نہیں ہوا۔ جس نے قرآن مجید سے ظاہر میں انکار کیا ہو۔ قرآن مجید سے استدلال کی وجہ یہ ہے کہ اس کو مسلمان بالاتفاق مانتے ہیں اور اس کے ذریعہ سے جو دعویٰ کیا جاتا ہے۔ اس کے انکار کی ہمت نہیں

ہوتی کیونکہ یہی ایک ایسی کتاب ہے جس کے پڑھنے اور لکھنے والوں نے اس کے ایک ایک لفظ کو محفوظ رکھا ہے اور خدا نے بھی اس کی حفاظت کا ہمیشہ ہمیشہ کے لئے وعدہ فرمالیا ہے، اس کا منکر کافر سمجھا جاتا ہے۔ ہر مدعی کو یہی فکر ہوتی ہے کہ جس طرح ہو قرآن مجید کے مختلف المعنی الفاظ سے فائدہ حاصل کیا جاوے۔ اس لئے الفاظ کے معنی کرنے میں کبھی بیضاوی تلاش کی جاتی ہے اور کبھی کمزور سے کمزور سند کی حدیث ہی کافی سمجھی جاتی ہے اور جب دوسروں سے دلیل کا مطالبہ کیا جاتا ہے تو یہ کہتے ہیں کہ ہم قرآن مجید کے سوائے کچھ نہیں مانتے۔

قرآن مجید کی شان میں ہے: ’’**لا یاتیه الباطل من بین یدیه ولا من خلفه تنزیل من حکیم حمید** (فصلت:۴۲)‘‘ گمراہی اس کا کچھ بگاڑ نہیں سکتی یہ ایک حکمت اور اوصاف والے خدا کے پاس سے اتارا گیا ہے۔

ہر مدعی نے اس سے سند لی اور اس کی مختلف زبانوں میں ترجمہ کئے۔ مفتری ومدعی اشخاص نے ممکن سے ممکن کوششیں اس کے معانی کی تحریف میں کیں۔ مگر اس کا بال تک بیکا نہیں ہوا اور یہ جوں کا توں محفوظ چلا آتا ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ یہی ایک سب سے بڑا معجزہ ہے جو تیرہ سو برس سے قائم ہے اور اسی کے مقابلہ میں اس جیسے کلام لانے کا مطالبہ کیا گیا اور بڑے زوردار الفاظ میں یہ دعویٰ قرآن مجید کے مختلف صفحات پر نظر آتا ہے جس نے ہر مدعی کے بند ڈھیلے کر دیئے۔ عرب العربا شرم کے مارے پسینے پسینے ہوگئے مگر سورہ تو سورہ آیت بھی نہ لا سکے۔ یہ مطالبہ خدا کا ہمیشہ اور قیامت تک اسی شان وحرمت سے قائم ہے۔ ہندوستان کی تو ہستی ہی کیا ہے۔ اگر بڑے سے بڑا مدعی عربیت بھی قرآن کے مثل ایک آیت ہمارے سامنے پیش کرنے کا مدعی ہو تو وہ قطعاً کافر سمجھا جائے گا کیونکہ وہ اس معجزہ کو توڑنے کا قصد رکھتا ہے اور اس کو یہ سمجھنا چاہئے کہ آفتاب کے سامنے ٹمٹماتا چراغ نہیں جل سکتا کیونکہ ’’**لا یاتیه الباطل من بین یدیه ولا من خلفه تنزیل من حکیم حمید** (فصلت:۴۲)‘‘ حق اور باطل جمع نہیں ہوسکتے، ختم نبوت ہوچکی، اب نبوت کیسی۔ دو تلواریں ایک میان میں نہیں رہ سکتیں۔ اسی طرح رسول اللہ ﷺ کی رسالت کے بعد کسی کی رسالت کی ضرورت نہیں۔ اگر کوئی مدعی ہو تو آیات شریفہ سے ثابت کرے۔ ایک لفظ کی بھی تاویل نہیں کی جاوے گی یا تو ہم یہودی بن جاویں گے یا ہمارا مقابل۔ **وآخر دعوٰنا عن الحمدللہ رب العالمین!**

خاکسار: عبداللہ رشید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صدائے موریشس

مدد دین کی فرض ہے دین والو
تعصب کو للہ دل سے نکالو
گلے مل کے[1] جلدی یہ جھگڑے مٹا لو
خدا کے لئے اپنی حالت سنبھالو
امانت[2] ہے پلے میں کھلنے نہ پائے
کہیں اس صداقت پر دھبہ نہ آئے
نہیں تو برا[3] وقت ہے آنے والا
تصادم[4] نے دیکھو تمہیں پیس ڈالا
یہ اسلام کی سب سے پہلی صدا ہے
کہ فطرت[5] میری ایک طرفہ ادا ہے
بری سب کی شرکت سے تو اے خدا ہے
کہ موجود ہے اور سب سے جدا ہے
تو ہے عرش پر جیسے تو نے کہا ہے
تیری ذات پاکیزہ از افترا ہے
علیم اور قادر ہے موجود ہے تو
تو حیّ اور قیّوم و معبود ہے تو
ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا
کوئی تیری وحدت میں حصہ نہ لے گا
مقدر ہے اجال و ارزاق کا
نہیں تجھ کو کھٹکا کچھ انفاق کا
حوادث کی تسبیح دن رات ہے
تو خلاق ارض والسمٰوات ہے
حقیقت کو تیری بھلا کیسے جانیں
جو تو نے کہا ہے اسے کیوں نہ مانیں
تو ہے متصف سب کمالات سے
مبرّہ ہے تو نقص و آفات سے

۱؎ ’’واعتصموا بحبل اللہ جمیعاً ولا تفرّقوا (آل عمران:۱۰۳)‘‘

۲؎ ’’انا عرضنا الامانۃ علی السمٰوٰت والارض والجبال فابین ان یحملنھا واشفقن منھا و حملھا الانسان (الاحزاب:۷۲)‘‘

۳؎ ’’واذا ارادااللہ بقوم سوءً فلا مردّلہ (الرعد:۱۱)‘‘

۴؎ ’’ولا تنازعو فتفشلو وتذھب ریحکم (الانفال:۴۶)‘‘

۵؎ ’’فطرت اللہ التی فطرالناس علیھا لا تبدیل لخلق اللہ ذلک الدین القیّم (الروم:۳۰)‘‘

تیری ذات و اوصاف[1] سب سے نرالے
بڑی شان ہے تیری اے شان والے
ہمیں کیا خبر تھی کہ قرآن کیا ہے
ہے توحید کیسی اور ایمان کیا ہے
وہ ختم رسل زیب قصر نبوت
مکمل ہوا جن سے دین اور حکمت
جنہیں بھیج کر ہم کو اپنا بنایا
بھٹکتے تھے ہم تو نے رستہ بتایا
بڑی شاہرہ سے ہمیں جا لگایا
مصیبت سے رہزن کی ہم کو چھڑایا
نہ محتاج رکھا کسی دوسرے کا
بیان کردیا فرق اچھے برے کا
فیا رب صلّی علٰی المصطفیٰ
نبی الھدیٰ خیر کل الوریٰ
و علٰی اٰلہ بعدہ ما اتٰی
زمان باحوالہ وانقضیٰ
و اصحابہ من بھم مھتدیٰ
سلام علٰی من لھم اقتدیٰ
ہمیں تو نے آپس کے حق بھی جتائے
محبت کے آئین سارے بتائے
حکومت کے جو حق تھے ہم سب پہ لازم
ہمیں ان سے واقف کیا اور عالم
وفا کا سبق ہم کو ایسا پڑھایا
توفی[2] کے معنی بھی تکمیل لایا
دغا کا خیال اور محمدؐ کی امت
پناہ اس سے یا رب یہ کیسی ہے تہمت
محمدؐ کی احمدؐ سے تفریق کیسی
غلام[3] اور احمد میں تطبیق کیسی

۱؎ ''لیس کمثلہ شئ وھو السمیع البصیر (الشوریٰ:۱۱) ''جس طرح اس کی ذات باوجود موجود ہونے کے موجودات سے مشابہت نہیں رکھتی۔ اسی طرح اس کے اوصاف تمام ثابت ہیں اور مخلوق کے اوصاف سے انہیں کسی قسم کی مشابہت نہیں ہے۔ کسی صفت کی حقیقت معلوم نہیں ہوسکتی جب تک کہ اس کے موصوف کی حقیقت سے آگاہی نہ ہو اور چونکہ خداوند عالم کی حقیقت نامعلوم ہے اس لئے بدوں علم کے صفات یا ذات کے متعلق کسی قسم کی رائے دینا یا تاویل کرنا اور اپنے آپ کو 'تقولون علی اللہ ما لا تعلمون'' کا مصداق بنانا نافہمی اور انکار آیات قرآنی ہے۔

۲؎ توفی کے معنی بوضاحت آگے آئیں گے۔

۳؎ مقصد یہ ہے کہ احمدؐ اور محمدؐ کے ایک ہونے کی دلیلیں واضح طور پر موجود ہیں جن کی تفصیل آگے ہوگی اور احمدی بن کر سیاسی پہلو سے موقع کو غنیمت جان کر محمدیوں کو بدخواہ اور اپنے کو خیرخواہ ثابت کرنا ایک دھوکہ ہے جس کو روشن خیال اشخاص خود سمجھ لیں گے۔ غلام احمد یا غلام محمد یا غلام رسول ان کا مطلب یہ ہے احمد کا غلام، محمد کا غلام، رسول کا غلام۔ جس طرح عبداللہ کے معنی ہیں اللہ کا بندہ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

غلامی میں احمد کی جس کی ہو بسر
بدل کر جنم پھر بنے وہ بشر
یہ کیسا جتن ہے یہ آواز کیسی
یہ تبلیغ کیسی یہ پرواز کیسی
یہ ہے جشن کیسا یہ کیسی ہے محفل
کوئی نیم جان ہے کوئی نیم لبسمل
جو خود ڈوبتا ہوا بہارے گا کس کو
جو خود سو رہا ہو جگائے گا کس کو
کتاب ہدیٰ سے ہدایت نہ ہو جب
رسولؐ خدا سے وضاحت نہ ہو جب
وہ اتمام کیا تھا وہ حجت تھی کیسی
وہ اسلام کیا تھا وہ بعثت تھی کیسی
وہ قرآن کیسا جو اب تک معمّٰے
وہ فرقان کیسا جو اب تک نکمّا
وہ تفسیر کیا تھی جو معلول اب تک
وہ معروف کیا تھا جو مجہول اب تک
جوالیوم[1] اکملت قرآن میں ہے
غلط ہے کہ صحت بھی برہان میں ہے
کتاب اس[2] لئے تھی کہ واضح مطلب
غرض تھی رسالت سے تبین مشرب
کلام خدا میں نہ تھی اعجمیت[3]
مفصل مبیّن تھی اس کی ہر آیت
وہ نازل ہوا تھا عرب کی زبان میں
فصاحت میں جو فرد تھی اور بیان میں
وہ تھا نظم ومعنی میں بے مثل و یکتا
نہ کیوں ایسا ہوتا کلام خدا تھا
تلاوت بھی تھی اس کی اتمام حجت
نہ تھی اس میں تاویل کی کچھ ضرورت

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) اور یہ دونوں الگ الگ ہیں بندہ جس طرح خدا نہیں ہوسکتا اسی طرح غلام بھی احمد نہیں ہوسکتا کیونکہ یہ خود اس کا تسلیم کردہ امر ہے کہ میں احمد کا غلام ہوں تو جس کے وہ غلام تھے اس کا نام وہ خود احمد تسلیم کر چکے ہیں۔ اب اس سے زیادہ احمد کے بیان میں کیا وضاحت ہوسکتی ہے۔ یہ اقرار تو تمام عمر نام کے ساتھ منضم ہوگیا ہے کسی طرح کسی ترکیب سے جدا نہیں ہوسکتا۔

۱؎ ’’الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی (المائدہ:۳)‘‘

۲؎ ’’وانزلنا علیک الکتاب تبیاناً لکل شئ وھدی ورحمة (النحل:۸۹)‘‘

۳؎ ’’ولو جعلناہ قرآنا اعجمیاً لقالو لولا فصلت اٰیتہ (فصلت:۴۴) وانہ لتنزیل رب العالمین نزل بہ الروح الامین علٰی قلبک لتکون من المنذرین بلسان عربی مبین وانہ لفی زبر الاوّلین او لم یکن لھم اٰیة ان یعلمہ علماء بنی اسرائیل (الشعراء:۱۹۲تا۱۹۷)‘‘

دلیل اس کی ہے اتل[۱] ما اوحی
ہیں کثرت سے آیات قرآن میں
تمیز ان سے ہوتی ہے اچھے برے کی
وہ حق اور باطل کی فرقان ہیں
یہی تھا حقیقت میں شارع کا منشا
اسی واسطے شرط ہے اس بیاں میں
خلیل خدا سے[۲] جو سورت ہے منسوب

وللمؤمنین شفاء ھی
جو ہیں اپنے دعویٰ کے برہان میں
کسوٹی ہیں بے شبہ کھوٹے کھرے کی
ہدایت ضلالت کی میزان میں
کہ شبہ نہ ہو فہم ومعنی میں اصلا
کہ ہو وہ مبلغ کی فطری زباں میں
اسے دیکھئے گر صداقت ہو مطلوب

۱؎ ''اتل ما اوحیٰ الیک من کتاب ربک لا مبدل لکلمٰتہ (الکھف:۲۷) الرٰ کتاب احکمت اٰیاتہ ثم فصلت (ھود:۱) '' قرآن کی تمام آیتیں محکم اور مفصل ہیں۔

تلاوت: ''انّما امرت ان اعبد رب ھذہ البلدۃ الذی حرمھا ولہ کل شئ وامرت ان اکون من المسلمین وان اتلوا القرآن فمن اھتدی فانما یھتدی لنفسہ ومن ضل فقل انما انا من المنذرین (النمل:۹۱،۹۲) '' خداوند عالم نے کفار کو قرآن مجید پڑھ کے سنانے کا حکم فرمایا اور اس قسم کی آیتیں قرآن مجید میں بھری ہوئی ہیں۔ جھگڑوں اور نزاعوں میں اسے سند میں پڑھ کے سنانے کے لئے کہا مرادیں اور تاویلیں قرآن شریف میں شامل نہیں ہیں۔ یہ کہنا کہ اس آیت سے مراد مسیح علیہ السلام ہیں دعویٰ بلا دلیل ہے۔ دلیل کی صراحت قرآن سے ہونی چاہئے۔ مسیح خود مدعی ہیں اور مدعی کا قول سند میں ہم نہیں مان سکتے۔ کسی آیت کی تخصیص جب تک آیت سے نہ ہوگی کبھی نہیں مانی جاوے گی بالخصوص عقائد میں۔

۲؎ ''وما ارسلنا من رسول الا بلسان قومہ لیبین لھم فیضل اللہ من یشاء ویھدی من یشاء (ابراھیم:۴) '' قرآن مجید کی تلاوت سند کے لئے کافی ہے جو عربی سے پوری واقفیت نہ رکھتے ہوں وہ مذہب کی ضروری باتوں کے اور احکام کے پابند ہیں اور مقلد یا متبع ہیں، محقق نہیں بن سکتے۔ کسی بات کے سمجھنے کے لئے عربی کی پوری واقفیت شرط ہے۔ قرآن مجید کی تفسیر جو رسول اللہ ﷺ سے منقول ہے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور ائمہ کرام نے صحیح طور پر اس کو ہم تک پہنچایا ہے۔ اسے قرآن مجید کے خلاف کہہ کر اپنی تفسیر اور معانی کو پیش کرنا دعویٰ کے جھوٹے ہونے کی بڑی دلیل ہے۔ جس معنی یا مسئلہ پر کل سلف کا اتفاق ہو اس کا خلاف بھی کفر ہے۔

اگر صحابی یا امام سے کوئی غلطی ہوگئی ہو یا ان کو حدیث نہ پہنچی ہو تو اس کا فیصلہ اسی طرح ہوتا ہے کہ اور صحابہ اور ائمہ کی کثرت اور اتفاق کے مقابلہ میں اس کو ساقط کر دیا جاتا ہے اور ان کو حسن ظن کی بنا پر مورد ملامت نہیں بتا سکتے، کیونکہ بمقتضائے بشریت ان سے غلطی کا ہونا ممکن ہے

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

اسی سے تو موسیٰ بھی اور ابن مریم
ہوئے اپنی قومی زبانوں میں ملہم

وہ ختم رسل ہو کے مبعوث آئے
تو قومی زبان ہی میں قرآن لائے

امین تھے جو صدیوں سے اور اس کے حامل
سماء شریعت کے وہ بدر کامل

وہ اعلام امت مبشر صحابہ
بتدریج پھر وہ قرون ثلاثہ

وہ تبلیغ میں جان فدا کرنے والے
وہ ہر کام بہر خدا کرنے والے

قدم پر نبی کے قدم رکھنے والے
مصیبت میں ثابت قدم رہنے والے

تہ تیغ تھے جن کے جوہر نمایاں
کسوٹی تھی ان کی انہیں کو یہ شایاں

صداقت جو اس طرح منوا گئے ہیں
وہ اسلام دنیا میں پھیلا گئے ہیں

سب اتباع اور ان کے جو تابعین تھے
جو تبلیغ میں خود بلاغ مبین تھے

مفسر تھے جو جملہ آیات کے
محدث تھے جو سب روایات کے

جو جامع تھے ان سب احادیث کے
جو حافظ تھے اب سب اسانید کے

وہ تفسیر میں کیا نہ تھے سب سے فائق
وہ تھے قول میں اپنے کاذب کہ صادق

یہ خاموش کیوں تھے انہیں کیا ہوا تھا
یہ سوتے تھے یا ان کو سکتہ ہوا تھا

حدیثیں مدون مکمل نہ ہوتیں
اور آیات قرآن مفصل نہ ہوتیں

جو صدیوں کے بعد آج تکمیل ہوتی
تو اس دین کی واللہ تذلیل ہوتی

یہ جتنے رسالت کے اب مدعی ہیں
زمانہ میں مشہور سب اعجمی ہیں

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) اور بہت سے احتمالات میں جن کی گنجائش نہیں ہے۔ عربی کی باریکیاں ممکن سے ممکن فصاحت کے ساتھ جسے خود عرب سمجھ سکتے ہیں دوسری قوم اس میں ان کے مقابلہ پرنہیں آسکتی۔ خداوند عالم عربی میں وحی نازل کرتا تو عرب میں نازل کرتا۔ ایسے ملک میں جہاں تصدیق اور تکذیب کرنے والے وحی کے الفاظ کی خوبیوں سے ناواقف ہیں، عربی میں وحی کیسے آسکتی ہے۔ قرآن مجید بھی عربی میں ہے۔ اس کے معانی اور تفسیریں انہیں لوگوں سے منقول ہیں جن میں یہ اترا تھا اور جنہوں نے ہم سب سے زیادہ اسے پڑھا اور سمجھا۔ دوسری قوم کا شخص یا ان کے بعد آنے والا شخص خواہ عرب ہی کیوں نہ ہو فہم قرآن مجید میں ان سے نہیں بڑھ سکتا۔ اس لئے ہم جب اس سے کوئی نئی بات سنیں گے تو الفاظ قرآن مجید اور صحابہ ﷺ کی تفسیر سے اور وہ بھی صحیح اور اجماعی متفق علیہ سے ملائیں گے جب مانیں گے نہیں تو نہیں۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ہم قرآن مجید کو کافی نہیں سمجھتے بلکہ ہم جانتے ہیں کہ آج کل قرآن کے پردہ میں معانی کے اختلاف کی وجہ سے شکار کھیلا جاتا ہے۔

وحی ان پر آئی ہے ایسی زبان میں
کہ قدرت نہیں رکھتے اس کے بیان میں

زبان قادیان کی تو سب جانتے تھے
جو چیلے تھے ان کے انہیں مانتے تھے

ضرورت ہی کیا تھی عرب کی زبان کی
یہ تخصیص پھر کیوں ہوئی قادیاں کی

وہ نبیوں کا منبع وہ حکمت کا معدن
وہ ارض تہامہ وہ شام اور ایمن

وہ مصر اور وہاں ان کی تجوید دانی
وہ علمی ترقی وہ شیریں زبانی

تکلم میں ہے ان کے ایسی روانی
کہ ہر قوم نے ان کی ہے دھاک مانی

یہ کیوں اس سے محروم آخر رہے سب
زبان کے سمجھنے سے قاصر رہے سب

یہ ہیں آیتیں جو بلاغ المبین[۱] میں
نہیں ان کا منکر کوئی بھی زمین میں

جو قرآن کی تفسیر قرآن سے کیجئے
عموم اور خصوص اس کے ملحوظ رکھئے

تشابہ کو اس کے تعارض نہ کہئے
تماثل کو اس کے تناقض نہ کہئے

جو ناسخ ہو اس کو مقدم سمجھئے
جو منسوخ ہو اس کی تاریخ پڑھئے

عروس المجالس کا کیا ذکر ہے یاں
اصح الکتب سے سند لیجئے ہاں

نہ تاویل کیجئے نہ تفسیر کیجئے
جو ہو نص قطعی تو دعویٰ میں دیجئے

جو تفریق مقصد ہو فرقان پڑھئے
جو دعویٰ ہو سچا تو قرآن پڑھئے

جو الفاظ اپنے معانی بتائیں
وہی آپ ہم سب کے سب مان جائیں

[۱] بلاغ المبین میں جو آیتیں ہیں ان کو ہر مسلمان مانتا ہے اور کسی کو ان سے انکار نہیں۔ مگر ان سے وفات عیسیٰ علیہ السلام ثابت نہیں ہوتی جس طرح ’’کل نفس ذائقة الموت (العنکبوت:۵۷)‘‘ سے خداوند عالم مستثنیٰ ہے اور ’’الله خالق کل شئ (الزمر:۶۲)‘‘ سے قرآن مجید مخلوق نہیں ثابت ہوتا۔ حالانکہ خداوند عالم فرماتا ہے ’’واصطنعتک لنفسی (طٰہٰ:۴۱)‘‘ اور ’’تعلم ما فی نفسی ولا اعلم ما فی نفسک (المائدہ:۱۱۶)‘‘ یعنی باوجود خداوند عالم نے اپنے لئے نفس تجویز فرمایا ہے اور باوجودیکہ قرآن بھی شئی ہے مگر اس عام قاعدہ میں داخل نہیں ہے نہ اس کو فنا ہے اور نہ یہ مخلوق ہے۔

ایک عام قاعدہ خداوند عالم نے فرمایا ہے ’’یاایها الناس انّا خلقناکم من ذکر او انثیٰ (الحجرات:۱۳)‘‘ یعنی ہم نے سب کو مرد اور عورت سے پیدا کیا۔ پھر غور کیجئے کہ حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش اس قاعدہ کے خلاف ہوئی یا نہیں۔ اگر عام اور خاص میں تناقض ہو تو شریعت کا کوئی مسئلہ نہ ماننا چاہئے۔ اس کی تفصیل خدا نے چاہا تو مستقل اشاعت میں ہوگی۔

جو تاویل ایک لفظ کی بھی کرے گا — وہی مفتری ہے جہنم بھرے گا
کہے گا کوئی گر مراد اس سے یہ ہے — تو دعویٰ میں اپنے دلیل اس کی پڑھ دے
یہ تخصیص کیسی جو تفسیر میں ہے — یہ تحریف کیسی جو تحریر میں ہے
مقدمے بنائے نتیجے نکالے — سمجھ کر کہ ہیں سب کے سب بھولے بھالے
مگر ایک سے بھی نتیجہ نہ نکلا — بھروسہ کے قابل یہ حربہ نہ نکلا
کلام خدا میں صداقت وہی ہے — حدیثوں کی اب تک حفاظت وہی ہے
بخاری و مسلم کو سب مانتے ہیں — حدیثوں کا صراف انہیں جانتے ہیں
آئمہ کے آیت کو پہچانتے ہیں — انہیں اپنا سرتاج سب جانتے ہیں
اور اجماع کو ان کے حجت سمجھ کر — سوا اس کے لاتے نہیں اپنے لب پر
نہ منکر ہیں الفاظ قرآن کے — نہ قائل ہیں تحریف فرقان کے
مصدق ہیں ایمان بالغیب کے — ہمیشہ سے قائل ہیں لاریب کے
یہ سب مانتے ہیں کہ ہم خاک ہوں گے — فنا یہ زمین اور افلاک ہوں گے
جو پیدا ہوا ہے مرے گا وہ بے شک — ہے ملحد جو اس مسئلہ میں کرے شک
خود عیسیٰ[1] ابن مریم بھی آ کر مریں گے — وہ کیا کچھ ازل سے ابد تک جئیں گے
ذرا نوح کی عمر قرآن میں پڑھئے — جو ہے سورۂ عنکبوت اس کو رٹیئے
پچاس اور[2] نوسو کی تصریح لیجئے — نعمّر ننکّس کی تفسیر کیجئے
وہ قادر ہے جتنی جسے عمر دے دے — وہ خالق ہے قوت جسے چاہے بخشے

[1] حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی عمر ہمارے حساب سے چاہے کتنی ہی کیوں نہ ہو جائے مگر جس جگہ وہ ہیں حوادث کے اثرات سے محفوظ ہیں اور ایک نہ ایک روز یہ آ کر مریں گے اور اس عام حکم میں اسی طرح وہ بھی داخل ہیں۔ عرصہ تک زندہ رہنے سے خدا کی شرکت لازم نہیں آتی۔ یہ آیتیں یہ نہیں بیان کرتیں کہ زیادہ دن تک کوئی زندہ نہیں رہ سکتا بلکہ اس میں ہے کہ ایک نہ ایک دن سب مریں گے اور اس کو سب مانتے ہیں اور اگر آپ وہی مطلب سمجھتے ہیں تو استثناء کا قاعدہ رفع اور توفی سے پھر بھی ثابت ہو جاوے گا۔

[2] ''لقد ارسلنا نوحاً الیٰ قومہ فلبث فیھم الف سنۃ الّا خمسین عاما (العنکبوت:۱۴)'' حضرت نوح علیہ السلام اس قدر عمر ہو جانے پر رسالت کس طرح انجام دے سکے اور ان کے قویٰ کیوں اتنے وقت تک صحیح وسالم رہے۔

وہ کن کہہ کے جس وقت چاہے بقا دے
فناء کو بقاء اور بقاء کو فناء دے

دلیل اس کی عمران ومریم میں ہے
جو تمثیلؔ عیسیٰ وآدم میں ہے

اسی امر مقضیٰ کو آیتؔ کہا ہے
اسی کو وہاں سب پہ رحمت کہا ہے

یہ مریم کا لم یمسسؔ اس طرح کہنا
بغیاً سے پھر اس کی تصریح کرنا

یہ قرآن خود ہم کو بتلا رہا ہے
کہ ہم سے جدا ان کا نشو ونما ہے

وہ اجزا جو آتے ہیں پشت پدر سے
وہ ان میں نہیں تھے قضاو قدر سے

جو تکوین وتخلیقؔ کا مادہ ہے
کثافت لطافت میں جو واسطہ ہے

حوادث سے تھا چونکہ محفوظ رکھنا
ضروری ہوا اس کا ملحوظ رکھنا

قویٰ اس لئے ان کے ایسے بنائے
زمین آسمان سب جگہ کام آئے

یہی حالؔ تھا سب سے پہلے بشر کا
نہ تھا جو کہ محتاج مادر پدر کا

۱؎ ’’انّ مثل عیسٰی عنداللّٰہ کمثل آدم خلقہ من تراب ثم قال لہ کن فیکون (آل عمران:۵۹)‘‘

۲؎ ’’لنجعلہ اٰیۃ للناس ورحمۃ مّنا وکان امرا مقضیا (مریم:۲۱)‘‘

۳؎ ’’قالت انی یکون لی غلام ولم یمسسنی بشر ولم اک بغیّاً (مریم:۲۰)‘‘

۴؎ تحقیق سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ انسان باپ ہی کے مادہ سے بنتا ہے۔ ماں کے رحم میں صرف پرورش اور غذا حاصل ہوتی ہے۔

۵؎ حضرت آدم بھی بغیر ماں باپ کے پیدا ہوئے تھے یعنی نطفہ کا وجود تو دونوں میں نہیں تھا جس نے بغیر مادہ کے ان کی تخلیق کردی اس نے اس شبہ کو حضرت آدم کی پیدائش سے صاف کردیا کہ ماں کے رحم سے...... کا مادہ اصلی تکوین میں شامل نہیں ہوا ہے۔ حضرت آدم اس خصوصیت کی وجہ سے جنت میں رہ سکے۔ جہاں حوادث کا اثر نہیں ہے اور اس کے بعد دنیا میں آکر بسے۔ عام حکم عام رہے گا جب تک کہ اس کی تخصیص کسی دلیل خاص سے نہ ہوگی مثلاً حضرت عیسیٰ کو خدا نے اٹھایا اور ان کو پوری طرح متمتع کرے گا۔ یہ ایک عام حکم ہے۔ یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام ایک مقدس مرکب ذات کا نام ہے ان کو خدا نے اٹھایا۔ اب یہ دعویٰ کہ ان کی روح کو اٹھایا۔ یہ ایک جز کے لئے خاص ہے جس کی صراحت نص قطعی سے ہونی چاہئے۔ استنباط اور مراد سے کام نہیں چلتا۔ یہ مسئلہ قیاسی نہیں جو زمانہ بھر کی تمثیل سے سمجھ میں آسکے جس طرح خداوند عالم نے ایک عام قاعدہ ان کی پیدائش میں توڑ ڈالا وہ ہر عام سے مستثنیٰ کرسکتا ہے۔

کہ جنت میں بھی اور یہاں رہ سکے وہ ۔۔۔ اسے دیکھے قرآن میں جو پڑھ سکے وہ
یہ ثابت ہوا جملہ آیات سے ۔۔۔ کہ عاجز نہیں وہ کسی بات سے
سبق پھر ملا ان کی تخلیق سے ۔۔۔ اور آدم کی تمثیل وتطبیق سے
کہ رفع و توفی کے معنی ہیں اصلی ۔۔۔ یہ شرعی ادلہ ہیں عقلی ونقلی
رفع ہے اٹھانا توفی ہے تکمیل ۔۔۔ یہ معنی ہیں اصلی نہیں ان میں تاویل
توفی ہے دراصل تکمیل کرنا ۔۔۔ وفا فرض و وعدہ کی تعمیل کرنا
تمتع جو پورا ہوا ہے حیات ۔۔۔ ہوئی عمر پوری تو ہے وہ ممات
غرض کوئی دنیا سے گر چل بسا ہے ۔۔۔ تو ہم نے یہ اکثر ہی کہتے سنا ہے
وفا عمر نے کی نہ انسان کی ۔۔۔ مثل ہے یہ مشہور اقران کی
جو مرنے کے معنی میں لفظ وفا تھا ۔۔۔ تو انکار کس طرح آخر روا تھا
توفی کے معنی ہیں اصلی جب ایسے ۔۔۔ تو پھر موت عیسیٰ کی تعیین کیسے
صریح ایسی آیت ہو یا ہو روایت ۔۔۔ کہ ہو موت عیسیٰ کی اس میں صراحت
صحیح اس کے الفاظ و اسناد ہوں ۔۔۔ کئی ہوں حدیثیں جو آحاد ہوں
مضاف اس میں ہو موت عیسیٰ کی جانب ۔۔۔ ہو صیغہ بھی ماضی یہ ہے اس میں واجب
نہ لفظ اور معنی میں تاویل ہوگی ۔۔۔ عقیدہ میں یہ شرط تعمیل ہوگی
ہے قرآن میں موت کا لفظ بھی ۔۔۔ نہ کیوں مات عیسیٰ کی تصریح کی
یہ کیوں کس طرح کس لئے یوں اٹھایا ۔۔۔ نہ کیوں اور صورت سے ان کو بچایا
وہ خود خوب واقف ہے حکمت سے اپنی ۔۔۔ ضرورت[1] نہیں آپ کے مشورے کی
یہ مانا کہ حکمت سے خالی نہیں کام ۔۔۔ وہ مختار ہے اور دیتا ہے انجام
جو ہوں آپ بھی اس حقیقت کے عالم ۔۔۔ تو اس کی خدائی میں شرکت ہے لازم
حقیقت سے جاہل ہے خود اپنی انسان ۔۔۔ نہیں جانتا اس میں کیا کچھ ہے پنہاں

[1] ''لا یسئل عمّا یفعل وھم یسئلون (انبیاء:۲۳)'' اس کے کاموں کی پرستش اسے کوئی نہیں کرسکتا۔

قل الروح[1] من امر ربی جہاں ہے — علوم بشر کی حقیقت وہاں ہے
جو ہے ہم میں موجود اس کو نہ جانیں — چلیں اور افلاک کی خاک چھانیں
نظام زمیں را نکو ساختیم — کہ با آسمان نیز پرداختیم
یہ جنت کو کیوں سب[2] کے سب مانتے ہیں — یہ دوزخ سے کیوں لوگ یوں کانپتے ہیں

[1] ''یسئلونک عن الروح قل الروح من امر ربی وما اوتیتم من العلم الّا قلیلا (الاسراء:۸۵) ''روح کے متعلق رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا گیا تھا اس کا جواب بھی دیا گیا کہ خدا کے معاملات میں سے ہے تم اس کے سمجھنے کا جتنا علم نہیں رکھتے۔ اس لئے یہ معلوم ہوا کہ ہر بات کی وجہ اور حقیقت ہماری سمجھ میں نہیں آ سکتی۔ لہٰذا غیبی اخبارات میں اپنی عقل پر بھروسہ کر کے کسی لفظ کی تاویل کر دینا جہالت ہے۔ لفظ تاویل کے معانی اور تحقیق ان شاءاللہ! علیحدہ نظر سے گزرے گی۔

[2] بہت سے لوگ ایسے ہیں جن کو ان کی حقیقت سے انکار ہے محض اس وجہ سے کہ سمجھ میں نہیں آتیں۔ مگر آج تک تمام ان باتوں میں کوئی ایسا مستحکم اصول نظر سے نہیں گزرا جو کہ باتوں کی حقیقت سے انکار کر دیتے ہیں اور کچھ باتیں بدوں تاویل کے مان لیتے ہیں۔ باطنیہ احکام کی بھی تاویل کر دیتے ہیں اور معتزلہ اخبار غیبی کے انکار میں مشہور ہیں۔ مشکل ان کی زیادہ ہے جو قرآن مجید کے اصول پر بھی قائم رہنا چاہتے ہیں اور جہاں ان کا دعویٰ ٹوٹتا نظر آتا ہے فوراً تاویل کر جاتے ہیں۔ یہی ایک مسئلہ مستقل ہے جس کی تفصیل رد کرنا اس وقت منظور نہیں۔ صرف یہ کہنا ضروری ہے کہ جو محالات حضرت عیسیٰ کے آسمان پر رہنے میں پیش کئے جاتے ہیں وہ محض اس لئے ہیں کہ اپنی رسالت ثابت کی جائے۔ حالانکہ ان کی رسالت کے ماننے والوں کے لئے نبوت ثابت کرنا لوہے کے چنے ہی نہیں بلکہ محال ہے اور جب مرزاغلام احمد قادیانی نہیں ثابت ہوں گے تو ان کا قول حجت نہیں۔ فرشتے اور گزرے ہوئے پیغمبر مخلوق ہیں اور عبد ہیں ان کی ماہیت اور حقیقت کی بحث کی ضرورت ہی نہیں۔ مخلوق وہ ہے جو بنایا گیا اور عبد وہ ہے جو عبادت اور بندگی کے لئے بنایا گیا اور جب فرشتہ بھی عبد اور بندہ اور مخلوق ہیں تو فرشتوں کا اب تک رہنا ''الآن کما کان'' کی آیت کے خلاف ہے۔ کیونکہ یہ یہاں فرشتہ اور پیغمبر ولی روح جسم غرض سب یکساں ہے۔ جس شئے کو دوام اور ہمیشگی ہوگی وہ مخلوق ہونے کی وجہ سے شریک باری ہو جائے گی اور یہ قاعدہ ٹوٹ جائے گا۔

اصل بات یہ ہے کہ دھوکہ دہی اور بات ہے اور حق پسندی اور شئے ہے۔ شریک باری وہ ہوگا جو نعوذ باللہ! ہمیشہ سے ہو اور اس کی ابتداء سے معلوم نہ ہو اور اسی طرح ہمیشہ رہے کبھی اسے زوال نہ ہو۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تو اگر وہ ہزاروں لاکھوں برس کے بھی ہو جائیں تو یہ سب جانتے ہیں (بقیہ اگلے صفحہ پر)

یہ حشر اور نشر اور صراط اور میزان
وہ حوض اور کوثر وہ حور اور غلماں
مراد ان سے کیا ہے یہ تفصیل کیجئے
ذرا ان کی بھی کچھ تو تاویل کیجئے
یہ جنت میں عمروں کی تعیین کیسی
بقا اور پھر اس میں یہ تمرین کیسی
یہ کیسی جوانی جو ایک حد پہ دائم
وہ تقویم کیسی ہمیشہ جو قائم
سزا اور جزا جو وہاں پر ملے گی
وہ روحی ہے یا جسم پر یہ بنے گی
یہ کیا روح کھائے گی میوہ وہاں پر
کہ اجسام ہوں گے ہمارے وہاں پر
یہی جسم ہوں گے تو کیسے رہیں گے
اگر دوسرے ہیں سزا کیوں سہیں گے
جو ہوں گے تو کس شے سے آخر بنیں گے
ہمیشہ وہاں کس طرح سے رہیں گے
بڑھاپا نہ آنے کا مطلب یہ کیا ہے
وہ دن کیسے گزریں گے مذہب یہ کیا ہے
ہے موجود جنت کہ اب وہ بنے گی
یہ دوزخ ہے موجود یا اب جلے گی
وہ ایک دم میں پل پر سے گزریں گے کیسے
خدا کو وہاں آپ دیکھیں گے کیسے
وہ کیا جسم ہے جس کو ہم دیکھ لیں گے
نگاہوں سے کیا اس کو ہم گھیر لیں گے
پھر اعمال کس طرح آخر تلیں گے
اور اس موت کی کس طرح جان لیں گے
غذائیں جو کھائیں گے سب جنتی واں
کہاں جائے گی آخرش ہو کے پنہاں
زمین آسمان ہی نہ ہوں گے جب آخر
تو پھر یہ وقائع کہاں ہوں گے آخر

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) کہ وہ اس سنہ میں پیدا ہوئے تھے اور کبھی نہ کبھی مریں گے۔ اس لئے شریک باری ہونا نہیں لازم آتا اور اگر ایسے شبہ وارد کئے جائیں تو اس سے زیادہ گنجائش ان باتوں میں ہے۔ بڑھاپا آنا نہ آنا یہ سب آسانی سے سمجھ میں آسکتا ہے کیونکہ برس اور مہینہ یہ سب آسمان یا زمین کی گردش کی گنتی ہے۔ قویٰ اور اعضاء کی تحلیل بھی اسی وجہ سے ہے دنیا ہی میں رہنا خط استوائی اور سورج کے قرب اور بعد کے رہنے والوں کو دیکھ کر ہم سمجھ سکتے ہیں کہ آب وہوا اور شہروں کی وجہ سے صحت میں کتنا فرق ہو جاتا ہے اور جس جگہ یہ تمام اثرات نہ ہوں گے وہاں صحت کا ایک حالت میں رہنا کیا مشکل ہے۔ ہمارے نزدیک چاہے ان پر ہزاروں برس ہی کیوں نہ گزر جائیں مگر وہ چونکہ یہاں نہیں تھے۔ اس لئے رطوبات سے ان کے بال سفید ہو سکتے ہیں اور نہ اعضاء میں تحلیل ہو سکتی ہے جس وقت یہاں آئیں گے۔ ان کے اثرات سے متاثر ہوں گے اور سال اور مہینوں کا حساب ان پر بھی گزرنا شروع ہو جاوے گا۔ جس طرح حضرت نوح علیہ السلام پر گزرا تھا اور یہ بات اور مستفاد ہوئی ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام متاثر ہو کر بھی زندہ رہے تو وہ وہاں کیوں نہیں رہ سکتے۔

فرشتے ہیں کیا چیز کس سے بنے ہیں
وہ زندہ ہیں اب تک کہ کچھ مر چکے ہیں

اگر ہیں وہ اب تک تو شرکت ہے لازم
ہے جس طرح عیسیٰ کے رہنے سے لازم

یہ الہام لائے اسے کیسے مانیں
وحی کی حقیقت کو ہم کیسے جانیں

جو خالق ہے ہم سب کا وہ کس جگہ ہے
یہ ہم کیسے مانیں کہ وہ ہر جگہ ہے

وہ کہتا ہے میں عرش پر مستوی ہوں
مثال اور تاویل سے میں بری ہوں

اگر آپ ان سب کو سچ جانتے ہیں
حقیقت میں ممکن ہے گردانتے ہیں

شریعت نے جو کچھ بیان کر دیا ہے
ہر ایک لفظ اس کا صداقت بھرا ہے

تو عیسیٰ کے اٹھنے کو بھی مان لیں گے
خدا کی خدائی کو پہچان لیں گے

زمانہ گزرنے کا جو فلسفہ ہے
وہ افلاک کے علم کا مسئلہ ہے

زمانہ ہے نام آسمان وزمین کا
بڑھاپا جوانی ہے کھٹکا یہیں کا

یہ چکر جو ہے آسمان وزمین میں
اثر اس کا موقوف ہے بس انہیں میں

یہ سورج کی گرمی کے ہیں سب ظہورے
کہ جل جاتے ہیں یہ رطوبات پورے

ہمارے بدن کی حرارت رطوبت
یہ بیماریاں اور ہماری یہ صحت

مدار ان کا ہے سارا آب و ہوا پر
بدلنا ہی ان کا تو آفت ہے ہم پر

غرض سہتے سہتے یہ صدمے برابر
ٹھہر جاتے ہیں نشو میں حد پہ جا کر

قویٰ جیسے اسلاف کے جس میں بنیں گے
تقابل تناسب سے گھٹنے لگیں گے

بدن کی حرارت یونہی جل بسے گی
رطوبت ہر ایک عضو میں گھر کرے گی

مگر جس طرح سے کہ ایک خشک لکڑی
گلے گی سڑے گی ہری پھر نہ ہوگی

اسی طرح اعضا غذا پھر نہ لیں گے
حرارت کو اپنی فنا کر چلیں گے

بڑھاپے کی منزل یہاں ختم ہوگی
یہیں حس وحرکت بھی بے نظم ہوگی

جو ہیں روح کے راستے اس بدن میں
وہ سب بند ہو جائیں گے دم زدن میں

کھانا اور ہوا جب نہ پہنچے گی ہم میں
تو یہ جان شیریں بھی نکلے گی دم میں

مگر جس جگہ یہ حوادث نہ ہوں گے
زمین یہ نہ ہوگی ثوابت نہ ہوں گے

وہاں آپ ثابت اگر کر دکھائیں
بڑھاپے جوانی کی یہ کچھ ادائیں

تو ہم سب سے پہلے ہی بیعت کریں گے
قسم ہے خدا کی نہ حجت کریں گے

نہ مانیں گے پھر تو تکفیر کیجئے
یہودی نہیں ہم تو تشہیر کیجئے
کتاب الجنائز کو پھر^۱ دیکھ لیجئے
معانی میں اس کے تصرف نہ کیجئے
مترجم کا ہرگز حوالہ نہ دیجئے
بخاری ہے موجود پھر اس کو پڑھئے
وہ حتی کا لفظ اور رفتم کا جملہ
یہ ہے نحو کا ایک چھوٹا سا جملہ
رفع فعل ہے اور ضمیر اس کا فاعل
ہوا اپنے مفعول سے مل کے کامل
رفع کے ہیں فاعل یہاں پر صحابہؓ
جنہوں نے اٹھایا تھا مل کر جنازہ
اصح الکتب میں صراحت سے آیا
کہ سایہ تھا جب تک کہ تم نے اٹھایا
یہ اظہار واقع ہے منکر ہیں ہم کب
اٹھیں گے اسی طرح کاندھوں پر ہم سب
رسولؐ اور بخاری پہ تہمت نہ رکھئے
علاج اپنی عقل اور آنکھوں کا کیجئے
رفع کے جو معنی تھے جسمی بلندی
وہ واضح کئے خود یہ ہے عقل مندی
اصح الکتب کی کرامت ہے یہ بھی
جو جھوٹے ہوں ان کی علامت ہے یہ بھی
ہے جادو وہی خود جو سر چڑھ کے بولے
ضرورت ہی کیا ہے کوئی پردہ کھولے
اگر رفع بالفرض ہے روح کا
تو مقتول ومیت میں ہے ایک ......
بلندی وہ کیا قتل سے چل بسی ہے
جو بل^۲ کہہ کے آیت نے تردید کی ہے

۱؎ کتاب الجنائز میں اور کتاب الجہاد میں یہ حدیث آئی ہے۔ ایک میں حتی فعمو ہے اور ایک میں قیل کے ساتھ رفع مجہول کے صیغہ میں بیان کیا گیا ہے ایک تو یہ بات ہے کہ حدیث خود حدیث کی تفسیر کر رہی ہے۔ ایک میں فاعل کا ذکر نہیں۔ دوسری میں موجود ہے۔ پھر یہ کہ قتل ہو چکے تھے۔ ان کی روح اٹھ چکی تھی بیان یہ کیا گیا ہے کہ مرنے کے بعد ان کے اوپر فرشتے سایہ کئے ہوئے تھے جب تک کہ وہ اٹھائے گئے یا تم نے اس کو اٹھایا۔ اس میں یہ کہاں تک ثابت ہوا کہ رفع روح ہوا کیوں کہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے ان کا جنازہ اٹھایا اور اس وقت تک فرشتے سایہ کئے رہے اور یہ تو کسی کا دعویٰ نہیں کہ ان کی زندگی میں ان پر فرشتے سایہ کئے ہوئے رہتے تھے اور روح نکلتے وقت وہ رخصت ہوگئے۔

۲؎ مجھے افسوس ہے کہ دھوکہ دہی دیکھ کر مجھ سے ایسے الفاظ استعمال ہوئے جن کو میں پسند نہیں کرتا تھا۔ میں حقیقتاً بدظن نہ تھا مگر میں نے یہ تحریف اور دھوکہ دیکھے تو مجھے یہ یقین ہوگیا کہ حق پسندی واقعی اور شئے ہے اور اپنے دعویٰ کو بلا دلیل پیش کر کے اس کے لئے ایسی ایسی دوراز کار تار عنکبوت کی طرح دلیلیں ڈھونڈ کر نکالنی اور بات ہے۔ ''من یضلل فلا ھادی لہ'' (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

جو شے مشترک تھی اسی سے کیا رد ۔۔۔ یہ کیا قاعدہ ہے یہ ہے کون سی حد
یہ مطلق ہے اس کی نہ تاویل ہوگی ۔۔۔ یہ حجت حقیقت میں تعمیل ہوگی
یہود اس کو مانیں نہ مانیں ہمیں کیا ۔۔۔ کرے نقل وہ جو مقلد ہیں ان کا
اتانا کتاب الهدیٰ بالهدایه ۔۔۔ وافنٰی اباطیلهم بالکفایه
ولیس لنا حاجة فی هداهم ۔۔۔ یقلد همو من یشاء فی هواهم
مگر یہ تو ثابت ہوا بل رفع سے ۔۔۔ کہ قاتل تھے وہ قتل کے ہر طرح سے
وثوق اپنی قدرت پہ ان کو ہوا تھا ۔۔۔ ہر ایک طرح عیسیٰ پر قابو ملا تھا

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) اگر رفع اب روح کا مانیں تو یہ امر بھی معلوم ہوگا کہ رفع اور قتل میں منافات نہیں۔ چنانچہ صحابہ قتل کئے گئے۔ پھر بھی رفع کا لفظ ان پر بولا گیا۔ اب آیت نے قتل عیسیٰ کی نفی کے بعد بل رفع کیوں کہا۔ کیونکہ وہ تو ثابت تھا، اس کی تردید کی کیا ضرورت اور وہ بھی ایسے لفظ سے جو دونوں حالتوں میں پایا جاتا ہے۔

آپ فرماتے ہیں کہ یہود جسمی رفع کو نہیں مانتے تھے نہ یہ جانتے تھے نہ یہ ان کے نزدیک کوئی علامت نبوت تھی۔ غرض یہ ہے کہ اس کا مدعی کون ہے کہ خداوند عالم نے ان کی درخواست یا خواہش پر ایسا کیا بلکہ یہ تو اس کی حکمت تھی ان سے ان کی تمام قوتوں اور حوصلوں کو پورا کر کے بھی بچالیا۔ اتمام حجت بھی ہوگیا اور یہ کہنے کو بھی نہیں رہا کہ ہمیں عیسیٰ پر قابو نہیں ملا۔ اگر ملتا تو ضرور قتل ہو جاتے۔ ان کی ارادی قوتیں فعل میں آگئیں اور پھر بھی وہ بچ گئے۔ معجزہ اور اعجاز کا اعلیٰ نمونہ ثابت ہوگیا۔ ان کی کسی قوت کو بیکار نہیں کیا گیا۔ جس طرح قریش مکہ کے حوصلہ پورے کر کے اتمام حجت کر کے ان کو مشرف باسلام کیا یہ بات بھی قابل غور ہے کہ سولی چڑھانے کے، اردو میں دو مطلب ہیں اور یہ اردو کا ایک نقص ہے کہ مصلوب کے لئے کوئی لفظ اس میں خاص نہیں ہے۔ خیر ایسی بہت سے باتیں ہیں۔ اب سمجھنا صرف یہ ہے کہ مولوی عبدالقادر صاحب نے ترجمہ میں یہ لفظ کس غرض سے استعمال فرمایا بشرطیکہ نقل کی غلطی نہ ہو، سولی پر چڑھنا یا چڑھانا جیسے مکان سیڑھی پر چڑھنا یا چڑھانا یا حضرت عیسیٰ کا آسمان پر چڑھنا ایک تو اردو میں یہ مطلب مستعمل ہے یہ تو ''تفسیر القول بما لا یرضی قائله'' ہے کیوں کہ شاہ عبدالقادر اس کے قائل نہیں تھے اور یہ ثابت ہے۔ دوسرا محاورہ اردو کا یہ ہوگیا ہے کہ جو سولی پر اپنی جان دے چکے اس کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ سولی دیا گیا اور سولی چڑھایا گیا۔ البتہ اس کی نفی ہم بھی کرتے ہیں اور شاہ عبدالقادر نے کیا خود قرآن شریف ہی نے کی ہے۔

میں پھر ناظرین کو متوجہ کرتا ہوں کہ اردو کا ترجمہ محقق بننے کے لئے کافی نہیں ہے۔ اس میں بڑے بڑے دھوکہ ہیں۔ وما علینا الا البلاغ!

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

وہ بے کس تھے اوران کو سطوت تھی حاصل
ارادوں پہ ان کے نہ بجلی گری تھی
قویٰ اور افعال کا سامنا تھا
یہ کیا ان کی آنکھوں کو آخر ہوا تھا
یقین ان کا پھر شک سے کس طرح بدلا
صلیب ان کی کیا موم کی کچھ بنی تھے
ابھی تک تو ہم نے سنا ہے نہ دیکھا
وہ دشمن تھے اوران کے خون تک کے پیاسے
اگر زندہ رہ کر مرے ہیں کہیں اور
وہ کشمیر ہی میں اگر بھاگ آتے
اگر وہ رفع کو نہیں مانتے تھے
گواہی ہے اتنی تو قرآن میں
جو مرنے کو بالقصد پوشیدہ رکھتے
یقین تھا انہیں گر کہ عیسیٰؑ مرے ہیں
انہیں ان کا مرنا جو معلوم ہوتا
جو موت ان کی اس میں رہ کے آتی

وہ ناچار اور ان کو قدرت تھی حاصل
نہ سولی ہی کچھ ان کی جادو بھری تھی
اب اتمام حجت میں کیا رہ گیا تھا
یہ کیوں ان کی عقلوں پر پردہ پڑا تھا
یہ کیوں قتل کرنے پہ بھی دم نہ نکلا
زمانہ سے کیا ساخت میں کچھ نئی تھی
کہ سولی سے بچ کر کوئی زندہ نکلا
وہ کس طرح ان کو یوں ہی چھوڑ جاتے
تو کیا قوم بھی ان کی تھی زندہ درگور
تو کیا وہ یہودی نہ یہ جان جاتے
تو بے قتل مرنے کو کب جانتے تھے
کہ شک تھا انہیں اپنے برہان میں
تو ان کی ڈھٹائی تھی شبہ میں کیسے
تو اب تک وہ تکذیب پر کیوں تلے ہیں
تو شبہ یہ فی الجملہ معدوم ہوتا
صلیبی عقیدہ کو دنیا نہ پاتی

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) یہ جو کچھ بھی زہریلا مادہ تھا وہ سولی چڑھانے کے لفظ میں تھا جس کے دو معنی اردو میں مستعمل ہیں اور ایسی تشابہ سے ہمارے حضرت نے فائدہ اٹھایا۔ اگر عربی کے لفظ کی تحقیق منظور ہو تو نظم پڑھ کر غور کیجئے۔ آیت نے سولی کے اوپر رسی کے واسطے سے چڑہانے کی نفی نہیں کی ہے۔ یہ اردو کے ترجمہ کا دھوکہ ہے بلکہ سولی سے جان نکلنے کی نفی کی ہے جس کسی کو یہ شک تھا کہ وہی قتل ہوئے یا کوئی اوراسی میں معجزہ کا ظہور رہا کہ دیکھتی ہوئی آنکھیں، سمجھتی ہوئی عقلیں بیکار ہوگئیں اور احساس نہ کرسکیں۔ اب جو کچھ بھی ہو یہ ثابت ہوا کہ انہوں نے سولی چڑھانے کے لفظ میں جھوٹ نہیں بولا کیوں کہ اس کا خدا نے ذکر نہیں کیا اور اس میں شبہ ہو ہی نہیں سکتا یہ تو اپنے ہاتھ کا کام تھا۔ دو ہی احتمال ہیں یا تو عیسیٰ علیہ السلام کی تعیین میں انہیں شک ہوگا اور یا انہوں نے جھوٹ بولا کہ ہم نے سولی پر چڑھایا۔ حالانکہ وہ اپنی موت سے مرے ہیں۔ پہلی بات آیت سے ثابت ہے اور دوسری کا ثبوت نہیں۔

نفی رفع کی کس جگہ ہے کہاں ہے
یہ یصلب کے معنی میں یرفع کہاں ہے

ہر ایک کام ختم اس گھڑی آکے ہوگا
اثر ختم مفعول پر جب کہ ہوگا

یہ یصلب ہے فعل اور مفعول اس کا
وہ ہے جس کا دم چڑھ کے سولی پہ نکلا

اگر جان بچ جائے مفعول کی
تو نفی اس میں ہے صلب مصلوب کی

اگر نفی سولی چڑھانے کی ہوتی
تو ظن اور شبہ سے آئی نہ ہوتی

انہوں نے جو مریم پہ بہتان باندھا
تو قرآن نے اس کو عظیماً پکارا

ولکن کے بعد اس میں بہتا کہاں ہے
بجز شک وشبہ کے ایقا کہاں ہے

خدا اور عیسیٰ پہ جب جھوٹ بولا
تو ان کا خدا نے نہ کیوں عیب کھولا

مگر سچ تو یہ ہے جو واضح ہوا ہے
کہ سولی پر ان کو چڑھایا گیا ہے

نفی فعل کے ختم کی کی گئی ہے
کہ عیسیٰ کی جان یوں بچائی گئی ہے

جو وہ چاہتے تھے وہ پورا ہوا ہے
مگر ان کو عیسیٰ میں دھوکا ہوا ہے

یہ قرآن نے سب کو آ کر جتایا
کہ عیسیٰ کو ہے ہم نے اوپر اٹھایا

یہ خود مختلف تم میں جب مسئلہ ہے
تو پھر مان لینے میں کیا دغدغہ ہے

کلام خدا کو کیا رد جنہوں نے
نہ تھا ماننا اور نہ مانا انہوں نے

یہود اور اتباع جتنے ہیں ان کے
یہ تاویل ان کی ہے جتنے ہیں ان کے

یہ جتنی بھی قومیں ہوئیں پہلے برباد
ہیں جن میں سے مدین ثمود اور عاد

ہر ایک کی ہلاکت کا کیا طور تھا
یہ شان خدا تھی کہ کچھ اور تھا

کسی کو ڈبویا کسی کو دھنسایا
لوؤں کی لپٹ سے کسی کو گرایا

اسی طرح جتنے رسل ان میں آئے
جنہوں نے ان گنت صدمے اٹھائے

ہر ایک کی نجات ایک نیا معجزہ تھا
خدا کے لئے اس میں مشکل ہی کیا تھا

ہر ایک کام میں اس کے ہوتی ہے حکمت
بڑی بات چھوٹا سا منہ اور یہ جرأت

کیا ان سے ایسا تو ڈرتا تھا کیا وہ
اور ایسا نہ کرتا تو وہ دبتا تھا کیا وہ

خدا کے لئے تو سبھی شئی تھی ممکن
جو آخر ہوا تھا وہ پہلے ممکن

یہ پوشیدہ مرنے میں کیا فائدہ تھا
اور اس شک کے رکھنے میں کیا فائدہ تھا

جو اس طرز سے بھی بچایا گیا تھا
کہ دم ان کا اس دم سدھایا گیا تھا

تو دھوکہ رہا پھر بھی ہر طرح باقی — جو ہے اس کی قدرت کے بالکل منافی
رسول خدا نے یہ ہجرت ہی کیوں کی — اور اسی طرح پوشیدہ رحلت ہی کیوں کی
وہ حضرت علیؓ ان کے نائب ہوئے کیوں — یہ تھا خوف کیسا وہ غائب ہوئے کیوں
پھر اس درجہ خوف ان پر غالب ہوا کیوں — یہ غاروں میں پھر چھپ کے رہنا پڑا کیوں
وہ قادر نہ تھا کیا کہ ان کو بچاوے — اور اس قوم گمراہ کو راہ پر لگاوے
وہ کمزور تھے ان کو یوں کیوں بھگایا — اور اس قوم سرکش کو کیوں سر چڑھایا
یہ کیوں اتنے جھگڑوں کی نوبت ہی آئی — کہ کرنی پڑی ان کو برسوں لڑائی
فضول ایسی باتیں اگر لوگ چھیڑیں — مذاہب کو دنیا سے رخصت ہی کردیں
خدا اس ضلالت سے ہم کو بچائے — کہ بکنے لگیں ہم بھی جو منہ میں آئے
ذرا پہلے عیسیٰ کی تاریخ پڑھئے — تفحص سے پھر اس کے اوراق الٹئے
ترقی تھی اس وقت یونانیوں کی — زمانہ میں تھی دھوم رومانیوں کی
غرض تین قومیں تھی سطوت میں مشہور — اور اشراقیوں سے زمانہ تھا معمور
طبابت میں ان کو عروج اس قدر تھا — کہ مردوں میں بھی روح پڑنے کا ڈر تھا
جب آئے ہیں عیسیٰؑ تو یہ غلغلہ تھا — حکیموں کو اعجاز کا ولولہ تھا
علوم طبیعی کو طے کر چکے تھے — وہ علم الٰہی پہ دل دے چکے تھے
اور اس جسم خاکی کو پتلا سمجھ کر — تعلق پہ تھے نفس کے اس سے ششدر
ہر ایک شئی کی تحقیق مد نظر تھی — یہاں تک کہ خالق پہ بحث بشر تھی
نبوت کو ایک خواب وہ جانتے تھے — کچھ ایسے بھی تھے جو اسے مانتے تھے
وہ علم فلک اور ہیئت میں تھے برق — وہ تھے مادرانہ طبیعت میں تافرق
جو مشہور ہیں فلسفی آج کل کے — وہ ہیں خوشہ چیں ان کے طرز عمل کے
اثر ان کا دنیا میں پھیلا ہوا تھا — انہیں کی خدائی انہیں کا خدا تھا
کرشموں میں اس وقت عالم پھنسا تھا — یہی تھی نبوت یہی معجزہ تھا
یہ ہے سنت اللہ روز ازل سے — کہ عاجز ہوں منکر بھی طرز عمل سے
تو عیسیٰ کی خلقت بھی ایسی بنائی — جو اس فلسفی عہد میں کام آئی
جو فطرت کا مشہور ایک قاعدہ تھا — نہ ہونا ہی اس کا یہ ایک معجزہ تھا

فرشتے نے جس وقت آ کر کہا تھا
یہ عیسیٰ کا ادنیٰ سا ایک معجزہ تھا
جو بچپن میں یوں قاعدہ توڑ ڈالے
نفس[۱] سے وہ کرتے تھے مردوں کو زندہ
مرض جتنے مہلک تھے ان سے بچاتے
یہ سب اس لئے تھا کہ منکر بھی مانے
اسی طرح سے ان کا اوپر اٹھانا
لیؤمنن جو تاکید مستقبلی ہے
رہی اب دوامی تو ہے وہ اضافہ
کوئی کیوں نہ ہو اس میں سب ہیں برابر
نہیں جب کہ مرسل[۲] نبی اور معصوم

تو مریم نے خود بھی تعجب کیا تھا
جو قبل از وجود اس میں ظاہر ہوا تھا
نہ کیوں بڑھ کے وہ سب کو حیرت میں ڈالے
بناتے تھے مٹی سے جیتا پرندہ
مسیحا تھے مردوں کو زندہ بناتے
کہ خالق جسے چاہے جیسا بنائے
خدا نے کہا اور ہم سب نے مانا
وہ ماضی بنے ایسی کس نے سنی ہے
ہے کافر کرے جو کہ قرآن میں زیادہ
مسیح زمان یا کہ ہو ان سے برتر
تو اقوال کی ان کے ایک حد سے معلوم

۱؎ ''اذ قال اللہ یا عیسیٰ ابن مریم اذکر نعمتی علیک وعلٰی والدتک اذ ایدتک بروح القدس تکلم الناس فی المھد وکھلاً واذ علمتک الکتاب والحکمۃ والتوراۃ والانجیل واذ تخلق من الطین کھیئۃ الطیر باذنی فتنفخ فیہ فتکون طیراً باذنی وتبری الاکمہ والابرص باذنی واذ تخرج الموتیٰ باذنی (مائدہ:۱۱۰)''اس کے معنی نظم میں موجود ہیں۔ایک بات اس میں زیادہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے حالت شیر خواری میں کلام کیا تھا۔

لیؤمن کے معنی ماضی تو ہو ہی نہیں سکتے۔ مستقبل ہیں اور رہا کا لفظ زیادتی ہے جس کی تفسیر بیان فرماتے ہیں کہ ایمان لاتے رہیں گے۔غرض یہ کہ ہرا ہی ہرا نظر آتا ہے رسالت اپنی ثابت ہو جائے،قرآن کی تحریف ہو تو بلا سے اور اس پر طرہ یہ کہ قرآن شریف ہی سند میں مانیں گے کسی شئی کی سند نہیں لیں گے کیا خوب کہی،قرآن کو اسی طرح مانا کرتے ہیں۔

۲؎ مسیح موعود اگر نبی مرسل ہیں اور معصوم بھی ہیں تو پھر ختم نبوت کے کیا معنی رہے اور اگر نبی معصوم نہیں تو ان کے اقوال کا ماننا ضروری نہیں۔عام مسلمانوں کی طرح سے وہ بھی تمام اصول کے پابند ہیں اور اگر وہ ان اصول سے مستثنیٰ ہیں تو اس کی تفصیل اور دلیل دیجئے۔کتاب الجنائز بخاری کو پیش کیا گیا،اس سے معلوم ہوا کہ آپ ہماری ان کتابوں کو مانتے ہیں۔اس لئے ہم بھی حوالہ دیتے ہیں کہ نزول عیسیٰ علیہ السلام کی روایت کے بعد حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اس آیت کو تفسیر میں بیان کرتے ہیں۔ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

اصول آپ نے خود بیان کردیا ہے　　　جو حق تھا وہ خود ہی عیاں کردیا ہے

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) اب موتہٖ کی ضمیر قرآن میں موجود ہے، صحابی اس کے مفسر ہیں اور تواتر کے ساتھ قرآن کی تلاوت اسی ضمیر کے ساتھ ہوتی رہی ہے۔ مگر چونکہ آپ کو رسالت ثابت کرنی مقصود ہے تو بیضاوی کے دامن سے لپٹے جاتے ہیں، قرأت شاذہ بھی یہاں منظور ہے۔ دنیا ایک طرف، مگر مسیح کی مسیحیت نہ چھوٹنے پائے۔ کہو آخر اس مصیبت کی ضرورت ہی کیا ہے۔

آگے ارشاد فرماتے ہیں کہ:''**ھو الذی ارسل رسولہ بالھدیٰ (الحجرات:۲۸)**'' آیت خاص مسیح کے لئے ہے اور علماء نے مان لیا ہے۔ بھلا آپ علماء کی ماننے والے ہیں، آپ تو ماضی کو مضارع، دن کو رات کہنے پر تلے ہوئے ہیں۔ تقلیدی شکنجہ سے نکلنا چہ معنی دارد۔ محقق بن کر تقلید کورانہ پر تلے ہوئے ہیں اور وہ بھی مدعی نبوت کی۔ یہ آخر ان سب کو کیا ہوگیا۔ ماضی کو مضارع اور مستقبل کیسے مان لیا گیا۔ قرآن شریف میں اور بھی رسل کا لفظ آیا ہے اور رسول بھی تو بہت سی جگہ آیا ہے۔ پھر ان سب سے کیا مراد حضرت مسیح ہی ہیں کیونکہ ہر جگہ محمد ﷺ کا لفظ تو ہے نہیں۔ سورہ صف کی تو ایک ایک آیت میں ہزاروں پیوند لگائے۔ تمام آیتوں کا ذکر فرمایا مگر:''**فلما جاء ھم بالبیّنات قالوا ھذا سحر مبین (الصف:۶)**'' کی کوئی جناب مسیح نے تفصیل نہیں فرمائی کہ وہ جادو کہنے والے کون تھے اور جاء سے کون مراد ہے۔ کیونکہ احمد مجتبیٰ ﷺ تو اس وقت تشریف لاچکے تھے۔ البتہ احمدؐ کے غلام نہیں آئے تھے۔ شاید حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے غلام کے لفظ میں سہو ہوگیا ہو جو مضاف ہے۔ **نعوذباللہ من ذالک!**

قرآن مجید میں کہیں اور بھی نبوت کی صراحت رسول اللہ ﷺ کے واسطے سے ہوئی ہے۔ کیونکہ یہ مستقل شریعت ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل سے کہا تھا تورات ایک مستقل شریعت تھی اس کی تصدیق فرمائی تھی اور ایک مستقل شریعت کی بشارت دی تھی۔ رسول کا لفظ فرمایا جو شریعت لے کر آیا تھا۔ حضرت مسیح موعود کون سی شریعت لے کر آئے۔ البتہ صاف طور پر آپ یہ کیوں نہیں کہتے کہ دراصل یہی ہے اور انہیں کی رسالت انہیں کی شریعت تھی۔ مگر حضرت جبرئیل نے نعوذ باللہ! رسالت پہنچانے میں کسی قدر جلدی کی اور فرشتوں میں نام محمدؐ کا چونکہ احمدؐ تھا، اس لئے ان کو دھوکا ہوگیا۔ میں دعوے سے کہتا ہوں کہ کلام مجید اوّل سے آخر تک پڑھ جائے۔ اگر بصراحت بدوں تاویل اور مراد اور تفسیر اور تحریف کے آپ رسالت ثابت کرسکیں تو جو کچھ آپ چاہیں میں شرط کرنے کے لئے تیار ہوں۔ مگر میری شرط یہی ہے کہ عربی سمجھنے والے بلایئے جو بجز عربی الفاظ کے اور وہ بھی نص قطعی کے کچھ قبول نہ کریں یا اگر وہ شخص علمی گفتگو کریں تو ان کے فیصلہ کی قدرت رکھتے ہوں۔ ورنہ تضیع اوقات سے کیا فائدہ ہے۔　　　(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

جو باتیں کہ اب تک ہوئی ہی نہیں ہیں
لیــؤمــنــن کے معنی یہ بتلا رہے ہیں
ہے مرنے سے پہلے کی شرط اس میں موجود
چاہا تو ایمان قرآن پر ہے
صراحت ہے موجود جب اس میں اس کی
نزول ابن مریم کی ہے جو روایت
جو ہیں بوہریرہؓ وہ خود کہہ رہے ہیں

اسی طرح لوگوں میں لوبی گئیں ہیں
کہ ایمان لائیں گے جو رہ گئے ہیں
مفسر ہیں جس کے صحابی معہود
ہر ایک لفظ متلو فرقان پر ہے
تو اس کے مقابل میں ہستی ہے کس کی
اسی میں لیومن کی ہے پوری آیت
لیومن کی تفسیر خود کررہے ہیں

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) رسول اللہ ﷺ کی حدیث موجود ہے بخاری نے باب باندھا ہے اسمہٗ احمد حدیث سے پہلے لائے ہیں۔ پھر رسول اللہ ﷺ خود فرماتے ہیں کہ میرے نام ہیں، احمدؐ، محمدؐ۔ مگر یہ قرآن شریف کے مقابلہ میں حجت نہیں بھلا یہ تو فرمائیے کہ دنیا میں ہزاروں احمد ہیں۔ اس کی تخصیص قرآن مجید میں کہاں ہے کہ مرزا غلام احمد قادیانی بھی احمد ہیں۔ قرآن مجید میں: ''واذ اخذ اللہ میثاق النّبیین لما اٰتیتکم من کتاب وحکمة ثم جاء کم رسول مصدق لما معکم (آل عمران:۸۱)'' بھی آیا ہے اور یہ بھی بشارت ہے۔

(اعراف میں: ''الذین یتبعون الرسول النبی الامی الذی یجدونه مکتوباً عندهم فی التوراة والانجیل یامرهم بالمعروف وینهاهم عن المنکر ویحل لهم الطیّبات ویحرم علیهم الخبائث ویضیع عنهم اصرهم والاغلال التی کانت علیهم فالذین اٰمنوا بهم وعزروه الیٰ آخر (الاعراف:۱۵۷) اولم یکن لهم اٰیة ان یعلم علماء بنی اسرائیل (الشعراء:۱۹۷)''

یہاں مسیح موعود کیوں مراد نہیں۔ محض اس لئے کہ موقع نہیں بلافصل اور طویل آیت ہے تشریح کا ذکر ہے اور مسیح موعود نے تشریح کی نہیں فوراً تکذیب ہوجاوے گی۔ وہی بشارت یہاں واضح کی تھی، وہاں خداوند عالم نے متکلم ہونے کی حیثیت سے بیان فرمایا ہے اور یہاں ان کی سرکشی دکھانے کے لئے خود عیسیٰ علیہ السلام کا قول نقل کردیا کہ تم کہتے ہو کہ ہم عیسیٰ علیہ السلام کو مانتے ہیں یہ ان کا قول ہے۔ اگر تم سچے ہوتے تو مانتے ''یدعی الی الاسلام'' آپ فرماتے ہیں کہ اس سے مسیح مراد ہیں اور اس مراد کی بنا اس پر ہے کہ قرآن مجید میں مفتری علی اللہ رسالت کے جھوٹے مدعی کو کہا ہے اور یہ خود ایک ایسا دعویٰ ہے جو محتاج دلیل ہے، بناء فاسد علی الفاسد ہوئی ''ومن اظلم ممن افتریٰ علی اللہ کذباً او کذب باٰیته انه لا یفلح الظالمون (الانعام:۲۱)''

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

بخاری ومسلم بھی جامع ہیں اس کے ... بیان کرنے والے بھی حافظ ہیں اس کے
بھلا ان کے آگے زبان کون کھولے ... وہی جو مخالف ہو بولے تو بولے
لینظر مضارع ہے ہم جانتے ہیں ... مقرر نہیں اس کی حد جانتے ہیں
وہ ارسل کا صیغہ بھی گزرا ہوا ہے ... صراحت ہے جس میں کہ وہ آچکا ہے
وہ لماء جاء جو ہے بعد احمدؐ ... وہ ماضی ہے اور اس کا فاعل ہے احمدؐ
یہ آیت جب اتری تو وہ آچکا تھا ... وہ سحر مبین بھی کہا جا چکا تھا
یہ ہے نص قطعی کہ احمد وہی تھے ... جو بعد ابن مریم کے مرسل نبی تھے

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) آپ فرماتے ہیں کہ مفتری علی اللہ رسالت کے جھوٹے مدعی کو قرآن شریف میں کہا گیا ہے نبوت کو نہیں کہا گیا۔ وجہ اور راز اس کا یہ ہے کہ یہ آیت اگر کفار کے لئے ثابت ہو جائے تو سورۂ صف کی یہ مصنوعی تفسیر جو رسالت ثابت کرنے کی غرض سے کی جارہی ہے باطل ہو جائے گی اور یہ جناب پر واضح ہو جائے گی کہ احمدؐ آچکے تھے اور لوگوں نے ان کی تکذیب بھی کی تھی اور اس کے ساتھ جادو بھی کیا تھا اور وہی لوگ ظالم قرار پا چکے ہیں۔ جس میں اسلام کی دعوت دی گئی تھی اور رسول اللہ ﷺ کے بعد کوئی احمدؐ رسول آنے والے نہیں تھے اور نہ آنے والے ہیں۔ یہی مسئلہ ہے اور اسی پر زور دیا جاتا ہے۔ تمام ادلہ بڑی شد و مد سے بیان کئے گئے ہیں اور یہ دعویٰ بے سروپا بھی اسی کے ساتھ کر دیا گیا کہ مفتری علی اللہ جھوٹے نبی ہی کو کہتے ہیں۔ اگر سچ پوچھئے تو یہی افتراء ہے قرآن مجید بصراحت اس کی تکذیب کرتا ہے۔ جہاں ''ومن اظلم ممن افتری'' آیا ہے اسی کے بعد یا اسی آیت میں اس کو واضح کر دیا گیا ہے۔ مجھے یا کسی اور کو اس کہنے کی ضرورت ہی نہیں کہ اس سے کیا مراد ہے۔

رونا ہے تو اس کا کہ قرآن کس کے سامنے پیش کیا جائے اور لوگ اس کو کیسے سمجھیں کہ قرآن شریف کیا کہتا ہے۔ قرآن شریف بدوں کسی تاویل کے لغات عرب اور علم ادب سے واقفیت حاصل کرنے کے بعد اپنے الفاظ کے معنی پڑھنے والے کو بتا دیتا ہے۔ مصیبت صرف ان لوگوں کی ہے جو اردو کے کسی لفظ کو عربی کے کسی لفظ کے قائم مقام کر کے مطلب سمجھنے پر تلے ہوئے ہیں جس میں وہ الجھ کر رہ جاتے ہیں۔ بے شمار الفاظ اس قسم کے موجود ہیں۔ منجملہ ان کے سولی چڑھانا توفی وغیرہ بیان کر چکا ہوں۔ عبد اور اس کی وجہ تسمیہ اور ایسے بہت سے الفاظ جو مبحث سے دور ہیں۔ عربی میں ہیں جو لفظی بحث کے باعث ہو گئے ہیں۔ مجبور ہوں صرف آیات اور ترجمہ بیان کئے دیتا ہوں کیوں کہ ترجمہ بدوں لوگ نہ سمجھیں گے۔ اطمینان کے لئے اور ترجمہ دیکھے جائیں۔

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

جو عیسیٰ نے یاتی وبعدی کہا ہے — وہ تخصیص سے ہم کو بتلا رہا ہے
مرے بعد آئیں گے مطلب ہے ان کا — یہی مدعا اور مذہب ہے ان کا
محمدؐ کے بعد ان کا مطلب نہیں ہے — دکھا دیجئے گر یہ مذہب کہیں ہے
یہ قول ان کا ہم سب سے مطلق نہیں ہے — محمدؐ کے ہوتے انہیں حق نہیں ہے
انہیں کی تھی وہ قوم جس سے کہا تھا — محمدؐ کے آنے کا مژدہ دیا تھا

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) ''ومن اظلم ممن افتریٰ علی اللّٰہ کذباً او کذب باٰیاتہ انہ لا یفلح الظالمون ویوم نحشرھم جمیعاً ثم نقول للذین اشرکوا این شرکاء کم الذین کنتم تزعمون ثم لم یکن فتنتھم الا ان قالوا واللّٰہ ربنا ما کنا مشرکین. انظر کیف کذبوا علٰی انفسھم وضل عنھم ما کانوا یفترون (الانعام: ۲۱تا۲۴)'' اوراس سے زیادہ ظالم کون ہے جس نے خدا پر جھوٹ بولا یا اس کی نشانیوں کو جھٹلایا، ظالم بھی فلاح نہیں پاتے اور جس روز ان سب کا حشر کریں گے اور ان مشرکوں سے کہیں گے کہ تمہارے وہ شریک جن کو تم شریک خیال کرتے تھے کہاں ہیں؟ تو ان کے پاس کوئی جواب اور تاویل بجز اس کے نہ ہوگی کہ وہ مکر جائیں گے اور کہہ اٹھیں گے کہ ہم تو مشرک نہیں تھے۔ ذرا دیکھو تو سہی کس دلیری کے ساتھ اپنے اوپر جھوٹ بولتے ہیں اوران باتوں اور جھوٹوں سے جو وہ خدا پر بولا کرتے تھے۔ کیسے ناواقف اور انجان بنتے ہیں۔ یہ آخری آیت اس کو اچھی طرح بیان کررہی ہے کہ مفتری کون تھے اوران کو مفتری کیوں کہا گیا۔ کیا انہوں نے رسالت کا دعویٰ کیا تھا۔ اس میں خود رسول سے خطاب کر کے کہا گیا ہے کہ دیکھو اور یفترون کے فاعل واضح کر دیئے گئے کہ وہی مشرک تھے۔

اب اس آیت سے سند لی ہی نہیں جاسکتی کیونکہ مفتری ان کو کہا گیا جو مشرک تھے اور واقعی ان کو فلاح نہیں ہوئی۔ سورہ برأت پڑھی جائے اور دیکھا جائے کہ ان مشرکوں کا کیا حشر ہوا، جنہوں نے کہا تھا اور قیامت کے روز جو محشر ہوگا اور جس کو خداوند عالم نے واضح فرمایا ہے وہ جدا ہے۔

لیجئے! اسی سورۂ انعام میں ولو اننا کے ربع حصہ پر یہ آیت ہے اور ایسی صراحت سے ہے کہ بجز اس تحریف اور انکار کے یا مان لینے کے کوئی چارہ ہی نہیں۔

آیت:''وقد خسر الذین قتلوا اولادھم سفھا بغیر علم وحرّموا مارزقھم اللّٰہ افتراء علی اللّٰہ قد ضلّوا وما کانوا مھتدین (الانعام: ۱۴۰)'' ترجمہ: یقیناً گھاٹے میں آئے وہ لوگ جنہوں نے جہالت کی وجہ سے بغیر علم کے اپنی اولاد کو مار ڈالا اور بہت سی حلال خدا کی دی ہوئی نعمتوں کو اپنے اوپر خدا پر جھوٹ بول کر افتریٰ کر کے مفتری بن کر حرام کر لیا یقیناً وہ گمراہ ہوئے اور ہرگز راستہ پر نہ تھے۔ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

اسی پر تو میثاق لی جا چکی تھی بشارت پھر اعراف میں آ چکی تھی
نبی اور امی کہا جا چکا تھا یہ انجیل میں بھی لکھا جا چکا تھا
اس آیت سے مقصود تھا یہ سنانا کہ اس قوم نے پھر بھی ان کو نہ مانا
وہ عام اور یہ خاص اس کی تقریر ہے اور آیت ہی آیت کی تفسیر ہے
مضارع تھا یاتی تو جاء ہے ماضی خدا کہہ رہا ہے بالبیّنات

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) اب فرمایئے کہ یہ خدا پر جھوٹ بولنے والے کیا رسالت کے مدعی تھے یا یہ وہی لوگ تھے جن میں رسول مبعوث ہوئے تھے اور انہوں نے ان کی ہدایتوں پر عمل نہیں کیا۔ شریعت میں اضافہ کرلیا، بہت سی چیزیں حرام کرلیں جن کے متعلق خداوند عالم بڑی تنبیہ کے الفاظ میں ان سے اسی رکوع میں دریافت فرماتا ہے کہ ان چیزوں کو جو تم نے اپنے اوپر کرلیا ہے تو اس کی تفصیل بتاؤ کہ خدا نے کس وقت اور کن کن چیزوں کو حرام کیا ہے: ''ام کنتم شهداء اذ وصٰکم الله بهذا (الانعام:۱۴۴) '' کیا تمہارے سامنے خدا نے یہ ہدایت نہیں فرمائی ہے کہ یہ چیزیں حرام ہیں۔ جواب اس کا نفی میں ہے یعنی نہیں تو اب خداوند عالم فرماتا ہے۔ جب ایسا نہیں ہے تو اس سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا جو خدا پر جھوٹ باندھے اور لوگوں میں بغیر علم کے گمراہی پھیلائے، خدا ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا ہے۔

آیت کا ترجمہ یہ تھا اور آیت یہ ہے: ''فمن اظلم ممن افتری علی الله کذبا لیضل الناس بغیر علم ان الله لا یهدی القوم الظالمین (الانعام:۱۴۴) قالو اتخذالله ولداً سبحانه هو الغنی له ما فی السمٰوٰت وما فی الارض ان عندکم من سلطان بهذا (یونس:۶۸) '' اس سے بھی واضح ہوگیا کہ مفتری وہی لوگ تھے جنہوں نے بہت سی چیزیں اپنے اوپر حرام کرلیں تھیں۔ ایک ایسی آیت ہے جو اس سے بھی بڑھ کر ہے اور جس میں مفتری علی اللہ مشرکوں کو کہا گیا ہے، جنہوں نے عیسیٰ علیہ السلام کو خدا کا بیٹا ثابت کیا ہے۔ (سورہ یونس)

انہوں نے کہا کہ خدا کے بیٹا ہے، خدا فرماتا ہے پاک ہے وہ منزہ ہے اور محتاج نہیں ہے، آسمانوں اور زمین کی سب چیزوں کا مالک ہے، اس قول کی ''اتقولون علی الله ما لاتعلمون قل ان الذین یفترؤن علیّ الکذب لا یفلحون متاع فی الدنیا ثم الینا مرجعهم ثم نذیقهم العذاب الشدید (یونس:۶۸تا۷۰) '' تمہارے پاس کوئی دلیل نہیں خدا پر بغیر جانے باتیں بناتے ہو۔ کہہ دو ان سے کہ یقیناً وہ لوگ جو خدا پر جھوٹ بولتے ہیں فلاں نہیں پاتے۔ دنیا میں چندروزہ آرام اٹھا کر ہمارے پاس لوٹیں گے۔ پھر ہم ان کو سخت عذاب چکھائیں گے ان کے اس کفر کے عوض میں۔ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

یہ جملہ ہے شرط اور ہوا ہے ضروری — جواب اس کا قالوا ہے وہ بھی ہے ماضی
ہر ایک لفظ کو اس کے معنی میں لیں گے — تناقض جو ہوگا تو پھر دیکھ لیں گے
رسالت ہوئی ختم بعد از محمدؐ — بخاری میں ہے نام حضرت کا احمدؐ

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) اس آیت میں کس قدر صفائی کے ساتھ یہ بات کہہ دی گئی ہے اور وہ بھی پیغمبر سے کہ ان سے کہہ دو کہ تم چونکہ جھوٹی جھوٹی باتیں خدا پر بناتے ہو۔ اس لئے تم کو یہ سمجھ لینا چاہئے کہ تم دنیا میں اگرچہ کچھ دن گزار لو گے مگر آخرت میں تم پر سخت عذاب ہوگا۔

یہ بھی آیت خود ہی کہہ رہی ہے کہ فلاح آخرت میں نہ ہوگی دنیا میں فائدہ اٹھائیں گے۔ پھر یہ آپ خود ہی فرمائیں کہ اس آیت سے آپ کا استدلال کہاں تک صحیح ہے۔ اوّل نبوت اور اس پر طرہ اپنی فلاح کا۔

سورہ انعام:۹۴''ومن اظلم ممن افتریٰ علی اللہ کذبا او قال اوحی ولم یوحی الیہ شئ ومن قال سانزل مثل ما انزل اللہ ولو تری اذالظالمون فی غمرات الموت والملئکۃ باسطوا ایدیھم اخرجوا انفسکم الیوم تجزون عذاب الھون بما کنتم تقولون علی اللہ غیر الحق وکنتم عن آیاتہ تستکبرون (الانعام:۹۳) ''ترجمہ: اس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو خدا پر جھوٹ بولے اور اس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو کہے کہ مجھ پر وحی آتی ہے حالانکہ وحی وغیرہ اس پر کچھ بھی نہ آئی ہو اور اس شخص سے جو یہ کہے کہ ہم بھی وہ اتاریں گے (سورہ انفال میں ہے''لو نشاء لقلنا مثل ھذا (الانفال:۳۱)'') اگر ہم چاہیں تو ایسا کہہ سکتے ہیں۔ یہ سب مشرکوں کے مقولے ہیں۔ انہیں کے متعلق خدا فرماتا ہے کہ یہ تینوں بڑے ظالم ہیں۔ سورہ انفال کا مقولہ نضر ابن حارث کا مشہور ہے جو کافر تھا پر انہیں کافروں کے مقولے پر انہیں عذاب سنایا گیا اور کہا گیا کہ فرشتے ان سے کہیں گے کہ اپنے آپ کو عذاب سے بچاؤ آج کے روز یعنی قیامت کے روز بڑی ذلت کا عذاب تمہاری اس جھوٹ بولنے کے عوض میں تم کو دیا جائے گا جو تم خدا پر بولتے تھے اور اس کی نشانیوں سے اینٹھتے تھے۔ یہ تمام آیتیں ایک ہی وضع پر ہیں اور آپس میں ایک دوسری کی تفسیر ہیں۔ سیاق سباق کو یعنی آگے پیچھے کی عبارت کو ملائیے۔ پھر ایک ایک لفظ کو حق پسندی کے ساتھ سمجھئے۔ دنیا کی پرواہ نہ کیجئے۔ مسیح موعود کا دعویٰ ثابت ہو یا نہ ہو، حق کو ہاتھ سے نہ دیجئے۔ اشاعت میں جلدی نہ فرمایئے، جن کے اقوال کو آپ وحی منزل مانتے ہیں۔ پہلے ان کی رسالت کی ضرورت اور ادلہ کو سمجھ لیجئے، پھر آگے چلئے۔ کوئی بحث اتنی مہتمم بالشان ہمارے آپ کے درمیان میں نہیں ہے۔ جتنی یہ بحث ہے، معراج اور حضرت عیسیٰ کا صعود، ہبوط بہت بعد کا مسئلہ ہے۔ پہلے رسالت ثابت کیجئے کہ ختم نبوت جب ہوگئی تو کس دلیل سے دوسرے رسول کی ضرورت مانیں، اسم احمد پر آپ کا دارومدار ہے۔ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

اگر باب اسماء چاہو تو دیکھو — خدا اور نبی کو جو مانو تو دیکھو
وہیں اسم احمدؐ کی آیت بھی ہے — وہیں پر وہ سچی روایت بھی ہے

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) کیونکہ قرآن مجید ہی سے آپ دعویٰ ثابت کرنا چاہتے ہیں اوراس کی وجہ بھی یہی ہے کہ کوئی مان بھی نہیں سکتا اوروہ آپ کے استدلال کے لئے کسی طرح کافی نہیں۔احمد رسول اللہ ﷺ کا نام تھا۔بخاری میں بھی حدیث موجود ہے اوراس وقت تک کسی نے اس کی مخالفت بھی نہیں کی۔اجماع امت اس پر ہو چکا ہے۔آپ ایک اس سے کم درجہ کی حدیث ہی اسم احمد کی تفسیر میں اپنے مرزا قادیانی کی تخصیص میں سنا دیجئے یہ ہم کیسے مانیں کہ اس وقت تک سب لوگوں کو دھوکا ہوا تھا۔خود مرزا قادیانی نے آں کر یہ بیان کردیا وہ تو خود مدعی تھے،ان کا دعویٰ خود محتاج دلیل ہے ان کی کیسے مانیں اوران کو سچا کیسے جانیں۔بہرحال بخاری کی حدیث قرآن مجید کے قائم مقام نہیں ہوسکتی۔مگر مرزا قادیانی کے قول کے رد کے لئے تو کافی ہے۔بخاری میں اس میں تعارض نہیں ہے۔بلکہ بخاری کی حدیث سے تفسیر ہوتی ہے۔حالانکہ آیات خود ایک دوسری کی تفسیر کرچکی ہیں اور یہ رسول اللہ ﷺ کا قول اس کی تائید میں ہے۔اب ضرورت تاویل کی اس کو ہے جو پہلے یہ بات مان لے کہ مسیح موعود کو ہم بغیر دلیل مانے لیتے ہیں۔اس کے بعد قرآن شریف اور حدیثوں کو جس طرح ہوگا کھینچ تان کر کے اپنے مطلب پر لائیں گے۔......تو خبر نہیں تو پرنالا آتے ہی رہے گا،والا مضمون تو ہے ہی۔

ایسی حالت میں کوئی فائدہ نہیں۔البتہ پہلے دلیل کو اپنا رہبر بنایئے،مذہب سے دست بردار ہوجایئے جو قرآن شریف فیصلہ کردے اسے مان لیجئے۔مرزا قادیانی کی تفسیر کو بالائے طاق رکھ دیجئے کیوں کہ اس میں وہی دلیل سے پہلے مذہب کا مان لینا لازم آتا ہے۔ایک آیت اور پیش کردوں اس کے بعد افتریٰ کی بحث ختم کر کے فلاح پر آخری نوٹ بھی کردوں۔

’’ومن اظلم ممن افتریٰ علی اللہ کذباً اولئک یعرضون علیٰ ربھم ویقول الاشھاد ھؤلاء الذین کذبو علی ربھم الا لعنۃ اللہ علی الظالمین الذین یصدّون عن سبیل اللہ ویبغونھا عوجاً وھم بالاٰخرۃ ھم کافرون (ھود:۱۸،۱۹) ‘‘اس کے بعد آگے ایک آیت اور ہے’’اولئک الذین خسروا انفسھم وضل عنھم ما کانوا یفترون (ھود:۲۱)‘‘

اس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو خدا پر جھوٹ بولے۔یہ وہی ہیں جو خدا کے آگے پیش ہوں گے اور گواہی دینے والے دیں گے کہ یہی ہیں جنہوں نے اپنے پالنے والے پر جھوٹ بولا تھا۔خبردار ہوجاؤ، لعنت ہے اللہ کی ظالموں پر جو خدا کے رستے سے روکتے ہیں اوراس کو بگاڑنا چاہتے ہیں۔یہی لوگ خطرہ پالنے والے ہیں اپنی جانوں میں اوراس روز سب باتیں بنانی بھول جائیں گے۔ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

بخاری کو گر آپ بھی مانتے ہوں
روایات کو اس کے سچ جانتے ہوں
جو ختم رسالت پہ ایمان بھی ہو
ہر ایک قول پر ان کے ایقان بھی ہو
تو یہ لفظ ان کے ہیں بس مان لیجئے
ہے تکذیب کفران کی یہ جان لیجئے
نہیں تو بخاری سند میں نہ دیجئے
کبھی نام بھولے سے بھی پھر نہ لیجئے
اب اس سے زیادہ صراحت ہو کیونکر
محرف پہ جز اس کے حجت ہو کیوں کر
جو سورت میں پھر آمنت طائفہ ہے
اسی طرح جو کفرت طائفہ ہے
وہ ماضی کے صیغہ ہیں اور ہو چکے ہیں
یہودی یہ نعمت کو خود کھو چکے ہیں
لیومن میں ان میں تناقض کہاں ہے
وہ گزرے یہ ہوگا تعارض کہاں ہے
یہ یدعیٰ کا لفظ ان پر بولا گیا ہے
جنہیں دے کے دعوت بلایا گیا ہے
جو مغضوب تھے مفتری اور مکذب
جوظالم تھے کاتم محرف مخرب
جنہوں نے کہ سحر مبین کہہ دیا تھا
غرض جن کی کتمان اور افتریٰ تھا
جو فاعل تھے قالوا کے اور کہہ چکے تھے
رسالت جو احمد کی رد کر چکے تھے
مکذب تو تھے اور بھی پر نہ ایسے
یہ ظالم تھے سرکش ڈھٹائی میں جیسے
مکذب ہو یا کوئی جھوٹا نبی ہو
جو بہتان باندھے وہی مفتری ہو
یہ تخصیص اس افتریٰ کی کہاں ہے
کہ مقصود جھوٹا نبی ہے جہاں ہے
وحی جو جادو کہے مفتری ہے
یہ آیت صراحت سے خود کہہ رہی ہے
نہیں اس میں تاویل کی کچھ ضرورت
یہ ماضی کے صیغہ ہیں خود سب پہ حجت

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) یہ تو معلوم ہوگیا کہ مفتری علی اللہ کی تخصیص جھوٹے نبی کے لئے ثابت نہیں ہوتی بلکہ معاملہ اس کے برعکس ہے۔اس لئے’’یدعی الی الاسلام‘‘ سے مسیح موعود نہیں سمجھے جاسکتے کیوں کہ وہ تو مفتری کے ساتھ وابستہ ہے۔

اس سے پہلی آیت میں یہ بات ثابت ہوئی کہ رسول اللہ ﷺ کے علاوہ جو شخص وحی کا دعویٰ کرے گا وہ ظالم ہے یا جو قرآن شریف کے مثل لانے کا مدعی ہو وہ بھی بڑا ظالم ہے اور اس کی تصریح بھی ہوچکی، کیونکہ وہ استدلال ہی صحیح نہیں۔’’قل ان الذین یفترون علی اللہ الکذب (یونس:۶۹)‘‘ کو اگر عام معنی میں لیا جائے اور مدعی رسالت بالباطل کو مفتری ہونے کی وجہ سے’’لایفلحون‘‘ کا مصداق قرار دیا جائے تو یہ اور دوسری آیتیں فلاح آخرت کی نفی کر رہی ہیں، دنیا عزت کی نہیں۔

یہ ہے سورۂ صف کی تحریف کیسی
یہ ماضی کی بے وقت تصریف کیسی

خدا کی خدائی میں یہ دخل کیسا
مسیحا نفس بن کے یہ دجل کیسا

یریدون ان تطفھوا نورہ
بافواھکم بئس ما تزعموا

لقد ضاع واللہ ما تصنعوا
عسیٰ ان تحبوہ او تکرھوا

مبدل ہو جو ان کلمات کا
محرف ہے وہ جملہ آیات کا

شریعت کا ہر مسئلہ ہے مسلم
نہیں ہے یہ کچھ خواب کی طرح مبہم

یہ تحریف باطل کا کیوں در کھلا ہے
رسالت کا کیوں سر پہ سودا چڑھا ہے

اسی طرح ثابت جو ہوگی رسالت
کہاں جائے گی پھر یہ لما کی آیت

ہر ایک لفظ میں اب تو تاویل ہوگی
ضمیروں میں بھی ان کے تحویل ہوگی

کتاب اور سنت کی تعطیل ہوگی
مگر اس رسالت کی تشکیل ہوگی

یحرفون سے وحی کی تنزیل ہوگی
پریشان خوابوں کی تعمیل ہوگی

جو الفاظ نکلے مسیح زماں سے
نہ اف کیجئے اس میں اپنی زبان سے

کسی سے اگر ان کا انکار ہوگا
تو کفر یہود اس سے اظہار ہوگا

ضرورت اشاعت کی جس وقت ہوگی
اخوت مروت پھر اس وقت ہوگی

غرض پھر تو چندہ کی تحصیل ہوگی
کہ لندن میں مذہب کی تعمیل ہوگی

ہم اس[1] اپنے مذہب کو رکھیں گے دل میں
ربڑ بن کے جائیں گے ہر ایک بل میں

اشاعت ہے اسلام کی ہم کو منظور
محمدؐ ہے مشہور اس سے ہیں مجبور

ہم احمد کا نام اس جگہ پر نہ لیں گے
تفرق کی حالت نہ ان سے کہیں گے

نہیں تو وہ گھاتوں کو پہچان لیں گے
اور اپنی رسالت کے لالے پڑیں گے

شتر مرغ[2] کی سی حکایت ہے یہ بھی
منافق کی بے شک علامت ہے یہ بھی

۱؎ غلامی جماعت کے ایک سربرآوردہ ممبر کے کم وبیش یہ مقولے اور خیالات ہیں جو نظم میں ظاہر ہوئے ہیں۔ میں نے خود اپنے کانوں سے سنے ہیں اور ان کے بیسیوں لیکچروں میں شریک ہوا ہوں۔ بلاغ المبین میں اگر یہ نہ جتایا جاتا کہ لندن میں احمدی جماعت پھیل رہی ہے تو شاید اس کے اظہار کی نوبت نہ آتی بلکہ بلاغ المبین نہ پہنچتا تو یہ نظم ہی کیوں لکھی جاتی۔

۲؎ شتر مرغ کی حکایت یہ ہے کہ پرندوں میں پرندہ اور چوپایوں میں چوپایہ بننے کے لئے تیار رہتا ہے۔

مواعید[1] عرقوب ہیں یہ کہ کچھ اور
اشاعت کے لندن میں ہیں کیا یہی طور

اور اس پر یہ طرہ کہ ہم کو سنانا
کہ لندن میں پھیلا ہے مذہب یگانا

صداقت یہ اسلام کی کھری ہے
مرے نام سے ناؤ یہ بہہ رہی ہے

میں ایک روز دنیا کو منوا ہی دوں گی
خدا ایک ہے سب کو منوا ہی دوں گی

نہ چھوڑوں گی دنیا میں جھوٹ باقی
رہیں گے وہی جو کہ ہیں میرے ساتھی

کتاب اور سنت ہیں دو میرے بازو
میں تلتی ہوں ان سے یہ میری ترازو

بہت مدعی آئے مجھ کو مٹانے
دوا بن کے درد جگر کو بڑھانے

مسیحا صفت مجھ پر شفقت بھی رکھی
مری آڑ میں سب پہ حجت بھی رکھی

صداقت تو ہوں پھر بھری ہوں غضب سے
مرے اس تحمل کو دیکھو ہے کب سے

سنبھلنے میں ان کے مرا بھی بھلا ہے
یہ مٹ جائیں گے تو مرا بھی برا ہے

یہ میرے کلیجہ کے ٹکڑے ہوئے ہیں
جو دامن سے مرے ہی لپٹے ہوئے ہیں

یہ سانپ اور بچھو مرے پیٹ کے ہیں
انہیں مارنے میں بڑے تہلکے ہیں

یہ اپنے ہی بن کر مجھے ڈس رہے ہیں
جو دشمن ہیں وہ دیکھ کر ہنس رہے ہیں

اس امید پر ہوں کہ اب باز آئیں
بھلے چند روز اور دل کو دکھائیں

ٹل جائیں جو حوصلہ ہیں بلا سے
یہ باز آئیں شاید کہ اپنی جفا سے

جگر بہہ گیا ہو کے خون کچھ خبر ہے
مری روح ماتم میں خود نوحہ گر ہے

جو اسلام پر میرے کچھ آنچ آئی
ملا دوں گی میں خاک میں یہ کمائی

مسلمان نہیں چاہتی نام کے میں
سنبھالوں گی ان کو جو ہیں کام کے میں

مٹایا ہے میں نے بڑے سرکشوں کو
سمجھتی ہی کیا ہوں میں ان بے کسوں کو

تغافل یہ مرا ہے غافل نہیں میں
تجاہل یہ میرا ہے جاہل نہیں میں

یہ میری زبانی ہی تم مجھ سے سن لو
کتاب اور سنت کے الفاظ چن لو

۱؎ مواعید عرقوب جاہلیت کے زمانہ میں اس کی وعدہ خلافی اور بے اصل وعدے مشہور تھے، مواعید جمع کا صیغہ ہے اور عرقوب نام ہے۔

جو ہیں[1] اس میں احکام کرنے کے کرلو
جو خبریں کہ غیبی ہیں کانوں پہ دھر لو
ہے تاویل احکام تعمیل کرنا
خبر کی ہے تاویل پردوں کا پھٹنا
خبر کی حقیقت کو تم کیسے جانو
جو مخبر ہے صادق ہے بن دیکھے مانو
یہ ہے راسخون کی آیت میں موجود
کہ ہے معنی تاویل اخبار مقصود
ہر ایک لفظ قرآن ہے محکم مسلم
وہ احمق ہے جو اس کو سمجھے گا مبہم
یہ لفظوں کی تاویل تحریف ہے
مراد اس سے یہ ہے یہ تصحیف ہے
مرادیں ہیں ساری مریدوں کے دل میں
حقیقت عیاں ہوگی آنکھوں کے تل میں
جو الفاظ دنیا میں بولے گئے ہیں
تو معنی بھی کچھ ان کے مانے گئے ہیں

[1] کلام کی دو ہی قسمیں ہیں خبر اور انشاء اعتقادیات کا تعلق خبر سے ہے اور احکام اور اعمال واحتمال ونواہی کا انشاء سے ہے۔ احکام چونکہ آنکھوں سے نظر آتے رہتے ہیں اور ہر زمانہ میں اس کے کرنے والے ملتے ہیں اس لئے اس میں الفاظ کے معنی بدلنے کا موقع نہیں ملتا۔ اب جو کچھ بھی جھگڑا ہوتا ہے خبروں میں ہوتا ہے۔ جس میں الفاظ کے کئی معنی لے کر اپنے مطلب کے موافق اسے تراش لیا جاتا ہے۔ اصل میں تاویل کے معنی میں غلطی کی گئی ہے جو تاویل قرآن مجید میں ہے اور سلف میں رائج تھی۔ اس کے تین معنی ایک تو تفسیر ہے، یہ مکمل تفسیر ہی کی جگہ استعمال ہوتی رہتی ہے۔ جیسے ابن جریر طبری کی تفسیر میں تاویل کا لفظ مستعمل ہے تو اس میں تو کوئی جھگڑا ہی نہیں ہے دوسرے معنی اوامر اور نواہی کے ساتھ خاص ہیں یعنی اوامر اور نواہی کو سمجھ کر عمل میں لانا بھی اس کی تاویل ہے باطنیہ کی طرح نہیں کہ نماز سے مراد یہ ہے اور روزہ سے مراد یہ ہے اور جہاد سے یہ۔ القصہ کوئی خبر اپنی اصلیت پر ہے ہی نہیں ان کے نزدیک تیسرے خبر کی اقسام کی تاویل ہے تو مجملاً اتنا کہنا ہے کہ کلام مجید میں خبر کی اصلی حقیقت کو تاویل سے نامزد کیا ہے۔ ''**ھل ینظرون الا تاویله. یوم یاتی تاویله** '' حضرت یوسف علیہ السلام کے قصہ میں ہے یعنی اصلی حقیقت سے ہمیں مطلع کرو۔ اسی طرح ''**بل کذبوا بما لم یحیطوا. بعلمه ولما یاتھم تاویله**'' (یونس: ۳۹) ''یعنی جھٹلایا انہیں نے ان خبروں کو جن کا پوری طرح سے علم انہیں نہیں ہوا تھا۔ اب آئے گی اس کی تاویل تو وہ وہی انکشاف حقیقت یہ ہے جو قیامت میں ہوگا۔ عام اس سے کہ کوئی خبر ہی کیوں نہ ہو تاویل اس کی یہی ہے کہ حقیقت سے آگاہی ہوجائے اور یہ چونکہ اس وقت سوائے خدا کے کسی کو معلوم نہیں اس لئے اخبار کے متعلق ''**راسخون فی العلم**'' الفاظ پر ایمان لا کر اس کی حقیقت سے ناواقفی کا اعتراف کرتے ہیں۔ یہ کچھ انہیں اخبار پر منحصر نہیں بلکہ تمام دنیا کی خبروں میں یہی دستور ہے کہ لفظ کے معنی بدلنے والے کبھی کسی مطلب پر آگاہی حاصل نہیں کرسکتے۔ یہ تو صرف ایک اٹکل ہے اور خبر بدوں آنکھوں کے دیکھے معلوم نہیں ہوسکتی اور یہ تاویل جواب لوگوں میں رائج ہے لائیں گے کی جگہ لاتے رہیں گے۔ وغیرہ وغیرہ!

(بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

www.amtkn.com www.facebook.com/amtkn313 www.emaktaba.info

غرض ہے عبارت سے مطلب سمجھنا ہر ایک لفظ کو اپنے معنی میں کرنا
جو الفاظ ومعنی میں اشکال ہوتا تو اس زندگی میں یہ جنجال ہوتا
یہ نام اور لقب سب اسی واسطے ہیں اسی طرح ہر شے کو پہچانتے ہیں
یہ فطرت ہے اور اس پہ آئی شریعت خطابی طریقہ ہے برہان سے محبت
یہ اسلام جب سے کہ قرآن لایا تشابہ کو کھویا ہے فرقان لایا
شریعت وہی ہے اور الفاظ بھی وہی غایتیں اور اغراض بھی
کوئی اب نئی بات سکھلائے گا کیا وہ باقی ہی کیا ہے وہ بتلائے گا کیا
رسالت کا دعویٰ جنون ہے حقیقت یہ سب مانتے ہیں ہوئی ختم بعثت
نبوت ہوئی ختم کیا چاہئے اب محمد سا ہادی ملے گا تمہیں کب
نبی کے سوا کوئی ایسا نہیں ہے جو معصوم ہو اب بھروسہ نہیں ہے

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) یہ سب پہلے نہیں تھی اور اسی کی ابتدا سے اسلام کی بنیاد کو سخت تنزل ہوا، اور یہ تہتر فرقہ اسی بناء پر آپس میں تکفیر و یقین کر رہے ہیں، خوارج، معتزلہ، باطنیہ نے جس لفظ کی چاہی تاویل کر دی اور معنی بدل دیئے اپنے نزدیک ایک اصول قرار دے کر جس لفظ کو اس کے خلاف پایا اس کی مرادیں نکالنی شروع کر دیں۔ اتنی فکر کسی کو نہ ہوئی کہ کجا شریعت اور کجا ہمارے قرارداده اصول، ممکن ہے ہم سے غلطی ہوگئی ہو تو ہمیشہ کے لئے ان نئے معنوں کا وبال ہمارے سر رہے۔ اسی وجہ سے ہر فرقہ اپنے اصول کے مطابق تاویل کرتا چلا جاتا ہے اور اسی کو اس نے معیار حق قرار دے لیا ہے۔ ہم تو انکشاف حقیقت کے منتظر ہیں۔ الفاظ اور معنی کو مانتے ہیں، حقیقت سے ناواقف ہیں جو کچھ بھی ہو خدا نے جتنا بتا دیا اس سے زیادہ جاننے کی کوشش کو بے سود سمجھتے ہیں۔ ہم یہ جانتے ہیں کہ بڑے بڑے عالی دماغ فلسفی اگر جمع ہو جائیں تو بے دیکھے کسی قصہ کا نقشہ بھی نہیں بنا سکے۔ اگر ان کو ہزاروں کی تعداد میں جمع کر کے ان سے نقشہ بن جائیں تو ایک بھی ٹھیک نہیں بن سکتا۔ دماغ کا عجز تو یہ ہے۔ پھر ہم کس طرح سے خدا کی ذات اور صفات، جنت اور نار، رفع وغیرہ کے الفاظ کی تاویل لفظی کر کے منزل مقصود پر پہنچ سکتے ہیں۔ اس سے بہتر ہے کہ خاموش بیٹھے رہیں۔ فضول فرضیات اور مرادات میں رجماً بالغیب گھوڑے نہ دوڑائیں۔ ’’ان الشیاطین لیوحون الٰی اولیائهم لیجادلوکم وان اطعتموهم انکم لمشرکون (الانعام: ۱۲۱) ‘‘تحقیق شیاطین اپنے دوستوں پر وحی لاتے ہیں تاکہ تم سے جھگڑیں۔ اب اگر تم ان کی بات مانو گے تو تم مشرک بنو گے۔ یعنی خدا کی وحی کی طرح جو رسول کے اوپر نازل ہوئی تم اس کی پیروی کرنے سے مشرک فی التوحید والرسالہ ہو جاؤ گے۔ قرآن مجید کی کل آیتوں سے جو میں نے پیش کی ہیں یہ بات ثابت ہوگئی کہ ظالموں کا فلاح نہ پانا یہ قیامت کے لئے خاص ہیں اور دنیا میں برباد ہو جانا، رسول اللہ ﷺ کے بعد موقوف ہوگیا۔ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

ولی ہو کوئی یا امام ہدیٰ ہو
وحی اب نہ آئے گی جو کچھ بھی چاہے ہو
یہ خواب اور خیالات جو کچھ بھی ہوں گے
کسی طرح لوگوں پہ حجت نہ ہوں گے
ترازو تمہیں ایسی اچھی ملی ہے
ہمیشہ ہی جس میں صداقت تلی ہے
سوائے اس کے جو کچھ بھی آئے وہ رد ہے
مکلّف اسی کے ہو تم اور یہ حد ہے
شریعت کے الفاظ کا خیال رکھنا
سول کی چالوں سے تم بچ کے رہنا
اب عیسیٰؑ بھی آئیں تو اس سے نہ ہٹنا
نہ زیادہ ہی کرنا نہ کچھ اس سے کم کرنا
شریعت کے تابع وہ خود بھی بنیں گے
تمہاری طرح اس پہ وہ بھی رہیں گے
بڑھائیں گے اعداد امت کو آ کر
تمہیں کیا کریں گے یہودی بنا کر
انہیں اپنی نسبت سے مطلب نہ ہوگا
غرض ان کی تجدید مذہب نہ ہوگا
خود مقتدی آ کے اس دم بنیں گے
نماز ہم میں شامل وہ ہوکر پڑھیں گے

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) نصاریٰ نے خدا کا بیٹا بنایا، جھوٹ باندھا اور انجیل اور تورات کو بدل ڈالا۔ یہود نے تحریف کی یہ سب کچھ ہوا مگر دنیا میں ان کو اور ڈھیل دی گئی۔ القصہ یہ کوئی اصول نہیں دنیا کو اچھی طرح سے دیکھ لیجئے کہ کیا ہو رہا ہے اور بدیاں نیکیوں پر کیسی غالب آ گئی ہیں۔ مگر اس کے مقابلہ میں خدا کی بڑی حکمت ہے کہ درگزر کرتا چلا جاتا ہے۔ آخرت میں ان شاء اللہ! ضرور بدلا ملے گا اور دنیاوی تباہی اس کے اختیار میں ہے۔ جلدی کیا ہے ''دیر آید درست آید'' سطوت ہی کیا۔ حاصل ہونا ہے جو قابل اعتنا ہو۔ ''**ولو یواخذ اللہ الناس بما کسبو ما ترک علیٰ ظھرھا من دابة ولکن یوخرھم الیٰ اجل مسمی (الفاطر:۴۵) وربک الغفور ذوالرحمة لو یواخذھم بما کسبو لعجل لھم العذاب بل لھم موعد لن یجدوا من دونہ موئلا (الکھف:۵۸)** ''اگر خداوند عالم لوگوں کو ان کے کئے پر پکڑے تو زمین پر کسی کو نہ چھوڑے۔ مگر ایک وقت معین تک ان کو تاخیر دے رکھی ہے۔ میرا خدا غفور اور رحمت والا ہے۔ اگر پکڑے تو عذاب میں جلدی کرے۔ یہ آیتیں فلاح کی تفسیر کرتی ہیں اور سورہ یونس کی آیت خود صراحت سے فلاح اور متاع دنیا کو بیان کر رہی ہے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم اور تابعین رحمۃ اللہ علیہم اور قرآن وحدیث کے صرف میں تفسیر کے یہی اصول ہیں۔ اگر کہیں کوئی لفظ کسی جگہ ایسا ملے جس کے اصلی معنی مقصود نہ ہوں تو سب سے پہلے علم ادب اور لغات عرب اور محاورات کی طرف رجوع کیا جاوے۔ ایسا ہر زبان میں ہوتا ہے کہ بعض الفاظ کے غیر مشہور معنی مستعمل ہو گئے تو اسی محاورہ کی بناء پر اس کا استعمال کیا جائے۔ اس کی وجہ استعمال عرب ہے اور رفتہ رفتہ وہی معنی اصلی سے زیادہ مشہور ہو جاتے ہیں۔ مگر یہ نہیں ہوسکتا کہ ہر جگہ وہی معنی مراد ہوں۔ سیاق اور سباق اور عرب کے طرز کلام سے واقفیت اس کا احساس کرا دیتی ہے۔ یہ تاویل نہیں کہلاتی۔ البتہ کسی فلسفی اصول کے رو سے راجح کو چھوڑ کر مرجوح معنی کا لینا تاویل ہے۔ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

حدیثوں میں جو کچھ علامات ہیں ۔۔۔ جو کچھ ابن مریم کے حالات ہیں
مانو تو ہر لفظ کو مان لینا ۔۔۔ صداقت کو الفاظ سے جان لینا
تاویل کرنے پہ آجاؤ گے تم ۔۔۔ تو پھر باطنیہ سے مل جاؤ گے تم
انہوں نے شریعت کو تزویر سمجھا ۔۔۔ ہر ایک لفظ کو اس کے تعبیر سمجھا
حد شریعت خوارج نے توڑی ۔۔۔ ہر ایک مفتری نے سند ان سے جوڑی
تہتر فرقہ یوں ہی ہوگئے ہیں ۔۔۔ شگوفہ ہیں یہ ان کے وہ بو گئے ہیں
محالات عقلی جو سمجھے گئے ہیں ۔۔۔ یہ پس ماندہ ان کا ہے وہ دے گئے ہیں
شبہ ہوئے ہیں جو اب آ کے وارد ۔۔۔ یہ ہیں وحی از طرف شیطان مارد
گواہی یہ دیتا ہے قرآن بھی ۔۔۔ کہ لاتے ہیں الہام شیطان بھی
رسالت ہوئی ختم وحی سے ۔۔۔ مگر وحی شیطان گزری نہ جی سے
شیاطین اب بھی وحی لا رہے ہیں ۔۔۔ زمانہ کو اب بھی وہ بہکا رہے ہیں
تاویل کرنے کے عادی ہوئے ہیں ۔۔۔ جو اپنی رسالت کے حامی ہوئے ہیں
قرآن سے دعویٰ کو منوا رہے ہیں ۔۔۔ نئی نت جو تفسیر فرما رہے ہیں
...... یہ اپنی جتن کررہے ہیں ۔۔۔ جو شفقت بر اہل وطن کررہے ہیں
سمجھ لیں کہ وعدہ خدا کا ہے سچا ۔۔۔ مگر رحم کا اس کا بھاری ہے پلّا

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) عقلی محالات میں اس کو سمجھنا بھی گریز ہے اور ''تقولون علی اللہ مالا تعلمون (البقرہ:۸۰)'' کے بھی یہی معنی ہیں۔ غرض یہ ہے کہ جو تاویل فلسفی عہد سے شروع ہوئی اس کو زیادہ تر تعلق ان اصول سے ہے جو فلسفہ کے ہیں اور وہ باطل ہے اور جو تفسیر ہے اور لغاب عرب کے تابع ہے وہ حقیقت میں تاویل ہی نہیں بلکہ عرب کے زبان کی وسعت پر دلالت کرتی ہے اور کلام کی تفسیر ہے، کسی عقلی استحالہ پر اس سے گریز نہیں کیا گیا ہے۔ اسی طرح جتنے مسائل صحابہ ہیں، مختلف کئے گئے ہیں ان کی بنا بھی کسی فلسفی اصول پر نہیں ہے بلکہ وہ نقل کے دلدادہ تھے۔ گو اس مسئلہ میں کوئی حدیث معلوم نہ ہوتی تھی اور جب کسی دوسرے صحابی سے سنتے تھے تو تسلیم کر لیتے تھے۔ ان کے کسی اختلاف کو سند میں دینا اور ان کے منفرد قول کو حجت مان لینا نازیبا ہے۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ جس حدیث کو جو صحابی روایت کرے اور اس کا مطلب بھی بیان کرے تو وہ سند میں لیا جاسکتا ہے۔ مگر شرط یہی ہے کہ حدیث کے الفاظ سے مطلب جدا نہ ہونے پائے۔ ورنہ وہ اجتہاد سمجھا جاوے گا اور یہ بھی شرط ہے کہ وہ اجماع سلف سے احادیث صحیحہ کے معارض نہ ہو۔ یہ تو اصول میں مشرح ہے۔ اس کی تفصیل کی ضرورت بھی نہ رہی۔ مجبوراً بعض شبہات کے دفعیہ کے لئے نہایت عجلت میں لکھ دیا ہے تاکہ بہت جلد چھپ کر ہدیہ ناظرین بلاغ المبین ہو۔

نہ مغرور ہوں اپنی تدریج پر وہ
نہ مسرور ہوں اپنی تفریح پر وہ

نہ مومن کو کافر بنائیں بنائیں
مگر خیر اپنی بھی جلدی منائیں

سب اہل قبلہ کی تکفیر کرنی
سوائے اپنے ہر ایک کی تحقیر کرنی

بہت جلد صحت ہوا چاہتی ہے
یہ جھوٹی رسالت مٹا چاہتی ہے

یہ دھوکہ کی ٹٹی کہاں تک رہے گی
نبوت ہوئی ختم اور یہ مٹے گی

یہ فرقہ جو مشہور ہے بابیوں کا
گرو ہے جو تاویل میں آریوں کا

وہ دعوے میں اپنے یہی کہہ رہا ہے
نبوت ہے میری مرا ہی خدا ہے

یہ جتنی بھی گمراہیاں ہیں جہاں میں
مدد ان کی کیوں ہو رہی ہے عیاں میں

یہ کافر ہیں کیوں نعمتوں سے سرفراز
یہ کیوں ان کے آگے نہیں اٹھتی......

یہ کیا جنتی سب کے سب ہو چکے ہیں
جناب ان میں توحید کیا بو چکے ہیں

یہ شیطان جو ہے زمانہ کا راندہ
خدا کی عنایت سے محروم ماندہ

جو اوج سماء سے اتارا گیا تھا
جسے طوق لعنت پہنایا گیا تھا

اسے ہے عروج اس زمانہ میں کیسا
یہ قابض ہوا کیوں زمانہ پہ ایسا

جو وہ چاہتا ہے وہی ہو رہا ہے
اور اہل ہوس کا تو گویا خدا ہے

جو لشکر پہ اس کے نظر کیجئے گا
تو حیرت سے آنکھوں کو در کیجئے گا

بہت ایسے کافر ہیں اب بھی یہاں پر
جو مفلس تھے تاجر بنے اور تونگر

ظہور اس میں کچھ معجزہ کا نہیں ہے
یہ عبرت کی جا ہے تماشا نہیں ہے

نہ کثرت دلیل صداقت رہی ہے
نہ قلت سے مقصود عبرت رہی ہے

اب اتمام حجت تو سب ہو چکا ہے
فقط آخرت ہی کا کھٹکا رہا ہے

جو الیوم تجزون انعام میں ہے
وہ من افتریٰ ہی کے انجام میں ہے

جہاں پر ہے حتیٰ اذا فرحوا
جو اب اس کا ہے پھر اخذنا ہم

وقال الالہ لمن افتری
جعلنا لمھلکھم موعدا

ابھی اور کچھ دن جتن کیجئے گا
تو پھر اپنا نشہ ہرن کیجئے گا

وہ تکلیف تھی کون سی جو اٹھائی
وہ تھی کون سی چوٹ حضرت نے کھائی

جو یوں تلملا کر لگے کفر بکنے
سیہ رو بنا کر جہنم کو بھرنے

محمدؐ کو دیکھو کہ صدمے اٹھائے
بجز اہد قومی زبان پر نہ لائے

خودوں کی کڑیاں بھی گالوں میں آئیں
تو ایسی نہ باتیں انہوں نے سنائیں

وہ تقریر دی تھی جو حضرت نے چھپنے — ہمیں یاد ہیں اس کے فقرے ہیں جتنے
سیاست کے چربہ سے مذہب چلانا — رعایا کو حکام سے جا بڑھانا
غریبوں کو سطوت سے اپنی ڈرانا — غرض ایک فتنہ نیا ہی جگانا
کسی کو سمندر میں جا کر بہانا — کسی کو تہ خاک آخر دبانا
اور اس پر یہ دعویٰ کہ مصلح ہیں ہم بھی — فلاح اس کو کہتے ہیں مفلح ہیں ہم بھی
احتیاطی جو تدبیر کی ہے کسی نے — برابر کی جو چوٹ دی ہے کسی نے
تو اس پر جتن اور وطن ہو رہے ہیں — یہ رچتی ہے شادی لگن ہو رہے ہیں
بہت ایسے سچے مسلمان ہیں یاں — کہ سیدھے ہیں بھولے ہیں اور اہل ایماں
وہ تگون کو بھی تو ولی جانتے ہیں — اور ان کے کہے کو وحی مانتے ہیں
تو پھر کون مشکل ہے ان کا بنانا — انہیں ترجمہ کرکے قرآن سنانا
نہ واقف ہیں کچھ یہ لغات عرب سے — نہ علم بیان سے نہ علم ادب سے
چہ گویم کہ چوں کافر فراز نہ کردی — چنیں ابلہان را چو دیوانہ کردی
مقلد بتقلید کورانہ کشتند — محقق بتاویل مستانہ گشتند
ہمہ با ہوأ و ہوس ساختند — دمے بامصالح نپر داختند
مسیحا جو بیمار و عاجز بود — علاج مریضاں خود چوں کند
چو حفر آب حیوان نداند کجا ست — دلیلش کنند تا رساند خطا ست
گرد ہے کہ زاغے دلیلش بود — بکوہ وبیابان سبیلش بود
کرامت تو ایک کھیل اب ہو رہی ہے — جہالت میں دنیا پڑی سو رہی ہے
زبان کیا ہے حضرت کی نوک سنان ہے — مخالف پہ تکفیر میں گلفشاں ہے
ہمارے لئے قاعدہ پیش کیجئے — ہمارے اصول اور ہمیں آپ دیجئے
فقط اس لئے تاکہ سب لوگ جانیں — کہ واقف ہیں یہ بھی اور اقوال مانیں
ہماری کتابوں کا پھر نام لیجئے — اسی کے عقیدہ سے پھر بچ کے چلئے
بخاری کو اپنی سند میں دکھانا — اور احمد کی تفسیر سے جی چرانا
بڑی گھات سے اب شکار ان کا کیجئے — یہ بھولے ہیں سیدھے ہیں جانے نہ دیجئے
نہیں تو بہت آپ یہ پچھتایئے گا — نہ پھر ایسا موقع کبھی پایئے گا
جناب آپ کو کچھ ہم بھی جانتے ہیں — اور ان ہتھکنڈوں کو بھی پہچانتے ہیں
بلاغ المبین کی یہ تبلیغ پہنچی — رسید اس کی ہے یہ جو تصریح پہنچی

جو کفار کی شان ہمیں آیتیں ہیں ۔ یہود اور نصاریٰ کی جو عادتیں ہیں
وہ ہم میں ہیں گویا مخاطب ہمیں ہیں ۔ ہر ایک طرح ملعون مغاصب ہمیں ہیں
اب اس سے زیادہ کوئی کیا کہے گا ۔ رہا کیا ہے ان سے جو ان کو ملے گا
انی چھوٹ کی کس پہ حضرت نے چھوڑی ۔ یہ بانکی چھری ہوئی کس پہ جوڑی
سنبھلئے کہ اوچھا تھا خالی گیا وار ۔ یہ ہے توڑ اس سے نکلنا ہے دشوار
جواب ان کے دعووں کا گر ہم نہ دیتے ۔ یہودی بھی بن کر جو خاموش رہتے
تو کیا جانیں کیا آپ مشہور کرتے ۔ یہ جاہل سمجھتے کہ ہم مان بیٹھے
عطا ان کی واپس انہیں مل رہی ہے ۔ مگر اس سے کم ہے جو ہم کو ملی ہے
وہ ہے قرض پھر سود اس پر چڑھے گا ۔ ادا وہ بھی ہوگا جو فتویٰ ملے گا
ہمارے بھی منہ میں تو آخر زبان ہے ۔ ہماری قلم میں بھی نوک سنان ہے
قناعت نہ ہوگی تو تطویل ہو گی ۔ یہ مجمل ہے پھر اس کی تفصیل ہوگی
یہ چلتی ہوئی نظم لکھی گئی ہے ۔ تکلف سے ہر لفظ اس کا بری ہے
قوافی کی بھی قید چھوڑی گئی ہے ۔ اور آسان سے آسان بھی کر دی ہیں
نہ مقصود اس نظم سے شاعری ہے ۔ یہ فرض کفایہ ہے عہدہ بری ہے
نہ میں لکھنوی ہوں نہ میں دہلوی ہوں ۔ نہیں یہ زبان میری میں اجنبی ہوں
اسے نظم اس واسطے کر دیا ہے ۔ کہ محفوظ رہنے میں اس کا بقا ہے
صحابہ اور اتباع کی پیروی ہے ۔ میری نظم ان موتیوں کی لڑی ہے
یہ منظوم ہے بڑھ کے منثور ہوگا ۔ جو حق ہے وہ قطعاً ہی منصور ہوگا
سلف کے عقیدہ سے مجھ کو شغف ہے ۔ سلف سے جو اعلم بنے نا خلف ہے
وہ غواص تھے بحر وحدت کے کامل ۔ انہیں کی تھی تہ اور انہیں کا تھا ساحل
وسیلہ ہے میرا تو یہ پیروی ہے ۔ نجات اپنی میں نے خدا پر رکھی ہے
توفیق ایک مخلص کا ارشاد تھا ۔ لکھا رشد نے جو اسے یاد تھا
میں ہوں عبد مجھ سے خطا بھی ہے ممکن ۔ تو قادر ہے یا رب عطا تجھ سے ممکن
تو چاہے تو رحمت سے اپنی نوازے ۔ گنہگار ہوں میری عقبیٰ بنا دے

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقه محمد وآله اصحابه اجمعین!

صفر المظفر ۱۳۳۵ھ مطابق دسمبر ۱۹۱۶ء میں یہ نظم مسدس میں لکھی گئی ہے۔

راقم ناظم: حکیم عبداللہ رشید نواب

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں

حقیقت قادیانیت

(قادیانیوں کے مباہلے کا جواب)

مفتی عزیز الرحمٰن فتح پوری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قادیانیت اور مباہلہ

الحمد للہ وحدہٗ والصلوٰۃ والسلام علیٰ من لا نبی بعدہ!

حضرت محمد ﷺ اللہ کے محبوب اور سب سے آخری نبی ورسول ہیں۔ اجماعی فیصلہ ہے جو بھی اب یہ (نبوت ورسالت کا) دعویٰ کرے، اس کے کذب کے ثبوت کے لئے یہی دعویٰ کافی ہے۔

فرمان نبوی ہے کہ: ''میں آخری نبی ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں اور خود صادق مصدوق رحمۃ العالمین علیہ السلام نے ان لوگوں کو کذاب ودجال کا خطاب دیا ہے جو آپ ﷺ کے بعد نبوت کے دعویدار ہوں۔ مسیلمہ کذاب سے لے کر مسیلمۂ پنجاب تک بہت سے جھوٹے ظاہر ہوئے اور رسوائیاں سمیٹ کر جہنم رسید ہوگئے۔ مسیلمہ پنجاب سے مراد مرزا غلام احمد قادیانی علیہ ما علیہ ہے جو ایک شرابی، افیونی، خبطی، مالیخولیائی، انگریزوں کا خودکاشتہ پودا اور اطاعت شعار تھا اور اس کی ابتداء کا مقصد یہ تھا کہ برصغیر میں تقدس کے پردے میں انگریزوں کے وفا شعاروں کا ایک حلقہ قائم ہو اور تاریخ قادیانیت گواہ ہے کہ مرزا اور اس کی جماعت نے انگریز کا حق نمک بخوبی ادا کیا۔ شروع میں مرزا قادیانی ایک پلاننگ کے تحت مخلص خادم اسلام مناظر کی حیثیت سے سامنے آیا۔ اس طرح جب عوام کی توجہ حاصل ہوگئی تو تدریجاً یکے بعد دیگرے مختلف دعوے کئے اور آخر محمد رسول اللہ بھی بن بیٹھا۔

انگریزی سامراج اور مشنری پلاننگ پس پشت تھے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ دوکان چل پڑی اور اب یہ کاروبار قادیانی کی رائل فیملی کا سونے کا انڈا دینے والی مرغی بن چکا ہے۔ سامراج اور صیہونیت کا دست شفقت آج بھی قادیانیت کے سر پر ہے اور یہ جماعت عالم اسلام میں تخریب کاری کے درپے اور بطور ہراول دستہ کے اپنے آقاؤں کے واسطے راہ ہموار کرنے کی کوششوں میں مصروف ہے۔ افسوسناک پہلو یہ ہے کہ اس کفر کو اسلام کا نام دینے اور مرزا قادیانی کو محمد رسول اللہ کی حیثیت سے منوانے کی کوشش کی جارہی ہے۔

مرزا قادیانی اپنے بارے میں خود کہتا ہے کہ: ''محمد رسول اللہ والذین

معه اشداء علی الکفار رحماء بینهم ’’اس وحی الٰہی میں میرا نام محمد رکھا گیا اور رسول بھی۔‘‘ (ایک غلطی کا ازالہ ص ۱، خزائن ج ۱۸ ص ۲۰۷)

ان کا عقیدہ ہے کہ: ’’محمد رسول اللہ دو مرتبہ دنیا میں تشریف لائے پہلی مرتبہ مکہ معظّمہ میں دوسری مرتبہ قادیان میں مرزا قادیانی کا وجود آنحضرت ﷺ کا وجود ہے۔‘‘

(الفضل ۱۶ / دسمبر ۱۹۱۵ء، کلمۃ الفصل ص ۱۰۴، ۱۰۵)

ان کا عقیدہ ہے کہ: ’’مرزا قادیانی کی روحانیت آنحضرت سے اقویٰ اور اکمل اور اشد ہے، اس کی فتح مبین حضور اقدس ﷺ کی فتح مبین سے بڑھ کر ہے (معاذ اللہ) مرزا قادیانی کا ذہنی ارتقا آنحضرت ﷺ سے زیادہ تھا۔‘‘ (ریویو آف ریلیجنز، یکم / مئی ۱۹۲۹ء)

ان کا خیال اور عقیدہ ہے کہ: ’’ہر شخص ترقی کر سکتا ہے حتیٰ کہ محمد رسول اللہ سے بڑھ سکتا ہے۔‘‘ (استغفر اللہ ثم استغفر اللہ) (الفضل قادیان ج ۱۰ نمبر ۵ ص ۵ کالم ۳، مؤرخہ ۱۷ / جولائی ۱۹۲۲ء)

اور یہ ساری خرافات اسلام کے نام پر پیش کی جاتی ہے یہ خود کہتے ہیں کہ: ’’ہم ہر معاملہ میں مسلمانوں سے اختلاف رکھتے ہیں، اللہ میں، رسول میں، نماز میں، روزہ میں، حج میں اور زکوٰۃ میں سب ہی معاملوں میں ہمارے درمیان لازمی اختلاف ہے۔‘‘

(الفضل ۳۰ / جولائی ۱۹۳۱ء)

اللہ کا معاملہ ہے کہ مرزا خود اپنے لئے الوہیت اور صفات الوہیت کا دعوے دار ہے، رسول بھی یہ خود بن بیٹھا اور رسالت بھی ایسی کہ سب سے حتیٰ کہ محمد رسول اللہ سے افضلیت کا دعویٰ:

خیال زاغ کو بلبل کی ہمسری کا ہے

کلمۂ اسلام بھی بے فائدہ ہوگیا، جب تک کوئی مرزا قادیانی کو نہ مانے ہزار کلمہ پڑھے جہنمی ہوگا۔ نماز کا معاملہ یہ ہے کہ مرزا کی مناجات کی تلاوت نماز میں ہوتی تھی اور مرزا نے کبھی نہ تو خود حج کیا، نہ کبھی زکوٰۃ دی۔ (سیرت المہدی) روزہ بھی کبھی رکھا، کبھی نہیں رکھا۔ یہ ہے قادیانیت کا حقیقی چہرہ۔

فریب آشکارا ہوا بہت سے بدظن ہوگئے تو قادیان کے موجودہ گدی نشین (مرزا طاہر) نے اپنے عوام کی توجہ ہٹانے کے لئے مباہلہ کا ڈھونگ رچایا اور ساری دنیا کے

مسلمانوں کو چیلنج دیا۔ تقریباً ہر ملک کے مسلم علماء اور عوام کی ایک بڑی تعداد نے اس چیلنج کو قبول کرتے ہوئے مباہلہ کے لئے شرائط طے کرنے اور سامنے آنے کی دعوت دی۔ تب قادیانیت نے دوسری چال چلی، کہا یہ جائے گا کہ مباہلہ کے لئے شرائط کا تعیّن اور سامنے آنا ضروری نہیں اور ایسا مطالبہ فرار ہے، ساتھ ہی قادیانی سادہ لوحوں نے اس پر زور دیا کہ فریب آمیز جو کتابچہ انہوں نے مرتب کیا ہے۔ مسلمان اسے چھپوا کر آخر میں یہ لکھ دیں کہ یہ غلط ہے اور اس طرح اس کفر کی تبلیغ کریں۔

مگر اتنے بے وقوف صرف وہی لوگ ہو سکتے ہیں جو قادیانی کی خیال خبث کی طلب میں ہائے قادیان، ہائے قادیان پکارتے ہوں، خاکسار کے پاس بھی ایک خط ہے۔ ایک عدد کتابچہ جو لندن سے محرم الحرام میں آیا، میں نے اس ماہ میں منظوری کی اطلاع دے کر یہ دعوت دی کہ بمبئی، دہلی، قادیان یا اسلام آباد میں کسی ایک جگہ جمع ہو کر ہم مباہلہ کر لیں۔ مگر جواب ندارد، آخر دوسرا خط میں نے اکتوبر ۱۹۸۸ء میں روانہ کیا اور یہ واضح کر دیا کہ اگر یکم رجنوری ۱۹۸۹ء تک جواب نہ آیا تو ہم فرار کا اعلان کرنے میں حق بجانب ہوں گے۔ شاید اس سے بچنے کے لئے ایک جواب آیا جو مجھے یکم رجنوری کے بعد ملا۔ لہٰذا میں اگر فرار کا اعلان کر دیتا تو حق بجانب تھا۔ قادیانی سربراہ کی طرف سے آیا ہوا یہ خط بھی محض رسمی خانہ پری تھا اور مباہلہ کی تفصیلات سے گریز کرتے ہوئے اس میں فرار کی صورتیں اختیار کی گئی تھیں۔ میں نے اتمام حجت کے لئے اپنے خط میں ۲۶ رمئی ۱۹۸۹ء تک کی مہلت دی ہے۔ اس تاریخ کو مرض وبائی ہیضہ مرزا قادیانی آنجہانی پر وارد ہوا تھا۔ مجھے بھی قادیانی سادہ لوحوں نے یہ لکھا کہ گھر بیٹھے اخباری گھوڑے دوڑا کر دعا کر لوں۔ بس مباہلہ ہو گیا، کتنے سادہ لوح ہیں یہ بیچارے اور خود اپنے لٹریچر سے ناواقف بھی۔ جب کہ مرزا قادیانی اور اس کے خلیفہ ثانی نے جابجا اپنی تحریروں میں مقام ووقت کی تعیین میدان مباہلہ اور وہاں جمع ہونے کی ضرورت اور شرزائط کے طے ہونے کو لازمی قرار دیا ہے۔ میں نے اس خط میں انہی کی تحریریں یاد دلا کر بتایا ہے کہ مزید فریب کا جال نہ بنیں اور اب شرائط وتفصیلات کو طے کر کے میدان مباہلہ میں آجائیں۔ ۲۶ رمئی جو مرزا کی تاریخ وفات ہے اسے میں نے آخری دن مقرر کیا ہے۔ اگر اس وقت تک مباہلہ کے لئے مرزا طاہر سامنے نہ آیا تو قادیانیت کی شکست اور حق کی فتح کا زندہ نشان ہوگا۔

مرزا طاہر کے خط کا جواب

سربراہ فتنۂ قادیانیت مرزا طاہر بالقابہ رب قدیر آپ کو سچی سمجھ، عقل سلیم، حق کی طلب اور قبول حق کی توفیق عطاء فرمائے۔

دیوبند میں کل ہند مجلس تحفظ ختم نبوت کی جانب سے فتنہ قادیانیت کے تعلق سے ایک دس روزہ کیمپ میں شرکت کی سعادت حاصل کر کے واپسی ہوئی۔ اسی دن آپ کی جانب سے ایک خط موصول ہوا، کفر ٹوٹا خدا خدا کر کے۔ میں نے آپ کے چیلنج مباہلہ کے ساتھ آئے ہوئے خط کا جواب محرم الحرام ہی میں تحریر کر کے ارسال کر دیا تھا۔ اس کے بعد دوسرا خط یکم ردسمبر ۱۹۸۸ء کو تحریر کر کے بھیجا گیا۔ ان خطوں میں یہ اطلاع تھی کہ بندہ قادیانیت کی بیخ کنی کو اپنا فریضہ اور ختم نبوت کے دفاع کو اپنی خوش بختی نیز نجات کا ذریعہ سمجھتا ہے۔ اس لئے فتنہ قادیانیت اور اس کے بانی امین الملک، جے سنگھ بہادر، رودر گوپال، کلغی والے مرزا غلام قادیانی کے کذاب، دجال مفتری اور جہنمی نیز قادیانیت کے بطلان پر آپ کے ساتھ مباہلہ میرا دینی فریضہ ہے اور میں ہر لمحہ اس پر آمادہ ہوں۔ آپ کو بتاتا چلوں کہ میں عرصہ سے بیمار تھا۔ مگر مباہلہ کا یہ چیلنج آنے کے بعد جیسے ہی میں نے آپ کو آمادگی کی اطلاع کے ساتھ مباہلہ کی شرائط ضرور یہ طے کرنے کی دعوت دی۔ اللہ رب العزت نے حق کی تائید کا نشان ظاہر فرمایا کہ الحمدللہ! میں اب اس حد تک صحت مند ہوں کہ پچھلے دس سالوں میں کبھی میری صحت اتنی بہتر نہیں رہی۔ یہ خداوند قدوس کا خاص فضل، اس کی مہربانی اور اس کی جانب سے حق کی تائید کا ایک زندہ نشان ہے۔ میں اس سلسلے میں آپ کا بھی مشکور ہوں اور اسی لئے چاہتا ہوں کہ واقعی مباہلہ ہو جائے تاکہ میں رب کریم کے تائیدی نشانوں اور اس کے فضل خاص سے اور زیادہ حصہ پاؤں۔

افسوس آپ لوگوں پر ہے کہ نہ قبول حق پر آمادہ ہیں نہ اس کی کوئی فکر ہے اور مباہلہ کے نام پر جو چیلنج دیا، اس میں بھی فریب کا عنصر غالب ہے اور کیوں نہ ہو قادیانیت نام ہی فریب و تلبیس کا ہے جو اس وصف سے خالی ہو، سچا قادیانی ہو ہی نہیں سکتا۔ خود آپ کے دادا انگریزوں کے خود کاشتہ پودا، فرنگیوں کے اطاعت شعار، جھوٹے مدعی نبوت مرزا غلام احمد قادیانی کی سیرت، اس کا کردار، اس کے احوال، اس کی تصانیف اور دعاوی و دلائل فریب

تلبیس اور کذب بیانی کا شاہکار اور کفر والحاد کا اعلیٰ نمونہ ہیں۔ حیرت ہے کہ آپ لوگ چاہ قادیان کے حصار میں محصور روایتی کنویں کے مینڈک کی طرح ساری دنیا کو یہیں تک محدود سمجھے بیٹھے ہیں۔ آنکھیں کھولئے، چشم عبرت سے خود اپنے شائع کئے ہوئے قادیانی پلندوں کا مطالعہ کیجئے۔ مرزا قادیانی کے احوال وکردار، دعاوی اور ناکام دلائل نیز جھوٹی پیشین گوئیوں پر غور کیجئے۔ عبرت ناک انجام پر دھیان دیجئے اور آخرت کے دردناک عذاب سے بچنے کے لئے اس لعنت کا طوق گردن سے اتار کر غلامان محمد مصطفیٰ ﷺ کے حلقے میں داخل ہو جائیے۔

اب بھی وقت ہے ورنہ جو حال آپ کے دادا مرزا قادیانی اور آپ کے والد مرزا محمود کا ہوا ہے اور جس طرح رسوائیاں سمیٹ کر دونوں جہنم رسید ہوئے۔ آپ کا بھی وہی حشر ہونا ہے۔ وہ احوال کیا تھے، ان کی موت کا عبرت ناک منظر کیا تھا، یہ آپ سے مخفی نہ ہوگا۔ ورنہ اپنے ہی خاندان کے بزرگ اشخاص اور خواتین سے پوچھ لیجئے۔ مرزا طاہر صاحب صرف ایک بات پر غور کر لیں کافی ہوگا۔ مرزا قادیانی کا اپنا قول ہے کہ مباہلہ کرنے والوں میں جو جھوٹا ہوتا ہے وہ سچے کی زندگی میں ہلاک ہو جاتا ہے اور آپ کو یہ بھی معلوم ہوگا کہ مولانا عبدالحق غزنوی مرحوم سے بمقام امرتسر مرزا نے مباہلہ کیا تھا اور آپ کو اپنے دادا کی تاریخ وفات اور مرض الموت کا بھی علم ہوگا۔ ورنہ سیرت المہدی کا متعلقہ حصہ خود پڑھ لیجئے۔ پھر یہ بھی معلوم کیجئے کہ مولانا عبدالحق مرحوم کا انتقال مرزا کی اس عبرت ناک موت سے کتنے سال بعد ہوا، خود نہ معلوم کر سکیں تو ہم سے پوچھ لیجئے۔ سچا عبدالحق جھوٹے مرزا قادیانی کے بعد کتنے سال تک حیات رہا دو اور دو چار کی حقیقت واضح ہو جائے گی۔ مباہلہ کا نتیجہ خود مرزا قادیانی کے اقرار کے مطابق یہ ظاہر کرنے کے لئے کافی ہے کہ مرزا جھوٹا تھا۔ اس لئے مباہلہ کے بعد سچے عبدالحق کی زندگی ہی میں ہلاک ہو گیا۔ میں پہلے ہی خط میں آخری فیصلہ والی دعا کا بھی ذکر کر چکا ہوں۔ آپ کو خود بھی معلوم ہوگا۔ ورنہ پڑھ لیجئے تو پتہ چل جائے گا کہ مرزا جو مدعی نبوت تھا جو قبولیت دعا کا دعوے دار تھا۔ اس نے یہ دعا کی تھی کہ: ’’جو جھوٹا ہو سچے کی زندگی میں طاعون اور ہیضہ جیسی بیماریوں میں مبتلا ہو کر مر جائے۔‘‘ اور مرزا طاہر خود اس دعا کی قبولیت کی بشارت اور تحریک منجانب اللہ ہونے کی گواہی، یہ مسیلمہ پنجاب خود دے چکا ہے۔

پھر کیا ہوا آپ کو بھی معلوم ہے کہ مرزا قادیانی ۲۶ر مئی ۱۹۰۸ء کو بمرض وبائی ہیضہ ہلاک ہوکر خود اپنا جھوٹا ہونا ثابت کر گیا اور اسی طرح اس نے ڈاکٹر عبدالحکیم رحمۃ اللہ علیہ کے مقابل بھی منہ کی کھائی یہ تھوڑی سی تفصیل اس لئے بیان کر دی کہ شاید آپ کی نگاہوں سے یہ گوشے اوجھل ہوں۔ ورنہ یہ تو مشتے نمونہ از خروارے ہے۔ **فاعتبروا یآولی الابصار!** مرزا قادیانی کی رسوائیوں کی بات پر برسبیل تذکرہ یہ باتیں نوک قلم پر آ گئیں۔ لیکن امید ہے کہ اگر تلاش حق کے جذبے کے ساتھ آپ انہیں چند واقعات پر دیانت دارانہ غور کر لیں تو حق کی طرف مراجعت ناممکن نہیں۔

مرزا طاہر صاحب اگر آپ ان سب باتوں سے واقف ہیں تو پھر کوئی وجہ نہیں کہ آپ قبول حق سے رکے رہیں۔ دنیا چند روزہ ہے دنیوی مال ومتاع جو مختلف چندوں اور فنڈ کی شکل میں حاصل ہو رہا ہے، سب یہیں رہ جائے گا:

سب ٹھاٹھ پڑا رہ جائے گا جب لاد چلے گا بنجارا

اس لئے آخرت کی فکر کریں، آخرت کی رسوائیوں اور عذابوں سے محفوظ رہنے کی کوشش کریں۔ جس کا واحد طریقہ یہ ہے کہ قادیانی مذہب پر لعنت بھیج کر حلقہ بگوش اسلام ہو جایئے اور اپنے ساتھ فریب خوردہ مریدوں کو بھی اس انجام بد سے بچانے کی سعی کیجئے۔ جو قادیانیوں کے لئے رب کائنات کی جانب سے لکھا جا چکا ہے۔ آپ کا یہ خط چار ماہ سے زائد مدت تک انتظار کے بعد ملا، میں نے دو خط روانہ کئے۔ اتنی طویل خاموشی کی توجیہ اس کے علاوہ کیا کی جائے کہ آپ حضرات خود اچھی طرح اس دجل وفریب سے واقف ہیں اور خود بھی اس فریب کے دائرہ کار کو بڑھانے میں حصہ لے رہے ہیں اور مباہلہ کا یہ چیلنج بھی اس سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ آپ کے سیکرٹری نے یہ بھی لکھا ہے ۳۱ر اکتوبر ۱۹۸۸ء کو بھی خط بھیجا گیا ہے۔ میں اس کے علاوہ کیا سوچ سکتا ہوں کہ یہ بھی قادیانیت کی دروغ گوئیوں میں سے ایک ہے۔ کیونکہ میرے خطوں کے جواب میں یہی پہلا خط ہے جو مجھے موصول ہوا۔ بہرحال آپ کی طرف سے بھیجے گئے۔ اس خط کا ایک ایک لفظ قادیانیت کی شکست خوردگی اور آنجناب کے فرار کی نشان دہی کرتا ہے۔ میرا یہ احساس صد فیصد مبنی بر حقیقت ہے کہ قادیانی کاروبار نبوت کے پروپرائٹروں نے جن کے اس وقت آپ کے سربراہ ہیں، مباہلہ کے لئے سامنے نہ آنے کا فیصلہ شاید چیلنج کی

اشاعت سے پہلے ہو چکا تھا۔ ورنہ کیا وجہ ہے کہ اب تک متعدد حضرات آپ کی دعوت مباہلہ کے بعد شرائط طے کر کے روبرو میدان مباہلہ میں آنے کا اعلان کر چکے ہیں۔ مگر قادیانی گنبد کے مکینوں کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی ہے اور آپ حضرات خالی اخباری گھوڑے دوڑا کر خانہ پری کر رہے ہیں۔ مرزا طاہر صاحب اس طرح جی چرانے کو مرزا قادیانی آپ کے دادا علیہ ما علیہ نے نامردی سے تعبیر کیا ہے۔ کیا آپ خود کو ایسا ہی پاتے ہیں۔ بہرحال ہم آپ کے فریب کو اچھی طرح سمجھتے ہیں اور آپ لوگوں کی چالوں سے بھی واقف ہیں:

بہر رنگے کہ خواہی جامہ می پوش   من انداز قدت رامی شناسم

قادیان اور ربوہ کے جہنمی مقبروں کے دلدادگان کو شاید احساس نہ ہو سکا ہو، مگر مسلمان خوب اچھی طرح ان چال بازیوں سے باخبر ہیں۔ اس لئے بغیر کسی اینچ پینچ میں الجھے ہوئے سیدھا سا طریقہ آپ کے سامنے پیش کیا جاتا ہے کہ مرد میدان بن کر میدان مباہلہ میں آیئے اور جرأت کے ساتھ آسمانی فیصلہ کا سامنے کیجئے۔ اس خط میں قرآن مجید کی آیت مباہلہ کی طرف بھی اشارہ کیا گیا ہے۔ معاف فرمایئے قرآن کریم اور وحی الٰہی سے آپ لوگوں کو کیا مس۔ آپ کا تعلق تو ٹیچی ٹیچی نامی کسی شیطانی فرستادے کے وسواس سے ہے جن کا بقول مرزا قادیانی اس پر نزول ہوتا تھا۔ جب کہ قرآن کریم رب العالمین کا پاک کلام ہے جسے روح الامین نے نبی آخرالزمان تک پہنچایا اور پھر جو رہتی دنیا تک کے لئے سرچشمہ ہدایت ہے اور جس کے متعلق فرمان الٰہی ہے: ''**لایمسہٗ الا المطہرون** (الواقعہ:۷۹)'' لہٰذا کفر و باطل کی خباثتوں سے آلودہ ذہن قرآنی مفہوم یا اس کے اسرار و معارف اور ربانی حقانی کو کیا سمجھ سکیں گے۔ اس سلسلے میں آپ ہی نہیں تمام قادیانیوں کا یہی حال ہے۔ مگر ذکر آیا ہے تو بتاتا چلوں کہ آیت مباہلہ میں اللہ رب العزت نے اپنے آخری نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ سے ارشاد فرمایا کہ نصاریٰ جو آپ سے حجت کرتے ہیں، ان سے کہہ دیجئے کہ آؤ ہم تم اپنے اہل و عیال کو بلالیں اور پھر مباہلہ کریں اور جھوٹوں پر اللہ کی لعنت بھیجیں۔ مرزا طاہر نہ قرآن کے اس واضح ارشاد کا مطلب آپ سمجھے نہ دوسرے قادیانی پنڈت۔

بہرحال اتمام حجت کے لئے آپ کی توجہ آنحضرت ﷺ کے عمل کی طرف مبذول کراؤں گا کہ اس اعلان کے بعد حضور پاک ﷺ سے نصاریٰ نے مہلت طلب کی۔ دوسری صبح

آپ ﷺ نے حضرت علیؓ، حضرت فاطمہؓ، حضرت حسینؓ اور بعض روایات کے مطابق سیدنا ابوبکرؓ وعمرؓ وغیرہ ودیگر حضرات صحابہؓ کو بھی ہمراہ لے کر میدان مباہلہ کی سمت چل پڑے۔ مگر عین وقت پر نصاریٰ نے مباہلہ سے انکار کر کے جزیہ دینا قبول کیا۔ ہر عقل والا اس واقعے سے قرآنی مباہلہ کا طریقہ بآسانی سمجھ سکتا ہے اور اہل عقل سمجھتے بھی ہیں۔

مگر آپ لوگ قادیانی عینک لگا کر واقعات وحقائق کا بھی مطالعہ کرتے ہیں، اس لئے نہ قرآن کے حقیقی مفہوم کو آپ کا ذہن قبول کرے گا نہ حدیث پاک کو جب کہ حدیث رسول کے متعلق تو مسیلمہ پنجاب یہ تک کہہ گیا ہے کہ اس کی مزعومہ شیطانی وحی کے خلاف جو حدیث ہو وہ ردی کی ٹوکری میں ڈال دینے کے قابل ہے۔ (معاذ اللہ) اس لئے ہم آپ کو قادیانی نام نہاد علمی معارف اور روحانی خزائن کی سیر کراتے ہیں۔ شاید اس طرح بات کچھ بنے اور آپ حضرات مرغے کی ایک ٹانگ والی رٹ لگانے سے باز آجائیں۔ شرم وحیا کا ذرا سا عنصر ہو تو یقیناً ایسا ہی ہونا چاہئے۔

جناب مرزا طاہر صاحب! آپ کا یہ خط تاثر دیتا ہے کہ شاید آپ نے اپنے آنجہانی دادا اور جہنم مکانی باپ کی تحریریں بھی نہیں پڑھیں ہیں۔ ویسے یہ تحریریں شیطانی وساوس اور خرافات کا مجموعہ ہونے کی وجہ سے اس قابل بھی نہیں کہ کوئی معقول آدمی انہیں پڑھ کر وقت ضائع کرے۔ مگر آپ کا معاملہ دوسرا ہے۔ آپ اس گدی کے جانشین ان نام نہاد تقدس مآبوں کے وارث ہیں۔ لہٰذا آپ کو تو ایک ایک حرف حفظ ہونا چاہئے۔ اس لئے بظاہر یہ گمان نہیں ہوتا کہ آپ خود اپنے باپ دادا کے اقوال سے اتنے جاہل ہوں گے۔ لامحالہ یہ کہنا پڑتا ہے کہ فریب ودجل کا ایک حربہ اور اہل اسلام کے خلاف سازش ہے جس کا اظہار مباہلہ کے چیلنج کے عنوان سے کیا گیا ہے۔

ہم اس سلسلے میں ''افوّض امری الی اللہ (غافر:۴۴)'' کہتے ہوئے آپ کو بتانا چاہتے ہیں کہ قرآنی طریقہ مباہلہ جس کی نشان دہی ہم پہلے کر چکے ہیں اور جس کی طرف دعوت کو آپ لوگ قبول کرنے پر آمادہ نہیں۔ جہنم مکانی مرزا قادیانی نے نہ صرف یہ کہ اس طرح وقت اور مقام مقرر کرنے کا اعلان کیا بلکہ مقام ووقت کی تعیین کر کے مولانا عبدالحق غزنوی کے روبرو خود میدان مباہلہ میں حاضر بھی ہوا اور اسی کے نتیجہ میں جھوٹا ثابت ہو کر سچے عبدالحق کے

سامنے بمرض وبائی ہیضہ ہلاک ہوگیا اور مولانا عبدالحق مرحوم ہی نہیں۔ انگریز بہادر کے اس خود کاشتہ پودے اور فرنگی سامراج کے اس ایجنٹ نے متعدد علماء کو بھی اسی طرح تاریخ اور مقام طے کر کے مباہلہ کے لئے میدان مباہلہ میں آنے کی دعوت دی۔ یہ الگ بات ہے کہ چیلنج کے باوجود مولانا عبدالحق مرحوم کے بعد مرزا قادیانی کسی کا سامنا کرنے کی ہمت نہ کر سکا۔

اعلان مباہلہ بجواب اشتہار عبدالحق غزنوی کا ملخص جلال الدین شمس کے لفظوں میں ہم سے سنئے اور پھر خود بھی پڑھ لیجئے (مباہلہ دہم ذی قعدہ بصورت بارش ۱۱؍ذی قعدہ ۱۳۱۰ھ کو عیدگاہ میں جو مسجد خان بہادر محمد شاہ مرحوم کے قریب ہے دو بجے شام کو ہوگا) ڈیئر مرزا طاہر یہ دہم اور ۱۱؍ذی قعدہ کیا تاریخ کے تعین کے علاوہ کچھ اور نہیں یہ عیدگاہ کا ذکر مقام مباہلہ کے تعین میں ہے؟ اور دو بجے شام کو وقت مباہلہ کے تعین کے علاوہ اور کیا کہا جائے؟ پھر اسی اشتہار میں مولانا محمد حسین رحمۃ اللہ علیہ کے لئے یہ جملہ بھی پڑھ لیں ’’محمد حسین بٹالوی کا فرض ہے کہ میدان میں مباہلہ کے لئے تاریخ مقررہ پر امرتسر میں آ جاوے۔‘‘ (مجموعہ اشتہارات ج۱ ص۴۲۴،۴۲۵)

یہ آپ کے خودساختہ روحانی پیشواء کا جملہ ہے جس میں تاریخ مقررہ پر میدان مباہلہ میں آنے کو فرض کہا گیا ہے۔ ہم بھی آپ کو اسی طرح تاریخ اور میدان ومقام کے تعین کی دعوت دیتے ہیں۔ آپ شاید یہ جھوٹ بولنے میں بھی باک محسوس نہ کریں کہ مولانا عبدالحق سے مباہلہ ہی نہیں ہوا۔ لہٰذا بطور پیش بندی عرض ہے کہ اپنے روحانی خزائن کی سیر کیجئے اور جلال الدین شمس کے یہ الفاظ پڑھئے: ’’اور عبدالحق غزنوی اس نے مجھ سے مباہلہ چاہا، مگر میں مدت تک اعراض کرتا رہا۔ آخر اس کے نہایت اصرار پر مباہلہ ہوا۔‘‘ (رسالہ دعوت قوم ص۶۴، خزائن ج۱۱ ص۶۴)
آپ کو علم ہوگا کہ عیسائیوں کو بھی مباہلہ کی دعوت مرزا قادیانی نے دی تھی اور بغور سنئے میدان مباہلہ اور روبرو مباہلہ کے لئے حاضر ہونے کا اس میں بھی اظہار تھا، میدان والا جملہ سنئے۔

’’اگر ایک سال تک ایسا آدمی جو مباہلہ کے میدان میں آوے، آسمانی عقوبت سے سزایاب نہ ہو جاوے۔‘‘ (انجام آتھم ص۶۷، خزائن ج۱۱ ص۶۷) کیا یہ جملہ میدان مباہلہ کا تعین نہیں کرتا۔ آپ کی تسلی کے لئے اسی صفحہ کی ایک اور عبارت پیش ہے۔ ’’ہم دو فریق میں سے جو اس وقت مباہلہ کے میدان میں حاضر ہیں جو فریق جھوٹے اعتقاد کا پابند ہے اس کو ایک سال تک بڑے عذاب سے ہلاک کر۔‘‘ (انجام آتھم ص۴۴، خزائن ج۱۱ ص۴۴) مرزا

صاحب بالقابہ یہ جملہ بھی آپ کے دادا کا ہے جو میدان مباہلہ کا تعیّن اور دونوں فریق کا وہاں حاضر ہونا بتاتا ہے۔اس سے اگلی سطر پر بھی ایک نگاہ ڈال لیں۔

مرزا گویا ہے: ’’غرض ہر ایک فریق ہم میں سے اور عیسائیوں میں سے دعا کرے اس طرح کہ اوّل فریق یہ دعاء کرے اور دوسرا آمین کہے۔ پھر دوسرا فریق دعاء کرے اور پہلا آمین کہے۔‘‘ (انجام آتھم ص۴۴، خزائن ج۱۱ص۴۴) قادیانی پنڈتوں کو بلا کر پوچھ لیجئے کہ یہ عبارت کیا مفہوم رکھتی ہے۔ مزید سنئے اسی کتاب کے اوراق پلٹئے علماء اسلام کو مباہلہ کا چیلنج دیتے ہوئے آپ کے رودر گوپال، کرشن اوتار، کلغی والے جے سنگھ بہادر مرزا قادیانی کے الفاظ ہیں کہ: ’’اور یوں ہوگا کہ تاریخ اور مقام مباہلہ کے مقرر ہونے کے بعد میں ان تمام الہامات کو جو پرچہ میں لکھ چکا ہوں اپنے ہاتھ میں لے کر میدان مباہلہ میں حاضر ہوں گا۔‘‘

(رسالہ دعوت قوم ص۶۵، خزائن ج۱۱ص ایضاً)

شری مرزا طاہر صاحب! اگر آپ کا حال وہ نہیں ہوچکا جو آخری ایام میں آپ کے آنجہانی والد مرزا محمود کا ہوگیا تھا تو آپ سمجھ سکتے ہیں کہ یہ عبارت بھی تاریخ مقام مباہلہ اور روبرو حاضر ہونے کو واضح کررہی ہے۔

اگلا صفحہ الٹئے اور یہ عبارت بھی سن لیجئے۔ ’’اے خدا علم وخبیر! اگر تو جانتا ہے کہ یہ الہامات جو میرے ہاتھ میں ہیں تیرے ہی الہام ہیں اور تیرے ہی منہ کی باتیں ہیں تو ان مخالفوں کو جو اس وقت حاضر ہیں۔‘‘ (رسالہ دعوت قوم ص۶۶، خزائن ج۱۱ص ایضاً) کیا یہ دونوں عبارتیں فریقین کا میدان مباہلہ میں حاضر ہونا ظاہر نہیں کرتی۔

اس سے اگلے صفحہ کو دیکھئے آپ کے دادا کے الفاظ ہیں: ’’ہاں! یہ بھی شرط کرتا ہوں کہ میری دعا کا اثر صرف اس صورت میں سمجھا جائے کہ جب تمام وہ لوگ جو مباہلہ کے میدان میں بالمقابل آویں۔‘‘ (رسالہ دعوت قوم ص۶۷، خزائن ج۱۱ص ایضاً) اور یہی جھوٹا نبی تین سطر کے بعد مزید کہتا ہے کہ: ’’میرے مباہلہ میں یہ شرط ہے کہ اشخاص مندرجہ ذیل میں سے کم سے کم دس آدمی حاضر ہوں۔ اس سے کم نہ ہوں اور جس قدر زیادہ ہوں میری خوشی اور مراد ہے۔‘‘ (حوالہ مذکورہ)

مرزا طاہر صاحب اب بھی سمجھ میں نہ آیا ہو تو اور سنئے اسی مسیلمہ پنجاب کے الفاظ

جس کی جھوٹی نبوت کے آپ علمبردار ہیں: ’’اور میں پھران سب کو اللہ جل شانہ کی قسم دیتا ہوں کہ مباہلہ کے لئے تاریخ اور مقام مقرر کر کے جلد میدان مباہلہ میں آویں۔‘‘ (رسالہ دعوت قوم ص۶۹، خزائن ج۱۱ص ایضاً) اگر آپ اللہ جل شانہ پر ایمان رکھتے ہیں تو ہم بھی آپ کو یہی قسم دیتے ہوئے تاریخ اور مقام مقرر کر کے جلد میدان مباہلہ میں آنے کی دعوت دیتے ہیں اور ہمیں اس میں کوئی مشقت بھی نہیں کہ روبرو مباہلہ کے لئے آئیں۔ تصفیہ شرائط کے وقت جہاں اور جب کے لئے طے ہو جائے گا، ہم حاضر ہو جائیں گے۔ اس لئے ہماری کسی مشقت کی فکر نہ کریں۔ ہم یہ سعادت حاصل کرنا ہی چاہتے ہیں کہ ہم سے مباہلہ کر کے قادیانی دنیا کا سربراہ اسی انجام بد کو پہنچ جائے جو اس کے دادا کو نصیب ہوا تھا۔ امید تو نہیں کہ تاریخ اور مقام کے تعیّن کے سلسلے میں آپ کو اب کوئی تذبذب باقی رہ سکے گا۔ مگر آپ کے لئے مرزا قادیانی کی یہ عبارت بھی دلچسپ اور عبرت انگیز ثابت ہوگی۔ جس میں مولانا بٹالوی، مولانا ثناء اللہ اور مولانا احمد اللہ امرتسری اور مولانا عبدالحق غزنوی اور مولانا عبدالجبار غزنوی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ: ’’ان کے لئے طریق احسن یہ ہے کہ وہ بالمواجہ مباہلہ کریں، آدھی مسافت میں طے کروں اور آدھی مسافت وہ طے کریں۔‘‘ مرزا طاہر صاحب ہم یہ صورت اختیار کرنے کے لئے بھی آمادہ ہیں، حوصلہ تو کیجئے۔ امید ہے کہ آپ اپنے دادا کے ان معارف سے محظوظ ہو رہے ہوں گے اور شرم وحیا کو کام میں لاتے ہوئے تاریخ ومقام کی تعیّن طلبی کو فرار وگریز کا نام دینے سے شرمائیں گے۔ جیسا کہ آپ کے اس خط میں اس بے حیائی کا ارتکاب کیا گیا ہے، اللہ کے بندو عقل کے ناخن لو۔ اگر یہ فرار ہے تو مرزا قادیانی مسلسل چیلنج بھی کرتا رہا اور فرار کی راہ بھی چلتا رہا۔ آپ ہی لوگ بتائیں ہم کسے جھوٹا سمجھیں۔ مرزا قادیانی کو جو مباہلہ میں مقام وتاریخ وغیرہ کی شرط لگاتا ہے یا مرزا طاہر کو جو اس طریقے کو فرار کا نام دیتا ہے اور کوڑھ پر کھاج کے مصداق قادیانیت کا مصلح موعود جو قادیانیوں کو زعم باطل میں مرزا قادیانی کے بقول ایسا ہے۔ گویا اللہ آسمان سے نازل ہو گیا۔

اسی قادیانیت کے نام نہاد خلیفہ ثانی مرزا بشیرالدین محمود نے بھی یہ سب لکھا ہے۔ مثلاً چند آدمیوں کے نام گنانے کے بعد مرزا محمود کی تحریر میں ہے کہ: ’’میں نے ان کو نمائندہ مقرر کر دیا کہ ان سے ...... کے نمائندے ضروری امور کا تصفیہ کر لیں اور شرائط کا تصفیہ

ہوجانے کے بعد مباہلہ ہوتا کہ مباہلہ کرنے والوں کو بروقت اطلاع دی جاسکے۔‘‘ جناب مرزا طاہر صاحب! یہ شرائط کیا ہیں جن کا تذکرہ آپ کے آنجہانی والد نے کیا ہے اور کیا اس عبارت میں تاریخ کے تعیّن کو ضروری نہیں کہا گیا ہے اور سنئے اس اشتہار میں آپ کے باپ کا فرمان واجب الاذعان ہے کہ: ’’شرائط کا تذکرہ تو بہرحال تحریر میں آنا ضروری ہے اور دونوں فریق کے اس پر دستخط ہونے بھی ضروری ہے۔‘‘

مسٹر مرزا طاہر کیا اب بھی آپ مباہلہ کے لئے شرائط سے انکار کریں گے۔ میں آپ کو مختصراً بتاتا چلوں کہ پہلی شرط اس اشتہار میں یہ ہے کہ طرفین کے ہزار یا پانچ سو آدمی ہوں اور ہر فریق دوسرے کو ان کی فہرست اور مکمل پتے دے۔ دوسری شرط کے ضمن میں مقام مباہلہ کے طور پر لاہور یا گورداسپور یا قادیان کا تذکرہ ہے۔ تیسری بات یہ ہے کہ طرفین کے نمائندے ضروری امور کا تصفیہ کرلیں گے تو تاریخ مباہلہ مقرر کر لی جائے گی۔ جو اس تصفیہ سے پندرہ دن بعد کی ہوگی اور آپ کے آنجہانی والد نے پہلے نمائندوں کی گفتگو اور پھر طرفین کی رضامندی سے تاریخ کی تعیین کی بات بھی اسی اشتہار میں کہی ہے۔ اگر آپ مزید اطمینان چاہتے ہیں تو سنئے مرزا محمود کے الفاظ ہیں۔

’’بہرحال سب شرائط کا تحریر میں آجانا اور میدان مباہلہ کے انتظام کے متعلق سب تفصیلات کا طے ہوجانا ضروری ہے تاکہ اس کے بعد کسی کو ردوبدل کا موقع نہ ہو اور کسی قسم کا فریب نہ ہوسکے اور جو آدمی مباہلہ کے لئے تحریر ہوں، ان کے نام ولدیت مفصل پتے دونوں فریق اپنی تصدیق کے ساتھ ایک دوسرے کو مہیا کردیں۔ اس کے بعد رضامندی فریقین کے ساتھ ایک تاریخ مباہلہ کے لئے مقرر ہوگی اور اسی دن مباہلہ ہوگا۔‘‘

مرزا طاہر! ہم بھی یہی چاہتے ہیں کہ مباہلہ کی شرائط ضرور یہ طے کر کے تاریخ ومقام مقرر ہوجانے کے بعد مباہلہ کی طرح باقاعدہ مباہلہ ہو۔ یہ بھی سن لیجئے کہ آپ اور آپ کی جماعت کے لوگ مباہلہ کے نام پر جو اشتہار بازی کررہے ہیں۔ اس کے متعلق آپ کے آنجہانی باپ کا فتویٰ ہے کہ اس طرح خالی اخباری گھوڑے دوڑا کر اس نہایت اہم امر کو ہنسی مذاق میں نہ ٹلائیں۔ لہٰذا غیرت کا مظاہرہ کیجئے اور کچھ نہ سہی تو اپنے باپ دادا کی تحریروں کی لاج رکھتے ہوئے باقاعدہ شرائط کا تصفیہ اور مقام ووقت کا تعین کر کے مباہلہ کے لئے میدان

www.amtkn.com www.facebook.com/amtkn313 www.emaktaba.info

مباہلہ میں آیئے اور خود کو مرد میدان ثابت کیجئے۔

میں نے قصداً ان حوالوں کے مأخذ کا تذکرہ نہیں کیا۔ ویسے یہ بتادوں کہ یہ سطور قلم بند کرتے وقت اصل تحریریں مطبوعہ شکل میں میرے سامنے موجود ہیں۔ دیکھنا یہ ہے کہ آپ لوگ اپنے لٹریچر سے کتنی واقفیت رکھتے ہیں۔ ویسے جب شرائط طے کرنے کے لئے آپ یا آپ کا بھیجا ہوا نمائندہ آئے گا تو اس شرط کے ساتھ اصل حوالے دکھا دیئے جائیں گے کہ آپ لوگ اپنی ناواقفیت کا تحریری اقرار کریں۔ مرزا طاہر بالقابہ آپ کی رہنمائی میں قادیانی کے چھوٹے بڑے تقریباً سبھی لوگ یہ تأثر دے رہے ہیں، گھر بیٹھے آپ نے دعاء کر لی اور ہم بھی اسی طرح کرلیں، اس سے مباہلہ ہو گیا۔ بسوخت عقل زحیرت کہ ایں چہ بوالعجبی است۔

ڈیئر مرزا طاہر! میں نے ابھی تک تو یہ نہیں سنا کہ آنجناب بھی اپنے اوپر نزول وحی کے قائل ہیں، ممکن ہے اندھے معتقد ایسا سمجھتے ہوں یا قادیان کی گدی انہیں یہ واقعی باور کراتی ہو۔ بہرحال اگر ایسا ہے تو کیا آنجناب نے باپ دادا کی شریعت بھی منسوخ کر دی ہے؟ صورت حال جو بھی آپ لوگوں کا آپسی معاملہ ہے۔ مجھے تو یہ بتانا ہے کہ آنجناب کے باپ مرزا بشیرالدین محمود جو قادیانیت کے لئے مصلح موعود اور آپ لوگوں کے عقیدہ کے مطابق بقول مرزا قادیانی ایسا ہے کہ گویا اللہ آسمان سے نازل ہو گیا۔ آپ کا یہی مصلح اور مورث ایسی قسم کو مباہلہ نہیں قرار دیتا۔ تفصیل یہ ہے مخالفین کے خلاف اخباری حلف شائع کرانے کے بھی مباہلہ کی ضرورت محسوس کرتے ہوئے جو لکھا گیا ہے۔

مرزا بشیرالدین کے لفظوں سے سن لیجئے: ''اے سننے والو! سنو کہ میں نے اپنی طرف سے قسم کھالی ہے......اب...... یہ نہیں کہہ سکتے کہ میں مباہلہ سے گریز کرتا ہوں، میں اللہ تعالیٰ سے امید رکھتا ہوں کہ مباہلہ ہو یا نہ ہو، اللہ تعالیٰ کی نصرت میری اس قسم کی وجہ سے جماعت قادیانی کو نصیب ہوگی۔'' اب فرمایئے کہ قسم کھانے کے بعد مباہلہ ہو یا نہ ہو کے الفاظ کیا بتاتے ہیں، کوئی بھی عقل و ہوش رکھنے والا بآسانی سمجھ سکتا ہے کہ مرزا محمود کے بقول قسم مباہلہ نہیں ہے بلکہ مباہلہ تو مندرجہ بالا شرائط طے کر کے روبرو ہوگا۔

اب آپ فرمایئے آپ کو جھوٹا سمجھا جائے جو خود اپنے زعم کے مطابق اپنے مورث اپنے باپ اور واجب التسلیم مصلح کے قول کے خلاف پروپیگنڈا میں مصروف ہیں یا آپ کے

آنجہانی باپ کو جس کی تحریر آپ حضرات کے جھوٹ اور فریب کو ثابت کر رہی ہے۔ یہ معمّہ تو تنہاء آپ ہی نہیں تمام قادیانی پنڈت مل کر بھی نہ حل کر سکیں گے۔ لہٰذا بہتر یہی ہے کہ شرافت کے دامن کو تھام کر اسی طرح شرائط طے کر کے میدان مباہلہ میں آجائیں۔ جس طرح آپ کے آنجہانی باپ دادا کی تحریروں سے ثابت ہے۔ ورنہ پھر یا تو ان کے جھوٹ کا اعلان کریں یا اپنے فریب کا اقرار۔

ہم نے گزشتہ خطوط میں مقام مباہلہ کے طور پر بمبئی، دہلی، اسلام آباد، امرتسر اور خود قادیان کو متعین کیا تھا۔ اپنے طور پر ہم نے امرتسر یا دہلی کو بعض تاریخی اسباب کی بناء پر ترجیح دی تھی۔ مگر یہ بتانا ضروری ہے کہ بمبئی کے بہت سے احباب جامع مسجد بمبئی میں مباہلہ چاہتے ہیں۔ آنجناب کو اس میں زیادہ سہولت بھی رہے گی۔ یہاں بمبئی میں آپ کا دفتر بھی ہے۔ کشمیر کے مسلمانوں کے خطوط بھی احقر کے پاس آئے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ یہ مباہلہ سری نگر میں ہو جن حضرات کے خطوط آئے ہیں۔ ان میں سے بعض فکری اور علمی اعتبار سے شیر پنجاب فاتح قادیان حضرت مولانا ثناء اللہ صاحب امرتسری رحمۃ اللہ علیہ کے وارث اور جانشین ہیں۔ ان کی خواہش کا احترام مجھ پر لازم ہے۔ اس لئے سری نگر کا مزید اضافہ کرنا چاہتا ہوں۔ یہ مقام صحت افزاء بھی ہے۔ سنا ہے کہ دماغی ہیجان میں مبتلا لوگ بھی وہاں سدھر سکتے ہیں۔ بہت ممکن ہے کہ آپ اور آپ کی جماعت کے جو لوگ مباہلہ کے لئے سری نگر پہنچیں۔ وہاں کی صحت بخش فضا ان کے دماغ کے بند دروازوں کو کھول دے اور کچھ سعید روحیں اس دماغی بخار سے نجات پا سکیں جس کا نام قادیانیت ہے۔ لہٰذا کیوں نہ سری نگر میں مباہلہ طے ہو؟

بہرحال اب آپ کے سامنے مندرجہ ذیل مقامات ہیں سری نگر، بمبئی، امرتسر، دہلی، اسلام آباد اور قادیان۔ اب بذات خود یا اپنے نمائندہ کو بھیج کر تفصیلات طے کریں یا لندن میں مولانا محمد یوسف صاحب متالا سے رابطہ قائم کریں اور اپنے آپ کو مرد میدان ثابت کر دکھائیں۔ مگر خوب یاد رکھئے کہ مولانا غزنوی کے مقابلہ میں جو آپ کے دادا کا انجام ہوا تھا۔ ان شاء اللہ العزیز! مباہلہ کے بعد وہی انجام آپ کا منتظر ہے۔ اخیر میں موضوع سے ہٹ کر ایک بات آپ کے سیکرٹری کے خط میں یہ ہے کہ گویا میں نے قادیانی کتابیں نہیں پڑھیں اور محض سنی سنائی باتیں ہیں جو کہہ رہا ہوں۔ جناب والا! یہ شکایت ہمیں آپ سے ہے

اور بجا ہے۔آپ لوگ اگر یہ زحمت کریں کہ قادیانی خرافات کا پلندہ بغور پڑھ لیں تو خود آپ پر اس کا بطلان واضح ہو جائے۔

بہرحال اتمام حجت کے لئے عرض ہے کہ ایسا کریں کہ مرزا قادیانی کی جملہ تصانیف، ملفوظات، مکتوبات، الہامات ومکاشفات اور سیرت وتذکرے پر نیز مرزا محمود اور حکیم نورالدین کی تمام کتابیں اور اپنے چچا بشیر احمد ایم.اے کی کتابیں اپنے دستخط کے ساتھ مجھے روانہ کر دیں۔ میں انہیں کتابوں میں نشان لگا کر رکھوں گا اور پھر کسی مناسب موقع پر انہیں کو سامنے رکھ کر آپ سے زبانی تبادلہ خیالات کر کے قادیانی فریب کو آپ پر واضح کر دوں گا۔اس طرح آپ کا یہ شک بھی مٹ جائے گا کہ میں نے اصل کتابیں نہیں دیکھی۔کسی عذر کا موقعہ نہ رہے، اس لئے آپ کو ایک طویل مہلت دی جارہی ہے۔ ۲۶/مئی آپ کے لئے تاریخی دن ہے جب آپ کے پیشواء مرزا موصوف کا انتقال ہوا۔ یہ ہم مسلمانوں کے لئے بھی تاریخی حیثیت رکھتا ہے کیونکہ مولانا عبدالحق غزنوی رحمۃ اللہ علیہ سے مباہلہ کے بعد اسی دن فتنہ قادیانیت کا بانی مرزا غلام احمد قادیانی ہیضہ کا شکار ہو کر سچے عبدالحق کی زندگی ہی میں ہلاک ہو گیا تھا۔اس لئے مباہلہ کے لئے یہی تاریخ متعین سمجھئے۔آج ۱۶/فروری ہے، ۲۶/مئی تک کافی وقت ہے۔ یہ خط ہفتہ عشرہ میں آپ کو مل جائے گا۔اس کے بعد کافی عرصہ ملے گا۔تفصیلات وشرائط طے کر کے جملہ انتظامات مکمل کر لئے جائیں اور تاریخ مذکور پر مباہلہ ہو جائے۔اب اگر آپ نے اس سلسلے میں کوئی دلچسپی نہ لی اور شرائط وغیرہ نہ طے ہوئیں تو یہ آپ کا فرار ہوگا اور ۲۶/مئی ۱۹۸۹ء کو مباہلہ نہ ہونے کی صورت میں ہم آپ کے فرار کا عام اعلان کرنے میں حق بجانب ہوں گے۔لہٰذا جیسا کہ تاریخ مذکور پر مباہلہ نہ ہونے کی صورت میں عالمی پیمانے پر آپ کے فرار کا اعلان کر دیا جائے گا۔ والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ!

نوٹ: بہت ممکن ہے آپ لندن کے علاوہ مباہلہ پر اپنی کسی مصلحت کی وجہ سے خود کو آمادہ نہ کر سکیں۔اس لئے ہم یہ سہولت بھی آپ کو دیتے ہیں، تحفظ ختم نبوت کا آفس لندن میں موجود ہے، آیئے تفصیلات وشرائط طے ہو جائیں۔پھر میں بھی لندن آسکتا ہوں۔شرط یہ ہے کہ آپ سنجیدگی سے مباہلہ کے لئے سامنے آجائیں۔

وآخر دعوٰنا ان الحمد للہ رب العالمین!

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

حقیقت مرزائیت

جناب فضل الٰہی شملوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تفصیلی فہرست

تمہید	۲۲۳
دعویٰ نبوت	۲۲۴
نبی کی تعریف	۲۲۸
الہامات	۲۲۸
مرزاقادیانی کا منکر مومن نہیں	۲۳۰
مرزاقادیانی اپنی وحی کو قرآن کے برابر سمجھتے تھے	۲۳۱
انبیاء سابقین سے فضیلت کا دعویٰ	۲۳۲
حضرت عیسیٰ سے فضیلت کا دعویٰ	۲۳۲
ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے فضیلت کا دعویٰ	۲۳۳
حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ سے فضیلت کا دعویٰ	۲۳۳
مرزاقادیانی کا درجہ سب سے بلند ہے	۲۳۳
احمد آخرالزمان مرزاقادیانی ہے	۲۳۳
مرزاقادیانی کامل نبی تھا	۲۳۳
حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین	۲۳۳
حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات سے انکار	۲۳۴
حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات کو مسمریزم کہا	۲۳۴
حضرت عیسیٰ علیہ السلام دنیا سے ناکامیاب گئے	۲۳۴
صاحب کتاب ہونے کا دعویٰ	۲۳۵
مرزاقادیانی کو اپنے مسیح موعود ہونے میں شک تھا	۲۳۵
مرزاقادیانی اعلم الغیب تھے	۲۳۶
مرزاقادیانی معصوم نہ تھے	۲۳۷
مرزاقادیانی کی روحانیت	۲۳۷
مرزاقادیانی کے اخلاق	۲۳۸
پیش گوئیاں	۲۳۹

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تمہید

اس رسالہ کا مقصد اس کے سواء اور کچھ نہیں کہ ہر شخص بیک نگاہ دیکھ سکے کہ مرزا غلام احمد قادیانی کے اقوال والہامات آپس میں کس قدر متضاد ہیں اور اسے قادیانی لٹریچر کی چھان بین میں وقت ضائع نہ کرنا پڑے۔ جس شخص کا کلام آپس میں متضاد ہو تو قرآن شریف کی اس آیت کی رو سے: ’’**افلا یتدبرون القرآن ولو کان من عند غیر اللہ لوجدوا فیہ اختلافاً کثیراً** (النساء: ۸۲)‘‘ ترجمہ: کیا یہ لوگ قرآن پر غور نہیں کرتے۔ اگر یہ اللہ کی بجائے کسی اور کی طرف سے ہوتا تو وہ اس میں بہت سا اختلاف پاتے۔

وہ شخص صادق نہیں ٹھہر سکتا اور اس پر قرآن حکیم کی یہ آیت صادقت آتی ہے: ’’**ومن اظلم ممن افتریٰ علی اللہ کذباً او قال اوحی الی ولم یوحی الیہ شئ** (انعام: ۹۳)‘‘ ترجمہ: اور اس شخص سے کون زیادہ ظالم ہے جو اللہ کی طرف جھوٹ منسوب کرے اور کہے مجھے وحی کی گئی ہے۔ حالانکہ اس کی طرف کچھ بھی وحی نہیں کی گئی۔

ہمیں اس بحث میں پڑنے کی ضرورت نہیں کہ رسول کریم ﷺ کے بعد نبوت کا دروازہ بند ہے یا نبی آسکتے ہیں یا نبیوں کی کیا شناخت ہے۔ مرزا قادیانی کے اقوال بھی آپس میں اس قدر متضاد ہیں کہ ہر سمجھ دار آدمی سمجھ سکتا ہے کہ وہ اپنے دعاوی میں کہاں تک سچے تھے؟ اس رسالہ میں ہم نے مرزا قادیانی کے وہ اقوال بھی جمع کر دیئے ہیں۔ جہاں انہوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین کی ہے اور اپنے تئیں دوسرے انبیاء علیہم السلام سے افضل قرار دیا ہے اور دیگر خلاف شریعت باتوں کا اظہار کیا ہے۔

خدا کرے یہ مختصر رسالہ گمراہوں کے لئے ہدایت کا موجب ہو۔ **وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت والیہ انیب!**

خاکسار فضل الٰہی سٹور کیپر شملہ

مؤرخہ یکم ستمبر ۱۹۱۹ء

مرزا قادیانی اپنی کتاب ست بچن (ص۳۱، خزائن ج۱۰ ص۱۴۳) پر فرماتے ہیں: ’’ظاہر ہے ایک دل سے دو متناقض باتیں نکل نہیں سکتیں۔ کیونکہ ایسے طریق سے انسان پاگل کہلاتا ہے یا منافق۔‘‘

اب اس اصول پر مرزا قادیانی کے دعاوی، اقوال والہامات کو جانچنا چاہئے کہ وہ کہاں تک درست ہیں۔ ہم اس رسالہ میں ان کو نمبروار لیتے ہیں۔

دعویٰ نبوت

ا...... ’’میں نبوت کا مدعی نہیں، بلکہ ایسے مدعی کو دائرہ اسلام سے خارج سمجھتا ہوں۔‘‘

(آسمانی فیصلہ ص۴، خزائن ج۴ ص۳۱۳)

’’میں اس خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں، جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ اسی نے مجھے بھیجا ہے اور اسی نے میرا نام نبی رکھا ہے۔‘‘ (تتمہ حقیقت الوحی ص۶۸، خزائن ج۲۲ ص۵۰۳)

۲...... ’’کیا نہیں جانتے کہ خدائے کریم ورحیم نے ہمارے نبی ﷺ کو بغیر کسی استثناء کے خاتم الانبیاء قرار دیا ہے اور ہمارے نبی ﷺ نے بطور تفسیر آیت مذکور فرمایا ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔‘‘ (حمامۃ البشریٰ ص۲۰، خزائن ج۷ ص۲۰۰)

’’خدا تعالیٰ کی مصلحت اور حکمت نے آنحضرت ﷺ کے افاضہ روحانیہ کا کمال ثابت کرنے کے لئے یہ مرتبہ بخشا ہے کہ آپ ﷺ کے فیض کی برکت سے مجھے نبوت کے مقام تک پہنچایا۔‘‘ (حقیقت الوحی ص۱۵۰ حاشیہ، خزائن ج۲۲ ص۱۵۴)

۳...... ’’آنحضرت ﷺ کے خاتم النّبیین ﷺ ہونے کا قائل اور یقین کامل سے جانتا ہوں اور اس بات پر محکم ایمان رکھتا ہوں کہ ہمارے نبی ﷺ خاتم الانبیاء ہیں اور آنجناب کے بعد اس امت کے لئے اور کوئی نبی نہیں آئے گا، نیا ہو یا پرانا۔‘‘

(نشان آسمانی ص۲۸، خزائن ج۴ ص۳۹۰)

’’ہمارا دعویٰ ہے کہ ہم رسول اور نبی ہیں۔ خدا تعالیٰ جس کے ساتھ ایسا مکالمہ مخاطبہ کرے جو بلحاظ کمیّت وکیفیت دوسروں سے بہت بڑھ کر ہو اور اس میں پیش گوئیاں بھی کثرت سے ہوں اسے نبی کہتے ہیں اور یہ تعریف ہم پر صادق آتی ہے۔ پس ہم نبی ہیں۔‘‘

(اخبار البدر ۵؍مارچ ۱۹۰۸ء، ملفوظات ج۱۰ ص۱۲۷)

۴...... ’’اور دیکھ میں اپنے الہاموں میں سے کسی الہام کی تصدیق نہیں کرتا۔ مگر بعد اس کے کہ اس کو کتاب اللہ پر پیش کرلوں اور میں جانتا ہوں کہ ہر وہ چیز جو مخالف ہے قرآن کی وہ کذب اور الحاد وزندقہ ہے۔ پھر میں کس طرح نبوت کا دعویٰ کروں اور میں مسلمانوں میں

سے ہوں؟‘‘ (حمامۃ البشریٰ ص۷۹، خزائن ج۷ ص۲۹۷)

’’جس حالت میں خدا میرا نام نبی رکھتا ہے تو میں کیوں کر انکار کر سکتا ہوں۔ میں اس پر قائم ہوں اس وقت تک جو دنیا سے گزر جاؤں۔‘‘

(آخری خط مندرجہ اخبار عام ۲۶رمئی ۱۹۰۸ء، مجموعہ اشتہارات ج۳ ص۵۹۷)

۵…… ’’کہ وہ ابن مریم جو آنے والا ہے کوئی نبی نہیں ہوگا بلکہ فقط امتی لوگوں میں سے ایک شخص ہوگا۔‘‘ (ازالہ اوہام ص۲۹۱، خزائن ج۳ ص۲۴۹)

’’جس آنے والا مسیح موعود کا حدیثوں سے پتہ لگتا ہے، اسی کا انہی حدیثوں میں یہ نشان دیا گیا ہے کہ وہ نبی بھی ہوگا اور امتی۔‘‘ (حقیقت الوحی ص۲۹، خزائن ج۲۲ ص۳۱)

۶…… ’’اور حقیقت میں ابتداء سے یہی مقرر ہے کہ مسیح اپنے وقت کا مجدد ہوگا۔‘‘

(ازالہ اوہام ص۵۹، خزائن ج۳ ص۱۳۲)

’’وما کنّا معذبین حتی نبعث رسولا‘‘ پس اس سے بھی آخری زمانہ میں ایک رسول کا مبعوث ہونا ظاہر ہوتا ہے اور وہی مسیح موعود ہے۔‘‘

(تتمہ حقیقت الوحی ص۶۵، خزائن ج۲۲ ص۵۰۰)

۷…… ’’میں نبی نہیں ہوں بلکہ اللہ کی طرف سے محدث اور اللہ کا کلیم ہوں تاکہ دین مصطفیٰ کی تجدید کروں اور اس نے مجھے صدی کے سر پر بھیجا۔‘‘

(آئینہ کمالات ص۳۸۳، خزائن ج۸ ص۳۸۳)

’’میں مسیح موعود ہوں اور وہی ہوں جس کا نام سرور انبیاء نے نبی اللہ رکھا ہے۔‘‘

(نزول مسیح ص۴۸، خزائن ج۱۸ ص۴۲۷)

۸…… ’’پس اس طرح بعض افراد نے باوجود امتی ہونے کے نبی ہونے کا خطاب پایا۔‘‘

(الوصیت ص۱۲، خزائن ج۲۰ ص۳۱۲)

’’جس قدر مجھ سے پہلے اولیاء اور ابدال اور اقطاب اس امت میں سے گزر چکے ہیں، ان کو یہ حصہ کثیر اس نعمت کا نہیں دیا گیا۔ پس اس وجہ سے نبی کا نام پانے کے لئے میں ہی مخصوص کیا گیا اور دوسرے تمام لوگ اس نام کے مستحق نہیں۔‘‘

(حقیقت الوحی ص۳۹۱، خزائن ج۲۲ ص۴۰۶، ۴۰۷)

۹...... ’’اس جگہ کسی کو یہ وہم نہ گزرے کہ اس تقریر میں اپنے نفس کو حضرت مسیح پر فضیلت دی ہے۔ کیونکہ یہ ایک جزوی فضیلت ہے جو غیر نبی کو نبی پر ہوسکتی ہے اور تمام اہل علم اور معرفت اس فضیلت کے قائل ہیں۔‘‘ (تریاق القلوب ص۱۵۷، خزائن ج۱۵ ص۴۸۱)

’’خدا نے اس امت میں مسیح موعود بھیجا جو اس پہلے مسیح سے اپنی تمام شان میں بہت بڑھ کر ہے۔‘‘ (دافع البلاص۱۳، خزائن ج۱۸ ص۲۳۳)

۱۰...... ’’اور پھر دوسری طرف اسی منہ سے میری نسبت رائے ظاہر کرتے ہیں کہ گویا میری جماعت درحقیقت مجھے رسول اللہ جانتی ہے اور گویا میں نے درحقیقت نبوت کا دعویٰ کیا ہے۔ اگر راقم صاحب کی پہلی رائے صحیح ہے کہ میں مسلمان ہوں اور قرآن شریف پر ایمان رکھتا ہوں تو پھر دوسری رائے غلط ہے جس میں ظاہر کیا گیا ہے کہ میں خود نبوت کا مدعی ہوں اور اگر دوسری رائے صحیح ہے تو پھر وہ پہلی رائے غلط ہے جس میں ظاہر کیا گیا ہے کہ میں مسلمان ہوں اور قرآن شریف کو مانتا ہوں۔ کیا ایسا بدبخت مفتری جو خود رسالت اور نبوت کا دعویٰ کرتا ہے۔ قرآن شریف پر ایمان رکھ سکتا ہے اور کیا ایسا وہ شخص جو قرآن شریف پر ایمان رکھتا ہے اور آیت: ’’ولکن رسول اللہ وخاتم النّبیین‘‘ کو خدا کا کلام یقین رکھتا ہے وہ کہہ سکتا ہے کہ میں آنحضرت کے بعد رسول اور نبی ہوں۔‘‘

(انجام آتھم ص۲۷، ۲۸ حاشیہ، خزائن ج۱۱ ص۲۶، ۲۷)

’’سچا خدا وہی ہے جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا۔‘‘

(دافع البلاء ص۱۱، خزائن ج۱۸ ص۲۳۱)

’’چند روز ہوگئے ہیں کہ ایک صاحب پر ایک مخالف کی طرف سے یہ اعتراض پیش ہوا کہ جس سے تم نے بیعت کی ہے وہ نبی اور رسول ہونے کا دعویٰ کرتا ہے اور اس کا جواب محض انکار کے الفاظ سے دیا گیا۔ حالانکہ ایسا جواب صحیح نہیں ہے۔ حق یہ ہے کہ خدائے تعالیٰ کی وہ پاک وحی جو میرے پر نازل ہوتی ہے اس میں ایسے لفظ رسول اور مرسل اور نبی کے موجود ہیں نہ کہ ایک دفعہ بلکہ صدہا دفعہ، پھر کیونکر یہ جواب صحیح ہوسکتا ہے کہ ایسے الفاظ موجود نہیں۔‘‘ (ایک غلطی کا ازالہ ص۱، خزائن ج۱۸ ص۲۰۶)

۱۱...... ’’بار بار کہتا ہوں کہ یہ الفاظ رسول اور مرسل اور نبی کے میرے الہام میں میری

نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف سے بے شک ہیں لیکن اپنے حقیقی معنوں پر محمول نہیں ہیں اور جیسے یہ محمول نہیں ایسے ہی وہ نبی کر کے پکارنا جو حدیثوں میں مسیح موعود کے لئے آیا ہے۔ وہ بھی اپنے حقیقی معنوں پر اطلاق نہیں پاتا۔ یہ وہ علم ہے جو خدا نے مجھے دیا ہے جسے سمجھنا ہو سمجھ لے۔'' (سراج منیر ص۳، خزائن ج۱۲ص۵)

''جس جس جگہ میں نے نبوت یا رسالت سے انکار کیا ہے صرف ان معنوں سے کیا ہے کہ میں مستقل طور پر کوئی شریعت لانے والا نہیں ہوں اور نہ ہی مستقل طور پر نبی ہوں، مگر ان معنوں سے میں نے اپنے رسول مقتداء سے باطنی فیوض حاصل کر کے اور اپنے لئے اس کا نام پا کر اس کے واسطہ سے خدا کی طرف سے علم غیب پایا ہے، رسول اور نبی ہوں۔ مگر بغیر کسی جدید شریعت کے۔ اس طور کا نبی کہلانے سے میں نے کبھی انکار نہیں کیا بلکہ انہی معنوں سے خدا نے مجھے نبی اور رسول کر کے پکارا ہے۔ سو اب بھی میں ان معنوں سے نبی اور رسول ہونے سے انکار نہیں کرتا۔'' (ایک غلطی کا ازالہ ص۴، خزائن ج۱۸ص۲۱۰،۲۱۱)

۱۲...... ''مذکورہ حدیث بتا رہی ہے کہ نبوت تام جو وحی تشریعی والی ہوتی ہے بند ہو چکی ہے۔'' (توضیح مرام ص۱۹، خزائن ج۳ص۶۱)

''من نیستم رسول ونیاوردہ ام کتاب، اس کے معنی صرف اس قدر ہیں کہ میں صاحب شریعت نہیں ہوں۔'' (ایک غلطی کا ازالہ ص۴، خزائن ج۱۸ص۲۱۱)

''جس جس جگہ میں نے نبوت یا رسالت سے انکار کیا ہے صرف ان معنوں سے کیا ہے کہ میں مستقل طور پر کوئی شریعت لانے والا نہیں ہوں اور نہ میں مستقل طور پر نبی ہوں۔''

(ایک غلطی کا ازالہ ص۴، خزائن ج۱۸ص۲۱۰)

''شریعت کیا چیز ہے، جس نے اپنی وحی کے ذریعہ سے امر ونہی بیان کئے اور اپنی امت کے لئے ایک قانون مقرر کیا وہی صاحب الشریعت ہو گیا۔ پس اس تعریف کی رو سے بھی ہمارے مخالف ملزم ہیں۔ کیونکہ میری وحی میں امر بھی نہیں اور نہی بھی نہیں۔ مثلاً یہ الہام:

''قل للمؤمنین یغضوا من ابصارھم ویحفظو فروجھم ذٰلک ازکی لھم''

(اربعین نمبر۴ص۶، خزائن ج۱۷ص۴۳۵،۴۳۶)

نبی کی تعریف

۱...... ’’کیونکہ حسب تصریح قرآن کریم اسی کو کہتے ہیں جس نے احکام وعقائد دین جبرئیل علیہ السلام کے ذریعہ سے حاصل کئے ہوں۔‘‘ (ازالہ اوہام ص۵۳۴، خزائن ج۳ ص۳۸۷)

’’عربی اور عبرانی زبان میں نبی کے معنی صرف پیش گوئی کرنے والے کے ہیں جو خدا تعالیٰ سے الہام پا کر پیش گوئی کرے۔ پس جب کہ قرآن شریف کی رو سے ایسی نبوت کا دروازہ بند نہیں ہے۔ جو بتوسط فیض واتباع آنحضرت ﷺ کسی انسان کو خدا تعالیٰ سے شرف مکالم، مخاطبہ حاصل ہو اور وہ بذریعہ وحی الٰہی کے یعنی امور پر اطلاع پاوے تو پھر ایسے نبی اس امت میں کیوں نہیں ہوں گے۔ اس پر کیا دلیل ہے۔ ہمارا مذہب نہیں کہ ایسی نبوت پر مہر لگ گئی۔‘‘ (ضمیمہ براہین احمدیہ حصہ پنجم ص۱۳۸، خزائن ج۲۱ ص۳۰۶)

۲...... ’’کوئی رسول دنیا میں مطیع اور محکوم ہو کر نہیں آتا بلکہ وہ مطاع اور صرف اپنی اس وحی کا متبع ہوتا ہے جو اس پر بذریعہ جبرئیل نازل ہوتی ہے۔‘‘

(ازالہ اوہام ص۵۷۶، خزائن ج۳ ص۴۱۱)

’’نبی کے معنی صرف یہ ہیں کہ خدا سے بذریعہ وحی خبر پانے والا ہو اور شرف مکالمہ اور مخاطبہ الٰہیہ سے مشرف ہو۔ شریعت کا لانا اس کے لئے ضروری نہیں اور نہ یہ ضروری ہے کہ صاحب شریعت نبی کا متبع نہ ہو۔‘‘ (ضمیمہ براہین احمدیہ حصہ پنجم ص۱۳۸، خزائن ج۲۱ ص۳۰۶)

الہامات

اپنے الہامات کی نسبت مرزا قادیانی کہتے ہیں: ’’خدا تعالیٰ کی طرف سے کھولا گیا ہے کہ میرا ہر ایک الہام صحیح اور خالص ہے۔ شریعت کے موافق ہے۔ میرے کسی الہام میں نہ کوئی شک ہے اور نہ کچھ ملاوٹ ہے اور نہ کوئی شبہ ہے۔‘‘

(آئینہ کمالات اسلام ص۲۱، خزائن ج۵ ص۲۱)

پھر کہتے ہیں: ’’اس بناء پر الہام ولایت یا الہام عامہ مومنین، بجز موافقت ومطابقت قرآن کریم کے حجت بھی نہیں۔‘‘ (ازالہ اوہام ص۲۶۹، خزائن ج۳ ص۴۳۹،۴۴۰)

پھر کہتے ہیں: ’’اور میں جانتا ہوں کہ کچھ ہر وہ چیز جو مخالف ہے قرآن کی وہ کذب اور الحاد اور زندقہ ہے۔‘‘ (حمامۃ البشریٰ ص۷۹، خزائن ج۷ ص۲۹۷)

اب مندرجہ ذیل الہامات کو دیکھتے ہیں کہ وہ کہاں تک شریعت کے موافق ہیں اور مرزا قادیانی کا یہ دعویٰ کہ میرا اہرا الہام صحیح اور خالص اور شریعت کے موافق کہاں تک درست اور واقعات کے مطابق ہے۔

۱...... ’’یا احمد یتم اسمک ولا یتم اسمی ‘‘ترجمہ: اے احمد تیرا نام پورا ہو جائے گا، میرا نام پورا نہیں ہوگا۔‘‘ (اربعین نمبر۲ ص۶، خزائن ج۱۷ ص۳۵۳)

۲...... ’’یحمدک اللہ من عرشہ یحمدک اللہ ویمشی الیک ‘‘ترجمہ: خدا اپنے عرش سے تیری تعریف کرتا ہے اور تیری طرف آتا ہے۔‘‘

(انجام آتھم ص۵۵، خزائن ج۱۱ ص۵۵)

۳...... ’’میں نے خواب میں دیکھا کہ میں بعینہٖ اللہ ہوں، میں نے یقین کرلیا کہ میں وہی ہوں۔ اسی حال میں میں نے اپنے دل میں کہا کہ ہم کوئی نیا نظام دنیا کا بناویں، یعنی نیا آسمان اور نئی زمین بناویں۔ پس میں نے پہلے آسمان اور زمین اجمالی شکل میں بنائے جن میں کوئی تفریق اور ترتیب نہ تھی پھر میں نے ان میں جدائی کردی اور جو ترتیب درست تھی۔ اس کے موافق ان کو مرتب کردیا اور میں اس وقت اپنے آپ کو ایسا پاتا تھا گویا میں ایسا کرنے پر قادر ہوں اور پھر میں نے آسمان دنیا بنایا اور میں نے کہا: ’’انا زیّنا السماء الدنیا بمصابیح ‘‘یعنی ہم نے آسمان کو ستاروں کے ساتھ سجایا ہے۔ پھر میں نے کہا، اب ہم انسان کو مٹی سے بناویں گے۔‘‘ (آئینہ کمالات ص۵۶۴،۵۶۵، خزائن ج۵ ص۵۶۴،۵۶۵)

مرزا قادیانی پر آیات قرآنی دوبارہ نازل ہوتی تھیں جن میں انہیں ان القاب سے پکارا جاتا تھا جو صرف رسول کریم ﷺ کے لئے مخصوص تھے۔

۱...... ’’انا ارسلناک شاھداً ومبشراً ونذیراً‘‘ (البشریٰ ج۲ ص۱۱)

۲...... ’’انک لمن المرسلین علیٰ صراط مستقیم‘‘

(حقیقت الوحی ص۱۰۷، خزائن ج۲۲ ص۱۱۰)

ان آیات میں انہیں رسول کہا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ مرزا کو مبشر ونذیر بنا کے لوگوں کی طرف بھیجا گیا ہے۔

۳…… ’’وما ارسلناک الّا رحمة اللعالمین‘‘

(اربعین نمبر۳ ص۳۲ درحاشیہ، خزائن ج۱۷ ص۴۲۱)

اس میں مرزا قادیانی کو رحمۃ اللعالمین کہا گیا ہے، دنیا میں رسول کریم ﷺ کے سواء آج تک یہ وصف خدا کی طرف سے کسی کو عطاء نہیں ہوا تھا۔

۴…… ’’وما ینطق عن الھویٰ ان ھو الّا وحی یوحیٰ‘‘

(اربعین نمبر۳ ص۳۶، خزائن ج۱۷ ص۴۲۶)

اس میں کہا ہے کہ مرزا قادیانی اپنی طرف سے کچھ نہیں کہہ سکتے بلکہ وہی کہتے ہیں جو ان پر وحی ہوتی ہے یہ وصف بھی رسول اللہ ﷺ کے لئے خاص مخصوص تھا۔

۵…… ’’قل یاایھا الناس انّی رسول اللّٰہ الیکم جمیعاً‘‘ (البشریٰ ج۲ ص۵۶)

اس میں مرزا قادیانی کو اللہ فرماتا ہے کہ کہہ دے اے لوگو میں تم سب کی طرف رسول ہوکر آیا ہوں۔ یہ وصف بھی خاص رسول کریم ﷺ کے لئے مخصوص تھا۔ کیونکہ تمام دنیا کے لئے وہی مبعوث ہوئے ہیں۔

۶…… ’’محمد رسول اللّٰہ والذین معہٗ اشداء علی الکفار رحماء بینھم‘‘ اس وحی میں میرا نام محمد رکھا گیا اور رسول بھی۔‘‘

(ایک غلطی کا ازالہ ص۱، خزائن ج۱۸ ص۲۰۷)

اس وحی میں تو مرزا قادیانی کو رسول کریم ﷺ کا نام بھی مل گیا اور رسالت بھی۔

۷…… ’’انا اعطیناک الکوثر‘‘ (رسالہ انجام آتھم ص۵۸، خزائن ج۱۱ ص۵۸)

اس وحی کے ذریعہ مرزا قادیانی حوض کوثر کے مالک بن گئے۔

مرزا قادیانی کا منکر مومن نہیں

مرزا قادیانی حضرت مسیح علیہ السلام کے نزول کے عقیدہ کو تو جزو ایمان قرار نہیں دیتے۔ مگر جو انہیں نہ مانے اسے مردود اور قابل مواخذہ قرار دیتے ہیں۔ بلکہ کہتے ہیں کہ نہ وہ مومن ہے اور نہ اس کا ایمان قائم رہ سکتا ہے۔ آپ کے مندرجہ ذیل اقوال ملاحظہ ہوں:

۱...... ''اوّل تو یہ جاننا چاہئے کہ مسیح کے نزول کا عقیدہ کوئی ایسا عقیدہ نہیں ہے جو ہمارے ایمانیات کی کوئی جزو یا ہمارے دین کے رکنوں میں سے کوئی رکن ہو بلکہ صدہا پیش گوئیوں میں سے یہ ایک پیش گوئی ہے جس کو حقیقت اسلام سے کچھ بھی تعلق نہیں۔''

(ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۱۴۰، خزائن ج۳ ص۱۷۱)

۲...... ''میں خدا کا ظلی اور بروزی طور پر نبی ہوں اور ہر ایک مسلمان پر دینی امور میں میری اطاعت واجب ہے اور مسیح موعود ماننا واجب ہے اور ہر ایک جس کو میری تبلیغ پہنچ گئی ہے گو وہ مسلمان ہے مگر مجھے اپنا حکم نہیں ٹھہراتا اور نہ مجھے مسیح موعود مانتا ہے اور نہ میری وحی کو خدا کی طرف سے جانتا ہے، وہ آسمان پر قابل مواخذہ ہے۔ کیونکہ جس امر کو اس نے اپنے وقت پر قبول کرنا تھا اس کو رد کر دیا۔'' (تحفۃ الندوہ ص۴، خزائن ج۱۹ ص۹۵)

۳...... ''جو مجھے نہیں مانتا وہ خدا اور رسول کو بھی نہیں مانتا۔ کیونکہ میری نسبت خدا اور رسول کی پیش گوئی موجود ہے۔ یعنی رسول اللہ ﷺ نے خبر دی تھی کہ آخری زمانہ میں میری امت میں سے ہی مسیح موعود آئے گا اور خدا نے میری سچائی کی گواہی کے لئے تین لاکھ سے زیادہ آسمانی نشان ظاہر کئے۔ اب جو شخص خدا اور اس کے رسول کو نہیں مانتا اور قرآن کی تکذیب کرتا ہے اور عمداً خدا کی نشانیوں کو رد کرتا ہے تو وہ مومن کیونکر ہو سکتا ہے۔''

(حقیقت الوحی ص۱۶۳، ۱۶۴، خزائن ج۲۲ ص۱۶۸)

۴...... ''جو شخص مجھے قبول کرتا ہے وہ تمام انبیاء اور ان کے معجزات کو بھی سرے سے قبول کرتا ہے اور جو شخص مجھے قبول نہیں کرتا، اس کا پہلا ایمان بھی قائم نہیں رہے گا۔''

(اخبار البدر ۲۴ر فروری ۱۹۰۴ء)

۵...... ''مسیح موعود کی وحی ایک تازہ پھل ہے جو یقینی درخت سے چنا گیا ہے جو شخص امام موعود کی وحی کو غیر یقینی روایات کی وجہ سے قبول نہیں کرتا، وہ گمراہ ہے جو خدا کی جناب سے روکا گیا ہے اور جاہلیت کی موت سے مر گیا۔ کیونکہ اس نے یقین کو چھوڑ کر شک کو اختیار کیا۔''

(مواہب الرحمٰن ص۶۹، خزائن ج۱۹ ص۲۸۸)

مرزا قادیانی اپنی وحی کو قرآن کے برابر سمجھتے تھے

۱...... مجھے اپنی وحی پر ایسا ہی ایمان ہے جیسے تورات وانجیل وقرآن پر تو کیا انہیں مجھ سے

یہ توقع ہوسکتی ہے کہ میں ان کے ظنیات بلکہ موضوعات کے ذخیرہ کوسن کر اپنے یقین کو چھوڑ دوں، جس کی حق الیقین پر بنا ہے۔‘‘ (اربعین نمبر۴ص۱۹، خزائن ج۱۷ص۴۵۴)

۲...... ’’میں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں ان الہامات پر اسی طرح ایمان لاتا ہوں جیسا کہ قرآن شریف پر اور خدا کی دوسری کتابوں پر اور جس طرح میں قرآن شریف کو یقینی اور قطعی طور پر خدا کا کلام جانتا ہوں۔ اسی طرح اس کلام کو بھی جو میرے پر نازل ہوتا ہے، خدا کا کلام یقین کرتا ہوں۔‘‘ (حقیقت الوحی ص۲۱۱، خزائن ج۲۲ص۲۲۰)

۳...... ’’ہم خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر بیان کرتے ہیں کہ میرے اس دعویٰ کی بنیاد حدیث نہیں بلکہ قرآن اور وہ وحی ہے جو مجھ پر نازل ہوئی۔‘‘ (اعجاز احمدی ص۳۰، خزائن ج۱۹ص۱۴۰)

انبیاء سابقین سے فضیلت کا دعویٰ

۱...... ’’اور خدا تعالیٰ نے اس بات کو ثابت کرنے کے لئے کہ میں اس کی طرف سے ہوں، اس قدر نشان دکھلائے ہیں کہ اگر وہ ہزار نبی پر بھی تقسیم کئے جاویں تو ان کی بھی ان سے نبوت ثابت ہوسکتی ہے۔‘‘ (چشمہ معرفت ص۳۱۷، خزائن ج۲۳ص۳۳۲)

۲...... ’’اور اگر کہو کہ اس وحی کے ساتھ جو اس سے پہلے انبیاء علیہم السلام کو ہوئی تھی۔ معجزات اور پیش گوئیاں ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس جگہ اکثر گزشتہ نبیوں کی نسبت زیادہ معجزات اور پیش گوئیاں موجود ہیں بلکہ بعض گزشتہ انبیاء علیہم السلام کے معجزات اور پیش گوئیوں کو ان معجزات اور پیش گوئیوں سے کچھ نسبت ہی نہیں۔‘‘ (نزول مسیح ص۸۲، خزائن ج۱۸ص۴۶۰)

حضرت عیسیٰ سے فضیلت کا دعویٰ

۱...... ’’خدا نے اس امت میں سے مسیح موعود بھیجا جو اس پہلے مسیح سے اپنی تمام شان میں بہت بڑھ کر ہے۔‘‘ (دافع البلاص۱۳، خزائن ج۱۸ص۲۳۳)

۲......

اینک منم کہ حسب بشارات آمدم عیسیٰ کجا ست تا بہ نہد پا بہ منبرم

(ازالہ اوہام ص۱۵۸، خزائن ج۳ص۱۸۰)

۳...... ’’ابن مریم کے ذکر کو چھوڑو، اس سے بہتر غلام احمد ہے۔‘‘

(دافع البلاص۲۰، خزائن ج۱۸ص۲۴۰)

ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے فضیلت کا دعویٰ

’’میں وہی مہدی ہوں جس کی نسبت ابن سیرین سے سوال کیا گیا کہ کیا وہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے درجہ پر ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ ابوبکر کیا وہ تو بعض انبیاء سے بھی بہتر ہے۔‘‘ (مجموعہ اشتہارات ج۳ ص۲۷۸)

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ سے فضیلت کا دعویٰ

’’اے قوم شیعہ اس پر اصرار مت کرو کہ حسین تمہارا منجی ہے۔ کیونکہ میں سچ سچ کہتا ہوں کہ آج تم میں سے ایک ہے کہ اس حسین سے بڑھ کر ہے۔‘‘

(دافع البلاص ص۱۳، خزائن ج۱۸ ص۲۳۳)

مرزا قادیانی کا درجہ سب سے بلند ہے

’’ان قدمی ھذہ علیٰ منارۃ ختم علیھا کل رفعۃ‘‘ یعنی میرا قدم اس منارہ پر ہے جہاں تمام بلندیاں ختم ہیں۔‘‘ (خطبہ الہامیہ ص۳۵، خزائن ج۱۶ ص۷۰)

احمد آخرالزمان مرزا قادیانی ہے

احمد آخر الزمان نام من است — آخری جام ہمیں جام من است

مرزا قادیانی کامل نبی تھا

آنچہ داد ست ہر نبی را جام — داد آں جام را مرا بتمام
انبیاء گرچہ بود اند بسے — من بعرفان نہ کمترم ز کسے
کم نیم زان ہمہ بروئے یقین — ہر کہ گوید دروغ ہست لعین

(نزول مسیح ص۹۹،۱۰۰، خزائن ج۱۸ ص۴۷۷،۴۷۸)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین

۱...... ’’آپ کے ہاتھ میں سوائے مکروفریب کے اور کچھ نہیں تھا۔ پھر افسوس کہ نالائق عیسائی ایسے شخص کو خدا بنا رہے ہیں۔ آپ کا خاندان بھی نہایت پاک اور مطہر ہے۔ تین دادیاں اور نانیاں آپ کی زنا کار اور کسبی عورتیں تھیں جن کے خون سے آپ کا وجود ظہور پذیر

ہوا۔ آپ کا کنجریوں سے میلان اور صحبت بھی شاید اسی وجہ سے ہو کہ جدی مناسبت درمیان ہے ورنہ کوئی پرہیزگار انسان ایک جوان کنجری کو یہ موقع نہیں دے سکتا کہ وہ اس کے سر پر ناپاک ہاتھ لگاوے اور زناکاری کی کمائی کا پلید عطر اس کے سر پر ملے۔ سمجھنے والے سمجھ لیں کہ ایسا انسان کس چلن کا آدمی ہوسکتا ہے۔'' (ضمیمہ انجام اتھم ص ۷ درحاشیہ، خزائن ج۱۱ص ۲۹۱)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات سے انکار

''عیسائیوں نے بہت سے آپ کے معجزات لکھے ہیں، لیکن حق بات یہ ہے کہ آپ سے کوئی معجزہ نہیں ہوا، ممکن ہے کہ آپ نے معمولی تدبیر کے ساتھ کسی شب کور وغیرہ کو اچھا کیا ہو یا کسی اور بیمار کا علاج کیا ہو۔'' (ضمیمہ انجام آتھم ص ۶،۷ درحاشیہ، خزائن ج۱۱ص ۲۹۰،۲۹۱)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات کو مسمریزم کہا

''اور اب یہ بات قطعی اور یقینی طور پر ثابت ہوچکی ہے کہ حضرت مسیح ابن مریم باذن وحکم الٰہی الیسع نبی کی طرح اس عمل الترب (مسمریزم) میں کمال رکھتے تھے۔ گو الیسع کے درجہ سے کم رہے ہوئے تھے۔ کیونکہ الیسع کی لاش نے بھی وہ معجزہ دکھلایا کہ اس کی ہڈیوں کے لگنے سے ایک مردہ زندہ ہوگیا۔ مگر چوروں کی لاشیں مسیح کے جسم کے ساتھ لگنے سے ہرگز زندہ نہ ہوسکیں۔ یعنی وہ دو چور جو مسیح کے ساتھ مصلوب ہوئے تھے۔ بہرحال مسیح کی یہ تربی کارروائیاں زمانہ کے مناسب حال بطور مصلحت خاص کے تھیں۔ مگر یاد رکھنا چاہئے کہ یہ عمل ایسا قدر کے لائق نہیں جیسا کہ عوام الناس اس کو خیال کرتے ہیں۔ اگر یہ عاجز اس عمل کو مکروہ اور قابل نفرت نہ سمجھتا تو خدا تعالیٰ کے فضل وتوفیق سے امید قوی رکھتا تھا کہ ان اعجوبہ نمائیوں میں حضرت مسیح ابن مریم سے کم نہ رہتا۔'' (ازالہ اوہام ص ۳۰۹،۳۱۰ درحاشیہ، خزائن ج۳ص ۲۵۷،۲۵۸)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام دنیا سے ناکامیاب گئے

''یہی وجہ ہے کہ حضرت مسیح جسمانی بیماروں کو اس عمل کے ذریعہ سے اچھا کرتے رہے، مگر ہدایت اور توحید اور دینی استقامتوں کو کامل طور پر دلوں میں قائم کرنے کے بارے میں ان کی کارروائیوں کا نمبر ایسا کم درجہ کا رہا کہ قریب قریب ناکام رہے۔''

(ازالہ اوہام ص ۳۱۰،۳۱۱ درحاشیہ، خزائن ج۳ص ۲۵۸)

صاحب کتاب ہونے کا دعویٰ

’’خدا کا کلام اس قدر مجھ پر نازل ہوا ہے کہ اگر وہ تمام لکھا جائے تو بیس جزو سے کم نہ ہو۔‘‘ (حقیقت الوحی ص۳۹۱، خزائن ج۲۲ ص۴۰۷)

مرزا قادیانی کو اپنے مسیح موعود ہونے میں شک تھا

مرزا قادیانی نے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ تو کر دیا مگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جو کچھ وہ کہتے ہیں اس پر انہیں دلی یقین نہیں تھا۔ اس لئے کبھی کچھ کہتے تھے کبھی کچھ۔ جو آپس میں ایسا متضاد ہوتا تھا کہ سننے والے کو حیرانی ہوتی تھی کہ کس بات پر یقین کرے اور کسے غلط سمجھے۔ ان کے مندرجہ ذیل اقوال متضاد کی پوری پوری شہادت دیتے ہیں۔

۱...... ’’اور پھر جب اس پر چند سال گزرے تو بذریعہ وحی الٰہی میرے پر بتصریح کھولا گیا کہ مسیح جو اس امت کے لئے ابتداء سے موعود تھا اور وہ آخری مہدی جو تنزل اسلام کے وقت اور گمراہی کے پھیلنے کے زمانہ میں براہ راست خدا سے ہدایت پانے والا اور اس آسمانی فائدہ کو نئے سرے سے انسانوں کے آگے پیش کرنے والا، تقدیر الٰہی میں مقرر کیا گیا تھا۔ جس کی بشارت آج سے تیرہ سو برس پہلے رسول کریم ﷺ نے دی تھی، وہ میں ہی ہوں۔‘‘

(تذکرۃ الشہادتین ص۱،۲، خزائن ج۲۰ ص۳،۴)

۲...... ’’بلکہ وہ خدا جو زمین وآسمان کا خدا ہے اسی نے میرے پر ظاہر کیا ہے اور نہ ایک دفعہ بلکہ کئی دفعہ مجھے بتلایا ہے کہ تو ہندوؤں کے لئے کرشن اور مسلمانوں اور عیسائیوں کے لئے مسیح موعود ہے۔‘‘ (لیکچر سیالکوٹ ص۳۳، خزائن ج۲۰ ص۲۲۸)

۳...... ’’پس واضح ہو کہ وہ مسیح موعود جس کا آنا انجیل اور احادیث صحیحہ کی رو سے ضروری طور پر قرار پاچکا تھا۔ وہ تو اپنے وقت پر اپنے نشانوں کے ساتھ آ گیا اور آج وہ وعدہ پورا ہوگیا جو خدا تعالیٰ کی مقدس پیش گوئیوں میں پہلے سے کیا گیا تھا۔‘‘

(ازالہ اوہام ص۶۱۴، خزائن ج۳ ص۳۱۵)

۴...... ’’مگر آں چہ در حدیث آنحضرت ذکر دمشق وغیرہ آمدہ است پس اکثر آں از

قبیل استعارات ومجازات است وزیرآں اسرار اندو چنانچہ درصحف سابقین ہمیں سنت گزشتہ است باز از ممکنات کہ ما وقتے بدمشق نزول کنیم یا احدے از اتباع ما داخل شود۔‘‘

(انجام آتھم ص۱۲۹، خزائن ج۱۱ص۱۲۹)

۵...... ’’اب اگرچہ میرا دعویٰ تو نہیں اور نہ ایسی کامل تصریح سے خدا تعالیٰ نے میرے پر کھولا ہے کہ دمشق میں کوئی مثیل مسیح پیدا نہیں ہوگا۔ بلکہ میرے نزدیک ممکن ہے کہ کسی آئندہ زمانہ میں خاص کر دمشق میں بھی کوئی مثیل مسیح پیدا ہو جائے۔‘‘

(ازالہ اوہام ص۷۲ درحاشیہ، خزائن ج۳ص۱۳۸)

۶...... ’’اس بیان کی رو سے ممکن ہے اور بالکل ممکن ہے کہ کسی زمانہ میں کوئی ایسا مسیح بھی آ جائے جس پر حدیثوں کے بعض ظاہری الفاظ صادق آ سکیں۔ کیونکہ یہ عاجز اس دنیا کی حکومت اور بادشاہت کے ساتھ نہیں آیا۔ بلکہ درویشی اور غربت کے لباس میں آیا ہے۔‘‘

(ازالہ اوہام ص۲۰۰، خزائن ج۳ص۱۹۷)

۷...... ’’اس عاجز کی طرف سے بھی یہ دعویٰ نہیں ہے کہ مسیحیت کا میرے وجود پر ہی خاتمہ ہے اور آئندہ کوئی مسیح نہیں آئے گا بلکہ میں تو مانتا ہوں اور بار بار کہتا ہوں کہ ایک کیا دس ہزار سے بھی زیادہ مسیح آ سکتا ہے اور ممکن ہے کہ ظاہری جلال واقبال کے ساتھ بھی آوے اور ممکن ہے کہ اوّل دمشق میں ہی نازل ہو۔‘‘ (ازالہ اوہام ص۲۹۴،۲۹۵، خزائن ج۳ص۲۵۱)

۸...... ’’میرے سواء اور دوسرے مسیح کے لئے میرے زمانہ کے بعد قدم رکھنے کی جگہ نہیں۔‘‘ (خطبہ الہامیہ ص۱۵۸، خزائن ج۱۶ص۲۴۳)

مرزا قادیانی اعلم الغیب تھے

قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:’’**وعندہ مفاتیح الغیب لا یعلمھا الا ھو**‘‘یعنی غیب کی چابیاں اللہ ہی کے پاس ہیں۔ اللہ کے سوا اور کسی کو علم غیب نہیں۔

پھر فرمایا کہ:’’**قل لا اقول لکم عندی خزائن اللہ ولا اعلم الغیب**‘‘ یعنی اے رسول کہہ دے کہ میں نہیں کہتا ہوں کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ مجھے غیب کا علم ہے۔

خدا کہے کہ میرے سوا کسی کو علم غیب نہیں۔ رسول کریم ﷺ کہیں کہ مجھے غیب کا علم نہیں۔ مگر مرزا قادیانی کہتے ہیں کہ انہیں علم غیب پر پورا پورا قابو ہے اور اللہ تعالیٰ نے گزشتہ اور آئندہ کے واقعات سب انہیں بتادیئے۔ چنانچہ فرماتے ہیں:

۱...... ''علم غیب پر مجھے اس طرح قابو حاصل ہے جس طرح سوار کو گھوڑے پر ہوتا ہے۔'' (ضرورت الامام ص۱۳، خزائن ج۱۳ ص۴۸۳)

۲...... ''اندریں حال وحی کرد بسوئے من پروردگار آنچہ کرد در ساعت ندائے اورا لبیک گویان برخاستم پس اومرا خبر داد آنچہ شدہ وخواہد شد۔''

(آئینہ کمالات اسلام ص۳۸۶، خزائن ج۵ ص۳۸۶)

مرزا قادیانی معصوم نہ تھے

ایک طرف تو مرزا قادیانی کہتے ہیں کہ: ''سچا خدا وہی ہے جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا۔'' (دافع البلاص ۱۱، خزائن ج۱۸ ص۲۳۱)

اور ساتھ صاحب شریعت نبی بھی بنتے ہیں جیسا کہ کہتے ہیں کہ: ''شریعت کیا چیز ہے جس نے اپنی وحی کے ذریعہ سے چند امر ونہی بیان کئے اور اپنی امت کے لئے ایک قانون مقرر کیا۔ وہی صاحب الشریعت ہوگیا۔ پس اس تعریف کی رو سے بھی ہمارے مخالف ملزم ہیں۔ کیونکہ میری وحی میں امر بھی ہے اور نہی بھی مثلاً یہ الہام: ''قل للمؤمنین یغضوا من ابصارھم ویحفظوا فروجھم ذٰلک ازکیٰ لھم''

(اربعین نمبر۴ ص۶، خزائن ج۱۷ ص۴۳۵،۴۳۶)

تو دوسری طرف کہتے ہیں کہ میں معصوم نہیں۔ چنانچہ کرامات الصادقین (ص۵، خزائن ج۷ ص۴۷) پر لکھتے ہیں: ''لیکن افسوس کہ بطالوی صاحب نے یہ نہ سمجھا کہ نہ مجھے اور نہ کسی انسان کو بعد انبیاء علیہم السلام کے معصوم ہونے کا دعویٰ ہے۔''

ان کی کس بات کو تسلیم کیا جائے۔

مرزا قادیانی کی روحانیت

جب کفار مکہ نے رسول اللہ ﷺ سے آکر کہا تھا کہ اگر آپ ہمارے بتوں کی

مذمت کرنی چھوڑ دیں تو ہم آپ کو بادشاہ بنالیں گے تو آپ نے فرمایا تھا کہ اگر تم میرے ایک ہاتھ میں سورج اور ایک میں چاند لا رکھو۔ تب بھی میں کلمہ حق کے کہنے سے باز نہ آؤں گا یا تو خدا مجھے کامیاب کرے گا یا اسی کے راستے میں جان دے دوں گا۔ مگر مرزا قادیانی کو جب ڈپٹی کمشنر گورداس پور نے حکم دیا کہ وہ آئندہ کسی کے برخلاف الہام نہ نکالا کریں گے تو آپ نے فوراً اقرار نامہ لکھ دیا۔

جو حسب ذیل ہے: ''میں کسی چیز کو الہام جتا کر شائع کرنے سے مجتنب رہوں گا، جس کا یہ منشاء ہو یا جو ایسا منشا رکھنے کی معقول وجہ رکھتا ہو کہ فلاں شخص (مسلمان ہو خواہ ہندو یا عیسائی) ذلت اٹھائے گا یا موردِ عتاب الٰہی ہوگا۔''

(اقرار مرزا قادیانی مندرجہ مقدمہ مجسٹریٹ جے ڈوئی بہادر قدیان مؤرخہ:۲۴ر فروری ۱۸۹۹ء)

اگر مرزا قادیانی کو خدا کی طرف سے مامور ہونے کا یقین ہوتا تو وہاں صاف کہہ دیتے کہ وہ ایسا اقرار نامہ نہیں دے سکتے کیونکہ جو کچھ وہ کہتے ہیں خدا کی طرف سے ہوتا ہے اور وہ اس میں محض مجبور ہیں۔ مگر جو طریقہ انہوں نے وہاں اختیار کیا، اس سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ ان کے الہامات طبع زاد تھے، جن پر ان کو پورا پورا اختیار تھا۔ چاہے شائع کرتے یا نہ کرتے جس شخص کی روحانیت ایسی مردہ ہو وہ دوسروں کو کیا ہدایت دے سکتا ہے۔ ان کی زندگی کے دیگر واقعات اس کی شہادت دے سکتے ہیں۔

مرزا قادیانی کے اخلاق

ادھر مرزا قادیانی نے اپنے آسمانی نکاح کی پیش گوئی شائع کردی اور اندر سے محمدی بیگم کے رشتہ داروں پر زور ڈالنا شروع کردیا کہ وہ اس لڑکی کا مرزا قادیانی سے نکاح کردیں۔ جو خطوط مرزا قادیانی نے محمدی بیگم کے رشتہ داروں کو لکھے ان کے پڑھنے سے اس بات کا بخوبی پتہ لگ جاتا ہے کہ مرزا قادیانی کے اخلاق کیسے تھے اور اس مقصد کے لئے جو چالیں انہوں نے چلیں وہ کہاں تک ایک شریف بزرگ آدمی کی شان کے شایان تھیں اور جو شخص ان ذرائع سے اپنا مطلب نکالنا چاہتا تھا۔ اسے کہاں تک خدا کی ذات پر بھروسہ تھا۔ ہم ان خطوط میں سے چیدہ چیدہ فقرے یہاں درج کرتے ہیں۔

۱...... ’’آپ سے ملتمس ہے کہ آپ اپنے ہاتھ سے اس پیش گوئی کے پورا ہونے کے لئے معاون بنیں۔‘‘

(خط مؤرخہ ۱۷؍جولائی ۱۸۹۰ء، کلمہ فضل رحمانی مندرجہ احتساب قادیانیت ج۲۰ ص۴۷۷)

۲...... ’’اگر آپ کے گھر کے لوگ سخت مقابلہ کر کے اپنے بھائی کو سمجھاتے تو کیوں نہ سمجھتا۔ کیا میں چوہڑا یا چمار تھا جو مجھ کو لڑکی دینا عار یا ننگ تھی۔‘‘

۳...... ’’اگر آپ اپنے ارادے سے باز نہ آویں اور اپنے بھائی کو اس نکاح سے نہ روک دیں۔ پھر جیسا کہ آپ کی خود منشا ہے۔ میرا بیٹا فضل احمد بھی آپ کی لڑکی اپنے نکاح میں نہیں رکھ سکتا۔ بلکہ ایک طرف جب محمدی کا کسی شخص سے نکاح ہوگا تو دوسری طرف فضل احمد آپ کی لڑکی کو طلاق دے دے گا۔ اگر نہیں دے گا تو میں اس کو عاق اور لاوارث کردوں گا اور اگر میرے لئے احمد بیگ سے مقابلہ کرو گے اور یہ ارادہ اس کا بند کرادو گے تو میں بدل وجان حاضر ہوں اور فضل احمد کو جواب میرے قبضہ میں ہے، ہر طرح سے درست کر کے آپ کی لڑکی کی آبادی کے لئے کوشش کروں گا اور میرا مال ان کا مال ہوگا۔‘‘

۴...... ’’ورنہ مجھے خداتعالیٰ کی قسم ہے کہ اب ہمیشہ کے لئے یہ تمام رشتہ ناطہ توڑ دوں گا۔‘‘ (خط مؤرخہ ۴؍مئی ۱۸۹۱ء، کلمہ فضل رحمانی مندرجہ احتساب قادیانیت ج۲۰ ص۴۷۸،۴۷۹)

پیش گوئیاں

مرزاقادیانی پیش گوئیاں کرنے میں بڑے مشاق تھے۔ مگر افسوس کہ ان کی ہر ایک پیش گوئی غلط ثابت ہوتی تھی۔ اس چھوٹے سے رسالہ میں اتنی گنجائش نہیں کہ ان کی پیش گوئیوں پر مفصل بحث کی جائے۔ یہاں صرف مختصر طور پر وہ پیش گوئیاں درج کردی جاتی ہیں جو انہوں نے بڑی تحدی سے کی ہیں اور جس کی نسبت بڑے زور سے دعویٰ کیا تھا کہ اگر وہ غلط ہوجاویں تو انہیں کاذب سمجھا جاوے۔

۱...... پیش گوئی متعلق ڈپٹی عبداللہ آتھم: اس میں مرزاقادیانی نے پیش گوئی کی تھی کہ اگر ڈپٹی صاحب پندرہ ماہ میں نہ مریں تو یہ سمجھ لینا چاہئے کہ مرزاقادیانی خدا کی طرف سے نہیں۔ چنانچہ ڈپٹی صاحب اس مدت میں نہ مرے بلکہ اس کے بعد دوسال زندہ رہے۔

حالانکہ وہ عمر رسیدہ اور نہایت ضعیف تھے۔

۲...... قادیان کے متعلق پیش گوئی: اس پیش گوئی میں یہ دعویٰ تھا کہ قادیان طاعون سے محفوظ رہے گا۔ مگر یہ بھی غلط ثابت ہوئی۔ قادیان میں بھی خوب طاعون پھیلی۔ بلکہ مرزا قادیانی کے خاص الخاص مرید بھی اس کے شکار ہوئے۔

۳...... پیش گوئی متعلق نکاح محمدی بیگم: اس میں دعویٰ تھا کہ محمدی بیگم مرزا قادیانی کے نکاح میں آوے گی۔ جب اس لڑکی کا کسی اور جگہ نکاح ہوگیا اور لوگوں میں چہ میگوئیاں شروع ہوئیں تو مرزا قادیانی نے دوبارہ سہ بارہ بڑے زور سے دعویٰ کیا کہ یہ پیش گوئی کبھی جھوٹی نہیں ہوسکتی۔ محمدی بیگم کا خاوند مرجاوے گا اور وہ بیوہ ہوکر مرزا قادیانی کے نکاح میں آوے گی۔ یہ معاملہ ازل سے مقدر ہو چکا ہے۔ کبھی ٹل نہیں سکتا۔ مگر مرزا قادیانی مر گئے اور محمدی بیگم اپنے خاوند کے گھر میں خوش وخرم ہے۔

۴...... پیش گوئی متعلق مولوی ثناءاللہ صاحب: اس میں مرزا قادیانی نے دعا کی تھی کہ ان میں اور مولوی ثناءاللہ صاحب میں سے جو جھوٹا ہو خدا اسے سچے کی حیات میں موت دے اور خود ہی کہہ دیا کہ انہیں الہام ہوا کہ خدا نے ان کی یہ دعا قبول کر لی۔ مگر تھوڑی ہی مدت بعد خود دنیا سے روانہ ہوگئے۔ مولوی ثناءاللہ صاحب اس وقت تک (تالیف رسالہ ہذا کے وقت) بفضل خدا زندہ ہیں۔

۵...... پیش گوئی متعلق ڈاکٹر عبدالحکیم خان صاحب: اس میں مرزا قادیانی نے دعویٰ کیا تھا کہ ڈاکٹر عبدالحکیم خان صاحب ان کی زندگی میں چند سال کے عرصہ میں مرجاویں گے۔ ادھر سے ڈاکٹر عبدالحکیم صاحب نے بھی پیش گوئی کی تھی کہ مرزا قادیانی چند ماہ میں مر جاویں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور مرزا قادیانی مدت مقررہ میں ہیضہ سے لاہور میں مر گئے۔

✡ ✡ ✡

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں

تحفہ ایمانی

یعنی

روئیداد مباحثہ قادیانی

فقیر محمد ساونت واڑی کوکن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم!

خدا تعالیٰ کی قدرت کے کارخانے عجیب ہیں۔ حضرت مولانا مولوی عبدالشکور صاحب مدیر النجم عم فیضہم جب لکھنو سے بمبئی روانہ ہوئے اس وقت ان کو یا کسی کو یہ خطرہ بھی نہ ہوا تھا کہ حق تعالیٰ ان سے اس سفر میں یہ عظیم الشان کام بھی لے گا اور ہمارے علاقہ کوکن میں مرزائیت کی بلا جو پھیل چلی ہے۔ ان کے انفاس متبرکہ سے دور ہوگی۔ مگر خدا کا لطف وکرم جب کسی بندے پر ہوتا ہے تو اس سے اسی طرح کام لئے جاتے ہیں۔

حضرت ممدوح جب لکھنؤ سے ممبئی تشریف لائے۔ بمقام ''ماہم شریف'' حافظ مولوی نثار احمد صاحب سے ان کا مباحثہ ہوا۔ اس مباحثہ کے بعد دفعۃً یہ مباحثہ مرزائیوں سے ہوا جس کی روئداد رسالہ ہذا میں ہدیہ ناظرین ہے۔

مقام ''ساونت واڑی'' ایک سرسبز وشاداب پہاڑ کے اوپر آباد ہے کسی زمانے میں یہ علاقہ بیجاپور (دکن) سے تعلق رکھتا تھا۔ اسلامی حکومت عادل شاہی کا مرکز تھا۔ شہر عادل آباد اور اس کے اطراف میں پرانی شاہی عمارات کے کھنڈر اب تک سبق عبرت دے رہے ہیں۔ اب یہاں مرہٹہ خاندان کے فرمانروا کی حکومت ہے۔ بمبئی سے ملک ''گوآ'' کو جو جہاز جاتا ہے اس کے راستہ میں وینگورلہ ایک بندرگاہ ہے۔ اسی بندرگاہ سے اتر کر ساونت واڑی جاتے ہیں۔ وینگورلہ بندر سے گوآ صرف چار گھنٹہ کا راستہ ہے۔ جہاں انگریزی حکومت ختم ہو کر پرتگیزیوں کی سلطنت شروع ہوتی ہے۔ یہی دخانی جہاز درمیانی چند بندروں پر دس دس پندرہ پندرہ منٹ ٹھہرتا ہوا، اٹھارہ انیس گھنٹہ میں پہنچتا ہے۔ اپنے ہندوستانی بھائیوں کے تعارف کے لئے جن کی نظر سے یہ رسالہ گزرے گا، اس قدر لکھا گیا۔

علاقہ ساونت واڑی میں کئی سال سے ایک شخص حکیم محمد یونس مرزائی ہوگئے ہیں۔ انہوں نے اپنے جائے قیام وینگورلہ بندر میں مرزائیوں کی ایک انجمن قائم کی ہے جس کے وہ خود سیکرٹری ہیں۔ یہ صاحب دن رات مرزائیت کی تبلیغ میں کوشش کیا کرتے ہیں۔ ہم لوگوں کو معلوم بھی نہ تھا کہ مرزائیت کیا بلا ہے؟ یہاں تک کہ ہمارے علاقے کے دو شخص اور مرزائی ہوئے اور سیکرٹری قادیانی کی ہمت بڑھی۔ چنانچہ انہوں نے ایک مضمون اخبار ''کرات'' میں جو مرہٹی زبان کا اخبار وینگورلہ بندر سے نکلتا ہے، شائع کرایا اور اس میں مرزاغلام احمد قادیانی

کے مسیح اور مہدی اور نبی اللہ اور رسول اللہ ہونا ثابت کرنے کی ناکام کوشش کی۔ علاقہ ساونت واڑی کے اکثر مسلمان بمبئی میں رہتے ہیں۔ بعض بہ سلسلہ تجارت اور بعض بہ سبیل ملازمت، جن میں یہ خاکسار بھی شامل ہے۔ سیکرٹری قادیانی کا اشتہار مذکور دیکھ کر مجھے اندیشہ ہوا کہ اس کا جواب نہ دیا گیا تو بہت لوگ گمراہ ہو جائیں گے۔ لہٰذا میں نے اس کے جواب میں ایک خط صاحب مذکور کو لکھا اور اس طرح ایک مدت تک خط وکتابت کا سلسلہ جاری رہا اور اسی درمیان میں بغیر میری منظوری اور علم کے سیکرٹری قادیانی موصوف نے ایک اشتہار اردو زبان میں چھاپ کر تقسیم کر دیا جو درج ذیل ہے:

قادیان کے علماء کرام کا ورود مسعود وینگورلہ ملک کوکن میں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ہر مخالف کو مقابل پہ بلایا ہم نے ۔ آزمائش کے لئے کوئی نہ آیا ہر چند
لو تمہیں طور تسلی کا بتایا ہم نے ۔ آؤ لوگو کہ یہیں نور خدا پاؤ گے

جناب فقیر محمد صاحب ساکن گونجاڑہ کا چیلنج مناظرہ منظور

''میں نے اخبار ''کرات'' میں سلسلہ عالیہ احمدیہ کی تائید میں ایک مضمون شائع کیا تھا جس میں قرآن کریم واحادیث کی رو سے بدلائل بیّنہ صداقت حضرت مرزا غلام احمد مسیح موعود ومہدی معہود ثابت کی تھی، جس کے جواب میں فقیر محمد صاحب کا خط وصول ہوا ہے جس میں انہوں نے میرے مضمون کی تردید کی ناکام کوشش کرتے ہوئے آخر میں جماعت احمدیہ کو مناظرہ کا چیلنج دیا ہے اور لکھا ہے کہ قادیان سے اپنے علماء کو لے کر آتے ہیں۔ سانوت واڑی جائے مناظرہ ہوگی۔ جماعت احمدیہ کوکن کی طرف سے ان کا یہ چیلنج مناظرہ بخوشی منظور کیا جاتا ہے اور بذریعہ اعلان ہذا صاحب موصوف کو اطلاع دی جاتی ہے کہ قادیان سے جماعت احمدیہ کے علماء حضرت علامہ حافظ روشن علی صاحب قبلہ اور مولانا عبدالکریم صاحب مولوی فاضل اکتوبر (۱۹۲۵ء) کے آخری ہفتہ وینگورلہ تشریف فرما ہوں گے۔ پس آپ شرائط

۱؎ کس قدر اشتعال انگیز چیلنج ہے، یہی شہرت تمام علاقہ میں دی گئی تھی کہ آج تک کوئی مسلمان عالم مرزائیوں سے مباحثہ کی جرأت نہیں کر سکا نہ اب کر سکتا ہے۔

مناظرہ طے کرلیں اور تاریخ مقررہ پر اپنے علماء کو لے کر آ جائیں۔ چونکہ چیلنج آپ کی طرف سے ہے اس لئے جائے مناظرہ کا انتظام اور حفظ امن کے ذمہ دار آپ ہوں گے۔

میں مسلم پبلک سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ علامہ موصوف کے مواحظ حسنہ[۱] سے مستفیض ہوں۔ خاکسار محمد یونس سیکرٹری انجمن احمدیہ وینگورلہ رتناگیری (ملک کوکن)

نوٹ: وینگورلہ عیسائی مشنری صاحبان بھی اگر مباحثہ کرنا چاہیں تو ہمیں چیلنج دیں بخوشی منظور کیا جائے گا۔

اس اشتہار کی جرأت سیکرٹری صاحب کو بدو وجہ ہوئی۔ اوّل: تو وہ جانتے تھے کہ فرمانروا ساونت واڑی کی اجازت کے بغیر مناظرہ نہ ہوسکے گا اور اجازت کا ملنا مشکل ہے۔ دوم: ان کو یقین تھا کہ کوئی واقف کار عالم ساونت واڑی میں نہیں پہنچ سکتا۔ بمبئی سے اگر یہ لوگ کسی عالم کو لائے بھی تو وہ ہمارے مذہب سے ناواقف اور ہمارے مکروفریب سے بے خبر ہوں گے۔ انہیں کیا معلوم تھا کہ مشیت الٰہی کیا کرنے والی ہے اور کس طرح خدا اپنے ایک بندہ کو بھیج کر ان کی سالہا سال کی کوششوں کو چشم زدن میں ڈھیر کر دیں گے۔

اشتہار مذکور نکلنے کے بعد ہم لوگوں کو جو بمبئی میں رہتے ہیں بڑی فکر دامن گیر ہوئی۔ بمبئی میں چاروں اطراف نظر دوڑائی کوئی سمجھ میں نہ آیا۔ ان دنوں مولوی نثار احمد صاحب کانپوری بمبئی میں بتقریب میلاد خوانی تشریف فرما تھے۔ ہم لوگ ان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سارا واقعہ عرض کیا۔ ازراہ مہربانی انہوں نے ہم سے پختہ وعدہ فرمایا اور ہم کو بالکل مطمئن کردیا۔ ماہم شریف کے مناظرہ کے بعد جب ساونت واڑی کی تاریخ قریب آ گئی تو ہم لوگ پھر حاضر خدمت ہوئے لیکن افسوس کہ انہوں نے صاف انکار کردیا۔

حضرت مولانا عبدالشکور صاحب مدیر النجم دامت برکاتہم ماہم شریف کے مناظرہ کے بعد اپنے وطن واپس تشریف لے جانے کا پورا تہیّہ فرما چکے تھے کہ ہمارا وفد گیا فتنہ مرزائیت کا پورا واقعہ سنایا۔ آپ نے پہلے تو اپنے مشاغل دینیہ کے حرج عظیم کی وجہ سے عذر فرمایا مگر بالآخر ہماری بے کسی دیکھ کر اور اس فتنہ ضلالت کی اہمیت محسوس فرما کر منظور فرمالیا۔

[۱] مگر افسوس مناظرہ کے بعد علامہ صاحب کتابوں کا بھاری صندوق بہزار مشکل اٹھا کر ایسے بھاگے کہ کس کو اپنے مواعظ سے مستفیض نہ فرمایا۔

ساونت واڑی کی خوش قسمتی

بروز چہار شنبہ ۲۸ر اکتوبر (۱۹۲۵ء) دس بجے دن کو روپاوتی جہاز میں ہم سب لوگ مولانا صاحب ممدوح کو اوران کی رفاقت میں چند اصحاب بمبئی کو لے کر روانہ ہوئے۔ دو بجے شب کو وینگورلہ بندر پہنچے جہاں پہلے سے موٹروں کا انتظام ہو چکا تھا۔ آغاز صبح کے وقت بروز پنج شنبہ ساونت واڑی کو ورود مسعود سے شرف حاصل ہوا۔ اسماعیل خان صاحب مالک کمپنی الکٹری بمبئی کے مکان میں آپ کا قیام ہوا۔ خان صاحب موصوف (جو ہماری جماعت کے ایک جوشیلے، غیوّر اور باایمان شخص ہیں) بھی آپ کے ہمراہ بمبئی سے آئے تھے۔ تین دن آپ کا قیام ہوا۔ یکشنبہ ۳۱ر اکتوبر ۱۹۲۵ء کو اسی روپاوتی جہاز سے آپ بمبئی واپس ہوئے۔

تین دن میں پانچ وعظ آپ کے ہوئے۔ اوّل: مقام شہر عادل آباد جو فی الحال باندے کے نام سے مشہور ہے اور ساونت واڑی سے ۸ میل ہے۔ دوم: بمقام ساونت واڑی جناب شیخ آدم صاحب (بابا کردل) کے مکان پر۔ سوم: جامع مسجد ساونت واڑی میں بعد نماز جمعہ۔ چہارم: بمقام کڈال جو ساونت واڑی سے ۱۳ میل ہے۔ پنجم: بمقام ساونت واڑی جناب اسماعیل خان کے مکان پر۔ یہ آخری وعظ آپ کا تھا۔

ان وعظوں میں جو مطالب عالیہ بیان ہوئے سننے سے تعلق رکھتے ہیں۔ زیادہ توجہ ہر وعظ میں فتنہ مرزائیت کی حقیقت ظاہر فرمانے اور نماز کی ترغیب وتشویق کی طرف فرمائی گئی اور الحمدللہ! دونوں مقصد باحسن وجوہ حاصل ہوئے۔ مسلمانوں میں بیداری کے آثار پیدا ہوئے۔ دینداری کا ولولہ ان کے دلوں میں موج زن ہوا۔

کیفیت مباحثہ قادیانی

حضرت مولانا مولوی عبدالشکور صاحب مدظلہم العالی کے پہنچنے کے دوسرے روز یعنی جمعہ کے دن صبح کو انجمن مرزائیہ کے سیکرٹری صاحب کا خط جناب اسماعیل خان صاحب کے نام بایں مضمون آیا کہ ہمارے علماء آگئے ہیں۔ مناظرہ ہو جائے تو دونوں طرف کے علماء کا بیان سن کر حق وباطل کا فیصلہ ہو جائے گا۔ اگر آپ کے علماء فرقہ قادیان کو باطل ثابت کردیں گے تو میں پہلا شخص ہوں گا جو اس فرقہ قادیان سے تائب ہوگا۔

اس خط کا جواب اسی وقت انہیں کے قاصد کے ہاتھ بھیج دیا گیا جس کا خلاصہ

مضمون یہ تھا کہ آپ مناظرہ کرنا چاہیں تو ہمیں بخوشی منظور ہے۔ ہم مرزا غلام احمد قادیانی کا دجال، کذاب ہونا، منکر ضروریات دین ہونا روز روشن کی طرح ثابت کر دیں گے۔ جواب الجواب کا انتظار ہی تھا بلکہ انتظار کا وقت ختم ہو چکا تھا کہ سنا گیا تین مرزائی صاحبان جو قادیان سے تشریف لائے۔ یعنی ان کے علامہ حافظ روشن علی صاحب اور ان کے مولانا عبدالکریم صاحب اور مولوی عبدالرحمٰن صاحب مع سیکرٹری حکیم محمد یونس صاحب وینگورلہ سے ساونت واڑی تشریف لے آئے ہیں۔ شیخ حسین صاحب اور عبدالکریم خان صاحب ساکن ساونت واڑی جو ہماری جماعت کے نہایت مستعد اور پر جوش ممبر ہیں اور حق تعالیٰ نے ان کو دین کی حجت اور سمجھ بھی عطاء فرمائی ہے۔ ان کے جائے قیام پر تشریف لے گئے۔ وہاں سے ان کی معیت میں مولوی فاضل صاحب تشریف لائے۔ انہوں نے اپنی وکیلانہ چالوں سے مناظرہ کو ٹالنے اور اپنے فرقہ کو فرار وشکست کے الزام سے بچانے کے لئے ساری قوت ختم کر دی۔ عصر کے وقت سے ساڑھے آٹھ بجے شب تک ہم لوگوں کا وقت بھی ناحق برباد کیا اور اپنے کو بھی پریشان کیا۔ مگر بدقسمتی سے مناظرہ کی مصیبت سے نجات نہ ملی۔

اصرار اس بات پر تھا کہ پہلے ہمیں موقع ملے کہ ہم مرزا قادیانی کی سچائی اور نبوت ثابت کریں اس کے بعد آپ ان کا کذاب ''دجال'' منکر ضروریات دین ہونا ثابت کیجئے اور ہمارا کہنا یہ تھا کہ سچائی ثابت کرنے میں تو بڑا طول ہوگا کیونکہ کسی شخص کی سچائی ثابت کرنے کے لئے ضرورت ہے کہ اس کی تمام باتوں کا سچا ہونا بیان کیا جائے۔ اس میں کئی دن بلکہ کئی مہینے آپ گزار سکتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ آپ یہاں کے ناواقف لوگوں کو مرزا قادیانی کی تعریف دو ایک دن سنا کر چل دیں گے اور مرزا قادیانی کی حقیقت پر پردہ پڑا رہ جائے گا۔ بخلاف اس کے مرزا کا جھوٹا ہونا بہت آسانی سے ثابت ہو سکتا ہے۔ کیونکہ کسی شخص کا جھوٹ ثابت کرنے کے لئے اس کی ایک بات کا بھی جھوٹا ہونا کافی ہے۔ پس کوئی وجہ نہیں کہ سہل مختصر راستہ کو چھوڑ کر دشوار اور طویل راہ اختیار کی جائے اور مناظرہ کو ناتمام و بے نتیجہ چھوڑ کر چل دینے کا موقع دیا جائے۔

ہماری بات چونکہ ایسی معقول تھی کہ اس کا کوئی جواب نہیں ہو سکتا تھا۔ اس لئے مجبور ہو کر وکیل صاحب کو منظور کرنی پڑی اور حسب ذیل امور ہمارے ان کے درمیان طے ہوئے۔

۱...... ہماری طرف سے عالی جناب مولانا مولوی محمد عبدالشکور صاحب مدیر النجم لکھنؤ مناظر ہوں گے اور مرزائیوں کی طرف سے ان کے علامہ حافظ روشن علی صاحب۔

۲...... ہمارے مولانا صاحب مرزا غلام احمد قادیانی کا کذاب، منکر ضروریات دین ہونا ثابت فرمائیں گے۔ جواب دینا مرزائی صاحبوں کے ذمہ ہوگا۔

۳...... پہلی تقریر میں مولانا صاحب سے دوگنا وقت مرزائی مناظر صاحب کو دیا جائے گا اور مابعد کی تقریروں میں دونوں کا وقت مساوی ہوگا۔

۴...... جناب شیخ آدم صاحب صوبیدار منیجر پنشنز موڈریٹر (صدر) قرار دیئے گئے۔

ان تمام امور کے قلمبند ہو جانے کے بعد نو بجے شب سے مناظرہ شروع ہوا اور بارہ بجے شب تک رہا۔ ایک وسیع میدان حاضرین سے بھر گیا تھا۔ ہندو صاحبان بھی شریک تھے۔

تقریر مباحثہ

تقریر شروع ہونے سے پہلے حضرت مولانا صاحب نے تمام حاضرین کو خطاب کر کے فرمایا کہ یہ مرزائی صاحبان اس وقت ہمارے یہاں آئے ہوئے ہیں۔ تمام حاضرین کو چاہئے کہ کسی قسم کی کوئی توہین آمیز بات ان کے متعلق نہ کہیں۔ نہایت خاموشی کے ساتھ سنیں اور پوری آزادی کے ساتھ ان کو موقع دیں کہ وہ اپنا مافی الضمیر جن الفاظ میں چاہیں بے تکلف ادا کریں۔ اگر اس کے خلاف کوئی بات ہوئی تو یہ توہین ان کی نہ ہوگی بلکہ میری ہوگی۔

اسماعیل خان صاحب مالک مکان نے بھی پرزور الفاظ میں اسی کی فہمائش کی اور الحمدللہ! تمام حاضرین نے اس پر عمل کیا۔

اس کے بعد تقریریں شروع ہوئیں۔

جناب مولانا صاحب: **الحمدللہ نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم امابعد!** آپ حضرات کے سامنے اس وقت مرزا غلام احمد قادیانی کی بہت سی صفتوں میں صرف دو صفتیں بطور نمونہ پیش کرتا ہوں۔

اوّل: یہ کہ مرزا قادیانی بڑے جھوٹے تھے۔ اس قدر بے باک جھوٹ بولنے والا شاید دنیا میں کوئی نہ ہوا ہوگا۔

دوم: یہ کہ مرزا قادیانی نے حضرات انبیاء علیہم السلام کو نہایت ناپاک بازاری گالیاں دی ہیں اور ظاہر ہے کہ یہ دو صفتیں جس شخص میں پائی جائیں وہ شخص عقلاً ونقلاً کسی طرح اچھا آدمی بھی نہیں کہا جاسکتا۔ نبی ورسول ہونا تو بعد کی بات ہے۔

مرزا قادیانی کے جھوٹ کے ثبوت میں سردست صرف دو عبارتیں مرزا قادیانی کی پیش کرتا ہوں:

۱...... مرزا قادیانی اپنے رسالہ تحفۃ الندوہ مطبوعہ ۱۹۰۲ء (ص۴ خزائن ج۱۹ ص۹۶) میں لکھتے ہیں: ''(۱) قرآن نے میری گواہی دی ہے، (۲) رسول اللہ ﷺ نے میری گواہی دی ہے، (۳) پہلے نبیوں نے میرے آنے کا زمانہ معین کیا ہے جو کہ (۴) یہی زمانہ ہے (۵) اور قرآن نے بھی میرے آنے کا زمانہ متعین کردیا ہے کہ (۶) جو یہی زمانہ ہے اور (۷) میرے لئے آسمان نے بھی گواہی دی اور (۸) زمین نے بھی اور (۹) کوئی نبی نہیں جو میرے لئے گواہی نہیں دے چکا۔''

اس عبارت میں نو جھوٹ بولے (چنانچہ ہم نے عبارت پر ہندسہ لگا دیا ہے) مگر سب سے زیادہ لطیف پانچواں جھوٹ ہے کہ قرآن نے ان کے آنے کا زمانہ معیّن کردیا ہے۔ ہمارے مخاطب صاحب جو علامہ ہونے کے علاوہ حافظ بھی ہیں، قرآن شریف میں کوئی آیت دکھلادیں جس میں مرزا قادیانی کے آنے کا زمانہ متعین کیا گیا ہو۔ مگر وہ نہ دکھا سکیں گے اور ہرگز نہیں دکھا سکیں گے۔

۲...... مرزا قادیانی اپنی کتاب (شہادت القرآن ص۴۱، خزائن ج۶ ص۳۳۷) میں لکھتے ہیں: ''اگر حدیث کے بیان پر اعتبار ہے تو پہلے ان حدیثوں پر عمل کرنا چاہئے جن میں آخری زمانہ میں بعض خلیفہ کی نسبت خبر دی گئی ہے، خاص کر وہ خلیفہ جس کی نسبت بخاری میں لکھا کہ آسمان سے اس کے لئے آواز آئے گی۔ ''ھذا خلیفۃ اللہ المھدی'' اب سوچو کہ یہ حدیث کس پایہ اور مرتبہ کی ہے کہ جو اصح الکتب بعد کتاب اللہ میں ہے۔''

ہمارے مخاطب صاحب بتائیں کہ بخاری میں یہ حدیث کہاں ہے؟ ہرگز کوئی مرزائی صاحب اس حدیث کو بخاری میں نہیں دکھا سکتے۔

اب خیال کیجئے کہ قرآن شریف کیسی کثیر الوجود کتاب ہے جس سے کسی مسلمان کا گھر خالی نہ ہوگا۔ ایسی کتاب کا غلط حوالہ دینا معمولی جھوٹے کا کام نہیں۔ بڑے مشّاق کا کام ہے۔ بخاری بھی کس درجہ متداول ومعروف کتاب ہے۔ اس کا غلط حوالہ دیتے ہوئے شرم نہ کرنا کچھ کم مشّاقی کی دلیل نہیں۔

مرزا قادیانی کے توہین انبیاء علیہم السلام کے ثبوت میں بھی دو عبارتیں پیش کرتا ہوں:

۱...... مرزا قادیانی (حاشیہ ضمیمہ انجام آتھم ص۷، خزائن ج۱۱ ص۲۹۱) میں لکھتے ہیں: ''آپ کا

خاندان بھی نہایت پاک اور مطہر ہے، تین دادیاں اور نانیاں آپ کی زنا کار کسبی عورتیں تھیں ،جن کے خون سے آپ کا وجود ظہور پذیر ہوا۔‘‘

خیال کیجئے کہ ایسے ناپاک بازاری الفاظ اگر آج کسی رذیل سے رذیل کو کہے جائیں تو کیا حال ہوگا۔ مگر خدا حلیم ہے کہ اس کے باعزت رسول حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو جن کی بابت قرآن کریم میں ہے کہ خدا کے یہاں ان کی بڑی وجاہت ہے اور وہ خدا کے مقربین میں سے ہیں، یہ گالیاں دی گئی ہیں۔

۲...... مرزا قادیانی (دافع البلاص فرنٹ ٹائٹل، خزائن ج۱۸ص۲۲۰ حاشیہ) میں فرماتے ہیں: ’’بلکہ یحییٰ نبی کو اس پر فضیلت ہے۔ کیونکہ وہ شراب نہیں پیتا تھا اور کبھی نہیں سنا گیا کہ کسی فاحشہ عورت نے اپنی کمائی کے مال سے اس کے سر پہ عطر ملا تھا یا ہاتھوں اور اپنے سر کے بالوں سے اس کے بدن کو چھوا تھا یا کوئی بے تعلق جوان عورت اس کی خدمت کرتی تھی۔ اس وجہ سے خدا نے قرآن میں یحییٰ کا نام حصور رکھا۔ مگر مسیح کا یہ نام نہ رکھا کیونکہ ایسے قصے اس نام کے رکھنے سے مانع تھے۔‘‘

اعجاز احمدی میں لکھتے ہیں: ’’ہائے کس کے سامنے یہ ماتم لے جائیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تین پیشین گوئیاں صاف طور پر جھوٹی نکلیں اور آج کون زمین پر ہے جو اس عقدہ کو حل کرے۔‘‘ (اعجاز احمدی ص۱۴، خزائن ج۱۹ص۱۲۱)

اس عبارت میں جو توہین حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ہے ایسی توہین کسی معمولی مسلمان کی بھی شرعاً جائز نہیں ہوسکتی۔

یہ تقریر نو منٹ میں ختم ہوئی اور علامہ حافظ روشن علی صاحب کو اٹھارہ منٹ جواب کے لئے مرزائیوں کے علامہ:

صحیح بخاری کا حوالہ تو بے شک صحیح نہیں ہے۔ مگر یہ کاتب کی بھول ہے اس نے غلطی سے بخاری کا نام لکھ دیا۔ رہا قرآن شریف کا حوالہ تو بے شک قرآن شریف میں حضرت مرزا قادیانی کا ظہور زمانہ معین کیا گیا ہے زمانہ کے علامات کا بیان کرنا ہے اور ایسی بہت سی آیتیں قرآن شریف میں ہیں جن میں حضرت مسیح موعود کا اور ان کے زمانہ ظہور کی علامات کا ذکر ہے۔ چنانچہ دو چار آیتیں میں پڑھتا ہوں۔

’’محمد رسول اللہ والذین معہ ‘‘اور’’ھو الذی ارسل رسولہ ‘‘اور’’والذین اٰمنوا منکم وعملوا الصالحات لیستخلفنھم فی الارض ‘‘اور’’واذا العشار عطلت‘‘

ان سب آیات میں حضرت مرزا قادیانی کے زمانہ ظہور کی علامات کا تذکرہ ہے۔

ضمیمہ انجام آتھم کی عبارت جو آپ نے پڑھی اس میں آپ نے یہ نہیں بیان کیا کہ یہ الفاظ کس کے متعلق لکھے گئے ہیں۔ آپ پر فرض تھا کہ اس کو ظاہر فرما دیتے تا کہ لوگوں کو دھوکا نہ ہو۔ اب میں پڑھتا ہوں کہ یہ الفاظ یسوع کے متعلق ہیں، نہ حضرت عیسیٰ کے متعلق۔ یسوع اور شخص ہیں اور عیسیٰ اور شخص۔

اعجاز احمدی کی جو عبارت آپ نے پیش کی ہے اس میں بے شک مسیح علیہ السلام کی نسبت لکھا ہے مگر وہ محض عیسائیوں کو الزام دینے کے لئے لکھا گیا ہے۔ ایک عیسائی نے آنحضرت ﷺ کے بارے میں زنا کار کا لفظ استعمال کیا تھا (یہ کہہ کر اس عیسائی کی عبارت سنائی) اسی کے انتقام میں مرزا قادیانی نے الزامی طور پر یہ الفاظ حضرت عیسیٰ کے متعلق لکھے۔

یہ تقریر مرزائیوں کے علامہ نے فضول اور مکرر باتیں بیان کر کر کے اٹھارہ منٹ میں ختم کی۔

جناب مولانا صاحب! صحیح بخاری کا حوالہ اگر سہو کاتب ہے تو کیا یہ پوری عبارت کی عبارت: ''اب سوچو کہ یہ حدیث کس پایہ اور مرتبہ کی ہے کہ جو اصح الکتب بعد کتاب اللہ میں ہے۔'' سہو کاتب ہے اور بالفرض یہ سب سہو کاتب ہے تو اب تک کہ اتنا زمانہ دراز اس کتاب کو چھپے ہوئے گزرا۔ خود مرزا قادیانی یا ان کے بعد کسی مرزائی نے اس کا غلط نامہ کیوں نہیں شائع کیا؟

قرآن شریف کے جھوٹے حوالے کی بابت جس قدر آیات قرآنیہ ہمارے مخاطب صاحب نے پیش کیں۔ مجھے سن کر حیرت ہوئی کہ ان آیات سے اور مرزا کے ظہور یا زمانہ ظہور کی علامات سے کیا تعلق ہے؟ کیا تم نے تمام حاضرین کو اس قدر جاہل اور بے وقوف سمجھ لیا ہے اور اگر ایسا ہی ہے تو آپ یہ کیوں نہیں کہہ دیتے کہ قرآن شریف کی ہر آیت میں سواء ظہور مرزا اور زمانہ ظہور مرزا کی علامات کے اور کوئی بیان ہی نہیں۔ ذرا مہربانی فرما کر وہ اپنی پڑھی ہوئی آیتوں کا ترجمہ تو کریں۔

یسوع اور عیسیٰ کا فرق جو آپ نے کیا یہ بالکل غلط ہے۔ خود مرزا غلام احمد قادیانی اپنی کتاب (توضیح المرام ص۳، خزائن ج۳ ص۵۲) میں لکھتے ہیں: ''دوسرے مسیح بن مریم جن کو عیسیٰ اور یسوع بھی کہتے ہیں۔'' درحقیقت یسوع اور عیسیٰ ایک ہی لفظ ہے جو فرق بظاہر معلوم ہوتا ہے وہ محض اختلاف زبان کی وجہ سے پیدا ہو گیا ہے۔

اعجاز احمدی کی عبارت میں جو تاویل ہمارے مخاطب صاحب نے کی ہے وہ اور بھی

بے بنیاد ہے کہ مرزا قادیانی نے عیسائیوں کے الزام دینے کے لئے ایسا لکھا ہوتا تو قرآن کا حوالہ نہ ہوتا بلکہ بائبل کا حوالہ ہونا چاہئے تھا۔ الزام ہر شخص کو اس کے مسلّمات سے دیا جاتا ہے اور ظاہر ہے کہ قرآن عیسائیوں کے مسلمات میں سے نہیں ہے۔

مرزائیوں کے علامہ: صحیح بخاری کے حوالہ میں ممکن ہے خود مرزا قادیانی سے بھول ہوگئی ہو۔ ایسی بھول نبیوں سے بکثرت ہوتی رہتی ہے۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ نے بھی ایک مرتبہ بھول کر نماز عصر میں بجائے چار کے دو رکعت پڑھی تھیں۔

قرآن شریف کے حوالہ کے متعلق ایک آیت اور بہت صاف ہے: ''ومبشراً برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد '' اس آیت میں بہت صاف طریقہ سے حضرت مرزا قادیانی کا ظہور زمانہ معین کیا گیا ہے۔ کیونکہ احمد سے مراد حضرت مرزا غلام احمد قادیانی ہیں ان کا اصلی نام احمد تھا۔ چنانچہ ان کے والد نے ان کے نام پر ایک گاؤں بھی آباد کیا تھا جس کا نام احمد آباد ہے۔

یسوع اور عیسیٰ کا فرق جو میں نے بیان کیا وہ بھی حضرت مرزا قادیانی کی کتاب سے بیان کیا تھا خود انہوں نے لکھا ہے کہ یسوع اور شخص تھا اور عیسیٰ اور شخص ہیں۔

اعجاز احمدی کی عبارت کو الزامی میں اس سبب سے کہتا ہوں کہ مرزا قادیانی نے قرآن میں حضرت عیسیٰ کو حصور نہ کہنے کی وجہ بیان فرمائی کہ: ''ایسے قصہ اس نام کے رکھنے سے مانع تھے۔'' اور یہ قصے بائبل میں ہیں نہ قرآن میں۔

جناب مولانا صاحب: خود مرزا قادیانی سے اگر صحیح بخاری کے حوالہ میں بھول ہوگئی تھی تو بھی سہو کاتب کے متعلق جو بات میں نے کہی تھی وہی پھر کہتا ہوں کہ اس کا کوئی غلط نامہ مرزا قادیانی نے یا ان کے بعد آج تک کسی اور نے کیوں نہ شائع کیا۔ علاوہ اس کے اس حوالہ کا جھوٹا ہونا تو آپ نے مان لیا۔ اب رہا یہ کہ اس جھوٹ کا سبب سہو تھا یا عمداً اس کی تحقیقات بعد میں ہوگی اور آپ نے جو یہ کہا کہ اور نبیوں سے بھول ہو جاتی ہے اور آنحضرت ﷺ نے نماز عصر میں بھول کر دو رکعت پر سلام پھیر دیا۔ یہ بے تعلق بات آپ نے چھیڑ دی۔ آپ ہرگز ایسا نہیں دکھا سکتے کہ کسی نبی نے بھول کر جھوٹ بولا جیسا کہ مرزا قادیانی نے جھوٹا حوالہ بخاری کا دیا۔

قرآن کے جھوٹے حوالہ کی آپ بار بار تصحیح کرنا چاہتے ہیں، مگر یاد رکھئے یہ ناممکن ہے۔ یہ جھوٹ ایسا نہیں ہے جس کی تاویل ہو سکے۔ اچھا بالفرض مان لیا جائے کہ آیت میں

احمد سے مراد غلام احمد ہے تو اس سے زمانہ کا تعین کیسے ہوا؟ مرزا قادیانی تو کہتے ہیں کہ قرآن میں میرے لئے زمانہ معین کیا گیا ہے اور یہ بات بھی غلط ہے کہ احمد سے مراد غلام احمد لیا جائے۔ مرزا قادیانی کا نام احمد تھا تو وہ اپنے کو غلام احمد کیوں لکھا کرتا تھا؟ احادیث میں صاف موجود ہے کہ احمد نام حضورﷺ کا ہے اور اس آیت میں بشارت آپ ہی کی ہے۔ کسی کلام کے ایسے دو مخالف مراد لینا صریح تحریف ہے۔

یسوع اور عیسیٰ کا فرق میں خود جانتا ہوں کہ مرزا قادیانی نے انجام آتھم میں بیان کیا ہے۔ مرزا قادیانی ہی نے فرق کا نہ ہونا بھی بیان کیا ہے۔ یہ اختلاف بیانی تو دروغ گوئی کے لوازم سے ہے تو آپ نے مرزا کا دروغ گو ہونا مان لیا ہے۔

اصل یہ ہے کہ مرزا قادیانی پر جب مسلمانوں نے اعتراض کیا کہ تم نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شان میں گستاخی کی لہٰذا تم اسلام سے خارج ہوگئے تو اس کے جواب میں انہوں نے یہ بات بنائی کہ میں نے عیسیٰ کو کچھ نہیں کہا۔ میں نے تو یسوع کو گالیاں دی ہیں۔ لیکن یہ ان کو یاد نہ رہا کہ پہلے لکھ چکا ہوں کہ عیسیٰ اور یسوع ایک ہی شخص کا نام ہے۔ سچ ہے: ''دروغ را حافظہ نباشد۔''

اعجاز احمدی کی عبارت میں لفظ: ''ایسے قصہ'' سے بائبل کے قصہ مراد لے کر آپ کو فائدہ نہیں ہوسکتا کیونکہ ہم پوچھتے ہیں کہ یہ قصے خدا کے نزدیک سچے تھے کہ جھوٹے۔ اگر جھوٹے تھے تو قرآن میں جھوٹے قصوں کی کیوں رعایت کی گئی اور اگر یہ قصے سچے تھے تو میرا اعتراض بدستور قائم ہے۔

<u>لطیفہ:</u> حاضرین آپ کو معلوم ہے کہ مرزا قادیانی نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لئے قرآن شریف میں حصور نہ ہونے کو (معاذ اللہ) ان کے بدکار ہونے کی دلیل کیوں بنایا؟ سنئے مقصود مرزا قادیانی یہ ہے کہ جس طرح وہ پیغمبروں کو گالیاں دیا کرتے تھے۔ اسی طرح تمام مسلمان قرآنی حکم سمجھ کر پیغمبروں کو گالیاں دیا کریں۔ کیونکہ حضرت عیسیٰ کی تخصیص کیا، سواء حضرت یحییٰ کے کسی پیغمبر کے متعلق لفظ حصور قرآن میں نہیں آیا تو معاذ اللہ! سب پیغمبر ایسے ہی ہوگئے۔ استغفر اللہ!

<u>مرزائیوں کے علامہ:</u> مرزا قادیانی کے قبل دعویٰ نبوت کی زندگی آپ کیوں نہیں دیکھتے۔ بھلا قبل دعویٰ نبوت کا تو کوئی جھوٹ آپ ثابت کردیجئے (یہ بات مرزائیوں کے علامہ نے قریب قریب ہر تقریر میں بیان کی)

حضرت مرزا قادیانی نے توہین انبیاء ہرگز نہیں کی۔ ذرا انصاف سے کام لیجئے۔ حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب کتنے بڑے عالم مسلمانوں کے گزرے ہیں۔ مدرسہ صولتیہ مکہ معظّمہ میں انہیں کا قائم کیا ہوا ہے۔ انہوں نے بھی اپنی کتاب ازالۃ الاوہام میں حضرت عیسیٰ کے متعلق ایسے الفاظ لکھے ہیں تو کیا آپ ان کو بھی کہیں گے کہ انہوں نے حضرت عیسیٰ کی توہین کی اور جیسی گرفت آج مرزا قادیانی کی ہو رہی ہے، ان کی گرفت بھی ایسی کسی نے کی ہے۔ یہ کہہ کر علامہ صاحب نے مولوی فاضل صاحب کو حکم دیا کہ ازالۃ الاوہام کی عبارت سناؤ، انہوں نے فارسی کی عبارت پڑھ کر سنائی۔

جناب مولانا صاحب: ذرا یہ کتاب مجھے دیجئے۔

مولوی فاضل صاحب نے کتاب دے دی، مگر دینے کے بعد ہی ہوش آ گیا اور کہنے لگے کہ کتاب لائیے، مجھے ایک بات دیکھنا ہے، پھر ابھی آپ کو دے دوں گا۔

جناب مولانا صاحب: اب یہ کتاب آپ کو اس وقت ملے گی جب آپ کی کارروائی حاضرین کو دکھلا دی جائے۔ یہ کہہ کر مولانا صاحب اٹھے اور حسب ذیل تقریر شروع کی۔

حاضرین محفل! اگر خدانخواستہ مجھ سے ایسی حرکت ہوئی ہوتی، جیسی ان صاحبوں نے کی اس وقت مولانا رحمت اللہ صاحب کی کتاب کے حوالہ میں کی ہے تو میں پھر دنیا میں کسی کو منہ نہ دکھا سکتا۔ دیکھئے مولانا ممدوح کی جو عبارت مرزائی صاحبان نے سنائی، اس میں یہ نفیس کارروائی کی ہے کہ شروع کی ایک سطر چھوڑ دی، جس میں انہوں نے لکھا ہے کہ انجیل لوقا کے ساتویں باب کی آیت فلاں وفلاں میں ہے۔ اگر یہ عبارت بھی پڑھ دیتے تو مطلب ان کا فوت ہو جاتا اور صاف کھل جاتا کہ مولانا ممدوح نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق جو الفاظ لکھے ہیں وہ اپنی طرف سے نہیں لکھے بلکہ انجیل سے نقل کئے ہیں اور مرزا قادیانی نے خود اپنی طرف سے بحوالہ قرآن لکھے ہیں۔ دونوں میں کتنا فرق ہے؟

اب آپ ہی فرمائیے کہ اس کارروائی کا نام خیانت نقل نہیں تو کیا ہے؟ رہا آپ کا یہ کہنا کہ مرزا قادیانی کے حالات قبل دعویٰ نبوت دیکھے جائیں۔ اس کی ضرورت تو ہم کو اس وقت ہوتی کہ بعد دعویٰ نبوت کا کذب پایۂ ثبوت کو نہ پہنچتا۔ پھر قبل دعویٰ کے حالات ان کے بالکل تاریکی میں ہیں۔ یہ کس طرح دیکھا جا سکتا ہے۔ کون جانتا تھا کہ یہ شخص آگے چل کر دعویٰ نبوت کرنے والا ہے کہ اس کے حالات کی نگرانی کی جاتی۔ قبل دعویٰ کے حالات میں

سے چند معمولی باتوں کا علم البتہ لوگوں کو ہے کہ مرزا قادیانی فکر معاش میں سرگرداں مختاری کا امتحان دیا، مگر فیل ہوگئے۔ پھر سیالکوٹ کی کچہری میں پندرہ روپیہ کی نوکری حاصل کی تو ان حالات سے ان کے صدق وکذب پر کیا روشنی پڑ سکتی ہے؟

لطیفہ: آپ حضرات نے سنا مرزا غلام احمد قادیانی نے جس طرح مولانا رحمت اللہ صاحب کی کتاب ازالۃ الاوہام کا نام غصب کر کے اپنی کتاب کا نام رکھ لیا۔ اسی طرح لفظ احمدی جو کہ امام ربّانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے متبعین کا لقب تھا، اپنی پیروی کرنے والوں کو غصب کر کے دیا۔ مسلمانوں پر لازم ہے کہ ہرگز ہرگز مرزا غلام احمد قادیانی کے کسی ماننے والے کو احمدی نہ کہیں۔ مرزائی، نئے عیسائی، قادیانی، غلمدی ان چار ناموں میں سے جو نام چاہیں ان کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔

مرزائیوں کے علامہ: (جو خیانت مذکورہ کے کھل جانے پر باوجود حیا وغیرت میں کہنہ مشق ہونے کے سراسیمہ ہو چکے تھے) مرزا قادیانی کی پندرہ روپیہ کی نوکری پر آپ نے اعتراض کیا۔ حالانکہ آنحضرت نے تو بکریاں چرائیں اور ایک عورت کی نوکری کی۔

جناب مولانا صاحب: حاضرین آپ نے دیکھا کہ اب اصل مبحث بالکل چھوٹ گیا۔ ہمارے مخاطب صاحب اب ان فضول باتوں میں وقت گزاری کر رہے ہیں۔

ہاں! یہ بات خاص طور پر خیال کرنے کی ہے کہ مرزائی صاحبان کو مرزا قادیانی سے کتنی محبت ہے؟ میں نے ان کے مرزا قادیانی کو ایک بات کہی تھی وہ بھی محض واقعہ کے طور پر نہ کہ بطور توہین، اس کے جواب میں انہوں نے ہمارے نبی کریم ﷺ کو دو باتیں کہہ لیں۔ میں نے مرزا قادیانی کو پندرہ روپیہ کا نوکر کہا۔ اس کے عوض میں انہوں نے آنحضرت ﷺ کو چرواہا اور عورت کا نوکر کہہ ڈالا۔ مرزا قادیانی نے خود بھی اپنی تصانیف میں جابجا اپنے کو رسول خدا ﷺ پر فوقت دی ہے۔

چنانچہ اپنے قصیدہ اعجازیہ (اعجاز احمدی ص ۷۱، خزائن ج ۱۹ ص ۱۸۳) میں ایک جگہ لکھتے ہیں:

لہ خسف القمر وان لی　　　غسا القمران المشرقان اتنکر

ترجمہ: اس کے لئے یعنی آنحضرت ﷺ کے لئے تو چاند گہن لگا تھا، معجزہ شق القمر کو چاند گہن کہا اور میرے لئے چاند سورج دونوں میں گہن لگا۔ کیا اب بھی تم انکار کرو گے؟

اس درمیان میں علامہ صاحب بول اٹھے کہ جب آپ کے گھر پر حملہ ہوا تو آپ کو

خبر ہوئی۔ مولانا صاحب نے فرمایا: الحمدللہ! آپ نے خود اپنی زبان سے ہماری تائید کی اور اقرار کرلیا کہ جناب محمد رسول اللہ ﷺ ہمارے گھر کے ہیں بے شک ہم ان کے ہیں وہ ہمارے ہیں۔ آپ کو کوئی تعلق ان سے نہیں۔ آپ کو جو کچھ رشتہ ہے، مرزا قادیانی سے ہے۔ مبارک ہو!

اس کے بعد مرزائیوں کے علامہ صاحب بار بار افسردہ زبانی کے ساتھ اپنی کہی ہوئی باتوں کا اعادہ کرتے رہے اور جواب میں مولانا صاحب نے بھی اپنی باتوں کا مع فوائد جدیدہ اعادہ فرمایا۔ یہاں تک کہ بات ختم ہوگئی اور صدر صاحب نے کھڑے ہوکر مختصر الفاظ میں فیصلہ سنا دیا کہ حضرت مولانا مولوی محمد عبدالشکور صاحب نے مرزا غلام احمد قادیانی کا کذاب اور دشنام دہندہ انبیاء علیہم السلام ہونا ثابت کردیا۔ چار عبارتین مرزا قادیانی کی پیش فرمائیں۔ مرزائی صاحبان چاروں عبارتوں میں سے ایک کا بھی جواب نہ دے سکے۔ صدر صاحب کا فیصلہ سننے سے مولوی عبدالکریم مرزائی نے انکار کیا۔

تاہم ہندو، مسلمان جو حاضر محفل تھے، فیصلہ سننے کے پہلے ہی فیصلہ کر چکے تھے۔ بات اتنی صاف ہوچکی تھی کہ کوئی حاجت فیصلہ کی نہ تھی۔

مرزائی صاحبان جب اٹھ کر محفل مناظرہ سے جانے لگے وہ کتابوں سے بھرا ہوا صندوق جو دو آدمیوں سے بمشکل اٹھتا، اپنے سر پر لاد کر لے گئے، قابل دید منظر تھا۔ آئے تھے بڑی شان سے اور گئے اس طرح۔

دو شخص جو نئے مرتد ہوئے تھے وہ تائب ہوئے اور جتنے لوگ مذبذب ہوگئے تھے، سب کے ایمان درست ہوگئے اور خدا کا شکر ہے کہ آئندہ کے لئے اس فتنہ کا سد باب ہوگیا۔ بالفرض اگر کوئی مرزائی صاحب، حیاء وغیرت کو بالائے طاق کر کے اس علاقہ میں جانے کی ہمت بھی کریں تو اب کوئی ان کے فریب میں نہیں آسکتا۔ بچے بھی اب ان کے بڑے سے بڑے کے سامنے مرزا کا کذاب ودجال ہونا ثابت کردیں گے۔ یہ مناظرہ سب کی زبان پر ہے۔ فالحمد للہ اوّلاً وآخراً!

مباحثہ کا دوسرا دن

دوسرے دن صبح کو حکیم محمد یونس صاحب سیکرٹری انجمن مرزائیہ تنہاء حضرت مولانا صاحب کی خدمت میں آئے۔ وہ کیا آئے، تقدیر الٰہی انہیں کھینچ لائی کہ مرزا کے کذاب ہونے کے مزید دلائل کا باران پر لاد دیا جائے۔

سیکرٹری صاحب: میں سچائی کا طالب ہوں، کچھ باتیں پوچھنا چاہتا ہوں۔

جناب مولانا صاحب: اب بھی پوچھنے کی ضرورت باقی ہے، سچائی کا طالب تو آپ کو ہم جب سمجھیں کہ کل کی کارروائی آپ شائع کردیں۔

سیکرٹری صاحب: میں کچھ اور باتیں علاوہ ان امور کے جن پر بحث ہوئی، پوچھنا چاہتا ہوں۔

جناب مولانا صاحب: اچھا پوچھئے۔

سیکرٹری صاحب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام دوبارہ دنیا میں آئیں گے اور نبوت ان کی بدستور قائم ہوگی تو یہ ختم نبوت کے خلاف کیوں نہیں ہے اور مرزا قادیانی کی نبوت ختم نبوت کے خلاف کیوں ہے۔

جناب مولانا صاحب: ختم نبوت کے معنی تو بالکل صاف ہیں کہ حضور ﷺ کے بعد کسی کو نبوت نہ ملے گی۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آپ کے بعد جدید نبوت نہیں ملی اور مرزا قادیانی جدید نبوت کے مدعی ہیں۔

سیکرٹری صاحب: حضرت موسیٰ بھی تو خاتم النّبیین تھے۔ پھر ان کے بعد نبی کیوں آئے؟

جناب مولانا صاحب: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو خاتم النّبیین کس نے کہا ہے؟

سیکرٹری صاحب: یہودی کہتے ہیں۔

مولانا صاحب: لاحول ولاقوۃ! رسول خدا ﷺ کا خاتم النّبیین ہونا تو قرآن شریف میں ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے خاتم النّبیین ہونے کو قرآن ہی سے دکھلانا چاہئے اور یہودیوں کا حوالہ بھی آپ غلط دیتے ہیں۔ خود توراۃ میں رسول خدا ﷺ کی بشارت موجود ہے۔

سیکرٹری صاحب: میں تو خاتم النّبیین کے معنی یہ سمجھتا ہوں کہ آنحضرت ﷺ نبیوں کی سند ہیں یعنی آپ کے بعد جو نبی ہوں گے وہ آپ کی سند سے ہوں گے۔ یعنی آپ کی پیروی کی سند ان کے پاس ہوگی۔

مولانا صاحب: یہ معنی تو ختم نبوت کے تو آپ کے خلیفہ ثانی کی کتاب ''الہدیٰ'' کے بھی خلاف ہیں۔ ''الہدیٰ'' ایک چھوٹا رسالہ ہے جو سیکرٹری صاحب نے ساونت واڑی میں تقسیم کیا تھا۔

سیکرٹری صاحب: اچھا آپ مجھے حیات مسیح علیہ السلام کا مسئلہ سمجھا دیجئے۔ کیونکہ عقلاً ونقلاً کسی طرح میری سمجھ میں نہیں آتا کہ مسیح علیہ السلام اب تک زندہ ہیں۔

مولانا صاحب: آپ لوگوں کو خاص اس مسئلہ سے کیوں اس قدر دلچسپی ہے۔ میں آپ کو حیات مسیح علیہ السلام قرآن شریف سے، صحیح احادیث سے سمجھا دوں گا۔مگر پہلے یہ بتلایئے کہ مرزائیوں کواس بحث سے کیا تعلق؟

سیکرٹری صاحب: دراصل مرزا قادیانی اسی جگہ کے دعوے دار ہیں جس جگہ پر مسیح علیہ السلام مقرر تھے۔اگر وہ جگہ خالی نہیں یعنی مسیح علیہ السلام زندہ ہیں تو مرزا قادیانی کا دعویٰ یقیناً غلط ہے۔

مولانا صاحب: بالفرض مسیح علیہ السلام کی وفات ہوگئی ہواور جگہ خالی ہوتو صرف جگہ کے خالی ہونے سے مرزا قادیانی کا ایسا جھوٹا کذاب مفتری کیونکراس جگہ پر قائم ہوسکتا ہے:

کس نیاید بزیر سایہ بوم   در ہما از جہاں شود معدوم

سیکرٹری صاحب: مرزا قادیانی کی دو باتوں کا جھوٹا ہونا آپ نے کل ثابت کیا تھا،ان کے علاوہ اور جھوٹ بھی ان کے آپ دکھا سکتے ہیں؟

مولانا صاحب: چہ خوش کیا، دو جھوٹ آپ کے نزدیک کچھ کم ہیں؟ یہ تو ویسی ہی بات آپ نے کہی جو رسالہ ''نبی کی پہچان'' میں جو قادیان سے شائع ہوا ہے لکھا کہ ہے: ''مرزا قادیانی کے جھوٹ دس سے زیادہ کوئی ثابت نہیں کرسکا۔'' حالانکہ کئی سو جھوٹ تو خانقاہ رحمانیہ مونگیر کی کتابوں میں دکھائے گئے ہیں۔ایک بڑے معرکے کا جھوٹ اور سنئے اور کچھ تو خیال کیجئے کہ مرزا قادیانی سے اسلام کو کیسا نقصان پہنچا غیر مسلموں کی نظر میں انہوں نے اسلام کو کیسا ذلیل کیا۔ یہ کہہ کر مولوی صاحب نے حسب ذیل عبارت کتاب ''صحیفہ رنگون'' کی پڑھ کر سیکرٹری صاحب کو سنائی۔

ڈپٹی عبداللہ آتھم عیسائی کی موت کی پیشین[۱] گوئی جو ایک بڑے معرکہ کی پیش گوئی تھی اور

[۱] اپنے مخالفوں کو موت وعذاب وغیرہ کی پیشین گوئیاں کرکے ڈرانا مرزاجی کی عادت میں داخل ہوگیا تھا۔اس کا سلسلہ بوجہ بے حیائی کے روز بروز بڑھتا جاتا تھا۔ یہاں تک کہ آپ نے مولوی محمد حسین بٹالوی مرحوم کے متعلق ایک پیش گوئی اس قسم کی بیان فرمائی، اس پر مقدمہ چل گیا۔مرزاجی نے بڑی کوششیں کیں۔مگر سب بے سود ہیں۔آخر بڑی ذلت کے ساتھ کچہری جانا پڑااور سب سے زیادہ ذلت یہ کہ عدالت نے یہ فیصلہ کیا کہ مرزاجی سے ایک اقرار نامہ لے لیا جائے کہ (بقیہ حاشیہ اگلے صفحہ پر)

اس کے جھوٹے ہونے پر مرزا قادیانی کی ذلت بھی ایسی ہوئی کہ کوئی باحیا ہوتا تو پھر منہ نہ دکھاتا۔

مرزا قادیانی سے امرتسر میں عیسائیوں سے مباحثہ ہوا، اس مباحثہ کے بعد ۵؍جون ۱۸۹۲ء کو آپ نے اپنے حریف مسٹر عبداللہ آتھم کے متعلق یہ پیشین گوئی کی۔

(جنگ مقدس ص۱۸۸) میں لکھتے ہیں: ''آج رات جو مجھ پر کھلا وہ یہ ہے کہ جب میں نے بہت تضرع اور ابتہال سے جناب الٰہی میں دعا کی کہ تو اس امر میں فیصلہ کر اور ہم عاجز بندے ہیں۔ تیرے فیصلہ کے سوا کچھ نہیں کر سکتے تو اس نے مجھے یہ نشان بشارت کے طور پر دیا ہے کہ اس بحث میں دونوں فریقوں میں سے جو فریق عمداً جھوٹ کو اختیار کر رہا ہے اور عاجز انسان کو خدا بنا رہا ہے وہ انہیں دنوں مباحثہ کے لحاظ سے یعنی فی دن ایک مہینہ لے کر پندرہ ماہ تک ہاویہ میں گرایا جائے گا اور اس کو سخت ذلت پہنچے گی۔ بشرطیکہ حق کی طرف رجوع نہ کرے اور جو شخص سچ پر ہے اور سچے خدا کو مانتا ہے اس کی اس سے عزت ظاہر ہوگی اور اس وقت جب پیشین گوئی ظہور میں آئے گی، بعض اندھے سوجاکھے ہو جائیں گے اور بعض لنگڑے چلنے لگیں گے اور بعض بہرے سننے لگیں گے۔''

پھر مرزا جی لکھتے ہیں کہ: ''میں حیران تھا کہ اس بحث میں کیوں مجھے آنے کا اتفاق پڑا۔ معمولی بحثیں تو اور لوگ بھی کرتے ہیں۔ اب یہ حقیقت کھلی کہ اس نشان کے لئے تھا۔ میں اس وقت اقرار کرتا ہوں کہ اگر یہ پیشین گوئی جھوٹی نکلے یعنی وہ فریق جو خدا تعالیٰ کے نزدیک جھوٹ پر ہے وہ پندرہ ماہ کے عرصہ میں آج کی تاریخ سے بسزائے موت ہاویہ میں نہ پڑے تو

(بقیہ حاشیہ گزشتہ صفحہ) آئندہ ایسی حرکت کسی مسلمان یا ہندو یا عیسائی کے ساتھ نہ کریں۔ چنانچہ مرزا جی نے اقرار لکھ کر داخل کیا۔ اس اقرار نامہ میں صاف لفظوں میں لکھا کہ اب میں کسی کے متعلق ایسی پیشین گوئی نہیں کروں گا، نہ کبھی کسی کے لئے بددعا شائع کروں گا۔

یہ فیصلہ ۲۴؍فروری ۱۸۹۹ء (مجموعہ اشتہارات ج۳ ص۱۳۶) کا ہے قابل دید ہے۔ سمجھدار کے لئے تو یہی واقعہ مرزا کے جھوٹے ہونے کے لئے کافی ہے۔ اگر مرزا مامور من اللہ ہوتا تو کبھی ایسا اقرار نہ کرتا۔ صاف کہہ دیتا کہ میں خدا کے حکم سے یہ کام کرتا ہوں، کسی کے کہنے سے چھوڑ نہیں سکتا۔ چاہے مجھے مار ڈالو۔

دیکھو رسول خدا ﷺ سے جب کفار مکہ نے کہا کہ آپ تبلیغ نہ کیجئے اور ابوطالب نے بھی آپ کو سمجھایا تو آپ نے صاف کہہ دیا کہ اے چچا! میں خدا کے حکم سے یہ کام کرتا ہوں اور اگر میرے ایک ہاتھ میں آفتاب دوسرے میں ماہتاب رکھ دیا جائے تب بھی چھوڑ نہیں سکتا۔

میں ہر ایک سزا اٹھانے کے لئے تیار ہوں۔ مجھ کو ذلیل کیا جائے، روسیاہ کیا جاوے، میرے گلے میں رسا ڈال دیا جاوے، مجھ کو پھانسی دیا جاوے۔ ہر ایک بات کے لئے تیار ہوں اور میں اللہ جل شانہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ وہ ضرور ایسا ہی کرے گا۔ ضرور کرے گا۔ زمین آسمان ٹل جائیں پر اس کی باتیں نہ ٹلیں گی۔'' (جنگ مقدس ص۱۸۹، خزائن ج۶ ص۲۹۲،۲۹۳)

یہ عبارت مرزا قادیانی کی انہیں کے الفاظ میں ہے۔ مرزا قادیانی جانتے تھے کہ اس پیشین گوئی اور اس کے پرزور الفاظ سے آتھم ڈر جائے گا اور ڈر کر مرزا قادیانی کا مرید ہو جائے گا۔ مگر افسوس ایسا نہ ہوا۔ پندرہ مہینہ گزر گئے اور آتھم بدستور صحیح وسالم موجود رہا، نہ وہ مرا، نہ ہاویہ میں گرا۔

عیسائیوں نے ۶؍ستمبر ۱۸۹۴ء کو جب مرزا قادیانی کی پیشین گوئی کی تکذیب ہو چکی ہر جگہ جشن کئے۔ بڑے بڑے اشتہارات نکالے اور مرزا قادیانی کو خوب ہی ذلیل کیا کہ اس ذلت کو خیال کر کے آج رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں۔ عبرت کے لئے بعض اشتہارات کی نقل حسب ذیل ہے۔ اہل لدھیانہ کی طرف سے حسب ذیل اشتہار نکلا:

قول صائب

مدد ہے مباہل کو آسمانی — ہوئی جس سے ہے ذلت قادیانی
بنمائے بہ صاحب نظرے گوہر خود را — عیسیٰ نتواں گشت بتصدیق خرے چند
اے او خود غرض خود کام مرزا — ارے منحوس نافرجام مرزا
غلامی چھوڑ کر احمد بنا — رسول حق باستحکام مرزا
مسیح ومہدی موعود بن کر — بچھائے تو نے کیا کیا دام مرزا
ہوا بحث نصاریٰ میں بآخر — مسیحائی کا یہ انجام مرزا
مہینے پندرہ بڑھ چڑھ کے گزرے — ہے آتھم زندہ اے ظلّام مرزا
تری تکذیب کی شمس وقمر نے — ہوا مدت کا خوب اتمام مرزا
ڈبویا قادیان کا نام تو نے — کہیں کیا اے بدو بدنام مرزا
کہاں ہے اب وہ تیری پیش گوئی — جو تھا شیطان کا الہام مرزا
اگر ہے کچھ بھی غیرت ڈوب مر تو — بظاہر اس میں ہے آرام مرزا

بشیرؔ آیا تھا کیا کم کر گیا تھا ترا اعزاز اور اکرام مرزا
کیا تھا اس نے تجھ کو زندہ درگور دیا تھا تجھ کو سخت الزام مرزا
ولیکن تو نہ آیا باز پھر بھی یہ اس شوخی کا ہے انجام مرزا
نہ کہتا کچھ اگر منہ پھاڑ کر تو ندامت کا نہ پیتا جام مرزا
گلے میں اب ترے رسا پڑا سیہ رو ہوگا پیش عام مرزا
سزا بھی کم سے کم اتنی تو ہوگی کہ ہوجاوے تجھے سرسام مرزا
ہے سولی اور پھانسی کار سرکار رعایا کا نہیں یہ کام مرزا
مسلمانوں سے تجھ کو واسطہ کیا پڑا کہلا نبی تام مرزا
کہ اک بھائی ہے مرشد بھنگیوں کا اور ایک ہیجڑوں کا بے اندام مرزا
کہ اسلامیوں نے حلف پاکر ہے کاذب خارج از اسلام مرزا
تو ہے اک انبیائے بعل میں سے سلف کو دے رہا دشنام مرزا
زمین وآسمان قائم ہیں اب تک ترے وہ ٹل گئے احلام مرزا
براہین سے ٹھگے تو نے مسلمان کبھی ایسے بھی تھے ایام مرزا

۱؎ یہ اشارہ ہے مرزا کی اس پیش گوئی کی طرف جوانہوں نے اپنے اشتہار مرقومہ ۲۰رفروری ۱۸۸۶ء (مجموعہ اشتہارات ج اوّل ص۱۰۳،۱۰۴) میں کی تھی کہ: ’’خدا نے مجھے خبر دی ہے کہ ایک وجیہ اور پاک لڑکا تجھے دیا جائے گا، جس کا نام عمنوائیل اور بشیر بھی ہے۔ اس لڑکے کے اوصاف مرزا جی نے کئی سطروں میں لکھے ہیں۔ ان میں سے چند یہ ہیں: ’’صاحب شکوہ اور عظمت ودولت ہوگا، مسیحی نفس اور روح الحق کی برکت سے بہتوں کو بیماریوں سے صاف کرے گا۔ سخت ذہین وفہیم ہوگا، علوم ظاہری وباطنی سے پر کیا جائے گا۔ گویا کہ خدا آسمان سے اترا۔ زمین کے کناروں تک شہرت پائے گا۔ قومیں اس سے برکت پائیں گی وغیرہ وغیرہ۔‘‘

پھر ۷راگست ۱۸۸۷ء (مجموعہ اشتہارات ج اوّل ص۱۴۱) کو مرزا نے اشتہار دیا کہ: ’’وہ لڑکا میرے یہاں پیدا ہوگیا اور اس پر بڑی تحدی مخالفوں کو کی، مگر جب وہ لڑکا سوا برس کی عمر میں مرگیا اور مرزا کا کذب سب پر ظاہر ہوگیا تو (یکم ردسمبر ۱۸۸۸ء مجموعہ اشتہارات ج اوّل ص۱۶۴) کو مرزا نے ایک رسالہ شائع کیا جس نام ’’حقانی تقریر در واقعہ وفات بشیر‘‘ رکھا۔ اس رسالہ میں خود اپنی شائع کردہ تحریرات کے خلاف بڑی بے باکی سے مرزا نے لکھا کہ ’’میں نے یہ ہرگز نہیں لکھا کہ وہ فرزند موعود یہی لڑکا ہے۔‘‘ اس دلیری سے جھوٹ بولنا حقیقتاً مرزا ہی کا حصہ تھا۔

بحمداللہ کہ چھپ کر فتح وتوضیح کھلے تیرے چھپے اصنام مرزا
در توبہ ہے وا ہوجا مسلمان یہی سعدی کا ہے پیغام مرزا

ایضاً دیگر

غضب تھی تجھ پہ ستم گر چھٹی ستمبر کی نہ دیکھی تو نے نکل کر چھٹی ستمبر کی
ہے کادیانی ہی جھوٹا مرا نہیں آتھم یہ گونج امرتسر چھٹی ستمبر کی
ترے حریف کو فیروز پور سے لائی یہ ریل ہے جو ترا خر[۱] چھٹی ستمبر کی
ذلیل وخوار ندامت چھپا رہی تھی کہ تھا تیرے مریدوں پر محشر چھٹی ستمبر کی
یہ لدھیانہ میں مرزائیوں کی حالت تھی کہ جینا ہوگیا دوبھر چھٹی ستمبر کی
سوا برس کے تھے امیدوار سب مایوس مرید اعرج و اعور چھٹی ستمبر کی
مسیح ومہدی کاذب نے منہ کی کھائی خوب یہ کہتی پھرتی تھی گھر گھر چھٹی ستمبر کی
ہے روسیا مثیل مسیلم و اسود ملاحدہ کا وہ رہبر چھٹی ستمبر کی
یہ کادیانی کی تذلیل کے لئے تھی نہ تھا مباہلہ کا اثر چھٹی ستمبر کی

عیسائیوں کا ایک اشتہار بھی ملاحظہ ہو:

ایسی مرزا کی گت بنائیں گے سارے الہام بھول جائیں گے
خاتمہ ہوگا اب نبوت کا پھر فرشتے کبھی نہ آئیں گے

رسول قادیانی کو پھر الہام ہوا

ارے سن او رسول قادیانی لعین وبے حیا شیطان ثانی
نہ باز آیا تو کچھ بکنے سے اب بھی بڑھاپے میں ہے یہ جوش جوانی
نچاوے ریچھ کو جیسے قلندر یہ کہہ کہہ کر تیری مر جائے نانی
نچاویں گے تجھ کو بھی اک ناچ ایسا یہی ہے اب مصمم دل میں ٹھانی
پنجہ آتھم سے مشکل ہے رہائی آپ کی توڑ ہی ڈالیں گے وہ نازک کلائی آپ کی
آتھم زندہ ہیں آکر دیکھ لو آنکھوں سے خود بات یہ کب چھپ سکے گی چھپائی آپ کی
کچھ تو شرم وحیا تاویل کا اب کام کیا بات اب بنتی نہیں کوئی بنائی آپ کی

[۱] اشارہ ہے مرزا کے اس قول کی طرف کہ اس نے لکھا ہے کہ خر دجال سے مراد ریل ہے۔

جھوٹ کو سچ اور سچ کو جھوٹ بتلانا صریح
کون مانے ہے بھلا یہ کج ادائی آپ کی
جھوٹ باطل ہیں دعوے قادیانی کے سبھی
بات سچی ایک بھی ہم نے نہ پائی آپ کی
ہوگیا ثابت ہے سب اقوال بد سے آپ کے
کر رہا بے شک شیطان رہنمائی آپ کی
اپنے پنجہ سے نہیں شیطان تمہیں دیتا نجات
اس کو کب منظور ہے اک دم جدائی آپ کی
تم ہو اس کے اور اب وہ ہے تمہارا یار غار
رات دن کرتا وہی ہے پیشوائی آپ کی
ہم نہ کہتے تھے کہ شیطان کا کہا مانو نہ یار
کس بلا میں اس نے دیکھو جان پھنسائی آپ کی
ہر طرف سے لعنت اور پھٹکار اور دھتکار ہے
دیکھو کیسی ناک میں اب جان آئی آپ کی
خوب ہے جبرئیل اور الہام والا وہ خدا
آبرو سب خاک میں ملائی آپ کی
ہے کہاں اب وہ خدا جس کا تمہیں الہام تھا
کس لئے کرتا نہیں مشکل کشائی آپ کی
اب بتاؤ ہیں کہاں آپ کے پیرو مرید
جو گلی کوچوں میں کرتے تھے بڑائی آپ کی
کرتے ہیں تعظیم جھک جھک کر تو حاصل اس سے کیا
ڈوم کنجر دہریئے کنجڑے قصائی آپ کی
آپ نے خلقت کے ٹھگنے کا نکالا ہے یہ ڈھنگ
جانتے ہیں ہم یہ ساری پارسائی آپ کی
کچھ کرو خوف خدا کیا دوگے حشر کو جواب
کام کس آئے گی یہ دولت کمائی آپ کی
ڈھیٹ اور بے شرم بھی ہوتے ہیں عالم میں مگر
سب پہ سبقت لے گئی بے حیائی آپ کی
کر کے منہ کالا گدھے پر کیوں نہیں ہوتے سوار
فیصلہ کی شرط ہے مانی منائی آپ کی
داڑھی سر اور مونچھ کا بچنا دشوار ہے
کرہی ڈالے گا حجامت اب تونائی آپ کی
آپ کے دعوؤں کو باطل کردیا حق نے تمام
